اپنے موضوع پر ایک منفرد کتاب

صیغہائے قرآنیہ

قرآن کریم کے 6960 مشکل صیغے
مکمل تعلیلات اور قوانین کی
نشاندہی کے ساتھ



تالیف

استاذ العلماء حضرت مولانا

محمد قاسم صاحب حفظہ اللہ

فاضل جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

صدر المدرسین مدرسہ ابن عباس تخت بھائی مردان

مکتبہ ابن عباس رضی اللہ عنہ

تخت بھائی مردان 0336-9559130

اپنی موضوع پر ایک منفرد کتاب

صیغہائے قرآنیہ

قرآن کریم کے 6960 مشکل صیغے مکمل تعلیلات اور قوانین کی نشاندہی کے ساتھ

تالیف

استاذ العلماء حضرت مولانا **محمد قاسم** صاحب حفظہ اللہ تعالیٰ

فاضل جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

ناشر

مکتبہ ابن عباسؓ تخت بھائی مردان

0336-9559130

نام کتاب ---------- صیقہائے قرآنیہ

مؤلف ---------- حضرت مولانا محمد قاسم صاحب حفظہ اللہ تعالیٰ

فاضل جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

وصدر المدرسین مدرسہ ابن عباسؓ تخت بھائی

سال طباعت ---------- 2014ء

ناشر ---------- مکتبہ ابن عباسؓ تخت بھائی مردان

طباعت باہتمام [illegible]

ملنے کے پتے

مکتبہ ابن عباسؓ تخت بھائی	مکتبہ الابرار مردان
مکتبہ علمیہ اکوڑہ خٹک	مکتبہ اسلامیہ شیر گڑھ
مکتبہ الحرم اکوڑہ خٹک	مکتبہ ابو طلحہ سخاکوٹ
مکتبہ قاسمیہ تخت بھائی	مکتبہ عباسیہ تیمر گرہ (دیر)
مکتبہ بیت العلم پشاور	کتب خانہ رشیدیہ چارسدہ
مکی کتب خانہ شیوہ اڈہ	مکتبہ نعیمیہ مردان

فہرست صیغہائے قرآنیہ

فہرست صیغہائے قرآنیہ

فہرست صیغہائے قرآنیہ

فہرست صیغہائے قرآنیہ

انتساب

اپنے والد محترم بارَکَ اللّٰہ فِیْ حَیَاتِہ کے نام

جنہوں نے غربت وافلاس کے باوجود بندہ کے تعلیمی سفر کو

جاری رکھنے کا عزم مصمّم کر رکھا تھا اور جن کی محبت اور دعاؤں

کی بدولت علمی میدان میں کچھ لکھنے کے قابل ہوا۔

محمد قاسم

خادم الطلبہ مدرسہ ابن عباسؓ

تخت بھائی (مردان)

انتساب

اپنے والد محترم بارَکَ اللّٰہ فِیْ حَیَاتِہ کے نام

جنہوں نے غربت وافلاس کے باوجود بندہ کے تعلیمی سفر کو
جاری رکھنے کا عزم مصمّم کر رکھا تھا اور جن کی محبت اور دعاؤں
کی بدولت علمی میدان میں کچھ لکھنے کے قابل ہوا۔

محمد قاسم

خادم الطلبہ مدرسہ ابن عباسؓ
تخت بھائی (مردان)


محمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پیش لفظ

الحمد للہ و کفی والصلوۃ والسلام علی خاتم الانبیاء والمرسلین.. امابعد!

یہ بات بدیہی طور پر عیاں ہے کہ قرآن کریم ہی واحد ذریعہ نجات ہے اور منبع ہدایت ہے اور یہ بھی معلوم ہے کہ قرآن کریم تمام علوم عقلیہ و نقلیہ کا سرچشمہ ہے۔ قرآن کریم کے ذریعے قلوب منور ہوتے ہیں اور اس کے ذریعے روح کو تقویت ملتی ہے۔

خیر القرون سے لے کر آج تک قرآن کریم کی خدمت ہوتی رہی ہے محدثین حضرات نے روایات وآثار جو آیات کریمہ کے مناسب تھیں ان کو جمع کیا تو فقہاء حضرات نے فقہی مسائل مستنبط کئے، نحاۃ حضرات نے اعراب وبناء کے اعتبار سے خدمت کی تو صوفیاء حضرات نے راہ سلوک کے لطائف کو اخذ کیا الغرض علمائے کرام کے ہر طبقے کیلئے قرآن کریم کی خدمت کیلئے ایک وسیع میدان ہے جو کسی بھی طریقہ سے قرآن کی خدمت کرنا چاہے کر سکتا ہے وللناس فیما یعشقون مذاهب.

قرآن کریم کے اول مخاطب خالص عربی لوگ تھے اس لئے ان لوگوں کو قرآن کریم کے سمجھنے میں کوئی دشواری پیش نہیں آئی اور وہ لوگ سنتے ہی قرآن کی حقانیت کو سمجھ گئے۔ لیکن رفتہ رفتہ غیر عربی لوگ بھی اسلام میں داخل ہو گئے جو علوم عربیہ سے بے خبر تھے لہذا ان کو سمجھانے کیلئے صرف ونحو کے قواعد کی ضرورت پڑی تاکہ غیر عرب بھی قرآن کریم کے معانی ومضامین کو بآسانی سمجھ سکے۔ زیر نظر کتاب صیغہائے قرآنیہ بھی اس سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔

مدرسہ ھذا کے بناء سے لے کر تا حال استاذ محترم حضرت مولانا محمد قاسم صاحب دامت برکاتہم العالیہ (صدر المدرسین مدرسہ ابن عباس تحخت بھائی) شعبان کی چھٹیوں میں طلباء کو صرف ونحو کا دورہ کرواتے ہیں، اس دورے میں قرآن کریم میں طلبہ کو اجراء بھی کرواتے ہیں اور بعض مدارس میں بھی قرآن کریم کے بعض حصے میں اجراء کو لازمی قرار دیا گیا ہے، اسی وجہ سے استاذ محترم نے ارادہ کیا کہ قرآن کریم کی ابتدائی پاروں کے مشکل صیغوں کو قوانین اور تعلیلات کے ساتھ حل کیا جائے تاکہ طلباء کیلئے سہولت ہو۔ لیکن تقریبا دو سال پہلے حضرت مولانا ابراہیم جان صاحب (مہتمم مدرسہ ابن عباسؓ) اور حضرت مولانا آفتاب احمد حقانی صاحب (مدرس مدرسہ ابن عباسؓ) نے اہل علم کے حالات کو دیکھتے ہوئے اور طلبہ کی ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے استاذ محترم کو رائے پیش کی کہ کوئی ایسی کتاب تحریر کی جائے جس میں قرآن کریم کے تمام مشکل صیغوں کا اجراء ہو۔ اللہ تعالی نے ہمارے استاذ محترم کو فطری صلاحیتوں سے نوازا ہے جن کی حیثیت اہل علم پر مخفی نہیں تو ان دو حضرات کی رائے کو مد نظر رکھتے ہوئے مدرسہ کے ذمہ داریوں اور تدریسی مصروفیات کے باوجود ایک سال کے قلیل عرصہ میں یہ کتاب تالیف کی، لیکن جیسا کہ مؤلفین حضرات کے علم میں ہے کہ تصنیف وتالیف کے میدان میں سب سے مشکل مرحلہ کمپوزنگ کا ہے تو تقریبا ایک سال سے بھی کچھ زیادہ وقت اس کی کمپوزنگ وترتیب میں صرف ہوا اور سوا دو سال کے بعد یہ کتاب آپ کے ہاتھوں میں ہے۔

امید ہے کہ اہل علم کے ہاں حضرت استاذ محترم کی دیگر کتابوں کی طرح اس کتاب کو بھی خوب پذیرائی حاصل ہوگی۔ اردو زبان میں تو ویسے بہت سی کتابیں ملیں گی جن میں قرآن کریم کے علوم ومعارف کو بیان کر دیا گیا ہو لیکن ایسی کتاب جس میں صرفی اعتبار سے قرآن کریم کے تمام مشکل صیغوں کو تعلیلات وقوانین کے ساتھ حل کر دیا گیا ہو شاید یہ پہلی کتاب ہوگی۔

خصوصیات کتاب

اس کتاب میں چند باتوں کا لحاظ رکھا گیا ہے۔

1۔ قرآن کریم کے تمام مشکل صیغوں کو قوانین اور تعلیلات کے ساتھ حل کر دیا گیا ہے جن کی تعداد 6960 بنتی ہے۔

2۔ کسی صیغہ کے حل میں قوانین کی نشاندہی استقراء اور تتبع پر موقوف ہیں تمام قوانین کا استغراق نہیں لہذا مذکورہ قوانین کے علاوہ اور بھی قوانین کا احتمال ہے۔

3۔ فہرست میں سورت اور پارہ نمبر دونوں کا حوالہ دیا گیا ہے تاکہ قاری کو سہولت ہو۔

4۔ ہر صیغہ کے ساتھ آیت نمبر بھی دیا گیا ہے تاکہ بوقت ضرورت قرآن کریم کی طرف رجوع کرنے میں آسانی ہو۔

5۔ آخری پندرہ پاروں میں ہر سورت کے آخر میں مشکل صیغوں کی تعیین کر دی گئی ہے اور ہر سورت کے تمام صیغوں کی تعداد بھی لکھی گئی ہے۔

6۔ ابتدائی پارہ کے تمام صیغوں کو مکمل تفصیل کے ساتھ حل کر دیا گیا ہے تاکہ اجراء کرواتے وقت کوئی دقت نہ ہو۔

7۔ فائدہ کیلئے کتاب کے آخر میں قوانین بھی دیے گئے ہیں تاکہ طلبہ کو بوقت ضرورت دیکھنے میں آسانی ہو۔

8۔ جو صیغے ایک مرتبہ گزر گئے ہیں ان کو طوالت سے بچنے کیلئے دوبارہ ذکر نہیں کیا۔

9۔ وہ آسان صیغے جو کوئی طالبعلم بادی النظر میں بھی سمجھ سکتا ہے ان کو بھی ابتداء میں حل کر لیا گیا ہے۔

10۔ ابتداء میں تقریباً ہر مشکل صیغے کی تعلیل کی گئی ہے اور آخر میں سابقہ تعلیلات پر اکتفاء کیا گیا ہے۔ تلک عشرۃ کاملۃ

اس کتاب کی کمپوزنگ، ترتیب و تزئین میں جن حضرات نے حصہ لیا ان میں سرفہرست مولانا محمد شکیل حقانی صوابی (خادم جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک) مفتی مراد علی حقانی تخت بھائی (مہتمم مدرسہ جواہر القرآن للبنات) مولانا حضرت علی حقانی شاہ منصوری (مدرس مدرسہ ابن عباسؓ تخت بھائی) ہیں اول الذکر دو حضرات نے کمپوزنگ کا مرحلہ طے کیا جبکہ مؤخر الذکر نے ترتیب و تزئین میں بھرپور کردار ادا کیا۔ تصحیح کے مرحلہ میں عزیزم حفیظ الرحمن باجوڑی (طالبعلم درجہ ثانیہ مدرسہ ابن عباس تخت بھائی) نے اپنے استاذ محترم کے ساتھ انتہائی عرق ریزی کے ساتھ اس کتاب کی تصحیح کی۔ اللہ تعالیٰ اس کو راہ حق پر استقامت نصیب فرمائے اور استاذ محترم کے تمام معاونین کے علم و عمل میں اضافہ فرمائے اور ان کی اس خدمت کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے۔

تمام اہل علم پر یہ بات عیاں ہے کہ کوئی بھی انسان غلطی سے مبرا نہیں لہذا اس کتاب میں جہاں کوئی بھی غلطی نظر آئے تو بروقت آگاہ کریں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں اس کی تصحیح ہو سکے۔

رب ذوالجلال کی بارگاہ میں دست بدعا ہیں کہ اللہ تعالیٰ اس کتاب کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے اور یہ کتاب ہمارے استاذ محترم کیلئے ذخیرہ آخرت ثابت ہو۔

آمین یا ربّ العالمین

بہار علی صوابی

مدرس مدرسہ ابن عباسؓ تخت بھائی مردان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پہلاپارہ الٓمّٓ

سورۃ الفاتحۃ

۱-﴿اَلْحَمْدُ﴾[الآیۃ: ۱]:اصل میں تھا حَمْدٌ، بروزن فَعْلٌ ہمچوں سَمْعٌ، صیغہ اسم مصدر ثلاثی مجرد صحیح از باب سَمِعَ۔اس پر نون تنوین نون تثنیہ کا قانون جاری ہوا ہے۔

۲-﴿رَبِّ الْعَالَمِيْنَ﴾[الآیۃ: ۱]:رب اصل میں رَبْبٌ تھا بروزن فَعْلٌ ہمچوں نَصْرٌ، صیغہ اسم مصدر ثلاثی مجرد مضاعف ثلاثی از باب نصر۔جاری شدہ قوانین ادغام المتجانسین اور نون تنوین تثنیہ۔

۳- ﴿الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾[الآیۃ: ۲]:یہ دونوں مبالغے کے صیغے ہیں باب علِمَ سے یعنی رحِمَ یرحَمُ سے۔

۴- ﴿مَالِكِ﴾ [الآیۃ: ۳]:مَالِكِ اصل میں تھا مَالِكٌ بروزن فَاعِلٌ ہمچوں ضَارِبٌ، صیغہ واحد مذکر اسم فاعل ثلاثی مجرد صحیح از باب ضرب۔جاری شدہ قوانین نون تنوین نون تثنیہ اور اسم فاعل۔

۵-﴿اَلدِّيْنِ﴾[الآیۃ: ۳]:اصل میں دِيْنٌ تھا یہ باب ضرب سے اسم مصدر ہے جب اس پر الف لام داخل کیا تو اَلْدِيْنِ ہو گیا پھر لام کو دال کیا اور دال کو دال میں مدغم کیا تو الــدِّيْــنُ بن گیا۔مضاف الیہ ہونے کی وجہ سے آخر میں جر آیا ہے۔جاری شدہ قوانین نون تنوین نون تثنیہ، حروف شمسی قمری اور ادغام المتجانسین۔

۶- ﴿نَعْبُدُ﴾[الآیۃ: ۴]:بروزن نَفْعُلُ ہمچوں نَنْصُرُ، صیغہ جمع متکلم فعل مضارع معلوم ثلاثی مجرد صحیح از باب نصر۔اس میں مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا قانون جاری ہوا ہے۔

۷- ﴿نَسْتَعِيْنُ﴾[الآیۃ: ۴]:اصل میں نَسْتَعْوِنُ تھا بروزن نَسْتَفْعِلُ ہمچوں نَسْتَخْرِجُ، صیغہ جمع متکلم فعل مضارع معلوم ثلاثی مزید فیہ اجوف واوی از باب استفعال۔

تعلیل:واؤ پر کسرہ ثقیل تھا نقل کر کے ماقبل عین کو دیا یقول قانون کے ذریعے، تو نَسْتَعِوْنُ ہو گیا پھر واؤ ساکن مظہر تھی اس کا ماقبل مکسور تھا تو اس واؤ کو میعاذ قانون کے ذریعے یاء سے تبدیل کیا تو نَسْتَعِيْنُ ہو گیا۔جاری شدہ قوانین یقول، میعاذ، مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا۔اور تعلم کا قانون بھی لگ سکتا ہے یعنی اس کو نِسْتَعِيْنُ پڑھنا بھی جائز ہے۔

فائدہ: مضارع معلوم کا جو بھی صیغہ آئیگا اس میں مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا قانون جاری ہو چکا ہوگا۔

۸- ﴿اِهْدِنَا﴾[الآیۃ:٦]: اصل میں اِهْدِیْ تھا بروزن اِفْعِلْ بچوں اِضْرِبْ، صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ثلاثی مجرد ناقص یائی از باب ضرب۔ اس پر امر حاضر معلوم کا قانون جاری ہوا ہے یعنی آخر سے حرف علت امر قانون لگنے کی وجہ سے گر گئی ہے۔ اسکے آخر میں نا ضمیر منصوب متصل ہے۔

۹- ﴿الْمُسْتَقِيْمَ﴾[الآیۃ:٦]: یہ اصل میں مُسْتَقْوِمٌ تھا بروزن مُسْتَفْعِلٌ بچوں مُسْتَخْرِجٌ، صیغہ واحد مذکر اسم فاعل ثلاثی مزید فیہ اجوف واوی از بابِ استفعال۔ اس کی تعلیل نَسْتَعِيْنُ کی طرح ہے۔ جاری شدہ قوانین یقول تقول، میعاذ، نون تنوین نون تثنیہ، ہمزہ وصلی اور اسم فاعل۔

۱۰- ﴿اَنْعَمْتَ﴾[الآیۃ:٧]: بروزن اَفْعَلْتَ بچوں اَكْرَمْتَ، صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم ثلاثی مزید فیہ صحیح از باب افعالؔ۔ اس میں بائے مطلق کا قانون جاری ہوا ہے، اظہار کرینگے۔

۱۱- ﴿غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ﴾[الآیۃ:٧]: اَلْمَغْضُوْبِ اصل میں مَغْضُوْبٌ تھا بروزن مَفْعُوْلٌ بچوں مَعْلُوْمٌ، صیغہ واحد مذکر اسم مفعول ثلاثی مجرد صحیح از باب علم۔ اس پر نون تنوین نون تثنیہ اور اسم مفعول کا قانون جاری ہوا ہے۔ جر مضاف الیہ ہونے کی وجہ سے آیا ہے۔

۱۲- ﴿وَلَا الضَّآلِّيْنَ﴾[الآیۃ:٧]: اصل میں ضَالِلِيْنَ تھا بروزن فَاعِلِيْنَ بچوں ضَارِبِيْنَ، صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل ثلاثی مجرد مضاعف ثلاثی از باب ضرب۔ جاری شدہ قوانین اسم فاعل، ادغام المتجانسین اور حروف شمسی وقمری۔

سورۃ البقرۃ

۱- ﴿لَا رَيْبَ﴾[الآیۃ:٢]: اصل میں رَيْبٌ تھا بروزن فَعْلٌ بچوں ضَرْبٌ، صیغہ اسم مصدر ثلاثی مجرد اجوف یائی از باب ضرب۔

نحوی تحقیق: اس میں لا نفی جنس کا ہے، ریب اسکا اسم نکرہ مفرد ہے۔

۲- ﴿هُدًى﴾[الآیۃ:٢]: یہ اصل میں هُدَيٌ تھا بروزن فُعَلٌ بچوں صُرَبٌ، یہ بھی باب ضرب سے اسم مصدر ہے۔

تعلیل: یاء متحرک تھی اس کا ماقبل مفتوح تھا اس یاء کو بقانون قال باع کے الف سے تبدیل کیا تو هُدَانٌ ہو گیا پھر التقائے ساکنین آیا الف اور نون کے درمیان تو الف کو گرا دیا تو هُدًى ہو گیا۔ اس کو بقانون نون خفیفہ هُدٰی بھی پڑھ سکتے ہیں۔

۳- ﴿لِلْمُتَّقِیْنَ﴾[الآیۃ: ۲]: اصل میں مُوْتَقِیِیْنَ تھا بروزن مُفْتَعِلِیْنَ ہمچوں مُکْتَسِبِیْنَ، صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل ثلاثی مزید فیہ لفیف مفروق از باب افتعال۔

تعلیل: واو واقع ہوئی باب افتعال کے فاءکلمہ کے مقابلے میں تو اس واؤ کو بقانون اتّعد کے تاء کیا اور تاء کو تاء میں ادغام کیا تو مُتَّقِیِیْن بن گیا۔ پھر یاء پر کسرہ ثقیل تھا اس کو گرادیا بقانون یدعو یرمی، تو مُتَّقِیْیْنَ ہو گیا پھر التقائے ساکنین آیا دو یاؤں کے درمیان تو پہلے یاء کو گرادیا تو مُتَّقِیْن بن گیا۔ مذکورہ قوانین کے علاوہ اسم فاعل کا قانون بھی اس میں لگا ہے۔

۴- ﴿یُؤْمِنُوْنَ﴾[الآیۃ: ۳]: بروزن یُفْعِلُوْنَ ہمچوں یُکْرِمونَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم ثلاثی مزید فیہ موز الفاء از باب افعال۔ اس میں مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا قانون جاری ہوا ہے اور رائس بوس کا قانون بھی جاری ہوسکتا ہے، یعنی اس کو یُوْمِنُوْنَ پڑھنا بھی جائز ہے۔

۵- ﴿رَزَقْنٰکُمْ﴾[الآیۃ: ۳]: بروزن فَعَلْنَا ہمچوں نَصَرْنَا، صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم ثلاثی مجرد صحیح از باب نصر۔

۶- ﴿بِالْغَیْبِ﴾[الآیۃ: ۳]: یہ اصل میں تھا غَیْبٌ بروزن فَعْلٌ ہمچوں ضَرْبٌ، صیغہ واحد اسم مصدر ثلاثی مجرد اجوف یائی از باب ضرب۔ اس میں نون تنوین اور ہمزہ وصلی کا قانون جاری ہوا ہے۔

۷- ﴿یُقِیْمُوْنَ﴾[الآیۃ: ۳]: اصل میں تھا یُقْوِمُونَ بروزن یُفْعِلُوْنَ ہمچوں یُکْرِمونَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم ثلاثی مزید فیہ اجوف واوی از باب افعال۔ اسکی تعلیل نستعین کی طرح ہے۔ جاری شدہ قوانین یقول تقول، میعاد، ہمزہ وصلی اور مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا۔

۸- ﴿یُنْفِقُوْنَ﴾[الآیۃ: ۳]: بروزن یُفْعِلُوْنَ ہمچوں یُکْرِمُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم ثلاثی مزید فیہ صحیح از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا اور بائے مطلق۔

فائدہ: ہمزہ باب افعال کا اگرچہ قطعی ہے لیکن مضارع میں گر جاتا ہے مذکورہ صیغہ اصل میں یُؤَنْفِقُوْنَ تھا۔

۹- ﴿اُنْزِلَ﴾[الآیۃ: ۴]: بروزن اُفْعِلَ ہمچوں اُکْرِمَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مجہول ثلاثی مزید فیہ صحیح از باب افعال۔ اس میں بائے مطلق اور ماضی مجہول کا قانون جاری ہوا ہے۔

۱۰- ﴿یُوْقِنُوْنَ﴾[الآیۃ: ۴]: اصل میں تھا یُیْقِنُوْن بروزن یُفْعِلُوْنَ ہمچوں یُکْرِمُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم

ثلاثی مزید فیہ مثال یائی از باب افعال۔

تعلیل: یاء ساکن مظہر تھی اس کا ماقبل مضموم تھا تو اس یاء کو واؤ کے ساتھ تبدیل کیا یُوسِرُ قانون کے ذریعے، تو یُوقِنُوْن ہوگیا۔
جاری شدہ قوانین یوسر، مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا اور ہمزہ وصلی۔

۱۱- ﴿هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ﴾[الآیۃ:۵]: مُفْلِحُوْنَ بروزن مُفْعِلُوْنَ ہجوں مُکْرِمُوْن، صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل ثلاثی مزید فیہ صحیح از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین اسم فاعل اور ہمزہ وصلی۔

۱۲- ﴿كَفَرُوْا﴾[الآیۃ:۶]: بروزن فَعَلُوْا ہجوں نَصَرُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مجرد صحیح از باب نصر۔

۱۳- ﴿ءَاَنْذَرْتَهُمْ﴾[الآیۃ:۵]: اَنْذَرْتَ بروزن اَفْعَلْتَ ہجوں اَکْرَمْتَ، صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم ثلاثی مزید فیہ صحیح از باب افعال۔ اس میں بائے مطلق کا قانون جاری ہوا ہے۔

۱۴- ﴿عَلٰی قُلُوْبِهِمْ﴾[الآیۃ:۷]: قُلُوْبٌ یہ قَلْبٌ کی جمع ہے۔

۱۵- ﴿وَعَلٰی سَمْعِهِمْ﴾[الآیۃ:۷]: یہ باب سمع سے مصدر ہے۔

۱۶- ﴿وَعَلٰی اَبْصَارِهِمْ﴾[الآیۃ:۷]: اَبْصَارٌ یہ بَصَرٌ کی جمع ہے ای بَصُرَ یَبْصُرُ۔

۱۷- ﴿عَذَابٌ﴾[الآیۃ:۷]: بروزن فَعَالٌ ہے، یہ باب تفعیل سے مصدر ہے ای عَذَّبَ یُعَذِّبُ تعذیباً وعذاباً۔
عذابٌ کو عذابُنْ پڑھنا جائز ہے نون تنوین نونِ خفیفہ قانون کی رُو سے۔

فائدہ نمبر ۱: باب تفعیل کے مصادر مندرجہ ذیل اوزان پر بھی آتے ہیں:

(۱)......تَفْعِلَةٌ جیسے تَجْرِبَةٌ۔

(۲)......فِعَالٌ جیسے کِذَابٌ۔

(۳)......فِعَّالٌ جیسے کِذَّابٌ۔

(۴)......فَعَالٌ جیسے عَذَابٌ۔

(۵)......تَفْعَالٌ جیسے تَکْرَارٌ۔

فائدہ نمبر ۲: عَذَابٌ کا لفظ جب بھی قرآن میں آئیگا تو یہ باب تفعیل سے مصدر ہوگا۔

۱۸- ﴿عَظِيْمٌ﴾[الآية:۷]: بروزن فَعِيْلٌ بچوں شَرِيْفٌ، صیغہ واحد مذکر صفت مشبہ ثلاثی مجرد صحیح از باب شَرُفَ۔ اس میں نون تنوین نون خفیفہ کا قانون جاری ہوسکتا ہے، اس کو عَظِيْمُنْ پڑھنا جائز ہے۔

فائدہ: واضح رہے کہ عذابٌ عظیمٌ کے آخر میں با، اور میم پر ضمہ بھی ہے اور نون تنوین بھی ہے۔

۱۹- ﴿مَنْ يَّقُوْلُ﴾[الآية:۸]: اصل میں تھا يَقْوُلُ بروزن يَفْعُلُ بچوں يَنْصُرُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم ثلاثی مجرد اجوف واوی از باب نصر۔

تعلیل: واو پر ضمہ ثقیل تھا نقل کر کے ماقبل قاف کو دیا تو يَقُوْلُ بن گیا۔ اس میں يقول تقول اور مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا قانون جاری ہوا ہے

۲۰- ﴿اٰمَنَّا﴾[الآية:۸]: اصل میں تھا ءَ مْنَّا بروزن اَفْعَلْنَا بچوں اَكْرَمْنَا، صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم ثلاثی مزید فیہ مہموز الفاء از باب افعال۔

تعلیل: دوسرے ہمزہ ساکنہ کو الف سے تبدیل کیا بقانون اٰمَنَ، اور نون کو نون میں مدغم کیا بقانون ادغام المتجانسین تو اٰمَنَّا ہو گیا۔

۲۱- ﴿بِمُؤْمِنِيْنَ﴾[الآية:۸]: مُؤْمِنِيْنَ بروزن مُفْعِلِيْنَ بچوں مُكْرِمِيْنَ، صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل ثلاثی مزید فیہ مہموز الفاء از باب افعال۔ اس میں ہمزہ کو واؤ سے تبدیل کرنا جائز ہے بقانون راسٌ، یعنی بِمُوْمِنِيْنَ پڑھنا جائز ہے۔

۲۲- ﴿يُخٰدِعُوْنَ﴾[الآية:۹]: بروزن يُفَاعِلُوْنَ بچوں يُضَارِبُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم ثلاثی مزید فیہ صحیح از باب مفاعلہ۔ اس میں مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا قانون جاری ہوا ہے۔

۲۳- ﴿اٰمَنُوْا﴾[الآية:۹]: اصل میں تھا ءَ مَنُوْا بروزن اَفْعَلُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم مہموز الفاء از باب افعال۔

تعلیل: دوسرے ہمزہ ساکنہ کو اٰمن قانون کے تحت الف سے تبدیل کیا تو اٰمَنُوْا ہو گیا۔

۲۴- ﴿يَخْدَعُوْنَ﴾[الآية:۹]: بروزن يَفْعَلُوْنَ بچوں يَمْنَعُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم ثلاثی مجرد صحیح از باب منع۔ جاری شدہ قوانین مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا۔

۲۵- ﴿يَشْعُرُوْنَ﴾[الآية:۹]: بروزن يَفْعُلُوْنَ بچوں يَنْصُرُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم ثلاثی مجرد صحیح از باب نصر۔ جاری شدہ قوانین: مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا۔

۲۶- ﴿مَرَضٌ﴾[الآية:۱۰]: بروزن فَعَلٌ، یہ باب علم سے اسم مصدر ہے۔ اسکو مَرَضُنْ پڑھنا جائز ہے نون تنوین

دنون خفیفہ والے قانون کے تحت۔

۲۷- ﴿فَزَادَهُمُ اللّٰهُ﴾[الآیة: ۱۰]: اصل میں تھا زَیَدَ بروزن فَعَلَ ہمچوں ضَرَبَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مجرد اجوف یائی از باب ضرب۔

تعلیل: یاء متحرک تھی اسکا ماقبل مفتوح تھا اس یاء کو الف سے تبدیل کیا قال باع قانون کے ذریعے تو زَادَ بن گیا۔

۲۸- ﴿أَلِیمٌ﴾[الآیة: ۱۰]: بروزن فَعِیلٌ ہمچوں شَرِیْفٌ، صیغہ واحد مذکر صفت مشبہ از باب شَرُفَ۔ اس میں نون خفیفہ کا قانون لگ سکتا ہے۔ یعنی اس کو اَلِیْمُنْ پڑھ سکتے ہیں۔

۲۹- ﴿كَانُوْا﴾[الآیة: ۱۰]: اصل میں تھا كَوَنُوْا بروزن فَعَلُوْا ہمچوں نَصَرُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مجرد اجوف واوی از باب نصر۔ اس کی تعلیل اوپر فَزَادَ کی طرح ہے۔

۳۰- ﴿یَكْذِبُوْنَ﴾[الآیة: ۱۰]: بروزن یَفْعِلُوْنَ ہمچوں یَضْرِبُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم ثلاثی مجرد صحیح از باب ضرب۔ جاری شدہ قوانین مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا۔

۳۱- ﴿وإذا قِیْلَ لَهُمْ﴾[الآیة: ۱۱]: قِیْلَ اصل میں تھا قُوِلَ بروزن فُعِلَ ہمچوں نُصِرَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مجہول ثلاثی مجرد اجوف واوی از باب نصر۔

تعلیل: واو پر کسرہ ثقیل تھا نقل کر کے ماقبل قاف کو دیا بعد از سلب حرکت بقانون قِیْلَ، تو قِوْلَ بن گیا پھر واو ساکن مظہر تھی اسکا ماقبل مکسور تھا تو اس واو کو بقانون میعادٌ یاء سے تبدیل کیا تو قِیْلَ ہو گیا۔

۳۲- ﴿لَا تُفْسِدُوْا﴾[الآیة: ۱۱]: بروزن لَا تُفْعِلُوْا ہمچوں لَا تُكْرِمُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم ثلاثی مزید فیہ صحیح از باب افعال۔ اس میں نون اعرابی کا قانون جاری ہوا ہے، اصل میں تُفْسِدُوْنَ تھا لائے نہی کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا۔

۳۳- ﴿مُصْلِحُوْنَ﴾[الآیة: ۱۱]: بروزن مُفْعِلُوْن ہمچوں مُكْرِمُوْنَ۔ یہ مفلِحُوْن کی طرح ہے۔

۳۴- ﴿الْمُفْسِدُوْنَ﴾[الآیة: ۱۲]: یہ بھی مفلِحُوْن کی طرح ہے۔

۳۵- ﴿لَا یَشْعُرُوْنَ﴾[الآیة: ۱۲]: بروزن لَا یَفْعُلُوْنَ ہمچوں لَا یَنْصُرُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل نفی غائب معلوم ثلاثی مجرد صحیح از باب نصر۔

۳۶- ﴿آمِنُوْا﴾[الآیة: ۱۳]: اصل میں تھا اَءْمِنُوْا بروزن اَفْعِلُوْا ہمچوں اَكْرِمُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر

دنون خفیفہ والے قانون کے تحت۔

۲۷- ﴿فَزَادَهُمُ اللّٰهُ﴾[الآية: ۱۰]: اصل میں تھا زَیَدَ بروزن فَعَلَ ہمچوں ضَرَبَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مجرد اجوف یائی از باب ضرب۔

تعلیل: یاء متحرک تھی اسکا ماقبل مفتوح تھا اس یاء کو الف سے تبدیل کیا قال باع قانون کے ذریعے تو زَادَ بن گیا۔

۲۸- ﴿أَلِيمٌ﴾[الآية: ۱۰]: بروزن فَعِيلٌ ہمچوں شَرِيفٌ، صیغہ واحد مذکر صفت مشبہ از باب شَرُفَ۔ اس میں نون خفیفہ کا قانون لگ سکتا ہے۔ یعنی اس کو اَلِیمُنْ پڑھ سکتے ہیں۔

۲۹- ﴿كَانُوا﴾[الآية: ۱۰]: اصل میں تھا كَوَنُوا بروزن فَعَلُوا ہمچوں نَصَرُوا، صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مجرد اجوف واوی از باب نصر۔ اس کی تعلیل اوپر فَزَادَ کی طرح ہے۔

۳۰- ﴿يَكْذِبُونَ﴾[الآية: ۱۰]: بروزن يَفْعِلُونَ ہمچوں يَضْرِبُونَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم ثلاثی مجرد صحیح از باب ضرب۔ جاری شدہ قوانین مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا۔

۳۱- ﴿وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ﴾[الآية: ۱۱]: قِيلَ اصل میں تھا قُوِلَ بروزن فُعِلَ ہمچوں نُصِرَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مجہول ثلاثی مجرد اجوف واوی از باب نصر۔

تعلیل: واؤ پر کسرہ ثقیل تھا نقل کر کے ماقبل قاف کو دیا بعد از سلب حرکت بقانون قِيلَ، تو قِوْلَ بن گیا پھر واؤ ساکن مظہر تھی اسکا ماقبل مکسور تھا تو اس واو کو بقانون میعادٌ یاء سے تبدیل کیا تو قِيلَ ہو گیا۔

۳۲- ﴿لَا تُفْسِدُوا﴾[الآية: ۱۱]: بروزن لَا تُفْعِلُوا ہمچوں لَا تُكْرِمُوا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم ثلاثی مزید فیہ صحیح از باب افعال۔ اس میں نون اعرابی کا قانون جاری ہوا ہے، اصل میں تُفْسِدُونَ تھا لائے نہی کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا۔

۳۳- ﴿مُصْلِحُونَ﴾[الآية: ۱۱]: بروزن مُفْعِلُون ہمچوں مُكْرِمُونَ۔ یہ مفلِحُونَ کی طرح ہے۔

۳۴- ﴿الْمُفْسِدُونَ﴾[الآية: ۱۲]: یہ بھی مفلِحُونَ کی طرح ہے۔

۳۵- ﴿لَا يَشْعُرُونَ﴾[الآية: ۱۲]: بروزن لَا يَفْعُلُونَ ہمچوں لَا يَنْصُرُونَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل نفی غائب معلوم ثلاثی مجرد صحیح از باب نصر۔

۳۶- ﴿آمِنُوا﴾[الآية: ۱۳]: اصل میں تھا اَءْمِنُوا بروزن اَفْعِلُوا ہمچوں اَكْرِمُوا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر

معلوم ثلاثی مزید فیہ مہموز الفاء از باب افعال۔

تعلیل: دوسرے ہمزہ ساکنہ کو بقانون آمن کے الف سے تبدیل کیا تو اٰمِنُوا ہو گیا اسکے علاوہ امر حاضر اور نون اعرابی کا قانون بھی جاری ہوا ہے۔

۳۷- ﴿اٰمَنَ النَّاسُ﴾[الآیۃ: ۱۳]: اٰمن اصل میں تھا اءْمَنَ بروزن افْعَلَ بمعنی اکْرَمَ، یہ باب افعال سے واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔ اس میں امنوا کی طرح تعلیل ہوئی ہے۔

۳۸- ﴿قَالُوْا﴾[الآیۃ: ۱۳]: اصل میں تھا قَوَلُوْا، یہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔ اس میں کانوا کی طرح تعلیل ہوئی ہے۔

۳۹- ﴿السُّفَهَاءُ﴾[الآیۃ: ۱۳]: اصل میں تھا سُفَهَاءُ بروزن فُعَلَاءُ بمعنی شُرَفَاءُ، صیغہ جمع مذکر صفت مشبہ ثلاثی مجرد صحیح از باب شرُف۔ اس میں حروف شمسی اور ادغام المتجانسین کا قانون جاری ہوا ہے۔ یعنی لام ساکن کو سین کیا اور سین کو سین میں مدغم کر دیا۔

فائدہ: السُّفهاءُ الف ممدودہ کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔

۴۰- ﴿وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ﴾[الآیۃ: ۱۴]: لَقُوْا اصل میں تھا لَقِيُوْا بروزن فَعِلُوْا بمعنی عَلِمُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مجرد ناقص یائی از باب علِم۔

تعلیل: یاء پر ضمہ ثقیل تھا نقل کر کے ماقبل قاف کو دیا بعد از سلب حرکت، تو لَقُيُوْا ہو گیا پھر یاء ساکن مظہر تھی اس کا ماقبل مکسور تھا تو اس یاء کو بقانون یُوسِرُ واؤ سے تبدیل کیا تو لَقُوْوْا ہو گیا پھر التقائے ساکنین آیا دو واؤں کے درمیان، تو پہلے واؤ کو گرا دیا تو لَقُوْا ہو گیا پھر التقائے ساکنین آیا واو اور لام کے درمیان تو واؤ کو گرا دیا اب موجودہ صورت میں واو لکھنے میں تو آتا ہے مگر پڑھنے میں نہیں آتا۔
جاری شدہ قوانین یقول، یوسر اور التقائے ساکنین۔

۴۱- ﴿وَاِذَا خَلَوْا﴾[الآیۃ: ۱۴]: اصل میں تھا خَلَوُوْا بروزن فَعَلُوْا بمعنی نَصَرُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مجرد ناقص واوی از باب نصر۔

تعلیل: واؤ متحرک تھی اس کا ماقبل مفتوح تھا اس واؤ کو بقانون قال الف سے تبدیل کیا تو خَلَاوْا ہو گیا پھر التقائے ساکنین آیا الف اور واؤ کے درمیان تو الف کو گرا دیا تو خَلَوْا ہو گیا۔

۴۲- ﴿مُسْتَهْزِءُوْنَ﴾[الآیۃ: ۱۴]: بروزن مُسْتَفْعِلُوْنَ بمعنی مُسْتَخْرِجُوْنَ، صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل ثلاثی مزید فیہ مہموز اللام از باب استفعال۔ جاری شدہ قانون اسم فاعل۔ اور سُئِلَ کا قانون لگ سکتا ہے اسکو مُسْتَهْزِوُوْنَ پڑھنا جائز ہے۔

۴۳- ﴿وَيَمُدُّهُمْ﴾[الآية: ۱۵]: يَمُدُّ اصل میں تھا يَمْدُدُ بروزن يَفْعُلُ ہمچوں يَنْصُرُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم ثلاثی مجرد مضاعف ثلاثی از باب نصر، قوانین: مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا اور ادغام، ادغام المتجانسین۔

تعلیل: دال اول کی حرکت کو نقل کر کے ماقبل میم کو دیا اور دال کو دال میں مدغم کیا تو يَمُدُّ ہو گیا۔

۴۴- ﴿فِي طُغْيَانِهِمْ﴾[الآية: ۱۵]: طُغْيَانٌ بروزن فُعْلَانٌ، یہ باب منع سے مصدر ہے طَغٰى يَطْغٰى۔

۴۵- ﴿يَعْمَهُوْنَ﴾[الآية: ۱۵]: صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم ثلاثی مجرد صحیح از باب منع ونصر۔

۴۶- ﴿اِشْتَرَوُا﴾[الآية: ۱۶]: اصل میں تھا اِشْتَرَيُوْا بروزن اِفْتَعَلُوْا ہمچوں اِكْتَسَبُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مزید فیہ ناقص یائی از باب افتعال۔

تعلیل: یاء متحرک تھی اس کا ماقبل مفتوح تھا اس کو الف سے تبدیل کیا تو اِشْتَرَاوْا ہو گیا پھر التقائے ساکنین آیا الف اور واؤ کے درمیان تو الف کو گرا دیا تو اِشْتَرَوْا ہو گیا پھر التقائے ساکنین آیا واؤ اور ضاد کے درمیان تو پہلا ان کا ساکن غیر مدہ واؤ جمع کی تھی تو اس واؤ کو ضمہ کی حرکت دی بقانون لَتُدْعَوُنَّ کے تو اِشْتَرَوُا ہو گیا۔ جاری شدہ قوانین قال باع، التقائے ساکنین اور لتدعون۔ اور اسمع اشبهه کا قانون لگ سکتا ہے یعنی اِشَّرَوْا پڑھنا جائز ہے۔

۴۷- ﴿الضَّلَالَةَ﴾[الآية: ۱۶]: ضَلَالَةٌ بروزن فَعَالَةٌ، یہ باب ضرب سے مصدر ہے ضَلَّ يَضِلُّ۔ قوانین: حروف شمسی اور ادغام المجانسین۔

۴۸- ﴿تِجَارَتُهُمْ﴾[الآية: ۱۶]: تِجَارَةٌ بروزن فِعَالَةٌ، یہ باب نصر سے مصدر سماعی ہے تَجَرَ يَتْجُرُ۔ قانون: نون تنوین نون تثنیہ۔

۴۹- ﴿مُهْتَدِيْنَ﴾[الآية: ۱۶]: اصل میں تھا مُهْتَدِيِيْنَ بروزن مُفْتَعِلِيْنَ ہمچوں مُكْتَسِبِيْنَ، صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل ثلاثی مزید فیہ ناقص یائی از باب افتعال، قوانین: يدعو يرمي، التقائے ساکنین، اسم فاعل اور ہمزہ وصلی۔

تعلیل: یاء پر کسرہ ثقیل تھا اس کو بقانون یرمی گرا دیا پھر التقائے ساکنین قانون کی وجہ سے ایک یاء کو گرا دیا تو مُهْتَدِيْنَ ہو گیا۔ اور خصّم کا قانون لگ سکتا ہے وہ اس طرح کہ تائے افتعال کو دال کرینگے اور پھر دال اول کی حرکت نقل کر کے ماقبل ھا کو دیں گے اور دال اول کو دال ثانی میں مدغم کرینگے تو مُهَدِّيْنَ بن جائیگا اس کو مُهِدِّيْن پڑھنا جائز ہے۔

۵۰- ﴿اِسْتَوْقَدَ﴾[الآية: ۱۷]: بروزن اِسْتَفْعَلَ ہمچوں اِسْتَخْرَجَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مزید فیہ مثال واوی از باب استفعال۔

۵۱- ﴿أَضَاءَ تْ﴾[الآیۃ:۱۷]: اصل میں تھا ضَوَءَ تْ بروزن اَفْعَلَتْ ہمچوں اَکْرَمَتْ، صیغہ واحد مؤنث غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مزید فیہ اجوف واوی ومہموز اللام از باب افعال۔

تعلیل: واؤ متحرک تھی اس کا ماقبل حرف صحیح ساکن تھا تو اس واؤ کی حرکت کو نقل کر کے ماقبل ضاد کو دیا اور اس واؤ کو الف سے تبدیل کیا یقال قانون کے تحت، تو أضاءَ تْ ہوگیا۔

۵۲- ﴿صُمٌّ﴾[الآیۃ:۱۸]: اصل میں تھا صُمْمٌ بروزن فُعْلٌ، یہ جمع مذکر مکسر صفت مشبہ کا صیغہ ہے باب فتح سے۔

۵۳- ﴿بُكْمٌ﴾[الآیۃ:۱۸]: بروزن فُعْلٌ، یہ جمع مذکر مکسر صفت مشبہ کا صیغہ ہے باب علم سے۔

۵۴- ﴿عُمْيٌ﴾[الآیۃ:۱۸]: بروزن فُعْلٌ، یہ بھی جمع مذکر مکسر صفت مشبہ کا صیغہ ہے باب عَلِمَ سے۔

مذکورہ بالا تینوں صیغوں میں نون تنوین نون خفیفہ کا قانون جاری ہوسکتا ہے۔

۵۵- ﴿مِنَ الصَّوَاعِقِ﴾[الآیۃ:۱۹]: صَوَاعِقُ بروزن فَوَاعِلُ ہمچوں عَوَالِمُ، صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم فاعل ثلاثی مجرد صحیح از باب فعِلَ یفعَلُ۔ قوانین: مدہ زائدہ، ہمزہ وصلی اور حروف شمسی۔

فائدہ: صواعق غیر منصرف ہے اور الف لام داخل ہونے کی وجہ سے اس پر جر آیا ہے۔

۵۶- ﴿حَذَرَ الْمَوْتِ﴾[الآیۃ:۱۹]: اَلْمَوْتُ اصل میں مَوْتٌ تھا بروزن فَعْلٌ ہمچوں نَصْرٌ، صیغہ اسم مصدر ثلاثی مجرد اجوف واوی از باب نصر۔ قوانین: نون تنوین تثنیہ اور ہمزہ وصلی۔

۵۷- ﴿مُحِيْطٌ﴾[الآیۃ:۱۹]: اصل میں تھا مُحْوِطٌ بروزن مُفْعِلٌ ہمچوں مُکْرِمٌ، صیغہ واحد مذکر اسم فاعل ثلاثی مزید فیہ اجوف واوی از باب افعال۔ قوانین: یقول یبیع، میعاد اور اسم فاعل۔ اور نون تنوین نون خفیفہ کا قانون جاری ہوسکتا ہے۔ اس میں نَسْتَعِيْنُ کی طرح تعلیل ہوئی ہے۔

۵۸- ﴿يَكَادُ﴾[الآیۃ:۲۰]: اصل میں تھا يَكْوَدُ بروزن يَفْعَلُ ہمچوں يَعْلَمُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم ثلاثی مجرد اجوف واوی از باب علم۔

تعلیل: اس میں اضاءت کی طرح تعلیل ہوئی ہے۔ جاری شدہ قوانین یقال تقال اور مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا قانون۔

۵۹- ﴿مَشَوْا﴾[الآیۃ:۲۰]: اصل میں تھا مَشَيُوْا بروزن فَعَلُوْا ہمچوں ضَرَبُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی

مجرد ناقص یائی از باب ضرب، قوانین باع اور التقائے ساکنین۔

تعلیل: اس میں خَلَوْا [الآیۃ: ۱۴] کی طرح تعلیل ہوئی ہے۔

۶۰- ﴿قَامُوْا﴾ [الآیۃ: ۲۰]: اصل میں تھا قَوَمُوْا بروزن فَعَلُوْا بچوں نَصَرُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مجرد اجوف واوی از باب نصر۔

تعلیل: اس میں کَانُوْا [الآیۃ: ۱۶] کی طرح تعلیل ہوئی ہے۔

۶۱- ﴿شَاءَ﴾ [الآیۃ: ۲۰]: اصل میں تھا شَيِئَ بروزن فَعِلَ بچوں عَلِمَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مجرد اجوف یائی و مہموز اللام از باب نصر۔

فائدہ: تعلیل: اس میں فَزَادَ [الآیۃ: ۱۰] کی طرح تعلیل ہوئی ہے۔

۶۲- ﴿شَيْءٌ﴾ [الآیۃ: ۲۰]: بروزن فَعْلٍ، یہ باب منع سے اسم مصدر ہے۔

۶۳- ﴿قَدِيْرٌ﴾ [الآیۃ: ۲۰]: بروزن فَعِيْلٌ بچوں شَرِيْفٌ، یہ واحد مذکر صفت مشبہ کا صیغہ ہے۔

فائدہ: یہ باب نصر، ضرب اور عَلِم تینوں سے آتا ہے۔

۶۴- ﴿اُعْبُدُوْا﴾ [الآیۃ: ۲۱]: بروزن اُفْعُلُوْا بچوں اُنْصُرُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ثلاثی مجرد صحیح از باب نصر، قوانین امر حاضر معلوم، نون اعرابی اور ہمزہ وصلی۔

فائدہ: اُعْبُدُوْا یہ صیغہ امر حاضر معلوم مؤکد بانون تاکید خفیفہ کا بھی بن سکتا ہے یعنی اُعْبُدُنْ سے اُعْبُدُوْا پڑھنا جائز ہے۔

۶۵- ﴿تَتَّقُوْنَ﴾ [الآیۃ: ۲۱]: اصل میں تھا تَوْتَقِيُوْنَ بروزن تَفْتَعِلُوْنَ بچوں تَكْتَسِبُوْنَ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم ثلاثی مزید فیہ لفیف مفروق از باب افتعال۔

تعلیل: واو واقع ہوئی باب افتعال کے فاء کلمے کے مقابلے میں تو اس واؤ کو تاء کیا اِتَّعَدَ قانون کے ذریعے اور تاء کو تاء میں بقانون، مدغم کیا تو تَتَّقِيُوْنَ ہوگیا پھر یاء پر ضمہ ثقیل تھا نقل کر کے ماقبل قاف کو دیا بقانون یبیع، تو تَتَّقُيُوْنَ ہوگیا پھر یاء ساکن مظہر تھی اس کا ماقبل مضموم تھا تو اس یاء کو واؤ سے تبدیل کیا یوسرُ قانون کے ذریعے تو تَتَّقُوْوْنَ ہوگیا پھر التقائے ساکنین آیا دو واؤوں کے درمیان تو ایک واؤ کو التقاء ساکنین قانون کی رو سے گرادیا تو تَتَّقُوْنَ ہوگیا۔ مذکورہ قوانین کے علاوہ یَعلَمُ کا قانون بھی اس میں جاری ہوسکتا ہے۔

۶۶- ﴿بِنَاءً﴾[الآیۃ: ۲۲]: اصل میں تھا بِنَایٌ بروزن فِعَالاً، یہ باب ضرب سے مصدر ہے اور ناقص یائی ہے۔

تعلیل: یاء واقع ہوئی پیچھے الف زائدہ کی طرف میں تو اس یاء کو بقانون دُعَاءٌ بُکَاءٌ ہمزہ سے تبدیل کیا تو بِنَاءً ہوگیا۔

۶۷- ﴿اَنْدَادًا﴾[الآیۃ: ۲۲]: بروزن اَفْعَالاً ہچوں اَضْرَاباً، یہ باب ضرب سے جمع مذکر مکسر اسم فاعل کا صیغہ ہے۔

اس میں بائے مطلق کا قانون جاری ہوا ہے اور نون خفیفہ کا قانون لگ سکتا ہے یعنی اَنْدَاذًا پڑھنا جائز ہے۔

۶۸- ﴿کُنْتُمْ﴾[الآیۃ: ۲۳]: اصل میں تھا کَوَنْتُمْ بروزن فَعَلْتُمْ ہچوں نَصَرْتُمْ، یہ باب نصر سے جمع مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے اور اجوف واوی ہے۔

تعلیل: واو متحرک تھی اس کا ماقبل مفتوح تھا تو اس واؤ کو قَالَ والے قانون کے ذریعے الف سے بدل دیا تو کَانْتُمْ ہوگیا پھر التقائے ساکنین والے قانون کی وجہ سے الف گر گیا تو کَنْتُمْ ہوگیا پھر قُلْنَ والے قانون کے تحت فاء کلمہ (کاف) کو ضمہ دیا تو کُنْتُمْ ہوگیا۔ مذکورہ قوانین کے علاوہ بائے مطلق اور ضرِبْتم کا قانون بھی جاری ہوئے ہیں۔

۶۹- ﴿فَاْتُوْا﴾[الآیۃ: ۲۳]: اصل میں تھا اِءْتِیُوْا بروزن اِفْعِلُوْا ہچوں اِضْرِبُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ثلاثی مجرد مہموز الفاء و ناقص یائی از باب ضرب۔

تعلیل: دوسرے ہمزہ کو بقانون آمَنَ یاء سے تبدیل کیا تو اِیْتِیُوْا ہوگیا پھر فاء داخل ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی گر گیا بقانون ہمزہ وصلی، اور ہمزہ ساکنہ لوٹ آیا تو فَاْتِیُوْا ہوگیا پھر یاء پر ضمہ ثقیل تھا نقل کر کے ماقبل تاء کو دیا بعد از سلب حرکت تاء کے، تو فَاْتُیُوْا ہوگیا پھر یاء کو یوسر قانون کے تحت واو سے تبدیل کیا تو فَاْتُوُوْا بن گیا پھر التقائے ساکنین والے قانون کی وجہ سے پہلے واو کو گرادیا تو فَاْتُوْا ہوگیا۔ مذکورہ قوانین کے علاوہ امر حاضر معلوم اور نون اعرابی کے قوانین بھی جاری ہوئے ہیں، نیز رَاسٌ بؤسٌ کا قانون بھی لگ سکتا ہے یعنی فَاتُوْا پڑھنا جائز ہے۔

۷۰- ﴿وَادْعُوْا﴾[الآیۃ: ۲۳]: اصل میں تھا اُدْعُوُوْا بروزن اُفْعُلُوْا ہچوں اُنْصُرُوْا، یہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم کا صیغہ ہے، ہفت اقسام میں ناقص واوی ہے۔

تعلیل: واو پر ضمہ ثقیل تھا اس کو گرادیا تو اُدْعُوْوْا ہوگیا پھر التقائے ساکنین آیا دو واؤوں کے درمیان تو پہلے واؤ کو گرادیا تو اُدْعُوْا بن گیا۔ جاری شدہ قوانین یدعو یرمی، التقائے ساکنین، امر حاضر معلوم، نون اعرابی اور ہمزہ وصلی۔

۷۱- ﴿شُهَدَاءَكُمْ﴾[الآیۃ: ۲۳]: شُهَدَاءَ بروزن فُعَلَاءَ، صیغہ جمع مذکر مکسر صفت مشبہ از باب فَعِلَ یَفْعَلُ۔

۷۲- ﴿فَاتَّقُوْا النَّارَ﴾[الآیۃ:۲۴]: اصل میں تھا اِوْتَقِیُوْا بروزن اِفْتَعِلُوْا ہیچوں اِکْتَسِبُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم لفیف مفروق از باب افتعال۔

تعلیل: واو واقع ہوئی باب افتعال کے فاء کلمہ کے مقابلہ میں، تو اس واو کو تاء کیا اِتَّعَدَ قانون کے ذریعے اور تاء کو تاء میں مدغم کر دیا بقانون ادغام، تو فَاتَّقِیُوْا بن گیا، پھر یاء پر ضمہ ثقیل تھا نقل کر کے ماقبل قاف کو دیا بعد از سلب حرکت قاف کے تو بن گیا فَاتَّقُیْوْا، پھر یاء ساکن مظہر تھی اور ماقبل مضموم تھا تو اس یاء کو واو سے تبدیل کر دیا، یوسر قانون کی رو سے تو بن گیا فَاتَّقُوْوْا پھر التقاء ساکنین آیا دو واوؤں کے درمیان تو ایک واو کو گرا دیا تو فَاتَّقُوْا بن گیا، پھر التقاء ساکنین آیا واو اور نون کے درمیان، تو واو کو گرا دیا تو فَاتَّقُوْا بن گیا۔ مذکورہ قوانین کے علاوہ، نون اعرابی اور ہمزہ وصلی والے قوانین بھی جاری ہوئے ہیں۔

۷۳- ﴿اُعِدَّتْ﴾[الآیۃ:۲۴]: اصل میں تھا اُعْدِدَتْ بروزن اُفْعِلَتْ ہیچوں اُکْرِمَتْ، صیغہ واحد مؤنث غائب فعل ماضی مجہول ثلاثی مزید فیہ مضاعف ثلاثی از باب افعال۔

تعلیل: دال اول کی حرکت کو نقل کر کے عین کو دیا اور دال اول کو دال ثانی میں مدغم کر دیا تو اُعِدَّتْ ہو گیا۔ ماضی مجہول کا قانون بھی جاری ہوا ہے۔

۷۴- ﴿بَشِّرِ﴾[الآیۃ:۲۵]: اصل میں تھا بَشِّرْ بروزن فَعِّلْ ہیچوں صَرِّفْ، صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ثلاثی مزید فیہ صحیح از باب تفعیل۔ راء اور لام کے درمیان التقائے ساکنین آیا تو ہم نے راء کو کسرہ کی حرکت دے دی السَّاکِنُ اِذَا حُرِّکَ حُرِّکَ بِالْکَسْرِ والے قاعدہ کے تحت۔

۷۵- ﴿تَجْرِیْ﴾[الآیۃ:۲۵]: اصل میں تھا تَجْرِیُ بروزن تَفْعِلُ ہیچوں تَضْرِبُ، صیغہ واحد مؤنث غائب فعل مضارع معلوم ناقص یائی از باب ضرب۔

تعلیل: یاء پر ضمہ ثقیل تھا اسکو گرا دیا بقانون یدعو یرمی کے۔

۷۶- ﴿رُزِقُوْا﴾[الآیۃ:۲۵]: بروزن فُعِلُوْا صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی مجہول ثلاثی مجرد صحیح از باب نصر۔ قانون ماضی مجہول۔

۷۷- ﴿رِزْقًا﴾[الآیۃ:۲۵]: بروزن فِعْلًا یہ نَصَرَ سے مصدر ہے۔

۷۸-﴿رُزِقْنَا﴾ [الآیۃ:۲۵]: بروزن فُعِلْنَا صیغہ جمع متکلم فعل ماضی مجہول ثلاثی مجرد صحیح از باب نصر۔ قانون ماضی مجہول۔

۷۹-﴿مُطَهَّرَةٌ﴾[الآیۃ:۲۵]: بروزن مُفَعَّلَۃٌ صیغہ واحد مؤنث اسم مفعول ثلاثی مزید فیہ صحیح از باب تفعیل، قانون اسم مفعول۔

۸۰- ﴿خَالِدُوْنَ﴾[الآية:۲۵]: بروزن فَاعِلُوْنَ صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل ثلاثی مجرد صحیح از باب نصر۔ قانون اسم فاعل۔

۸۱- ﴿اُتُوْا﴾[الآية:۲۵]: اصل میں تھا اُتِیُوْا بروزن فُعِلُوْا بچوں ضُرِبُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی مجہول مہموز الفاء وناقص یائی از باب ضرب۔

تعلیل: یاء پر ضمہ ثقیل تھا نقل کر کے ماقبل کو دیا اُتُیْوْا ہوگیا پھر یاء کو بقانون یوسر، واو سے تبدیل کیا تو اُتُوْوْ ہوگیا پھر پہلے واؤ کو بقانون التقائے ساکنین حذف کردیا تو اُتُوْا ہوگیا۔ جاری شدہ قوانین ماضی مجہول، یقول بیع، یوسر اور التقائے ساکنین۔

۸۲- ﴿مُتَشَابِهاً﴾[الآية:۲۵]: یہ باب تفاعل سے واحد مذکر اسم فاعل کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین اسم فاعل اور نون تنوین نون خفیفہ۔ اس کو بقانون خصم مُشَّابِهًا پڑھنا جائز ہے۔

۸۳- ﴿لَا يَسْتَحْيِيْ﴾[الآية:۲۶]: اصل میں تھا لَا يَسْتَحْيِيُ بروزن لَا يَسْتَفْعِلُ، یہ باب استفعال سے صیغہ واحد مذکر غائب فعل نفی معلوم کا صیغہ ہے ہفت اقسام میں سے لفیف مقرون ہے۔ اس میں تجوِیْ کی طرح تعلیل ہوئی ہے۔ جاری شدہ قوانین مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا، یدعو یرمی اور ہمزہ وصلی۔

۸۴- ﴿اَنْ يَّضْرِبَ﴾[الآية:۲۶]: اصل میں تھا يَضْرِبُ بروزن يَفْعِلُ صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم ثلاثی مجرد صحیح از باب ضرب۔ قوانین: مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا، حروف یرملون اور ادغام المتجانسین۔

۸۵- ﴿اَلْحَقُّ﴾[الآية:۲۶]: اصل میں تھا حَقْقٌ بروزن فَعْلٌ صیغہ اسم مصدر ثلاثی مجرد مضاعف ثلاثی از باب ضرب، قوانین، ادغام المتجانسین اور نون تنوین نون تثنیہ وجمع۔

۸۶- ﴿فَيَقُوْلُوْنَ﴾ [الآية:۲۶]: اصل میں تھا يَقْوُلُوْنَ بروزن يَفْعُلُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم ثلاثی مجرد اجوف واوی از باب فَعَلَ يَفْعُلُ، قوانین: مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا، یقول بیع۔

۸۷- ﴿يَهْدِيْ﴾[الآية:۲۶]: اصل میں تھا يَهْدِيُ بروزن يَفْعِلُ صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم ثلاثی مجرد ناقص یائی از باب فَعَلَ يَفْعِلُ، قوانین مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا، اور یدعو یرمی۔

۸۸- ﴿اَرَادَ اللّٰهُ﴾[الآية:۲۶]: اصل میں تھا اَرْوَدَ بروزن اَفْعَلَ بچوں اَكْرَمَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم اجوف واوی از باب افعال۔ اس میں اَضَاءَتْ[الآية:۱۷] کی طرح تعلیل ہوئی ہے۔

۸۹- ﴿يُضِلُّ﴾[الآیۃ:۲۶]:اصل میں تھا یُضْلِلُ بروزن یُفْعِلُ بچوں یُکْرِمُ ،صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم ثلاثی مزید فیہ مضاعف ثلاثی از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا، ہمزہ وصلی اور ادغام المتجانسین۔

۹۰- ﴿يَنقُضُونَ﴾[الآیۃ:۲۶]: بروزن یَفْعُلُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعُلُ ،قوانین: مضارع معلوم نمبر ۱-۲، بائے مطلق۔

۹۱- ﴿عَهْدَ اللّٰهِ﴾[الآیۃ:۲۷]:عَھْدَ یہ باب سمع سے مصد ، ہے نون تنوین نون تثنیہ کا قانون جاری ہوا ہے۔

۹۲- ﴿مِيثَاقِهِ﴾[الآیۃ:۲۷]:اصل میں تھا مِوْثَاقٌ بروزن مِفْعالٌ، یہ باب حَسِبَ سے مصدر میمی ہے۔ تعلیل: واؤ ساکن مظہر تھی اسکا ما قبل مکسور تھا تو اس واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مِیْثَاقٌ ہو گیا۔ جاری شدہ قوانین میعاد اور نون تنوین تثنیہ۔

۹۳- ﴿اَمَرَ اللّٰهُ﴾[الآیۃ:۲۷]اَمَرَ بروزن فَعَلَ بچوں نَصَرَ صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مجرد مہموز الفا از باب نصر۔

۹۴- ﴿اَنْ يُّوْصَلَ﴾[الآیۃ:۲۷]:اصل میں تھا یُوْصَلُ بروزن یُفْعَلُ بچوں یُضْرَبُ ،صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع مجہول ثلاثی مجرد مثال واوی از باب ضرب۔ جاری شدہ قوانین مضارع مجہول، ادغام المتجانسین اور حروف یرملون۔

۹۵- ﴿يُفْسِدُوْنَ﴾[الآیۃ:۲۷]: بروزن یُفْعِلُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم ثلاثی مزید فیہ از باب افعال، قوانین: مضارع معلوم نمبر ۱، ۲، ہمزہ وصلی۔

۹۶- ﴿خٰسِرُوْنَ﴾[الآیۃ:۲۷]: بروزن فَاعِلُوْنَ صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل ثلاثی مجرد صحیح از باب سمع، قانون: اسم فاعل۔

۹۷ - ﴿اَمْوَاتًا﴾ [الآیۃ:۲۸]: بروزن اَفْعَالًا صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل ثلاثی مجرد اجوف واوی از باب نصر، قانون: نون خفیفہ کا قانون لگ سکتا ہے

۹۸- ﴿فَاَحْيَاكُمْ﴾[الآیۃ:۲۸]:اصل میں تھا اَحْیَیَ بروزن اَفْعَلَ بچوں اَکْرَمَ ،صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مزید فیہ لفیف مقرون از باب افعال۔ اس میں قال باع کا قانون جاری ہوا ہے۔

۹۹ - ﴿يُمِيْتُكُمْ﴾[الآیۃ:۲۸]:اصل میں تھا یُمْوِتُ ،صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم ثلاثی مجرد اجوف واوی از باب افعال۔ اس میں نَسْتَعِيْنُ کی طرح تعلیل ہوئی ہے۔ جاری شدہ قوانین مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا، یقول یبیع اور میعاد۔

۱۰۰ - ﴿يُحْيِيْكُمْ﴾[الآیۃ:۲۸]:اصل میں تھا یُحْیِیُ ،یہ بھی باب افعال سے مذکورہ بالا صیغہ بنتا ہے۔

۱۰۱۔ ﴿تُرْجَعُوْنَ﴾[الآیۃ:۲۸]: بروزن تُفْعَلُوْنَ صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع مجہول ثلاثی مجرد صحیح از باب ضرب، قانون: مضارع مجہول۔

تعلیل: یاء پر ضمہ ثقیل تھا اسکو گرادیا تو تُخْيِي بن گیا۔ جاری شدہ قوانین مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا، ید عو اور ہمزہ وصلی۔

۱۰۲۔ ﴿ثُمَّ اسْتَوٰی﴾[الآیۃ:۲۹]: اصل میں تھا اِسْتَوَیَ بروزن اِفْتَعَلَ بچوں اِکْتَسَبَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مزید فیہ لفیف مقرون از باب افتعال۔ جاری شدہ قوانین ہمزہ وصلی اور قال باع۔ اور اَسْمَع کا قانون لگ سکتا ہے ثُمَّ اسْوٰی پڑھنا جائز ہے۔

۱۰۳۔ ﴿فَسَوّٰهُنَّ﴾[الآیۃ:۲۹]: اصل میں تھا سَوَّیَ بروزن فَعَّلَ بچوں صَرَّفَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مزید فیہ لفیف مقرون از باب تفعیل۔ اس میں قال باع کا قانون جاری ہوا ہے۔

۱۰۴۔ ﴿عَلِیْمٌ﴾[الآیۃ:۲۹]: بروزن فَعِیْلٌ صیغہ واحد مذکر صفت مشبہ ثلاثی مجرد صحیح از باب سمع، قانون: نون خفیفہ کا قانون جاری ہو سکتا ہے۔

۱۰۵۔ ﴿جَاعِلٌ﴾[الآیۃ:۳۰]: بروزن فَاعِلٌ صیغہ واحد مذکر اسم فاعل ثلاثی مجرد از باب منع، قانون: اسم فاعل، اور نون خفیفہ کا قانون لگ سکتا ہے۔

۱۰۶۔ ﴿تَجْعَلُ﴾[الآیۃ:۳۰]: بروزن تَفْعَلُ صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم ثلاثی مجرد صحیح از باب منع قوانین: مضارع معلوم ۱،۲۔

۱۰۷۔ ﴿یُفْسِدُ﴾[الآیۃ:۳۰]: بروزن یُفْعِلُ صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم ثلاثی مزید فیہ صحیح از باب افعال، قوانین: مضارع معلوم ۱،۲، ہمزہ وصلی۔

۱۰۸۔ ﴿یَسْفِکُ﴾[الآیۃ:۳۰]: بروزن یَفْعِلُ صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم ثلاثی مجرد از باب ضرب قوانین مضارع معلوم نمبر ۱،۲۔

۱۰۹۔ ﴿نُسَبِّحُ﴾[الآیۃ:۳۰]: بروزن نُفَعِّلُ صیغہ جمع متکلم فعل مضارع معلوم ثلاثی مزید فیہ صحیح از باب تفعیل قوانین: مضارع معلوم ۱،۲۔

۱۱۰۔ ﴿نُقَدِّسُ﴾[الآیۃ:۳۰]: بروزن نُفَعِّلُ صیغہ جمع متکلم فعل مضارع معلوم ثلاثی مزید فیہ صحیح از باب تفعیل قوانین: مضارع معلوم ۱،۲۔

۱۱۱۔ ﴿اَنْۢبِئُوْنِیْ﴾[الآیۃ:۳۱]: اَنْبِئُوْا بروزن اَفْعِلُوْا بچوں اَکْرِمُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ثلاثی مزید فیہ مہموز اللام از باب افعال۔ جاری شدی قوانین امر حاضر، نون اعرابی اور یائے مطلق۔ اور اسکو اَنْبِیُوْا پڑھنا جائز ہے مُسْئَل قانون کی رو سے۔

۱۱۲۔ ﴿سُبْحٰنَکَ﴾[الآیۃ:۳۲]: سبحان باب منع سے مصدر ہے۔

۱۱۲۔ ﴿العلیم، الحکیم﴾[الآیۃ:۳۲]: یہ دونوں صیغے صفت مشبہ کے ہیں، العلیم باب عَلِمَ سے اور الحکیم باب نصر سے۔

۱۱۳۔ ﴿عِلْمَ﴾[الآیۃ:۳۲]: اصل میں تھا عِلْمًا بروزن فِعْلًا صیغہ اسم مصدر ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعِلَ یَفْعَلُ۔

۱۱۴- ﴿عَلَّمْتَنَا﴾ [الآیۃ: ۳۲]: اصل میں تھا عَلَّمْتَ بروزن فَعَّلْتَ صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم ثلاثی مزید فیہ از باب تفعیل۔ آخر میں نا ضمیر منصوب متصل ہے۔

۱۱۵- ﴿اَنْبِئْهُمْ﴾ [الآیۃ: ۳۳]: اصل میں تھا اَنْبِئْ بروزن اَفْعِلْ صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ثلاثی مزید فیہ مہموز اللام از باب افعال۔ قوانین: امر حاضر معلوم، بائے مطلق، اور رأس کا قانون جاری ہوسکتا ہے۔

۱۱۶- ﴿اَنْبَأَ﴾ [الآیۃ: ۳۳]: بروزن اَفْعَلَ صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مزید فیہ مہموز اللام از باب افعال، قانون: بائے مطلق، اور سأل کا قانون جاری ہوسکتا ہے۔

۱۱۹- ﴿اَلَمْ اَقُلْ﴾ [الآیۃ: ۳۳]: اصل میں تھا لَمْ اَقْوُلْ بروزن لَمْ اَفْعُلْ جیسوں لَمْ اَنْصُرْ، صیغہ واحد متکلم فعل جحد معلوم ثلاثی مجرد اجوف واوی از باب نصر، قوانین: یقول، التقاء ساکنین۔

تعلیل: واؤ پر ضمہ ثقیل تھا نقل کر کے ماقبل قاف کو دیا تو لَمْ اَقُوْلْ بن گیا پھر التقائے ساکنین آیا واؤ اور لام کے درمیان تو واؤ کو گرا دیا تو لَمْ اَقُلْ ہو گیا۔

۱۱۸- ﴿غَيْبَ﴾ [الآیۃ: ۳۳]: بروزن فَعْل صیغہ اسم مصدر ثلاثی مجرد اجوف یائی از باب فَعَلَ يَفْعِلُ۔

۱۲۰- ﴿تُبْدُوْنَ﴾ [الآیۃ: ۳۳]: اصل میں تھا تُبْدِوُوْنَ بروزن تُفْعِلُوْنَ جیسوں تُكْرِمُوْنَ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم ثلاثی مجرد ناقص واوی از باب افعال۔

تعلیل: واؤ واقع ہوئی فعل کے لام کلمہ کے مقابلہ میں ماقبل اسکا مکسور تھا تو اس واؤ کو یاء سے بدل دیا دُعِیَ قانون کے ذریعے تو تُبْدِيُوْنَ ہو گیا پھر یاء پر ضمہ ثقیل تھا نقل کر کے ماقبل کو دیدیا یقول یبیع قانون کے ذریعے تو تُبْدِيُوْنَ ہو گیا پھر یاء کو بقانون یُوسِرُ، واؤ سے بدل دیا تو تُبْـدُوْوْنَ ہو گیا پھر التقائے ساکنین والے قانون کی وجہ سے واؤ کو گرا دیا تو تُبْـدُوْنَ ہو گیا۔ جاری شدہ قوانین مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا، دُعِی، یقول یبیع، یوسر، ہمزہ وصلی اور التقائے ساکنین۔

۱۲۱- ﴿اُسْجُدُوْا﴾ [الآیۃ: ۳۴]: بروزن اُفْعُلُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ يَفْعُلُ۔ قانون امر حاضر معلوم۔

۱۲۲- ﴿فَسَجَدُوْا﴾ [الآیۃ: ۳۴]: سَجَدُوْا بروزن فَعَلُوْا صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ يَفْعُلُ۔

۱۲۳- ﴿وَاسْتَكْبَرَ﴾[الآیۃ:۳۴]:اصل میں تھااِسْتَكْبَرَ بروزن اِسْتَفْعَلَ صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مزید فیہ صحیح از باب استفعال۔قانون:ہمزہ وصلی۔

۱۲۴- ﴿كَانَ﴾[الآیۃ:۳۴]:اصل میں تھاكَوَنَ بروزن فَعَلَ صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مجرد اجوف واوی از باب فَعَلَ يَفْعُلُ۔قانون قال۔

۱۲۵- ﴿اٰدَمُ اسْكُنْ﴾[الآیۃ:۳۴]:اصل میں تھااُسْكُنْ بروزن اُفْعُلْ صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ يَفْعُلُ۔قانون:ہمزہ وصلی۔

۱۲۶- ﴿اَبٰى﴾[الآیۃ:۳۴]:اصل میں تھااَبَيَ بروزن فَعَلَ ہچوں ضَرَبَ یامنع،صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مجرد مہموز الفاء و ناقص یائی از باب فَعَلَ يَفْعِلُ۔اس میں قال باع کا قانون جاری ہوا ہے۔

۱۲۷- ﴿وَقُلْنَا﴾[الآیۃ:۳۵]:اصل میں تھا قَوَلْنَا بروزن فَعَلْنَا ہچوں نَصَرْنَا،صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم ثلاثی مجرد اجوف واوی از باب نصر۔

تعلیل:واؤ متحرک تھی اسکا ماقبل مفتوح تھا تو اس واؤ کو قال قانون کے تحت الف سے تبدیل کیا تو قَالْنَا ہوگیا پھر التقائے ساکنین والے قانون کی وجہ سے الف کو گرادیا تو قَلْنَا ہوگیا۔پھر فاء کلمہ کو ضمہ کی حرکت دی قُلْنَ والے قانون کی رُو سے تو قُلْنَا ہوگیا۔جاری شدہ قوانین قال باع،التقائے ساکنین اور قُلْن۔

۱۲۸- ﴿لَاتَقْرَبَا﴾[الآیۃ:۳۵]: بروزن لا تَفْعَلَا صیغہ تثنیہ مذکر و مؤنث مشترک مخاطب فعل نہی حاضر معلوم ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعِلَ يَفْعَلُ۔قانون:نون اعرابی۔

۱۲۹-﴿ظٰلِمِيْنَ﴾[الآیۃ:۳۵]: بروزن فَاعِلِيْنَ صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل ثلاثی مجرد صحیح از باب ضرب۔قانون:اسم فاعل۔

۱۳۰- ﴿وَكُلَا﴾[الآیۃ:۳۵]:اصل میں تھااُءْكُلَا بروزن اُفْعُلَا ہچوں اُنْصُرَا،صیغہ تثنیہ مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ثلاثی مجرد مہموز الفاء از باب نصر۔

تعلیل:دوسرے ہمزہ کو بجائے حرف علت سے تبدیل کرنے کے تخفیفاً گرادیا تو اُكُلَا بن گیا پھر ہمزہ کو مابعد کے متحرک ہو جانے کی وجہ سے گرادیا تو كُلَا ہوگیا۔مذکورہ قوانین کے علاوہ امر حاضر معلوم اور نون اعرابی کا قانون بھی جاری ہوا ہے۔نیز مذکورہ صیغہ

کے علاوہ یہ دو اور صیغے بھی بنتے ہیں (۱) تثنیہ مذکر مخاطب کا، (۲) واحد مذکر نون خفیفہ کا یعنی کُلَنْ کو کُلا پڑھنا جائز ہے۔

۱۳۱- ﴿شِئْتُمَا﴾[الآیۃ: ۳۵]: اصل میں تھا شَیِئْتُمَا بروزن فَعِلْتُمَا جیسے مَنَعْتُمَا، صیغہ تثنیہ مذکر و مؤنث مشترک مخاطب فعل ماضی معلوم ثلاثی مجرد اجوف یائی اور مہموز اللام از باب منع۔ جاری شدہ قوانین قال باع، التقائے ساکنین اور بِعْنَ خِفْنَ۔

۱۳۲- ﴿فَتَكُونَا﴾[الآیۃ: ۳۵]: اصل میں تھا تَكْوُنَانِ بروزن تَفْعُلَانِ جیسے تَنْصُرَانِ، صیغہ تثنیہ مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم ثلاثی مجرد اجوف واوی از باب نصر۔

تعلیل: واو پر ضمہ ثقیل تھا نقل کر کے ماقبل کو دیا تَكُونَانِ ہوگیا پھر نون اعرابی اَنْ مقدرہ کی وجہ سے گرا ہے وہ اس طرح کہ یہاں فاء کے بعد اَنْ مقدر ہے اور فاء کے بعد اَنْ مقدر اسلئے ہے کہ یہ فاء لاتقربا (نہی) کے جواب میں واقع ہے۔ جاری شدہ قوانین نون اعرابی، مضارع معلوم اور یقول یبیع۔

۱۳۳- ﴿فَأَزَلَّهُمَا﴾[الآیۃ: ۳۶]: اصل میں تھا اَزْلَلَ بروزن اَفْعَلَ جیسے اَكْرَمَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مزید فیہ مضاعف ثلاثی از باب افعال۔ اس میں ادغام المتجانسین کا قانون جاری ہوا ہے۔

۱۳۴- ﴿أَخْرَجَ﴾[الآیۃ: ۳۶]: بروزن اَفْعَلَ صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مزید فیہ صحیح از باب افعال۔

۱۳۵- ﴿كَانَا﴾[الآیۃ: ۳۶]: اصل میں تھا كَوَنَا بروزن فَعَلَا صیغہ تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مجرد اجوف واوی از باب فَعَلَ يَفْعُلُ، قانون: قال۔

۱۳۶- ﴿قُلْنَا اهْبِطُوا﴾[الآیۃ: ۳۶]: اصل میں تھا اِهْبِطُوْا بروزن اِفْعِلُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ يَفْعِلُ۔ قوانین: امر حاضر، نون اعرابی، ہمزہ وصلی۔

۱۳۷- ﴿مُسْتَقَرٌّ﴾[الآیۃ: ۳۶]: اصل میں تھا مُسْتَقْرَرٌ بروزن مُسْتَفْعَلٌ صیغہ واحد مذکر اسم ظرف ثلاثی مزید فیہ مضاعف ثلاثی از باب استفعال۔ جاری شدہ قوانین: اسم ظرف، ادغام اور نون خفیفہ کا قانون لگ سکتا ہے۔

۱۳۸- ﴿فَتَلَقّٰى﴾[الآیۃ: ۳۷]: اصل میں تھا تَلَقَّیَ، یہ باب تفعّل سے واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔ اس میں قال باع کا قانون جاری ہوا ہے۔

۱۳۹- ﴿فَتَابَ﴾[الآیۃ: ۳۷]: اصل میں تھا تَوَبَ بروزن فَعَلَ صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مجرد اجوف

واوی از باب فَعَلَ یَفْعُلُ۔ جاری شدہ قانون: قال۔

۱۴۰- ﴿یَاْتِیَنَّکُمْ﴾[الآیۃ:۳۸]: یَاْتِیَنَّ بروزن یَفْعِلَنَّ بچوں یَضْرِبَنَّ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مستقبل معلوم مؤکد بالام تاکید ونون تاکید ثقیلہ مہموز الفاء وناقص یائی از باب ضرب۔

۱۴۱- ﴿فَلَاخَوْفٌ﴾[الآیۃ:۳۸]: خَوْفٌ بروزن فَعْلٌ، یہ باب علم سے اسم مصدر ہے۔اس کو خَوْفُوْ پڑھنا جائز ہے نون خفیفہ والے قانون کے تحت۔

۱۴۲- ﴿یَحْزَنُوْنَ﴾[الآیۃ:۳۸]: بروزن یَفْعَلُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم ثلاثی مجرد صحیح از باب سمع۔ قوانین: مد۔۔۔ س نمبر۱۲۱۔

۱۴۳- ﴿کَذَّبُوْا﴾[الآیۃ:۳۹]: بروزن فَعَّلُوْا صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مزید فیہ صحیح از باب تفعیل۔

۱۴۴- ﴿اَصْحٰبُ﴾[الآیۃ:۳۹]: بروزن اَفْعَالٌ صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل ثلاثی مجرد صحیح از باب سمع۔ قوانین: نون تنوین نون تثنیہ۔

۱۴۵- ﴿اِسْرَائِیْلَ اذْکُرُوْا﴾[الآیۃ:۴۰]: اصل میں تھا اُذْکُرُوْا بروزن اُفْعُلُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعُلُ۔ جاری شدہ قوانین: امر حاضر معلوم، نون اعرابی، ہمزہ وصلی۔

۱۴۶- ﴿وَاَوْفُوْا﴾[الآیۃ:۴۰]: اصل میں تھا اَوْفِیُوْا بروزن اَفْعِلُوْا، یہ باب افعال سے جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم کا صیغہ ہے۔ ہفت اقسام میں لفیف مفروق ہے۔

تعلیل: یاء پر ضمہ ثقیل تھا نقل کر کے ماقبل فاء کو دیا بقانون یقول، تو اَوْفُیْوْا ہو گیا، پھر یاء کو بقانون یوسر واو سے تبدیل کیا تو اَوْفُوْوْا ہو گیا پھر پہلے واو کو گرا دیا تو اَوْفُـــوْا ہو گیا۔ جاری شدہ قوانین یقول، بیع، یوسر، التقائے ساکنین، امر حاضر معلوم اور نون اعرابی۔ اور نون خفیفہ کا صیغہ بھی بن سکتا ہے، اَوْفُنْ کو اَوْفُوْا پڑھنا جائز ہے۔

۱۴۷- ﴿اُوْفِ﴾[الآیۃ:۴۰]: اصل میں تھا اُوْفِیُ، صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معلوم لفیف مفروق از باب افعال۔

تعلیل: یاء پر ضمہ ثقیل تھا اس کو گرا دیا یدعو یری قانون کی وجہ سے، اور آخر سے یاء گر گئی امر (اَوْفُوْا) کے جواب میں واقع ہونے کی وجہ سے۔ جاری شدہ قوانین یری، ہمزہ وصلی اور مضارع۔

۱۴۸- ﴿فَارْھَبُوْنِ﴾[الآیۃ:۴۰]: اِرْھَبُوْا بروزن اِفْعَلُوْا، یہ باب منع سے جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم کا صیغہ ہے، اور آخر میں نون وقایہ ہے۔ جاری شدہ قوانین امر حاضر، نون اعرابی اور ہمزہ وصلی۔

فائدہ نونِ وقایہ: وقایہ باب ضرب سے مصدر ہے لغوی معنی ہے حفاظت کرنا، بچانا۔ اور اصطلاح میں نون وقایہ وہ ہوتا ہے جو فعل کے آخر میں لایا جائے تاکہ فعل کو کسرہ آنے سے بچائے کیونکہ جب فعل کے آخر میں ہم نے یاء ضمیر متکلم کی لاحق کی تو اب یاء چاہتی ہے کہ میرا ماقبل مکسور ہو اور فعل کے آخر میں کسرہ نہیں آسکتا اسلئے ہم فعل اور یاء کے درمیان نون لے آئے تاکہ یاء کا ماقبل مکسور ہو جائے اور فعل کا آخر کسرہ سے محفوظ ہو جائے۔

۱۴۹- ﴿مُصَدِّقًا﴾[الآیۃ: ۴۱]: بروزن مُفَعِّلًا صیغہ واحد مذکر اسم فاعل ثلاثی مزید فیہ صحیح از باب تفعیل، جاری شدہ قوانین: اسم فاعل، اور نون خفیفہ کا قانون لگ سکتا ہے۔

۱۵۰- ﴿اَنْزَلْتُ﴾[الآیۃ: ۴۱]: بروزن اَفْعَلْتُ صیغہ واحد متکلم فعل ماضی معلوم ثلاثی مزید فیہ صحیح از باب افعال۔ قانون: بنائے مطلق۔

۱۵۱- ﴿کَافِرٍ﴾[الآیۃ: ۴۱]: بروزن فَاعِلٍ صیغہ واحد مذکر اسم فاعل ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ یَفْعُلُ۔ جاری شدہ قوانین: اسم فاعل، اور نون خفیفہ کا قانون لگ سکتا ہے۔

۱۵۲- ﴿فَاتَّقُوْنِ﴾[الآیۃ: ۴۱]: اصل میں تھا اِوْتَقِیُوْا بروزن اِفْتَعِلُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ثلاثی مزید فیہ لفیف مفروق از باب افتعال۔ قوانین: اتعد اتسر، ادغام المتجانسین، یقول یبیع، یوسر، التقاء ساکنین، امر حاضر معلوم، نون اعرابی، اور ہمزہ وصلی۔

تعلیل: یاء پر ضمہ ثقیل تھا نقل کر کے ماقبل کو دیا بعد از سلب حرکت بقانون یقول یبیع، پھر یاء ساکن مظہر تھی ماقبل اسکا مضموم تھا یوسر قانون کے تحت اس کو واو سے تبدیل کر دیا، پھر التقاء ساکنین آیا دو واوؤں کے درمیان پہلے واو کو حذف کر دیا، شروع میں واؤ واقع ہوئی باب افتعال کے فاء کلمہ کے مقابلہ میں تو بقانون اتعد اتسر اس واؤ کو تاء کیا پھر ادغام المتجانسین قانون کے تحت تاء کو تاء میں ادغام کیا پھر فاء کے داخل ہونے سے ہمزہ وصلی قطعی قانون کی رو سے ہمزہ وصلی درج کلام میں گر گیا، تو فَاتَّقُوْنِ بن گیا۔

۱۵۳- ﴿لَاتَکُوْنُوْا﴾[الآیۃ: ۴۱]: اصل میں تھا لَاتَکْوُنُوْا بروزن لَاتَفْعُلُوْا جیسے لَاتَنْصُرُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم ثلاثی مجرد اجوف واوی از باب فَعَلَ یَفْعُلُ۔ جاری شدہ قوانین یقول تقول اور نون اعرابی۔

۱۵۴- ﴿وَلَاتَشْتَرُوْا﴾[الآیۃ: ۴۱]: اصل میں تھا لَاتَشْتَرِیُوْا بروزن لَاتَفْتَعِلُوْا جیسے لَاتَکْتَسِبُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم ثلاثی مزید فیہ ناقص یائی از باب افتعال۔ جاری شدہ قوانین نون اعرابی، قال باع، التقائے ساکنین اور ہمزہ وصلی۔ اور اسمع اشبہ کا قانون لگ سکتا ہے یعنی وَلَاتَشْتَرُوْا پڑھنا جائز ہے۔

۱۵۵-﴿لَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ﴾[الآیۃ: ۴۲]: بروزن لَا تَفْعِلُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم ثلاثی مجرد صحیح از باب ضرب، قوانین: نون اعرابی، امر حاضر۔

۱۵۶-﴿وَتَكْتُمُوا الْحَقَّ﴾[الآیۃ: ۴۲]: اصل میں تھا لَاتَكْتُمُوْا، کیونکہ اسکا عطف لَاتَلْبِسُوْا پر ہے۔ یہ نہی حاضر معلوم کا صیغہ ہے۔

۱۵۷- ﴿وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ﴾[الآیۃ: ۴۳]: اصل میں تھا اَقْوِمُوْا بروزن اَفْعِلُوْا بچوں اَكْرِمُوْا، یہ باب افعال سے جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین امر حاضر معلوم، نون اعرابی، یقول تقول اور میعاذ۔

تعلیل: واو پر کسرہ ثقیل تھا نقل کر کے ماقبل قاف کو دیا یقول کے تحت تو اَقِوْمُوْا ہو گیا پھر واو ساکن مظہر تھی اسکا ماقبل مکسور تھا تو اس واو کو بقانون میعاذ یاء سے تبدیل کیا تو اَقِيْمُوْا بن گیا۔

۱۵۸-﴿وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ﴾[الآیۃ: ۴۳]: اصل میں تھا ءَ تِيُوْا بروزن اَفْعِلُوْا بچوں اَكْرِمُوْا، یہ باب افعال سے جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم کا صیغہ ہے۔

تعلیل: دوسرے ہمزہ ساکنہ کو الف سے بدل دیا بقانون اٰمن تو اٰتِيُوْا بن گیا اور یاء کی حرکت کو نقل کر کے ماقبل کو دیکر یاء کو واو سے تبدیل کیا تو اٰتُـوْوْا بن گیا پھر التقائے ساکنین والے قانون کے تحت واؤ کو گرا دیا تو اٰتُـوْا ہو گیا۔ جاری شدہ قوانین امر حاضر، نون اعرابی، اٰمن، یقول بیع، یوسر اور التقائے ساکنین۔

۱۵۹-﴿وَارْكَعُوْا﴾[الآیۃ: ۴۳]: اصل میں تھا اِرْكَعُوْا بروزن اِفْعَلُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ثلاثی مجرد صحیح از باب منع۔

۱۶۰- ﴿مَعَ الرّٰكِعِيْنَ﴾[الآیۃ: ۴۳]: رَاكِعِيْنَ بروزن فَاعِلِيْنَ صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل ثلاثی مجرد صحیح از باب فَعَلَ يَفْعَلُ۔ قوانین اسم فاعل، حروف شمسی، ادغام المتجانسین، ہمزہ وصلی۔

۱۶۱- ﴿وَتَنْسَوْنَ﴾[الآیۃ: ۴۴]: اصل میں تھا تَنْسَيُوْنَ، یہ باب علم سے جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔

تعلیل: یاء متحرک تھی اسکا ماقبل مفتوح تھا تو اس یاء کو الف سے تبدیل کیا تو تَنْسَاوْنَ بن گیا پھر التقائے ساکنین آیا الف اور نون کے درمیان تو الف کو گرا دیا تو تَنْسَوْنَ بن گیا۔ جاری شدہ قوانین قال باع، التقائے ساکنین اور مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا۔

۱۶۲-﴿تَتْلُوْنَ﴾[الآیۃ: ۴۴]: اصل میں تھا تَتْلُوُوْنَ بروزن تَفْعُلُوْنَ، یہ باب نصر سے جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔

تعلیل: واو پر ضمہ ثقیل تھا اسکو گرا دیا یدعو والے قانون کے تحت، پھر التقائے ساکنین والے قانون کی بناء پر واؤ کو گرا دیا تو تَتْلُوْنَ ہو گیا۔

۹۱۶- ﴿اَنْبَتَتْ﴾[الآية: ۲۶۱]: بروزن اَفْعَلَتْ ، صیغہ واحد مؤنث غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مزید فیہ صحیح از باب افعال۔اس میں بائے مطلق کا قانون جاری ہوا ہے۔

۹۱۷- ﴿يُضٰعِفُ﴾[الآية: ۲۶۱]: بروزن يُفَاعِلُ صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم صحیح از باب مفاعلہ۔قانون: مضارع معلوم۔

۹۱۸- ﴿لَا يُتْبِعُوْنَ﴾[الآية: ۲۶۱]: بروزن لَا يُفْعِلُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم صحیح از باب افعال۔ قوانین: مضارع معلوم اور ہمزہ وصلی۔

۹۱۹- ﴿مَنًّا﴾[الآية: ۲۶۲]: اصل میں تھا مَنْنًا بروزن فَعْلاً ، صیغہ اسم مصدر ثلاثی مجرد مضاعف ثلاثی از باب نصر۔ جاری شدہ قوانین قال باع اور التقائے ساکنین ۔اور نون تنوین وخفیفہ کا قانون لگ سکتا ہے۔

۹۲۰- ﴿اَذًى﴾[الآية: ۲۶۲]: اصل میں تھا اَذَيًا ، صیغہ اسم مصدر ثلاثی مجرد مہموز الفاء و ناقص یائی از باب علم۔جاری شدہ قوانین قال باع اور التقائے ساکنین ۔

۹۲۱- ﴿قَوْلٌ﴾[الآية: ۲۶۳]: بروزن فَعْلٌ صیغہ اسم مصدر اجوف واوی از باب نصر، نون خفیفہ کا قانون لگ سکتا ہے۔

۹۲۲- ﴿مَعْرُوْفٌ﴾[الآية: ۲۶۳]: بروزن مَفْعُوْلٌ صیغہ واحد مذکر اسم مفعول صحیح از باب ضرب۔قوانین: اسم مفعول، اور نون خفیفہ کا قانون جاری ہو سکتا ہے۔

۹۲۳- ﴿مَغْفِرَةٌ﴾[الآية: ۲۶۳]: بروزن مَفْعِلَةٌ صیغہ اسم مصدر صحیح از باب ضرب۔

۹۲۴- ﴿يَتْبَعُهَا﴾[الآية: ۲۶۳]: اصل میں تھا يَتْبَعُ بروزن يَفْعَلُ صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم صحیح از باب منع۔

۹۲۵- ﴿وَالْاَذٰى﴾[الآية: ۲۶۳]: صیغہ اسم مصدر مہموز الفاء و ناقص یائی از باب سمع۔

تعلیل: اصل میں تھا اَذًى اس پر الف لام داخل کیا تو بقانون نون تنوین وتثنیہ اَلْاَذَيُ ہو گیا پھر یاء متحرک تھی ماقبل اس کا مفتوح تھا یاء کو الف سے تبدیل کر دیا بقانون قال، تو ہو گیا اَلْاَذٰى پھر واو کے داخل ہونے کی وجہ سے بقانون ہمزہ وصلی، ہمزہ وصلی درج کلام میں گر گیا۔

۹۲۶- ﴿حَلِیْمٌ﴾[الآیۃ:۲۶۳]:فَعِیْل صیغہ واحد مذکر صفت مشبہ صحیح از باب کرم۔نون خفیفہ کا قانون جاری ہوسکتا ہے۔

۹۲۷- ﴿لَا تُبْطِلُوْا﴾[الآیۃ:۲۶۴]:بروزن لَا تُفْعِلُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم صحیح از باب افعال۔
قانون:نون اعرابی۔

۹۲۸- ﴿یُنْفِقُ﴾[الآیۃ:۲۶۴]:بروزن یُفْعِلُ صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم صحیح از باب افعال۔قوانین:
مضارع معلوم،ہمزہ وصلی،اور بائے مطلق۔

۹۲۹- ﴿رِئَاءَ النَّاسِ﴾[الآیۃ:۲۶۴]:اصل میں تھارِئَایًا بروزن فِعَالًا صیغہ اسم مصدر مہموز العین وناقص یائی از باب تفعیل۔
قوانین:دعاء بکاء،اورنون تنوین نون جمع۔

۹۳۰- ﴿لَا یَقْدِرُوْنَ﴾[الآیۃ:۲۶۴]:بروزن لَا یَفْعِلُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم صحیح از باب ضرب۔
قانون:مضارع معلوم۔

۹۳۱- ﴿کَسَبُوْا﴾[الآیۃ:۲۶۴]:بروزن فَعَلُوْا صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم صحیح از باب ضرب۔

۹۳۲- ﴿فَاَصَابَہٗ﴾[الآیۃ:۲۶۴]:اَصَابَ اصل میں تھا اَصْوَبَ،صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مزید فیہ
اجوف واوی از باب افعال۔اس میں یُقَالُ کا قانون جاری ہوا ہے۔

۹۳۳- ﴿لَا یَھْدِیْ﴾[الآیۃ:۲۶۴]:اصل میں تھا لَا یَھْدِیُ،صیغہ واحد مذکر غائب فعل نفی معلوم ناقص یائی از باب
ضرب۔جاری شدہ قوانین یدعو اور التقائے ساکنین۔

۹۳۴- ﴿اِبْتِغَاءَ﴾[الآیۃ:۲۶۵]:اصل میں تھا اِبْتِغَایٌ بروزن اِفْتِعَالٌ،یہ باب افتعال سے مصدر ہے۔جاری شدہ
قوانین نون تنوین نون تثنیہ اور دُعاء بکاء۔

۹۳۵- ﴿تَثْبِیْتًا﴾[الآیۃ:۲۶۵]:یہ باب تفعیل سے مصدر ہے۔

۹۳۶- ﴿فَاٰتَتْ﴾[الآیۃ:۲۶۵]:اصل میں تھا اَءْتَیَتْ بروزن اَفْعَلَتْ،یہ باب افعال سے واحد مؤنث غائب فعل
ماضی معلوم کا صیغہ ہے ہفت اقسام میں مہموز الفاء وناقص یائی ہے۔جاری شدہ قوانین آمن،قال باع اور التقائے ساکنین۔

۹۳۷- ﴿لَمْ یُصِبْھَا﴾[الآیۃ:۲۶۵]:اصل میں تھا لَمْ یُصْوِبْ بروزن لَمْ یُفْعِلْ،یہ باب افعال سے واحد مذکر غائب

فعل جحد معلوم کا صیغہ ہے ہفت اقسام میں اجوف واوی ہے۔ جاری شدہ قوانین یقول تقول، میعاذ اور التقائے ساکنین۔

۹۳۸- ﴿اَيَوَدُّ﴾[الآیۃ:۲۶۶]: یَوَدُّ اصل میں تھا یَوْدَدُ، یہ باب علِمَ سے واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے، اور مثال واوی اور مضاعف ثلاثی ہے۔

تعلیل: دال اول کی حرکت کو نقل کر کے ماقبل دال کو دی اور دال کو دال میں مدغم کر دیا تو یَـوَدُّ ہو گیا۔ جاری شدہ قوانین مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا اور ادغام المتجانسین۔

۹۳۹-﴿الْكِبَر﴾[الآیۃ:۲۶۶]: کِبَرٌ بروزن فِعَلٌ، یہ باب شَرُف سے مصدر ہے۔

۹۴۰- ﴿ضُعَفَاءُ﴾[الآیۃ:۲۶۶]: بروزن فُعَلَاءُ، یہ باب نصر اور شَرُف سے جمع مذکر مکسر اسم فاعل یا صفت مشبہ کا صیغہ ہے۔

۹۴۱- ﴿اِعْصَارٌ﴾[الآیۃ:۲۶۶]: بروزن اِفْعَالٌ، صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ صحیح از باب افعال۔ اس کو اِعصارُنْ پڑھنا جائز ہے بقانون نون تنوین نون خفیف۔

۹۴۲- ﴿فَاحْتَرَقَتْ﴾[الآیۃ:۲۶۶]: اِحْتَرَقَتْ بروزن اِفْتَعَلَتْ، یہ باب افتعال سے واحد مؤنث غائب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔ اس میں ہمزہ وصلی کا قانون جاری ہوا ہے۔

۹۴۳- ﴿يُبَيِّنُ﴾[الآیۃ:۲۶۶]: بروزن یُفَعِّلُ صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم اجوف یائی از باب تفعیل۔ قانون: مضارع معلوم

۹۴۴- ﴿تَتَفَكَّرُوْنَ﴾[الآیۃ:۲۶۶]: بروزن تَتَفَعَّلُوْنَ، یہ باب تفعّل سے جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا اور تائے مضارعت۔ اور تعلّم کا قانون جاری ہو سکتا ہے۔

۹۴۵- ﴿لَاتَيَمَّمُوْا﴾[الآیۃ:۲۶۶]: بروزن لَاتَفَعَّلُوْا، یہ باب تفعّل سے جمع مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم کا صیغہ ہے، اور مضاعف ثلاثی ہے۔ جاری شدہ قوانین نون اعرابی، التقائے ساکنین اور تائے مضارعت۔

۹۴۶- ﴿اَنْفِقُوْا﴾[الآیۃ:۲۶۷]: بروزن اَفْعِلُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم صحیح از باب افعال۔ قوانین: امر حاضر، نون اعرابی، اور بائے مطلق۔

۹۴۷- ﴿اَخْرَجْنَا﴾[الآیۃ:۲۶۷]: بروزن اَفْعَلْنَا صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم صحیح از باب افعال۔

۹۴۸- ﴿تُنفِقُوْنَ﴾[الآیۃ:۲۶۷]: بروزن تُفْعِلُوْنَ صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم صحیح از باب افعال۔ قوانین: مضارع معلوم، ہمزہ وصلی، اور بائے مطلق۔

۹۴۹- ﴿لَسْتُم﴾[الآیۃ:۲۶۷]: اصل میں تھا لَیِسْتُمْ بروزن فَعِلْتُمْ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم ثلاثی مجرد اجوف یائی از باب علم۔ جاری شدہ قوانین قال باع، التقائے ساکنین اور ضربتم۔

۹۵۰- ﴿بِاٰخِذِیْهِ﴾[الآیۃ:۲۶۷]: اصل میں تھا اٰخِذِیْنَ بروزن فَاعِلِیْنَ، صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل ثلاثی مجرد مہموز الفاء از باب نصر۔ جاری شدہ قوانین اسم فاعل اور نون تنوین نون تثنیہ۔

۹۵۱- ﴿اَنْ تُغْمِضُوْا﴾[الآیۃ:۲۶۷]: اصل میں تھا تُغْمِضُوْنَ بروزن تُفْعِلُوْن، یہ باب افعال سے جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین بائے مطلق، مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا، ہمزہ وصلی اور نون اعرابی۔

۹۵۲- ﴿وَاعْلَمُوْا﴾[الآیۃ:۲۶۷]: اصل میں تھا اِعْلَمُوْا بروزن اِفْعَلُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم صحیح از باب سمع۔ قوانین: امر حاضر، نون اعرابی، اور ہمزہ وصلی۔

۹۵۳- ﴿غَنِیٌّ﴾[الآیۃ:۲۶۷]: اصل میں تھا غَنِیْیٌ، یہ اور حَمِیْدٌ دونوں صفت مشبہ کے صیغے ہیں۔

۹۵۴- ﴿یَعِدُکُمْ﴾[الآیۃ:۲۶۸]: یَعِدُ اصل میں تھا یَوْعِدُ، یہ باب ضرب سے واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین یعِدُ اور مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا۔

۹۵۵- ﴿اَلْفَقْرَ﴾[الآیۃ:۲۶۸]: یہ باب شَرُفَ سے مصدر ہے، قانون: نون تنوین نون تثنیہ۔

۹۵۶- ﴿وَمَنْ یُّؤْتَ﴾[الآیۃ:۲۶۹]: اصل میں تھا یُؤْتَیُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع مجہول ثلاثی مزید فیہ مہموز الفاء و ناقص یائی از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین حروف یرملون، لم یدع اور یدعو۔ اور اس کو بقانون رائس یُوْتَ بھی پڑھ سکتے ہیں۔

۹۵۷- ﴿اُوْتِیَ﴾[الآیۃ:۲۶۹]: اصل میں تھا اُءْتِیَ، یہ باب افعال سے واحد مذکر غائب فعل ماضی مجہول کا صیغہ ہے، قوانین: آمن اور ماضی مجہول ہے۔

۹۵۸- ﴿یَذَّکَّرُ﴾[الآیۃ:۲۶۹]: اصل میں تھا یَتَذَکَّرُ بروزن یَتَفَعَّلُ، یہ باب تفعّل سے واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین خصّم، ادغام المتجانسین اور مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا۔

۹۵۹- ﴿اَنْفَقْتُمْ﴾[الآیۃ:۲۶۹]:بروزن اَفْعَلْتُمْ صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم صحیح از باب افعال۔قوانین:ضرَبتم،اور بائے مطلق۔

۹۶۰- ﴿نَذَرْتُمْ﴾[الآیۃ:۲۷۰]:بروزن فَعَلْتُمْ صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم صحیح از باب نصر۔قانون:ضرَبتم۔

۹۶۱- ﴿مِنْ نَّذْرٍ﴾[الآیۃ:۲۷۰]:یہ باب نصر اور ضرب سے مصدر ہے۔

۹۶۲- ﴿اَنْصَارٍ﴾[الآیۃ:۲۷۰]:بروزن اَفْعَالٍ صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل صحیح از باب نصر۔نون خفیفہ کا قانون لگ سکتا ہے۔

۹۶۳- ﴿اِنْ تُبْدُوا الصَّدَقَاتِ﴾[الآیۃ:۲۷۱]:اصل میں تھا تُبْدِوُوْنَ بروزن تُفْعِلُوْنَ،یہ باب افعال سے جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے ہفت اقسام میں ناقص واوی ہے۔جاری شدہ قوانین دُعِیَ،یقول،یوسرُ،التقائے ساکنین،نون اعرابی،ہمزہ وصلی اور بائے مطلق۔اسکی تعلیل[الآیۃ:۳۳] پر گزر چکی ہے۔

۹۶۴- ﴿وَتُؤْتُوْهَا﴾[الآیۃ:۲۷۱]:اصل میں تھا تُؤْتِیُوْنَ،یہ باب افعال سے جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے،مہموز الفاء وناقص یائی ہے۔جاری شدہ قوانین یقول،یوسرُ،التقائے ساکنین،نون اعرابی اور ہمزہ وصلی۔اور رائس کا قانون لگ سکتا ہے۔

۹۶۵- ﴿اِنْ تُخْفُوْهَا﴾[الآیۃ:۲۷۱]:اصل میں تھا تُخْفِیُوْنَ بروزن تُفْعِلُوْنَ صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم ناقص یائی از باب افعال۔قوانین:مضارع معلوم،ہمزہ وصلی،یقول بیع،یوسر التقائے ساکنین،نون اعرابی،اور بائے مطلق۔

۹۶۶- ﴿اَلْفُقَرَاءُ﴾[الآیۃ:۲۷۱]:اصل میں تھا فُقَرَاءُ بروزن فُعَلَاءُ صیغہ جمع مذکر مکسر صفت مشبہ صحیح از باب کرم۔

۹۶۷- ﴿یُکَفِّرُ﴾[الآیۃ:۲۷۱]:بروزن یُفَعِّلُ صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم صحیح از باب تفعیل۔

۹۶۸- ﴿خَبِیْرٌ﴾[الآیۃ:۲۷۱]:بروزن فَعِیْلٌ صیغہ واحد مذکر صفت مشبہ صحیح از باب کرم۔

۹۶۹- ﴿وَمَا تُنْفِقُوْا﴾[الآیۃ:۲۷۲]:اصل میں تھا تُنْفِقُوْنَ بروزن تُفْعِلُوْن،یہ باب افعال سے جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔ما شرطیہ نے آخر سے نون اعرابی کو گرا دیا ہے۔

۹۷۰- ﴿هُدَاهُمْ﴾[الآیۃ:۲۷۱]:اصل میں تھا هُدَیٌ بروزن فُعَلٌ صیغہ اسم مصدر ناقص یائی از باب ضرب۔قوانین:قال باع،اور نون تثنیہ و جمع۔

تعلیل:اصل میں تھا هُدَیٌ اضافت نے نون تثنیہ نون جمع قانون کی رو سے نون تنوین گر گیا تو ہو گیا هُدَیُهُمْ،پھر یاء متحرک تھی ماقبل اس کا مفتوح تھا اس یاء کو الف سے تبدیل کر دیا بقانون قال باع،تو ہو گیا هُدَاهُمْ.

۹۷۱- ﴿إِلَّا ابْتِغَاءَ﴾[الآیۃ: ۲۷۲]: اصل میں تھا اِبْتِغَایًا بروزن اِفْتِعَالًا صیغہ اسم مصدر ناقص یائی از باب افتعال۔ قوانین: دعاء بکاء، اور نون تنوین نون تثنیہ نون جمع۔

۹۷۲- ﴿لَا تُظْلَمُوْنَ﴾[الآیۃ: ۲۷۲] بروزن لَا تُفْعَلُوْنَ صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع مجہول صحیح از باب ضرب۔ قانون مضارع معلوم

۹۷۳- ﴿يُوَفَّ﴾[الآیۃ: ۲۷۲]: اصل میں تھا يُوَفِّيُ، یہ باب تفعیل سے واحد مذکر غائب فعل مضارع مجہول کا صیغہ ہے ہفت اقسام میں لفیف مفروق ہے۔

تعلیل: قال والے قانون کے تحت یا کو الف سے بدل دیا تو يُوَفّٰی ہو گیا پھر من شرطیہ نے آخر سے حرف علت کو گرا دیا تو يُوَفَّ ہو گیا۔ جاری شدہ قوانین قال اور لم یدع۔

۹۷۴- ﴿أُحْصِرُوْا﴾[الآیۃ: ۲۷۳]: یہ باب افعال سے جمع مذکر غائب فعل ماضی مجہول کا صیغہ ہے۔

۹۷۵- ﴿لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ﴾[الآیۃ: ۲۷۳]: اصل میں تھا لَا يَسْتَطْوِعُوْنَ، یہ باب استفعال سے جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے، ہفت اقسام میں اجوف واوی ہے۔ جاری شدہ قوانین یقول اور میعاد ہے۔

۹۷۶- ﴿ضَرْبًا﴾[الآیۃ: ۲۷۳]: یہ باب ضرب سے مصدر ہے۔ اسکو ضَرْبًا پڑھنا جائز ہے ہفت اقسام میں لفیف مفروق ہے۔

۹۷۷- ﴿اَلْجَاهِلُ﴾[الآیۃ: ۲۷۳]: یہ باب علم سے واحد مذکر اسم فاعل کا صیغہ ہے۔

۹۷۸- ﴿أَغْنِيَاءَ﴾[الآیۃ: ۲۷۳]: بروزن اَفْعِلَاءَ صیغہ جمع مذکر مکسر صفت مشبہ ناقص یائی از باب ضرب۔

۹۷۹- ﴿مِنَ التَّعَفُّفِ﴾[الآیۃ: ۲۷۳]: اصل میں تھا تَعَفُّفٌ بروزن تَفَعُّلٌ، صیغہ اسم مصدر مضاعف ثلاثی از باب تفعل۔ جاری شدہ قوانین نون تنوین نون تثنیہ اور ہمزہ وصلی۔

۹۸۰- ﴿لَا يَسْـَٔلُوْنَ﴾[الآیۃ: ۲۷۳]: بروزن لَا يَفْعَلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم ثلاثی مجرد مہموز اللام از باب منع۔ اسکو لا یسلون پڑھنا جائز ہے بقانون یسئل۔

۹۸۱- ﴿إِلْحَافًا﴾[الآیۃ: ۲۷۳]: یہ باب افعال سے مصدر ہے۔ اسکو اِلْحَافًا پڑھنا جائز ہے، بقانون نون تنوین و نون خفیف

۹۸۲- ﴿أَجْرٌ﴾[الآیۃ: ۲۷۴]: بروزن فَعْلٌ، یہ باب نصر سے اسم مصدر ہے اسکو اَجْرُوْ پڑھنا جائز ہے۔

۹۸۳- ﴿یَحْزَنُوْنَ﴾[الآیۃ:۲۷۴]: یہ باب علِمَ سے جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔

۹۸۴- ﴿لَایَقُوْمُوْنَ﴾[الآیۃ:۲۷۳]: اصل میں تھا لَایَقْوُمُوْنَ، یہ باب نصر سے جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔ اس میں یقول یبیع کا قانون جاری ہوا ہے۔

۹۸۵- ﴿یَأْکُلُوْنَ﴾[الآیۃ:۲۷۵]: بروزن یَفْعُلُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم مہموز الفاء از باب نصر۔ قوانین: مضارع معلوم، رأس بوس۔

۹۸۶- ﴿یَقُوْمُ﴾[الآیۃ:۲۷۵]: اصل میں تھا یَقْوُمُ بروزن یَفْعُلُ صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم اجوف واوی از باب نصر۔ قوانین: مضارع معلوم اور یقول یبیع۔

۹۸۷- ﴿یَتَخَبَّطُهُ﴾[الآیۃ:۲۷۵]: یَتَخَبَّطُ بروزن یَتَفَعَّلُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم از باب تفعل۔

۹۸۸- ﴿مِنَ الْمَسِّ﴾[الآیۃ:۲۷۵]: اصل میں تھا مَسْسٌ، یہ باب علم سے مصدر ہے، جاری شدہ قوانین نون تنوین نون تثنیہ، ہمزہ وصلی اور ادغام المتجانسین۔

۹۸۹- ﴿اَحَلَّ﴾[الآیۃ:۲۷۵]: اصل میں تھا اَحْلَلَ بروزن اَفْعَلَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مزید فیہ مضاعف ثلاثی از باب افعال۔ جاری شدہ قانون ادغام المتجانسین۔

۹۹۰- ﴿مَوْعِظَةٌ﴾[الآیۃ:۲۷۵]: یہ مصدر میمی ہے۔

۹۹۱- ﴿الرِّبٰوا﴾[الآیۃ:۲۷۵]: یہ باب نصر سے مصدر ہے اور ناقص واوی ہے۔

۹۹۲- ﴿فَانْتَهٰی﴾[الآیۃ:۲۷۵]: اصل میں تھا اِنْتَهَیَ بروزن اِفْتَعَلَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مزید فیہ ناقص یائی از باب افتعال۔ جاری شدہ قوانین ہمزہ وصلی، بائے مطلق اور قال باع۔

۹۹۳- ﴿وَاَمْرُهٗ﴾[الآیۃ:۲۷۵]: یہ باب نصر سے مصدر ہے۔ جاری شدہ قانون نون تنوین نون تثنیہ۔

۹۹۴- ﴿یَمْحَقُ﴾[الآیۃ:۲۷۶]: بروزن یَفْعَلُ صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم صحیح از باب منع۔ قانون: مضارع معلوم۔

۹۹۵- ﴿یُرْبِی﴾[الآیۃ:۲۷۶]: اصل میں تھا یُرْبِیُ، یہ باب افعال سے واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا، ہمزہ وصلی، یدعو اور التقائے ساکنین۔

۹۹۶- ﴿کَفَّار﴾[الآیۃ:۲۷۶]: یہ باب نصر سے واحد مذکر اسم مبالغہ کا صیغہ ہے۔

۹۹۷- ﴿أثِيمٍ﴾[الآیۃ:۲۷۶]: بروزن فَعِیْلٍ، یہ باب علم سے صفت مشبہہ کا صیغہ ہے۔

۹۹۸- ﴿عَمِلُوْا﴾[الآیۃ:۲۷۶]: بروزن فَعِلُوْا صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم صحیح از باب سمع۔

۹۹۹- ﴿أقَامُوْا﴾[الآیۃ:۲۷۷]: اصل میں تھا اَقْوَمُوْا بروزن اَفْعَلُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم ثلاثی مزید فیہ اجوف واوی از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین یقال اور التقائے ساکنین۔

۱۰۰۰- ﴿وَاٰتُوُا الزَّکٰوۃَ﴾[الآیۃ:۲۷۷]: اصل میں تھا اءْ تَیُوْا بروزن اَفْعَلُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مزید فیہ مہموز الفاء و ناقص یائی از باب افعال۔

تعلیل: دوسرے ہمزہ ساکنہ کو آمن والے قانون کے ذریعے تحت الف سے بدل دیا تو اٰتَیُوْا بن گیا پھر یاء کو الف سے تبدیل کیا قال والے قانون کے ذریعے تو اٰتَاوْا ہو گیا پھر الف کو التقائے ساکنین والے قانون کے تحت گرا دیا تو اٰتَوْا بن گیا پھر التقائے ساکنین آیا واو اور زا کے درمیان، پہلا ان کا ساکن غیر مدہ واو جمع کی تھی تو اس واو کو ضمہ کی حرکت دی لَتُدْعَوُنَّ والے قانون کے تحت تو اٰتَوُ بن گیا۔

۱۰۰۱- ﴿ذَرُوْا﴾[الآیۃ:۲۷۸]: اصل میں تھا اِوْذَرُوْا، یہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم کا صیغہ ہے، اور مثال واوی ہے۔

تعلیل: واو مضارع میں گری ہوئی تھی یہاں بھی ہم نے گرا دیا تو اِذَرُوْا بن گیا پھر ہمزہ کو گرا دیا بعد کے متحرک ہونے کی وجہ سے تو ذَرُوْا بن گیا۔

۱۰۰۲- ﴿فَأْذَنُوا﴾[الآیۃ:۲۷۹]: اصل میں تھا اِءْذَنُوْا بروزن اِفْعَلُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ثلاثی مجرد مہموز الفاء از باب علم۔

تعلیل: دوسرے ہمزہ ساکنہ کو یاء سے بدل دیا تو اِیْذَنُوْا ہو گیا پھر فاء داخل ہونے سے ہمزہ وصلی گر گیا اور ہمزہ ساکنہ دوبارہ لوٹ آیا تو فَاْذَنُوْا ہو گیا۔ جاری شدہ قوانین آمن، ہمزہ وصلی، نون اعرابی اور امر حاضر معلوم۔ اسکو فَاذَنُوْا پڑھنا جائز ہے۔

۱۰۰۳- ﴿تُبْتُمْ﴾[الآیۃ:۲۷۹]: اصل میں تھا تَوَبْتُمْ بروزن فَعَلْتُمْ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم ثلاثی مجرد اجوف واوی از باب نصر۔ جاری شدہ قوانین قال باع، التقائے ساکنین، قُلن اور ضرتم۔

۱۰۰۴- ﴿وَاَنْ تَصَدَّقُوْا﴾[الآیۃ:۲۸۰]: اصل میں تھا تَتَصَدَّقُوْنَ بروزن تَتَفَعَّلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم ثلاثی مزید فیہ از باب تفعّل۔ جاری شدہ قوانین تائے مضارعت، مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا، نون اعرابی اور بائے

مطلق۔اور خُضِم کا قانون جاری ہوسکتا ہے۔

۱۰۰۵- ﴿عُسْرَةٍ﴾[الآية: ۲۸۰]: بروزن فُعْلَة، یہ باب عَلِم اور شَرُف سے مصدر ہے۔

۱۰۰۶- ﴿فَنَظِرَةٌ﴾[الآية: ۲۸۰]: بروزن فَعِلَة، یہ باب نصر سے مصدر ہے۔

۱۰۰۷- ﴿مَيْسَرَةٍ﴾[الآية: ۲۸۰]: اس کے آخر میں تاء زائدہ ہے اور یہ مصدر میمی ہے یَسَرَ فعل سے۔

۱۰۰۸- ﴿تُوَفّٰى﴾[الآية: ۲۸۱]: اصل میں تھا تُوَفَّيُ بروزن تُفَعَّلُ، صیغہ واحد مؤنث غائب فعل مضارع مجہول ثلاثی مزید فیہ لفیف مفروق از باب تفعّل۔ جاری شدہ قوانین مضارع مجہول اور قال باع۔

۱۰۰۹- ﴿تَدَايَنْتُم﴾[الآية: ۲۸۲]: بروزن تَفَاعَلْتُمْ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم ثلاثی مزید فیہ اجوف یائی از باب تفاعل۔ جاری شدہ قوانین ضرَبتم اور بائے مطلق۔اور خُضِم والا جاری ہوسکتا ہے۔

۱۰۱۰- ﴿بِدَيْنٍ﴾[الآية: ۲۸۲]: دَيْنٌ، یہ باب ضرب سے مصدر ہے۔

۱۰۱۱- ﴿مُسَمًّى﴾[الآية: ۲۸۲]: اصل میں تھا مُسَمَّيٌ بروزن مُفَعَّلٌ، یہ باب تفعیل سے واحد مذکر اسم مفعول کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین قال باع، التقائے ساکنین اور اسم مفعول۔ اسکو بقانون نون خفیفہ کے مُسَمّٰی پڑھنا جائز ہے۔

۱۰۱۲- ﴿فَاكْتُبُوْهُ﴾[الآية: ۲۸۲]: اُكْتُبُوْا، یہ باب نصر سے جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین امر حاضر معلوم، نون اعرابی اور ہمزہ وصلی۔

۱۰۱۳- ﴿وَلْيَكْتُبْ﴾[الآية: ۲۸۲]: اصل میں تھا لِيَكْتُبْ بروزن لِيَفْعُلْ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل امر غائب معلوم ثلاثی مجرد از باب نصر۔ اس میں حلق العین کا قانون جاری ہوا ہے، وہ اس طرح کہ جب اس پر واؤ داخل ہوا تو وَلِيَ بروزن فَعِلَ بن گیا تو اب فَعِلَ کو فَعْلَ پڑھنا جائز ہے۔

۱۰۱۴- ﴿كَاتِبٌ﴾[الآية: ۲۸۲]: یہ باب نصر سے واحد مذکر اسم فاعل کا صیغہ ہے۔

۱۰۱۵- ﴿بِالْعَدْلِ﴾[الآية: ۲۸۲]: یہ باب ضرب سے اسم مصدر ہے۔

۱۰۱۶- ﴿لَا يَأْبَ﴾[الآية: ۲۸۲]: اصل میں تھا لا يَأْبَيُ بروزن لا يَفْعَلُ، یہ باب منع سے واحد مذکر غائب فعل نہی غائب معلوم کا صیغہ ہے اس میں لم یدع کا قانون جاری ہوا ہے۔ اور اسکو لا یاب پڑھنا جائز ہے بقانون نون خفیفہ۔

۱۰۱۷- ﴿اَنْ یَّکْتُبَ﴾[الآیۃ: ۲۸۲]:اصل میں تھایَکْتُبُ بروزن یَفْعُلُ صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم صحیح ازباب نصر۔قوانین: مضارع معلوم، حروف یرملون، ادغام۔اَنْ نے نصب دیا ہے۔

۱۰۱۸- ﴿فَلْیَکْتُبْ﴾[الآیۃ: ۲۸۲]:اصل میں تھالِیَکْتُبْ بروزن لِیَفْعُلْ صیغہ واحد مذکر غائب فعل امر غائب معلوم صحیح ازباب نصر۔قانون: حلقی العین کیونکہ جب فاء داخل ہوا توفَلِیَ بن گیا۔

۱۰۱۹- ﴿وَلْیُمْلِلْ﴾[الآیۃ: ۲۸۲]:اصل میں تھالِیُمْلِلْ بروزن لِیُفْعِلْ ،صیغہ واحد مذکر غائب فعل امر غائب معلوم مضاعف ثلاثی ازباب افعال۔اس میں حلقی العین کا قانون جاری ہوا ہے۔

۱۰۲۰- ﴿وَلْیَتَّقِ اللّٰهَ﴾[الآیۃ: ۲۸۲]:اصل میں تھا لِیَوْتَقِیْ بروزن لِیَفْتَعِلْ ،صیغہ واحد مذکر غائب فعل امر غائب معلوم ثلاثی مزید فیہ لفیف مفروق ازباب افتعال۔جاری شدہ قوانین اتّعد، ادغام المتجانسین، لم یدع اور حلقی العین۔

۱۰۲۱- ﴿لَایَبْخَسْ﴾[الآیۃ: ۲۸۲]:بروزن لَا یَفْعَلْ صیغہ واحد مذکر غائب فعل نہی غائب معلوم صحیح ازباب منع۔

۱۰۲۲- ﴿لِلشَّهَادَةِ﴾[الآیۃ: ۲۸۲]: اصل میں تھا شَهَادَةٌ بروزن فَعَالَةٌ صیغہ اسم مصدر صحیح ازباب سمع وکرم۔قوانین: نون تثنیہ نون جمع، حروف شمسی وقمری، ادغام اور ہمزہ وصلی۔

۱۰۲۳- ﴿اَنْ تَكُوْنَ﴾[الآیۃ: ۲۸۲]:اصل میں تھاتَکْوُنُ بروزن تَفْعُلُ صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم اجوف واوی ازباب نصر۔قوانین: مضارع معلوم، یقول یبیع، اور بائے مطلق۔اَنْ نے نصب دیا ہے۔

۱۰۲۴- ﴿تِجَارَةً﴾[الآیۃ: ۲۸۲]:بروزن فِعَالَۃٌ صیغہ اسم مصدر صحیح ازباب نصر۔

۱۰۲۵- ﴿حَاضِرَةً﴾[الآیۃ: ۲۸۲]:بروزن فَاعِلَةٌ صیغہ واحد مؤنث اسم فاعل صحیح ازباب نصر۔قوانین: اسم فاعل۔

۱۰۲۶- ﴿اَلَّا تَكْتُبُوْهَا﴾[الآیۃ: ۲۸۲]:اصل میں تھا لَا تَکْتُبُوْنَ بروزن لَا تَفْعُلُوْنَ صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل نفی معلوم صحیح ازباب نصر۔قوانین: مضارع معلوم، حروف یرملون، اور نون اعرابی۔

۱۰۲۷- ﴿لَا یُضَارَّ﴾[الآیۃ: ۲۸۲]:اصل میں تھالَا یُضَارِرُ بروزن لَا یُفَاعِلُ صیغہ واحد مذکر غائب فعل نہی غائب معلوم مضاعف ثلاثی ازباب مفاعلہ۔قوانین: ادغام اور التقائے ساکنین۔

تعلیل: اسکو یُضَارِرُ سے بنایا راء اول کی حرکت کو حذف کر کے اس کو راء ثانی میں مدغم کیا بقانون ادغام المتجانسین تو ہو گیا

یُضَارُّ پھر لائے نہی کے داخل ہونے سے آخر میں جزم پیدا ہوا جسکی وجہ سے دو راؤں کے درمیان التقائے ساکنین آیا تو ہو گیا لَا یُضَارَّ.

۱۰۲۸- ﴿اِنْ تَفْعَلُوْا﴾[الآیۃ:۲۸۲]:اصل میں تھا تَفْعَلُوْنَ صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم صحیح از باب منع۔

قوانین:مضارع معلوم،نون اعرابی،بائے مطلق،۔اِنْ جازمہ نے نون اعرابی کو گرادیا ہے۔

۱۰۲۹- ﴿فُسُوْق﴾[الآیۃ:۲۸۲]:فُعُوْلٌ صیغہ اسم مصدر صحیح از باب ضرب،نصر،کرم۔نون خفیفہ کا قانون لگ سکتا ہے۔

۱۰۳۰- ﴿سَفِیْهًا﴾[الآیۃ:۲۸۲]:یہ باب علم سے صفت مشبہ کا صیغہ ہے۔

۱۰۳۱- ﴿ضَعِیْفًا﴾[الآیۃ:۲۸۲]:یہ باب شرف سے صفت مشبہ کا صیغہ ہے۔

۱۰۳۲-﴿لَا یَسْتَطِیْعُ﴾[الآیۃ:۲۸۲]:اصل میں تھا لَا یَسْتَطْوِعُ ،صیغہ واحد مذکر غائب فعل نفی معلوم ثلاثی مزید فیہ اجوف واوی از باب استفعال۔جاری شدہ قوانین یقول،میعاذ اور مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا۔

۱۰۳۳- ﴿اَنْ یُّمِلَّ﴾[الآیۃ:۲۸۲]:اصل میں تھا یُمْلِلُ،یہ باب افعال سے واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔

جاری شدہ قوانین ادغام المتجانسین،حروف یرملون اور ہمزہ وصلی۔

۱۰۳۴- ﴿وَاسْتَشْهِدُوْا﴾[الآیۃ:۲۸۲]:بروزن اِسْتَفْعِلُوْا ،یہ باب استفعال سے جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم کا صیغہ ہے۔جاری شدہ قوانین ہمزہ وصلی،نون اعرابی اور امر حاضر معلوم۔

۱۰۳۵- ﴿فَاِنْ لَّمْ یَكُوْنَا﴾[الآیۃ:۲۸۲]:اصل میں تھا لَمْ یَكُوْنَا بروزن لَمْ یَفْعُلَا ،صیغہ تثنیہ مذکر غائب فعل جحد معلوم ثلاثی مجرد اجوف واوی از باب نصر۔جاری شدہ قوانین نون اعرابی،حروف یرملون اور یقول۔

۱۰۳۶- ﴿تَرْضَوْنَ﴾[الآیۃ:۲۸۲]:اصل میں تھا تَرْضَوُوْنَ بروزن تَفْعَلُوْنَ ،صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم ثلاثی مجرد ناقص واوی از باب علم۔جاری شدہ قوانین یدعی ،قال ،التقائے ساکنین اور مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا۔اور تعلم کا قانون لگ سکتا ہے۔

تعلیل:واؤ واقع ہوئی چوتھی جگہ پر(اور اصل یعنی ماضی میں واقع ہوئی تھی تیسری جگہ پر) ماقبل والی حرکت اسکے مخالف تھی تو اس واو کو بقانون یدعی یاء سے بدل دیا تو تَرْضَیُوْنَ ہو گیا پھر یاء کو قال والے قانون کے ذریعے الف سے تبدیل کیا تو تَرْضَاوْنَ ہو گیا پھر الف کو بقانون التقائے ساکنین گرادیا تو تَرْضَوْنَ ہو گیا۔

۱۰۳۷- ﴿مِنَ الشُّهَدَاءِ﴾[الآیۃ: ۲۸۲]: شُہداءُ بروزن فُعلاءُ، صیغہ جمع مذکر مکسر صفت مشبہ از باب علم۔

۱۰۳۸- ﴿أَنْ تَضِلَّ﴾[الآیۃ: ۲۸۲]: اصل میں تھا تَضْلِلُ بروزن تَفعِلُ، صیغہ واحد مؤنث غائب فعل مضارع معلوم ثلاثی مجرد مضاعف ثلاثی از باب ضرب۔ جاری شدہ قوانین بائے مطلق اور ادغام المتجانسین۔

۱۰۳۹- ﴿دُعُوْا﴾[الآیۃ: ۲۸۲]: اصل میں تھا دُعِوُوْا بروزن فُعِلُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی مجہول ثلاثی مجرد ناقص واوی از باب نصر۔ قوانین: دُعِیَ، یقول، یُوسِرُ، التقائے ساکنین اور ماضی مجہول۔ اسکی تعلیل فَاعْفُوْا [الآیۃ: ۱۰۹] کی طرح ہے۔

۱۰۴۰- ﴿وَلَا تَسْئَمُوْا﴾[الآیۃ: ۲۸۲]: بروزن لَا تَفْعَلُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم ثلاثی مجرد مہموز العین از باب علم۔ جاری شدہ قانون نون اعرابی ہے اور یسئل کا قانون لگ سکتا ہے یعنی لَا تَسَمُوْا پڑھنا جائز ہے۔

۱۰۴۱- ﴿أَنْ تَكْتُبُوْهُ﴾[الآیۃ: ۲۸۲]: اصل میں تھا تَكْتُبُوْنَ بروزن تَفعُلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم ثلاثی مجرد از باب نصر۔ جاری شدہ قوانین نون اعرابی، مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا اور بائے مطلق۔

۱۰۴۲- ﴿صَغِيْرًا﴾[الآیۃ: ۲۸۲]: یہ باب شرُف سے واحد مذکر صفت مشبہ کا صیغہ ہے۔

۱۰۴۳- ﴿كَبِيْرًا﴾[الآیۃ: ۲۸۲]: یہ باب شرُف اور علم سے واحد مذکر صفت مشبہ کا صیغہ ہے۔

۱۰۴۴- ﴿أَقْسَطُ﴾[الآیۃ: ۲۸۲]: یہ باب ضرب سے واحد مذکر اسم تفضیل کا صیغہ ہے۔

۱۰۴۵- ﴿وَأَقْوَمُ﴾[الآیۃ: ۲۸۲]: یہ باب نصر سے اسم تفضیل کا صیغہ ہے۔

۱۰۴۶- ﴿وَأَدْنٰى﴾[الآیۃ: ۲۸۲]: اصل میں تھا اَدْنَوُ بروزن اَفْعَلُ، یہ بھی باب نصر سے اسم تفضیل کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین یدعٰی اور قال باع۔

۱۰۴۷- ﴿أَلَّا تَرْتَابُوْا﴾[الآیۃ: ۲۸۲]: اصل میں تھا لَا تَرْتَيِبُوْا بروزن لَا تَفْتَعِلُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم ثلاثی مجرد اجوف یائی از باب افتعال۔ جاری شدہ قوانین نون اعرابی، ہمزہ وصلی اور قال باع۔ اور تعلم کا قانون لگ سکتا ہے۔

۱۰۴۸- ﴿تُدِيْرُوْنَهَا﴾[الآیۃ: ۲۸۲]: اصل میں تھا تُدْوِرُوْنَ بروزن تُفْعِلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم ثلاثی مجرد اجوف واوی از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین یقول، مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا اور ہمزہ وصلی۔

۱۰۴۹- ﴿تَبَايَعْتُمْ﴾[الآیۃ: ۲۸۲]: بروزن تَفَاعَلْتُمْ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم ثلاثی مزید فیہ اجوف یائی از باب

تفاعل۔اس میں ضرہتم کا قانون جاری ہوا ہے۔

۱۰۵۰- ﴿لَمْ تَجِدُوْا﴾[الآية: ۲۸۳]: اصل میں تھالَمْ تَوْجِدُوْا بروزن لَمْ تَفْعِلُوْا ،صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل جحد معلوم ثلاثی مجرد مثال واوی از باب ضرب۔ جاری شدہ قوانین نون اعرابی اور یعدُ۔

۱۰۵۱- ﴿فَرِهٰنٌ[الآية: ۲۸۳]: یہ یا تو رھن کی جمع ہے،اور یا یہ فِعالٌ کے وزن پر باب مفاعلہ سے مصدر ہے۔

۱۰۵۲- ﴿مَقْبُوْضَةٌ﴾[الآية: ۲۸۳]: بروزن مَفْعُوْلَةٌ، یہ باب ضرب سے واحد مؤنث اسم مفعول کا صیغہ ہے۔اس میں اسم مفعول کا قانون جاری ہوا ہے۔

۱۰۵۳- ﴿اَمَانَتَهٗ﴾[الآية: ۲۸۳]: اصل میں تھا اَمَانَتٌ بروزن فَعَالَةٌ صیغہ اسم مصدر مہموز الفاء از باب کرم۔قانون: نون تثنیہ نون جمع۔

۱۰۵۴- ﴿وَلَا تَكْتُمُوْا﴾[الآية: ۲۸۳]: اصل میں تھا لَا تَكْتُمُوْا بروزن لَا تَفْعُلُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم صحیح از باب نصر۔قوانین: نون اعرابی اور التقائے ساکنین۔

۱۰۵۵- ﴿وَمَنْ يَّكْتُمْهَا﴾[الآية: ۲۸۳]: اصل میں تھا یَکْتُمُ بروزن یَفْعُلُ صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم صحیح از باب نصر۔قوانین: مضارع معلوم،حروف یرملون اور ادغام۔مَنْ شرطیہ جازمہ نے آخر میں جزم دیا ہے۔

۱۰۵۶- ﴿فَلْيُؤَدِّ﴾[الآية: ۲۸۳]: اصل میں تھا لِيُؤَدِّيْ بروزن لِيُفَعِّلْ ،صیغہ واحد مذکر غائب فعل امر غائب معلوم ثلاثی مزید فیہ مہموز الفاء و ناقص یائی از باب تفعیل۔جاری شدہ قوانین حلقی العین اور لم یدع۔

۱۰۵۷- ﴿اؤْتُمِنَ﴾[الآية: ۲۸۳]: اصل میں تھا اُؤْتُمِنَ بروزن اُفْتُعِلَ ،صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مجہول ثلاثی مزید فیہ مہموز الفاء از باب افتعال۔

تعلیل: ہمزہ ساکنہ کو بقانون آمن کے واؤ سے بدل دیا تو اُوْتُمِنَ ہو گیا پھر ہمزہ وصلی درمیان میں آنے کی وجہ سے گر گیا اور ہمزہ ساکنہ دوبارہ لوٹ آیا تو الَّذِی اؤْتُمِنَ ہو گیا۔

۱۰۵۸- ﴿اٰثِمٌ﴾[الآية: ۲۸۳]: بروزن فاعِلٌ ،صیغہ واحد مذکر اسم فاعل مہموز الفاء از باب علم۔جاری شدہ قانون اسم فاعل۔ اور بقانون نون تنوین اٰثِمُوْ اپڑھنا جائز ہے۔

۱۰۵۹- ﴿اِنْ تُبْدُوْا﴾[الآیۃ:۲۸۴]: اصل میں تھا تُبْدِوُوْنَ بروزن تُفْعِلُوْنَ صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم ناقص واوی از باب افعال۔ قوانین: مضارع معلوم، دعی، یقول یبیع، یوسر التقائے ساکنین، اور نون اعرابی اور بائے مطلق اور ہمزہ وصلی۔

تعلیل: اصل میں تھا تُبْدِوُوْنَ واو واقع ہوئی لام کلمہ کے مقابلے میں ماقبل اسکا مکسور تھا اس واو کو بقانون دعی یاء سے تبدیل کر دیا تو ہو گیا تُبْدِیُوْنَ پھر یاء پر ضمہ ثقیل تھا اس کو نقل کر کے ماقبل کو دیا بعد از سلب حرکت بقانون یقول یبیع تو ہو گیا، تُبْدُیْوْنَ پھر یاء ساکن مظہر تھی ماقبل اس کا مضموم تھا اس یاء کو بقانون یوسر واو سے تبدیل کر دیا یوں ہو گیا تُبْدُوْوْنَ پھر التقائے ساکنین آیا دو واوؤں کے درمیان تو التقائے ساکنین قانون کی رو سے پہلی واو کو حذف کر دیا تو ہو گیا تُبْدُوْنَ۔ پھر اِنْ شرطیہ کے داخل ہونے کیوجہ سے نون اعرابی گر گیا تو ہو گیا اِنْ تُبْدُوْا۔ اب نون ساکن کے بعد تاء واقع ہوئی تو بائے مطلق کے قانون کے تحت اخفاء کرنا بھی واجب ہے۔

۱۰۶۰- ﴿تُخْفُوْا﴾[الآیۃ:۲۸۴]: اصل میں تھا تُخْفِیُوْنَ بروزن تُفْعِلُوْنَ صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم ناقص یائی از باب افعال۔ قوانین: یقول یبیع، یوسر، التقائے ساکنین، نون اعرابی، مضارع معلوم، اور ہمزہ وصلی۔

تعلیل: اصل میں تھا تُخْفِیُوْنَ یاء پر ضمہ ثقیل تھا لہذا اس کو بقانون یقول یبیع نقل کر کے ماقبل کو دیا تو ہو گیا تُخْفُیْوْنَ پھر یاء ساکن مظہر تھی ماقبل اس کا مضموم تھا اس یاء کو بقانون یوسر واو سے تبدیل کیا تو ہو گیا تُخْفُوْوْنَ پھر التقائے ساکنین آیا دو واوؤں کے درمیان بقانون التقائے ساکنین پہلے واو کو حذف کر دیا تو ہو گیا تُخْفُوْنَ پھر اس کا عطف ماقبل شرط پر ہوا جس کی وجہ سے اِنْ جازمہ نے عمل کیا اور نون اعرابی قانون کے تحت نون اعرابی کو گرا دیا تو ہو گیا تُخْفُوْا۔

۱۰۶۱- ﴿یُعَذِّبُ﴾[الآیۃ:۲۸۴]: بروزن یُفَعِّلُ صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم صحیح از باب تفعیل۔ قانون: مضارع معلوم۔

۱۰۶۲- ﴿یُحَاسِبْکُمْ﴾[الآیۃ:۲۸۴]: یُحَاسِبُ، یہ باب مفاعلہ سے واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔ جزاء واقع ہونیکی وجہ سے آخر میں جزم آئی ہے۔

۱۰۶۳- ﴿اٰمَنَ﴾[الآیۃ:۲۸۵]: اصل میں تھا اَءْمَنَ بروزن اَفْعَلَ، یہ باب افعال سے واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔ اس میں اٰمن کا قانون جاری ہوا ہے۔

۱۰۶۴- ﴿وَالْمُؤْمِنُوْنَ﴾[الآیۃ:۲۸۵]: اصل میں تھا مُؤْمِنُوْنَ بروزن مُفْعِلُوْنَ صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل مہموز الفاء از باب افعال۔ قوانین: اسم فاعل اور ہمزہ وصلی، اور رائس بؤس، کا قانون بھی لگ سکتا ہے۔

۱۰۶۵- ﴿لَا نُفَرِّقُ﴾[الآیة:۲۸۵]:بروزن لَانُفَعِّلُ صیغہ جمع متکلم فعل نفی معلوم صحیح از باب تفعیل۔قانون:مضارع معلوم۔

۱۰۶۶- ﴿اَطَعْنَا﴾[الآیة:۲۸۵]:اصل میں تھا اَطْوَعْنَا بروزن اَفْعَلْنَا صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم اجوف واوی از باب افعال۔قوانین:یقال نقال،اور التقائے ساکنین۔

تعلیل:اصل میں تھا اَطْوَعْنَا واو متحرک تھی ماقبل اسکا حرف صحیح ساکن تھا واو کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی اور واؤ کو الف سے تبدیل کر دیا بقانون یقال نقال تو ہو گیا اَطَاعْنَا پھر التقائے ساکنین آیا الف اور عین کے درمیان لہٰذا الف کو بقانون التقائے ساکنین حذف کر دیا تو اَطَعْنَا ہو گیا۔

۱۰۶۷- ﴿غُفْرَانَکَ﴾[الآیة:۲۸۶]:غُفْرَانٌ بروزن فُعْلَانٌ،یہ باب ضرب سے مصدر ہے۔

۱۰۶۸- ﴿لَا یُکَلِّفُ﴾[الآیة:۲۸۶]:بروزن لَایُفَعِّلُ صیغہ واحد مذکر غائب فعل نفی معلوم صحیح از باب تفعیل۔ قانون:مضارع معلوم۔

۱۰۶۹- ﴿وُسْعَهَا﴾[الآیة:۲۸۶]:اس میں واؤ پر تینوں حرکتیں پڑھ سکتے ہیں وُسْع،یہ اسم ہے اور یا باب علم سے مصدر ہے۔

۱۰۷۰- ﴿مَا اکْتَسَبَتْ﴾[الآیة:۲۸۶]:اصل میں تھا اِکْتَسَبَتْ بروزن اِفْتَعَلَتْ،صیغہ واحد مؤنث غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مزید فیہ صحیح از باب افتعال۔اس میں ہمزہ وصلی کا قانون لگا ہے،اور خصّم کا قانون لگ سکتا ہے یعنی کَسَّبَتْ پڑھنا جائز ہے۔

۱۰۷۱- ﴿لَاتُؤَاخِذْنَا﴾[الآیة:۲۸۶]:لَاتُؤَاخِذْ بروزن لَاتُفَاعِلْ،صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم ثلاثی مزید فیہ مہموز الفاء از باب مفاعلہ۔اس میں مِیَرّ کا قانون لگ سکتا ہے لَاتُوَاخِذْنَا پڑھنا جائز ہے۔

۱۰۷۲- ﴿نَسِیْنَا﴾[الآیة:۲۸۶]:بروزن فَعِلْنَا،صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم ثلاثی مجرد ناقص یائی از باب علم۔

۱۰۷۳- ﴿اَخْطَأْنَا﴾[الآیة:۲۸۶]:بروزن اَفْعَلْنَا،صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم ثلاثی مجرد مہموز اللام از باب افعال۔اس کو اَخْطَنَا پڑھنا جائز ہے۔

۱۰۷۴- ﴿اِصْرًا﴾[الآیة:۲۸۶]:بروزن فِعْلًا،یہ باب ضرب سے مصدر ہے۔

۱۰۷۵-﴿لَاتَحْمِلْ﴾[الآیة:۲۸۶]:بروزن لَا تَفْعِلْ صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم صحیح از باب ضرب۔

۱۰۷۶- ﴿حَمَلْتَ﴾[الآیۃ:۲۸۶]: بروزن فَعَلْتَ صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم صحیح از باب ضرب۔

۱۰۷۷- ﴿لاتُحَمِّلْنَا﴾[الآیۃ:۲۸۶]: لاتُحَمِّلْ بروزن لاتفعّل، صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم ثلاثی مزید فیہ صحیح از باب تفعیل۔

۱۰۷۸- ﴿لاطَاقَةَ لَنَا﴾[الآیۃ:۲۸۶]: اصل میں تھا طَوَقَةٌ بروزن فَعَلَةٌ صیغہ اسم مصدر اجوف واوی از باب نصر۔
قانون: قال باع۔ لائے نفی جنس کا اسم ہونے کیوجہ سے مبنی بر فتحہ ہے۔

۱۰۷۹- ﴿وَاعْفُ﴾[الآیۃ:۲۸۶]: اُعْفُ اصل میں تھا اُعْفُوْ بروزن اُفْعُلْ، صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ثلاثی مجرد ناقص واوی از باب نصر۔ جاری شدہ قوانین ہمزہ وصلی، امر حاضر معلوم اور لم یدع۔

۱۰۸۰- ﴿وَاغْفِر﴾[الآیۃ:۲۸۶]: اِغْفِرْ بروزن اِفْعِلْ، یہ باب ضرب سے واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم کا صیغہ ہے۔

۱۰۸۱- ﴿وَارْحَمْنَا﴾[الآیۃ:۲۸۶]: اصل میں تھا اِرْحَمْ، یہ باب سمع سے امر کا صیغہ ہے۔ قوانین: امر حاضر معلوم اور ہمزہ وصلی۔

۱۰۸۲- ﴿فَانْصُرْنَا﴾[الآیۃ:۲۸۶]: اصل میں تھا اُنْصُرْ، یہ باب نصر سے فعل امر کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین امر حاضر معلوم، ہمزہ وصلی اور یائے مطلق۔

سورۃ اٰلِ عمران

۱- ﴿مُصَدِّقًا﴾[الآیۃ:۳]: بروزن مُفَعِّلاً، یہ باب تفعیل سے واحد مذکر اسم فاعل کا صیغہ ہے۔

۲- ﴿عَذَابٌ﴾[الآیۃ:۴]: یہ فَعَالٌ کے وزن پر باب تفعیل سے مصدر ہے۔
فائدہ: عَذَابٌ کا لفظ جہاں بھی قرآن کریم میں آیا ہے تو یہ باب تفعیل سے مصدر ہوگا فَعَالٌ کے وزن پر۔

۳- ﴿اِنْتِقَامٍ﴾[الآیۃ:۴]: یہ باب افتعال سے مصدر ہے، اسکو اِنْتِقَامٌ پڑھنا جائز ہے، بقانون نون تنوین و خفیفہ۔ اور یائے مطلق کا قانون جاری ہوا ہے۔

۴- ﴿مُتَشَابِهَاتٌ﴾[الآیۃ:۷]: بروزن مُتَفَاعِلاتٌ، صیغہ جمع مؤنث سالم اسم فاعل ثلاثی مزید فیہ از باب تفاعل۔ جاری شدہ قوانین ضربن کا پہلا قانون، اسم فاعل اور نون تنوین نون خفیفہ۔ اور خصم کا قانون لگ سکتا ہے۔

۵- ﴿زَيْغٌ﴾[الآية:۷]: یہ باب ضرب سے مصدر ہے۔ اسکو زیغو پڑھنا جائز ہے۔

۶- ﴿فَيَتَّبِعُوْنَ﴾[الآية:۷]: یہ اصل میں تھا يَتْتَبِعُوْنَ، یہ باب افتعال سے جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔
جاری شدہ قوانین ادغام اور مضارع معلوم۔

۷- ﴿تَشَابَهَ﴾[الآية:۷]: بروزن تَفَاعَلَ، یہ باب تفاعل سے واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے، اس میں
خصم کا قانون جاری ہوسکتا ہے، تاء کو شین کر کے شین کو شین میں مدغم کردینگے اور شروع میں ہمزہ وصلی لائیں گے تو اِشَّابَهَ بن جائیگا۔

۸- ﴿ابْتِغَاءَ﴾[الآية:۷]: اصل میں تھا ابْتِغَايٌ، یہ باب افتعال سے مصدر ہے۔ قوانین: ہمزہ وصلی، دعاء اور نون تنوین نون تثنیہ۔

۹- ﴿تَأْوِيْلِهٖ﴾[الآية:۷]: تَأْوِيْلٌ بروزن تَفْعِيْلٌ، یہ باب تفعیل سے مصدر ہے۔ مہموز الفاء واجوف واوی ہے۔
جاری شدہ قانون نون تنوین تثنیہ۔ اور راٗس کا قانون جاری ہوسکتا ہے۔

۱۰- ﴿يَذَّكَّرُ﴾[الآية:۷]: اصل میں تھا يَتَذَكَّرُ بروزن يَتَفَعَّلُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم ثلاثی مزید فیہ از
باب تفعل۔ اس میں خصم کا قانون لگا ہے۔

۱۱- ﴿لَاتُزِغْ﴾[الآية:۷]: اصل میں لَاتُزْيِغْ بروزن لَاتُفْعِلْ، صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم اجوف یائی از
باب افعال۔ جاری شدہ قوانین یقول اور التقائے ساکنین۔

۱۲- ﴿هَدَيْتَنَا﴾[الآية:۸]: هَدَيْتَ بروزن فَعَلْتَ، صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم ناقص یائی از ضرب۔

۱۳- ﴿وَهَبْ﴾[الآية:۸]: اصل میں تھا اِوْهَبْ بروزن اِفْعَلْ، یہ باب منع سے واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم کا
صیغہ ہے۔ ابتداء میں واو عاطفہ ہے۔

تعلیل: واؤ مضارع میں گری ہوئی تھی یہاں بھی ہم نے گرادی تو اِهَبْ بن گیا پھر ہمزہ کو گرادیا مابعد کے متحرک ہونے کی وجہ
سے هَبْ بن گیا۔ یا اسکو تَهَبُ سے بنایا تا علامت مضارع کو حذف کیا اور آخر میں وقف کردیا تو هَبْ ہوگیا۔

۱۴- ﴿رَحْمَةً﴾[الآية:۸]: یہ باب علم سے مصدر سماعی ہے۔

۱۵- ﴿الْوَهَّابُ﴾[الآية:۸]: یہ باب منع سے مبالغہ کا صیغہ ہے۔

۱۶- ﴿جَامِعُ﴾[الآية:۹]: یہ باب منع سے واحد مذکر اسم فاعل کا صیغہ ہے۔ قوانین اسم فاعل اور نون تنوین نون تثنیہ۔

۱۷- ﴿لَایُخْلِفُ﴾[الآیۃ:۹]: یہ باب افعال سے واحد مذکر فعل نفی کا صیغہ ہے۔ قانون: ہمزہ وصلی۔

۱۸- ﴿اَلْمِيْعَادِ﴾[الآیۃ:۹]: اصل میں تھا مِوْعَادٌ، یہ باب ضرب سے مصدر ہے، یا ظرف مکان یا ظرف زمان ہے۔

تعلیل: واو ساکن مظہر تھی ماقبل اسکا مکسور تھا تو اس واؤ کو یاء سے بدل دیا۔

۱۹- ﴿كَدَأْبِ﴾[الآیۃ:۱۱]: یہ باب منع سے مصدر ہے۔ اس پر رائس کا قانون جاری ہو سکتا ہے۔

۲۰- ﴿اِلْتَقَتَا﴾[الآیۃ:۱۳]: اصل میں تھا اِلْتَقَيَتَا بروزن اِفْتَعَلَتَا، صیغہ تثنیہ مؤنث غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مزید فیہ ناقص یائی از باب افتعال۔ جاری شدہ قوانین قال باع اور التقائے ساکنین۔

۲۱- ﴿تُقَاتِلُ﴾[الآیۃ:۱۳]: بروزن تُفَاعِلُ، صیغہ واحد مؤنث غائب فعل مضارع معلوم از باب مفاعلہ۔

۲۲- ﴿يَرَوْنَهُمْ﴾[الآیۃ:۱۳]: يَرَوْنَ اصل میں تھا يَرْءَيُوْن بروزن يَفْعَلُوْن، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم ثلاثی مجرد مہموز العین و ناقص یائی از باب منع۔ جاری شدہ قوانین یسل، قال، التقائے ساکنین اور مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا۔

۲۳- ﴿يُؤَيِّدُ﴾[الآیۃ:۱۳]: بروزن يُفَعِّلُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم ثلاثی مزید فیہ مہموز الفاء و اجوف یائی از باب تفعیل۔ جاری شدہ قوانین مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا۔ اور مِیوٌ کا قانون لگ سکتا ہے يُوَيِّدُ پڑھنا جائز ہے۔

۲۴- ﴿بِنَصْرِهٖ﴾[الآیۃ:۱۳]: نَصْرٌ بروزن فَعْلٌ، یہ باب نصر سے مصدر ہے۔

۲۵- ﴿لَعِبْرَةً﴾[الآیۃ:۱۳]: یہ باب علم سے مصدر ہے۔

۲۶- ﴿زُيِّنَ﴾[الآیۃ:۱۴]: بروزن فُعِّلَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مجہول ثلاثی مزید فیہ اجوف یائی از باب تفعیل۔ اس میں ماضی مجہول کا قانون جاری ہوا ہے۔

۲۷- ﴿الْمُقَنْطَرَةِ﴾[الآیۃ:۱۳]: مُقَنْطَرَةٌ بروزن مُفَعْلَلَةٌ، صیغہ واحد مؤنث اسم مفعول رباعی مجرد صحیح از فعللہ۔ قوانین: نون تنوین نون تثنیہ، اسم مفعول اور ہائے مطلق۔

۲۸- ﴿حُسْنُ﴾[الآیۃ:۱۴]: یہ باب نصر و شرف سے مصدر ہے۔

۲۹- ﴿الْمَاٰبِ﴾[الآیۃ:۱۴]: اصل میں تھا مَأْوَبٌ، یہ مصدر میمی ہے، اس میں یقال اور نون تنوین نون تثنیہ کا قانون

جاری ہوا ہے۔اور کبھی یہ ظرف مکان اور ظرف زمان بھی ہوتا ہے۔

۳۰- ﴿اُنَبِّئُكُمْ﴾[الآیۃ:۱۵]: اُنَبِّئُ بروزن اُفَعِّلُ،صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معلوم ثلاثی مزید فیہ مہموز اللام از باب تفعیل۔ اسکو بقانون میز اُنَبِّوْ پڑھنا جائز ہے۔

۳۱- ﴿رِضْوَانٌ﴾[الآیۃ:۱۵]: یہ باب علم سے مصدر ہے۔

۳۲- ﴿بِـالْعِبَادِ﴾[الآیۃ:۱۵]: عِبادٌ بروزن فِعالٌ، یہ باب نصر سے جمع مذکر مکسر اسم فاعل کا صیغہ ہے۔قوانین: نون تنوین نون تثنیہ اور ہمزہ وصلی۔

۳۳- ﴿وَقِنَا﴾[الآیۃ:۱۶]:اس میں واو عاطفہ ہے،نا ضمیر منصوب متصل ہے اور قِ صیغہ ہے۔یہ صیغہ سورۃ بقرہ[الآیۃ:۲۰۱]پر دیکھیں۔

۳۴- ﴿عَذَابٌ﴾[الآیۃ:۱۶]: بروزن فَعَالٌ، یہ باب تفعیل سے مصدر ہے۔

۳۵- ﴿اَلصَّابِرِیْنَ﴾[الآیۃ:۱۷]: اصل میں تھا صابِرِیْنَ بروزن فاعلین، صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل ثلاثی مجرد از باب ضرب۔جاری شدہ قوانین حروف شمسی، ادغام اور اسم فاعل۔

۳۶- ﴿وَ الصَّادِقِیْنَ﴾[الآیۃ:۱۷]: یہ باب نصر سے جمع مذکر سالم اسم فاعل کا صیغہ ہے۔

۳۷- ﴿وَالْقَانِتِیْنَ﴾[الآیۃ:۱۷]: یہ بھی مذکورہ باب سے مذکورہ صیغہ ہے۔

۳۸- ﴿وَالْـمُنْفِقِیْنَ﴾[الآیۃ:۱۷]: یہ باب افعال سے جمع مذکر سالم اسم فاعل کا صیغہ ہے۔جاری شدہ قوانین اسم فاعل، بابِ مطلق اور ہمزہ وصلی۔

۳۹- ﴿وَالْمُسْتَغْفِرِیْنَ﴾[الآیۃ:۱۷]: یہ باب استفعال سے جمع مذکر سالم اسم فاعل کا صیغہ ہے۔

۴۰- ﴿شَهِـدَ﴾[الآیۃ:۱۸]: یہ باب علم سے واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے، بقانون حلقی العین اسکو شَـهْـدَ، شِهْدَ اور شِهِدَ پڑھنا جائز ہے۔

۴۱- ﴿قَائِماً﴾[الآیۃ:۱۸]: اصل میں تھا قَاوِماً۔ یہ باب نصر سے واحد مذکر اسم فاعل کا صیغہ ہے۔

تعلیل: واؤ واقع ہوئی پیچھے الف فاعل کے تو اسکو ہمزہ سے بدل دیا تو قائماً ہوگیا۔

۴۲- ﴿بِالْقِسْطِ﴾[الآیۃ:۱۸]: یہ باب ضرب ونصر سے مصدر ہے۔ قوانین: نون تنوین نون تثنیہ اور ہمزہ وصلی ہے۔

۴۳- ﴿الْاِسْلَامُ﴾[الآیۃ:۱۸]: اِسْلَامٌ بروزن اِفْعَالٌ، یہ باب افعال سے مصدر ہے۔

﴿اُوْتُوْا﴾[الآیۃ:۱۸]: اصل میں تھا اُءْتِیُوْا بروزن اُفْعِلُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی مجہول ثلاثی مزید فیہ مہموز الفاء وناقص یائی از باب افعال۔ قوانین: امن، یقول، یوسر، التقائے ساکنین اور ماضی مجہول۔

۴۴- ﴿بَغْیًا﴾[الآیۃ:۱۸]: یہ باب ضرب سے مصدر ہے۔

۴۵- ﴿مَنْ یَّکْفُرْ﴾[الآیۃ:۱۸]: اصل میں تھا یَکْفُرُ، من شرطیہ نے جزم دیا ہے۔

۴۶- ﴿الْحِسَابِ﴾[الآیۃ:۱۸]: یہ باب مفاعلہ سے مصدر ہے۔ حَاسَبَ یُحَاسِبُ مُحَاسَبَۃً وحِسَاباً۔

۴۷- ﴿حَآجُّوْکَ﴾[الآیۃ:۲۰]: اصل میں تھا حَاجَجُوْا بروزن فَاعَلُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مزید فیہ مضاعف ثلاثی از باب مفاعلہ۔ اس پر ادغام المتجانسین کا قانون جاری ہوا ہے۔

۴۸- ﴿وَمَنِ اتَّبَعَنِ﴾[الآیۃ:۲۰]: اسکے آخر میں نون وقایہ ہے اور یاء حذف ہوئی ہے۔ اتَّبَعَ اصل میں تھا اِتْتَبَعَ بروزن اِفْتَعَلَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم از افتعال۔ جاری شدہ قوانین ادغام المتجانسین اور ہمزہ وصلی۔

۴۹- ﴿اِهْتَدَوْا﴾[الآیۃ:۲۰]: اصل میں تھا اِهْتَدَیُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مزید فیہ ناقص یائی از باب افتعال۔ جاری شدہ قوانین قال باع، التقائے ساکنین، ہمزہ وصلی۔ اور خصّم کا قانون بھی لگ سکتا ہے۔

۵۰- ﴿وَاِنْ تَوَلَّوْا﴾[الآیۃ:۲۰]: اصل میں تھا تَوَلَّیُوْا بروزن تَفَعَّلُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مزید فیہ لفیف مفروق از باب تفعّل۔ جاری شدہ قوانین قال باع، التقائے ساکنین اور بائے مطلق۔ اور اتَّعد والا قانون جاری ہوسکتا ہے۔

۵۱- ﴿الْبَلٰغُ﴾[الآیۃ:۲۰]: یہ باب تفعیل سے مصدر ہے۔ بَلَّغَ یُبَلِّغُ تَبْلِیْغاً وَبَلاغاً۔

۵۲- ﴿بَصِیْرٌ﴾[الآیۃ:۲۰]: صیغہ واحد مذکر صفت مشبہ ثلاثی مجرد صحیح از باب شرف۔

۵۳- ﴿یَاْمُرُوْنَ﴾[الآیۃ:۲۱]: بروزن یَفْعُلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم ثلاثی مجرد مہموز الفاء از باب نصر۔ جاری شدہ قوانین مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا اور راس بوس کا قانون لگ سکتا ہے یعنی یَامُرُوْنَ پڑھنا جائز ہے۔

۵۴- ﴿بَشِّرْ﴾[الآیۃ: ۲۱]: بروزن فَعِّلْ، صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم از باب تفعیل۔

۵۵- ﴿نَاصِرِیْنَ﴾[الآیۃ: ۲۲]: یہ باب نصر سے جمع مذکر سالم اسم فاعل کا صیغہ ہے۔

۵۶- ﴿اَلَمْ تَرَ﴾[الآیۃ: ۲۳]: اصل میں تھا اَلَمْ تَرْئَیُ بروزن لَمْ تَفْعَلُ جیسوں لَمْ تَمْنَعْ، صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل جحد معلوم ثلاثی مجرد مہموز العین وناقص یائی از باب منع۔ اسکی تعلیل سورہ بقرہ[الآیۃ: ۱۶۵] پر گزر چکی ہے۔

۵۷- ﴿یُدْعَوْنَ﴾[الآیۃ: ۲۳]: اصل میں تھا یُدْعَوُوْنَ، یہ باب نصر سے جمع مذکر غائب فعل مضارع مجہول کا صیغہ ہے۔

تعلیل: واؤ کو یُدْعیٰ قانون کے تحت یاء سے تبدیل کیا اور پھر یاء کو قال والے قانون کی رُو سے الف سے تبدیل کیا تو یُدْعَاوْنَ ہوئیہ پھر الف کو التقائے ساکنین قانون کی وجہ سے گرا دیا تو یُدْعَوْنَ ہوگیا۔

۵۸- ﴿لِیَحْکُمَ﴾[الآیۃ: ۲۳]: اصل میں تھا یَحْکُمُ بروزن یَفْعُلُ، یہ باب نصر سے واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔ یہاں لام کئی کے بعد کے اَنْ مقدر ہے جس نے آخر کو نصب دیا ہے۔

۵۹- ﴿یَتَوَلّٰی﴾[الآیۃ: ۲۳]: اصل میں تھا یَتَوَلَّیُ بروزن یَتَفَعَّلُ، یہ باب تفعل سے واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین قال باع، مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا۔ اور اِتَّعد کا قانون لگ سکتا ہے یَتَّلّٰی پڑھنا جائز ہے۔

۶۰- ﴿مُعْرِضُوْنَ﴾[الآیۃ: ۲۳]: بروزن مُفْعِلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل ثلاثی مزید فیہ از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین اسم فاعل اور ہمزہ وصلی۔

۶۱- ﴿لَنْ تَمَسَّنَا﴾[الآیۃ: ۲۴]: اصل میں تھا لَنْ تَمْسَسَ، صیغہ واحد مؤنث غائب فعل مستقبل معلوم مؤکد بلن ناصبہ مضاعف ثلاثی از باب علم۔ جاری شدہ قوانین بائے مطلق اور ادغام المتجانسین۔

۶۲- ﴿مَعْدُوْدَاتٍ﴾[الآیۃ: ۲۴]: بروزن مَفْعُوْلَاتٌ، صیغہ جمع مؤنث سالم اسم مفعول ثلاثی مجرد مضاعف ثلاثی از باب نصر۔ جاری شدہ قوانین اسم مفعول اور ضربن کا پہلا قانون۔ اور اسکو مَعْدُوْدَاتِیْ پڑھنا جائز ہے۔

۶۳- ﴿غَرَّ﴾[الآیۃ: ۲۴]: اصل میں تھا غَرَرَ بروزن فَعَلَ......الخ۔

۶۴- ﴿یَفْتَرُوْنَ﴾[الآیۃ: ۲۵]: اصل میں تھا یَفْتَرِیُوْنَ بروزن یَفْتَعِلُوْن، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم ثلاثی مزید فیہ ناقص یائی از باب افتعال۔ جاری شدہ قوانین مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا، یقول تقول، یوسُر اور التقائے ساکنین۔

۶۵- ﴿وُفِّيَتْ﴾[الآیۃ:۲۵]: بروزن فُعِّلَتْ ،صیغہ واحد مؤنث غائب فعل ماضی مجہول ثلاثی مزید فیہ لفیف مفروق ازباب تفعیل ،اسکو اُفِّیَتْ پڑھنا جائز ہے وُعِدَ وشاعِّ قانون کی رُو سے۔

۶۶- ﴿تُؤْتِي﴾[الآیۃ:۲۶]: اصل میں تھا تُؤْتِیُ بروزن تُفْعِلُ ہچوں تُکْرِمُ ،صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم ثلاثی مزید فیہ مہموز الفاء وناقص یائی از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین ہمزہ وصلی ،مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا ،یدعو اور التقائے ساکنین۔ اور رائس کا قانون جاری ہوسکتا ہے۔

۶۷- ﴿وتُعِزُّ﴾[الآیۃ:۲۶]: اصل میں تھا تُعْزِزُ ،یہ باب افعال سے واحد مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے اور مضاعف ثلاثی ہے۔ جاری شدہ قوانین ادغام المتجانسین ،مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا اور ہمزہ وصلی۔

۶۸- ﴿تَشَاءُ﴾[الآیۃ:۲۶]: اصل میں تھا تَشْيَأُ ،یہ باب منع سے واحد مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے اور اجوف یائی ومہموز اللام ہے۔اس میں یُقال کا قانون جاری ہوا ہے۔

۶۹- ﴿تُولِجُ﴾[الآیۃ:۲۷]: بروزن تُفْعِلُ ،صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم ثلاثی مزید فیہ مثال واوی از باب افعال۔قوانین مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا قانون اور ہمزہ وصلی۔

۷۰- ﴿لاَيَتَّخِذِ﴾[الآیۃ:۲۸]: اصل میں تھا لایَتَّخِذُ بروزن لایَفْتَعِلُ ہچوں لایَکْتَسِبُ ،صیغہ واحد مذکر غائب فعل نہی غائب معلوم ثلاثی مزید فیہ مہموز الفاء از باب افتعال۔قوانین: اتَّعَ ،ہمزہ وصلی ،التقائے ساکنین اور ادغام المتجانسین۔

۷۱- ﴿اَنْ تَتَّقُوْا﴾[الآیۃ:۲۸]: اصل میں تھا تَوْتَقِيُوْنَ بروزن تَفْتَعِلُوْنَ ،صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم لفیف مفروق ازباب افتعال۔قوانین: اتعد ،یقول ،یوسُرُ ،التقائے ساکنین ،نون اعرابی ،ادغام المتجانسین ،اور بائے مطلق۔

۷۲- ﴿تُخْفُوْا﴾[الآیۃ:۲۹]: اصل میں تھا تُخْفِيُوْنَ ،یہ صیغہ ماقبل میں گزر چکی ہے۔

۷۳- ﴿تُبْدُوْه﴾[الآیۃ:۲۹]: اصل میں تھا تُبْدِوُوْنَ۔ یہ صیغہ سورۃ بقرہ[الآیۃ:۳۳] پر گزر چکی ہے۔

۷۴- ﴿تَجِدُ﴾[الآیۃ:۳۰]: اصل میں تھا تَوْجِدُ بروزن تَفْعِلُ ،صیغہ واحد مؤنث غائب فعل مضارع معلوم مثال واوی از باب ضرب۔ جاری شدہ قوانین یعد تعد اور مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا۔

۷۵- ﴿مُحْضَرًا﴾[الآیۃ:۳۰]: یہ باب افعال سے واحد مذکر اسم مفعول کا صیغہ ہے۔قانون: اسم مفعول۔

۷۶- ﴿تَوَدُّ﴾[الآیۃ: ۳۰]: اصل میں تھا تَوْدَدُ، یہ باب عَلِمَ سے واحد مؤنث غائب فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے، اور مضاعف ثلاثی اور مثال واوی ہے۔

۷۷- ﴿تُحِبُّوْنَ﴾[الآیۃ: ۳۱]: اصل میں تھا تُحْبِبُوْنَ بروزن تُفْعِلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم ثلاثی مزید فیہ مضاعف ثلاثی از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا قانون، ہمزہ وصلی اور ادغام المتجانسین۔

۷۸- ﴿فَاتَّبِعُوْنِیْ﴾[الآیۃ: ۳۱]: اصل میں تھا اِتْتَبِعُوْنِیْ، اِتْتَبِعُوْا بروزن اِفْتَعِلُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ثلاثی مزید فیہ از باب افتعال۔ جاری شدہ قوانین امر حاضر معلوم، نون اعرابی، ہمزہ وصلی اور ادغام المتجانسین۔

۷۹- ﴿یُحْبِبْکُمْ﴾[الآیۃ: ۳۱]: اصل میں تھا یُحْبِبُ بروزن یُفْعِلُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم ثلاثی مجرد مضاعف ثلاثی از باب افعال۔ جزاء واقع ہونے کی وجہ سے جزم آئی ہے۔

۸۰- ﴿وَیَغْفِرْ﴾[الآیۃ: ۳۱]: اصل میں تھا یَغْفِرُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم ثلاثی مجرد از باب ضرب۔ اس کا عطف ہے یُحْبِبْکُمْ پر۔

۸۱- ﴿اَطِیْعُوْا﴾[الآیۃ: ۳۱]: اصل میں تھا اَطْوِعُوْا بروزن اَفْعِلُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم اجوف واوی از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین یقول تقول، میعاذ، امر حاضر معلوم اور نون اعرابی۔

۸۲- ﴿فَاِنْ تَوَلَّوْا﴾[الآیۃ: ۳۱]: اصل میں تھا تَتَوَلَّیُوْنَ بروزن تَتَفَعَّلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم لفیف مفروق از باب تفعّل۔ جاری شدہ قوانین: تائے مضارعت، قال باع، التقائے ساکنین، نون اعرابی اور بائے مطلق۔

۸۳- ﴿لَایُحِبُّ﴾[الآیۃ: ۳۱]: اصل میں تھا لَایُحْبِبُ بروزن لَایُفْعِلُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل نفی معلوم ثلاثی مزید فیہ مضاعف ثلاثی از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین: مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا، ہمزہ وصلی اور ادغام المتجانسین۔

۸۴- ﴿اِصْطَفٰی﴾[الآیۃ: ۳۳]: اصل میں تھا اِصْتَفَیَ بروزن اِفْتَعَلَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مزید فیہ ناقص یائی از باب افتعال۔ جاری شدہ قوانین ہمزہ وصلی، اطلب اور قال باع۔

تعلیل: صاد واقع ہوئی باب افتعال کے فاء کلمہ کے مقابلے میں تو تائے افتعال کو طاء کیا، اور بقانون باع یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو اصْطَفٰی ہو گیا اب اسکو اس طریقے سے اظہار کر کے پڑھنا بھی جائز ہے اور طاء کو صاد کر کے صاد کو صاد میں مدغم کر کے اِصَّفٰی پڑھنا بھی جائز ہے۔

Scanned with CamScanner

۸۵- ﴿مُحَرَّرًا﴾[الآیۃ:۳۵]: بروزن مُفَعَّلاً، صیغہ واحد مذکر اسم مفعول ثلاثی مزید فیہ مضاعف ثلاثی از باب تفعیل۔
قانون: اسم مفعول۔ اور نون تنوین نون خفیفہ والا لگ سکتا ہے۔

۸۶- ﴿فَتَقَبَّلْ﴾[الآیۃ:۳۵]: تَقَبَّلْ بروزن تَفَعَّلْ، صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ثلاثی مزید فیہ ناقص یائی از باب تفعُّل۔

۸۷- ﴿سَمَّيْتُ﴾[الآیۃ:۳۶]: بروزن فَعَّلْتُ، صیغہ واحد متکلم فعل ماضی معلوم ثلاثی مزید فیہ ناقص یائی از باب تفعیل۔

۸۸- ﴿اُعِيْذُ﴾[الآیۃ:۳۶]: اصل میں تھا اُعْوِذُ بروزن اُفْعِلُ، صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معلوم ثلاثی مجرد اجوف واوی
از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا، ہمزہ وصلی، یقول اور میعاد۔

۸۹- ﴿بِقَبُوْلٍ﴾[الآیۃ:۳۷]: قَبُوْلٍ یہ باب علم سے مصدر ہے۔

۹۰- ﴿حَسَنٍ﴾[الآیۃ:۳۷]: یہ باب شرُف سے صفت مشبہ کا صیغہ ہے۔

۹۱- ﴿اَلدُّعَآءِ﴾[الآیۃ:۳۸]: یہ باب نصر سے مصدر ہے۔ قانون: دُعاء۔ اصل میں تھا دُعاو، واو واقع ہوئی پیچھے الف زائدہ
کے طرف میں، تو اس واو کو ہمزہ سے بدل دیا تو دُعاء ہو گیا۔ اسکے علاوہ نون تنوین نون تثنیہ اور حروف شمسی کا قانون بھی جاری ہوا ہے۔

۹۲- ﴿سَمِيْعٌ﴾[الآیۃ:۳۹]: بروزن فَعِيْلٌ، صیغہ واحد مذکر صفت مشبہ از باب علم۔

۹۳- ﴿فَنَادَتْهُ﴾[الآیۃ:۳۹]: اصل میں تھا نَادَيَتْ، صیغہ واحد مؤنث غائب فعل ماضی معلوم ناقص یائی از باب مفاعلہ۔ جاری
شدہ قوانین قال باع اور التقائے ساکنین۔

۹۴- ﴿قَآئِمٌ﴾[الآیۃ:۳۹]: اصل میں تھا قَاوِمٌ، صیغہ واحد مذکر اسم فاعل ثلاثی مجرد اجوف واوی از باب نصر۔ جاری شدہ
قوانین قائل اور اسم فاعل۔ اور نون خفیفہ کا قانون جاری ہو سکتا ہے۔

۹۵- ﴿يُصَلِّيْ﴾[الآیۃ:۳۹]: اصل میں تھا يُصَلِّوُ بروزن يُفَعِّلُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم ثلاثی مجرد ناقص
یائی از باب تفعیل۔ جاری شدہ قوانین مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا قانون، ہمزہ وصلی، دعی اور یدعو۔

۹۶- ﴿عَاقِرٌ﴾[الآیۃ:۴۰]: بروزن فَاعِلٌ، یہ باب ضرب اور شرُف سے واحد مؤنث اسم فاعل کا صیغہ ہے۔

۹۷- ﴿اَلَّا تُكَلِّمَ﴾[الآیۃ:۴۱]: اصل میں تھا لَا تُكَلِّمُ بروزن لَا تُفَعِّلُ، صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل نفی معلوم ثلاثی مزید
فیہ از باب تفعُّل۔ جاری شدہ قوانین حروف یرملون اور مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا۔

۹۸- ﴿رَمْزًا﴾[الآیۃ: ۴۱]: یہ باب ضرب اور منع سے مصدر ہے۔

۹۹- ﴿وَالاِبْكَارِ﴾[الآیۃ: ۴۱]: یہ باب افعال سے اسم مصدر ہے۔ قوانین: نون تنوین نون تثنیہ اور ہمزہ وصلی۔

۱۰۰- ﴿طَهَّرَكِ﴾[الآیۃ: ۴۲]: طَهَّرَ بروزن فَعَّلَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مزید فیہ صحیح از باب تفعیل۔

۱۰۱- ﴿اُقْنُتِی﴾[الآیۃ: ۴۳]: بروزن اُفْعُلِیْ، صیغہ واحد مؤنث مخاطب فعل امر حاضر معلوم ثلاثی مجرد صحیح از باب نصر۔
جاری شدہ قوانین نون اعرابی، امر حاضر معلوم اور ہمزہ وصلی۔

۱۰۲- ﴿وَاسْجُدِیْ﴾[الآیۃ: ۴۳]: بروزن اُفْعُلِیْ، صیغہ واحد مؤنث مخاطب فعل امر حاضر معلوم ثلاثی مجرد صحیح از باب نصر۔

۱۰۳- ﴿اِرْكَعِیْ﴾[الآیۃ: ۴۳]: یہ باب منع سے واحد مؤنث مخاطب فعل امر حاضر معلوم کا صیغہ ہے۔

۱۰۴- ﴿نُوْحِیْهِ﴾[الآیۃ: ۴۴]: اصل میں تھا نُوْحِیُ بروزن نُفْعِلُ، صیغہ جمع متکلم فعل مضارع معلوم ثلاثی مزید فیہ لفیف مفروق از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا، ہمزہ وصلی اور یدعو۔

۱۰۵- ﴿یُلْقُوْنَ﴾[الآیۃ: ۴۴]: اصل میں تھا یُلْقِیُوْنَ بروزن یُفْعِلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم ثلاثی مزید فیہ ناقص یائی از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین یقول، یوسرُ، التقائے ساکنین اور ہمزہ وصلی۔

۱۰۶- ﴿یَخْتَصِمُوْنَ﴾[الآیۃ: ۴۴]: بروزن یَفْتَعِلُوْن، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم ثلاثی مزید فیہ از باب افتعال۔
بقانون خصّم اسکو یَخَصِّمُوْنَ پڑھنا جائز ہے۔

۱۰۷- ﴿قَالَتِ﴾[الآیۃ: ۴۵]: اصل میں تھا قَوَلَتْ، یہ باب نصر سے واحد مؤنث غائب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔

۱۰۸- ﴿وَجِیْهًا﴾[الآیۃ: ۴۵]: یہ باب شرُف سے واحد مذکر صفت مشبہ کا صیغہ ہے۔ اسکو وَجُیْهًا پڑھنا جائز ہے۔

۱۰۹- ﴿الْمُقَرَّبِیْنَ﴾[الآیۃ: ۴۵]: یہ باب تفعیل سے جمع مذکر سالم اسم مفعول کا صیغہ ہے۔

۱۱۰- ﴿لَمْ یَمْسَسْنِیْ﴾[الآیۃ: ۴۶]: لَمْ یَمْسَسْ بروزن لَمْ یَفْعَلُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل جحد معلوم ثلاثی مجرد مضاعف ثلاثی از باب علم۔

۱۱۱- ﴿كُنْ﴾[الآیۃ: ۴۷]: اصل میں تھا اُكْوُنْ، یہ باب نصر سے واحد مذکر مخاطب فعل امر کا صیغہ ہے۔ اس میں قُلْ

کی طرح تعلیل ہوئی ہے۔

۱۱۲- ﴿جِئْتُكُمْ﴾[الآیۃ: ۴۹]: اصل میں تھا جَیِئْتُ بروزن فَعَلْتُ، صیغہ واحد متکلم فعل ماضی معلوم ثلاثی مجرد اجوف یائی ومہموز اللام از باب ضرب۔ جاری شدہ قوانین قال، التقائے ساکنین اور بِعْنَ۔

۱۱۳- ﴿أَخْلُقُ﴾[الآیۃ: ۴۹]: بروزن اَفْعُلُ، صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معلوم ثلاثی مجرد صحیح از باب نصر۔

۱۱۴- ﴿أُبْرِئُ﴾[الآیۃ: ۴۹]: بروزن اُفْعِلُ، صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معلوم ثلاثی مزید فیہ مہموز اللام از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا اور ہمزہ وصلی۔ اسکو بقانون سُئِل اُبْرِیُ پڑھنا بھی جائز ہے۔

۱۱۵- ﴿أُنَبِّئُكُمْ﴾[الآیۃ: ۴۹]: اُنَبِّئُ بروزن اُفَعِّلُ، صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معلوم مہموز العین از باب افعال۔ اسکو بقانون سُئِل اُنَبِّیُ پڑھنا بھی جائز ہے۔

۱۱۶- ﴿تَدَّخِرُونَ﴾[الآیۃ: ۴۹]: اصل میں تھا تَذْتَخِرُوْنَ بروزن تَفْتَعِلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم ثلاثی مزید فیہ صحیح از باب افتعال۔

تعلیل: ذال واقع ہوئی باب افتعال کے فاء کلمہ کے مقابلہ میں، تو تائے افتعال کو دال کیا تو تَذْدَخِرُوْنَ ہو گیا اب اسکو اسی طریقے سے اظہار کر کے پڑھنا بھی جائز ہے اور دال کو ذال کر کے ذال کو ذال میں مدغم کر کے تَذَّخِرُوْنَ بھی پڑھ سکتے ہیں اور ذال کو دال کر کے دال کو دال میں مدغم کر کے تَدَّخِرُوْنَ بھی پڑھ سکتے ہیں۔ جاری شدہ قوانین مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا اور ہمزہ وصلی۔ اور تعلم کا قانون جاری ہو سکتا ہے۔

۱۱۷- ﴿وَلِأُحِلَّ﴾[الآیۃ: ۵۰]: اصل میں تھا اُحْلِلَ بروزن اُفْعِلَ، صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معلوم ثلاثی مزید فیہ مضاعف ثلاثی از باب افعال۔ یہاں لام کَیْ کے بعد اَن مقدر ہے۔ قوانین: ادغام اور ہمزہ وصلی۔

۱۱۸- ﴿وَأَطِيعُونِ﴾[الآیۃ: ۵۰]: اصل میں تھا اَطْوِعُوْا بروزن اَفْعِلُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ثلاثی مزید فیہ اجوف واوی از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین یقول، میعاد، امر حاضر معلوم اور نون اعرابی۔ اسکے آخر میں نون وقایہ ہے۔

۱۱۹- ﴿أَحَسَّ﴾[الآیۃ: ۵۲]: اصل میں تھا اَحْسَسَ بروزن اَفْعَلَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مزید فیہ مضاعف ثلاثی از باب افعال۔ اس میں ادغام المتجانسین کا قانون جاری ہوا ہے۔

۱۲۰- ﴿أَنصَارُ اللهِ﴾[الآیۃ: ۵۲]: اَنْصَارُ بروزن اَفْعَالٌ، صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل از باب ضرب۔ قوانین: ہائے

مطلق اور نون تنوین نون تثنیہ۔

۱۲۱- ﴿وَاشْهَدْ﴾[الآیۃ: ۵۲]: اِشْهَدْ بروزن اِفْعَلْ ،صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ثلاثی مجرد از باب علم۔ ٠جاری شدہ قوانین امر حاضر اور ہمزہ وصلی۔

۱۲۲- ﴿وَاتَّبَعْنَا﴾[الآیۃ: ۵۳]: اصل میں تھا اِتْتَبَعْنَا بروزن اِفْتَعَلْنَا ،صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم ثلاثی مزید فیہ صحیح از باب افتعال۔ جاری شدہ قوانین ہمزہ وصلی اور ادغام المتجانسین۔

۱۲۳- ﴿فَاكْتُبْنَا﴾[الآیۃ: ۵۳]: اصل میں تھا اُكْتُبْ بروزن اُفْعُلْ ،صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ثلاثی مجرد صحیح از باب نصر ینصر۔ جاری شدہ قوانین ہمزہ وصلی اور امر حاضر معلوم۔

۱۲۴- ﴿مُتَوَفِّيكَ﴾[الآیۃ: ۵۵]: اصل میں تھا مُتَوَفِّيٌ بروزن مُتَفَعِّلٌ ،صیغہ واحد مذکر اسم فاعل ثلاثی مزید فیہ لفیف مفروق از باب تفعّل۔ جاری شدہ قوانین یدعو، اسم فاعل اور نون تنوین نون تثنیہ۔

۱۲۵- ﴿وَرَافِعُكَ﴾[الآیۃ: ۵۵]: اصل میں تھا رَافِعٌ ،صیغہ واحد مذکر اسم فاعل ثلاثی مجرد از باب منع۔ جاری شدہ قوانین اسم فاعل اور نون تنوین نون تثنیہ۔

۱۲۶- ﴿وَمُطَهِّرُكَ﴾[الآیۃ: ۵۵]: مُطَهِّرٌ بروزن مفعّلٌ ،صیغہ واحد مذکر اسم فاعل ثلاثی مزید فیہ از باب تفعیل۔ قوانین اسم فاعل اور نون تنوین نون تثنیہ۔

۱۲۷- ﴿وجَاعِلُ﴾[الآیۃ: ۵۵]: یہ باب منع سے واحد مذکر اسم فاعل کا صیغہ ہے۔ قوانین: نون تنوین نون تثنیہ اور اسم فاعل۔

۱۲۸- ﴿اِتَّبَعُوكَ﴾[الآیۃ: ۵۵]: اصل میں تھا اِتْتَبَعُوْا بروزن اِفْتَعَلُوْا ،صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مزید فیہ صحیح از باب افتعال۔ جاری شدہ قوانین ہمزہ وصلی اور ادغام المتجانسین۔

۴۳۱- ﴿لااُضِیۡعُ﴾[الآیۃ:۱۹۵]:اصل میں تھالااُضۡیِعُ بروزن لااُفۡعِلُ،صیغہ واحد مذکر غائب فعل نفی معلوم اجوف یائی از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین یقول بیبع اور ہمزہ وصلی۔

۴۳۲- ﴿هَاجَرُوۡا﴾[الآیۃ:۱۹۵]:بروزن فاعَلُوا،صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم از باب مفاعلہ۔

۴۳۳- ﴿وَاُوۡذُوۡا﴾[الآیۃ:۱۹۵]:شروع میں واؤ عاطفہ ہے اور صیغہ ہے،اُوۡذُوۡا اصل میں تھااُءۡذِیُوۡا بروزن اُفۡعِلُوۡا، صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی مجہول مہموز الفاء وناقص یائی از باب افعال۔قوانین: آمن،یقول،یوسرُ،التقائے ساکنین اور ماضی مجہول

تعلیل:ہمزہ ساکنہ کو بقانون آمن واو سے تبدیل کیا تواُوۡذِیُوۡا بن گیا اور ی پر ضمہ ثقیل تھا نقل کر کے ماقبل ذال کو دیا تواُوۡذُیۡوۡا ہو گیا پھر ی کو بقانون یوسر واو سے بدل دیا تواُوۡذُوۡوۡا ہو گیا پھر پہلے واو کو گرا دیا تواُوۡذُوۡا بن گیا۔

۴۳۴- ﴿قَاتَلُوۡا﴾[الآیۃ:۱۹۵]:یہ باب مفاعلہ سے جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔

۴۳۵- ﴿قُتِلُوۡا﴾[الآیۃ:۱۹۵]:یہ باب نصر سے ماضی مجہول کا صیغہ ہے۔

۴۳۶- ﴿لَاُکَفِّرَنَّ﴾[الآیۃ:۱۹۵]:بروزن لَاُفَعِّلَنَّ،صیغہ واحد متکلم فعل مستقبل معلوم مؤکد بالام تاکید ونون تاکید

ثقیلہ از باب تفعیل۔

۴۳۷- ﴿تَجْرِیْ﴾[الآیة:۱۹۵]: اصل میں تھا تَجْرِیُ۔ یہ صیغہ سورۃ بقرہ[الآیة:۲۵] پر ملاحظہ فرمائیں۔

۴۳۸- ﴿لَایَضُرَّنَّکَ﴾[الآیة:۱۹۶]: اصل میں تھا لَایَضْرُرَنَّ بروزن لَایَفْعُلَنَّ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل نہی غائب معلوم مضاعف ثلاثی مؤکد بانون تاکید ثقیلہ از باب نصر۔

۴۳۹- ﴿تَقَلُّبُ﴾[الآیة:۱۹۶]: بروزن تَفَعُّلٌ، صیغہ اسم مصدر ہے ثلاثی مزید فیہ از باب تفعّل۔ قانون: نون تنوین نون تثنیہ۔

۴۴۰- ﴿اَلَّذِیْنَ اتَّقَوْا﴾[الآیة:۱۹۸]: اصل میں تھا اِوْتَقَیُوْا صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم لفیف مفروق از باب افتعال۔ جاری شدہ قوانین اتّعد، قال، التقائے ساکنین اور ہمزہ وصلی۔

۴۴۱- ﴿لَایَشْتَرُوْنَ﴾[الآیة:۱۹۹]: اصل میں تھا لَایَشْتَرِیُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم ناقص یائی از باب افتعال۔ جاری شدہ قوانین مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا، ہمزہ وصلی۔ اور اتمع اشبعہ کا قانون جاری ہوسکتا ہے۔

۴۴۲- ﴿اِصْبِرُوْا﴾[الآیة:۲۰۰]: صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم از باب ضرب۔ جاری شدہ قوانین امر حاضر معلوم اور نون اعرابی۔

۴۴۳- ﴿صَابِرُوْا﴾[الآیة:۲۰۰]: صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم از باب مفاعلہ۔

۴۴۴- ﴿رَابِطُوْا﴾[الآیة:۲۰۰]: صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم از باب مفاعلہ۔

سورة النساء

۱- ﴿بَثَّ﴾[الآیة:۱]: اصل میں تھا بَثَثَ۔ یہ باب نصر سے واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے اور مضاعف ثلاثی ہے۔ جاری شدہ قانون ادغام المتجانسین۔

۲- ﴿تَسَاءَلُوْنَ﴾[الآیة:۱]: اصل میں تھا تَتَسَاءَلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم مہموز العین از باب تفاعل۔ جاری شدہ قوانین تائے مضارعت اور مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا۔

۳- ﴿رَقِیْبًا﴾[الآیة:۱]: بروزن فَعِیْلاً، یہ باب شرف سے واحد مذکر صفت مشبہ کا صیغہ ہے۔

۴- ﴿اٰتُوْا﴾[الآیۃ: ۲]: اصل میں تھاأَ ءْتِیُوْا بروزن اَفْعِلُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم مہموز الفاء وناقص یائی ازباب افعال۔ جاری شدہ قوانین آمن، یقول، یوسُر، التقائے ساکنین، امر حاضر معلوم اور نون اعرابی۔

۵- ﴿لَا تَتَبَدَّلُوْا﴾[الآیۃ: ۲]: صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم از باب تفعّل۔

۶- ﴿حُوْبًا﴾[الآیۃ: ۲]: بروزن فُعْلاً، یہ باب نصر سے اسم مصدر ہے، اسکوحُوْبا پڑھنا جائز ہے، بقانون نون تنوین نون خفیفہ۔

۷- ﴿خِفْتُمْ﴾[الآیۃ: ۳]: اصل میں تھاخَوِفْتُمْ بروزن فَعِلْتُم، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم اجوف واوی از باب علم۔ جاری شدہ قوانین قال باع، التقائے ساکنین، ضربتم اور بعْنَ خِفْنَ۔

۸- ﴿اَلَّا تُقْسِطُوْا﴾[الآیۃ: ۳]: اصل میں تھالا تُقْسِطُوْا بروزن لا تُفْعِلُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین نون اعرابی، حروف یرملون اور ادغام المتجانسین۔

۹- ﴿فَانْکِحُوْا﴾[الآیۃ: ۳]: اِنْکِحُوْا بروزن اِفْعِلُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم از باب ضرب یضرب۔ جاری شدہ قوانین نون اعرابی، امر حاضر معلوم، باء مطلق اور ہمزہ وصلی۔

۱۰- ﴿طَابَ﴾[الآیۃ: ۳]: اصل میں تھاطَیَبَ، یہ باب ضرب سے واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔ قانون قال۔

۱۱- ﴿اَلَّا تَعْدِلُوْا﴾[الآیۃ: ۳]: اصل میں تھالا تَعْدِلُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم از باب ضرب۔ جاری شدہ قوانین نون اعرابی، حروف یرملون اور ادغام المتجانسین۔

۱۲- ﴿اَدْنٰی﴾[الآیۃ: ۳]: اصل میں اَدْنَوُ بروزن اَفْعَلُ، صیغہ واحد مذکر اسم تفضیل ناقص واوی از باب نصر۔ جاری شدہ قوانین یدعیٰ اور قال باع۔

۱۳- ﴿اَلَّا تَعُوْلُوْا﴾[الآیۃ: ۳]: اصل میں تھالا تَعْوُلُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم اجوف واوی از باب نصر۔ جاری شدہ قوانین نون اعرابی، حروف یرملون، ادغام المتجانسین۔

۱۴- ﴿نِحْلَةً﴾[الآیۃ: ۴]: بروزن فِعْلَةً، یہ باب منع سے مصدر ہے۔

۱۵- ﴿طِبْنَ﴾[الآیۃ: ۴]: اصل میں تھاطَیِبْنَ، صیغہ جمع مؤنث غائب فعل ماضی معلوم اجوف یائی از باب ضرب۔ جاری شدہ قوانین قال باع، التقائے ساکنین، بعْنَ خِفْنَ اور ضربن کا پہلا اور دوسرا۔

۱۶- ﴿فَكُلُوْهُ﴾[الآیۃ:۴]: اصل میں تھاأُ ءْكُلُوْا بروزن اُفْعُلُوا،صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم مہموز الفاء از باب نصر۔

۱۷- ﴿هَنِيْئًا﴾[الآیۃ:۴]: بروزن فَعِیْلاً، یہ باب شرُف سے واحد مذکر صفت مشبہ کا صیغہ ہے، مہموز اللام ہے۔

۱۸- ﴿مَرِيْئًا﴾[الآیۃ:۴]: یہ بھی مذکورہ بالا صیغہ ہی ہے۔

۱۹- ﴿لَاتُؤْتُوْا﴾[الآیۃ:۵]: اصل میں تھا لَاتُؤْتِيُوْا بروزن لَاتُفْعِلُوا،صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم مہموز الفاء و ناقص یائی از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین یقول، یوسرُ، نون اعرابی، ہمزہ وصلی اور التقائے ساکنین۔ اور رائس والا قانون جاری ہو سکتا ہے۔

۲۰- ﴿وَارْزُقُوْا﴾[الآیۃ:۵]: اصل میں تھا اُرْزُقُوْا،صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم از باب نصر۔ جاری شدہ قوانین امر حاضر معلوم، نون اعرابی اور ہمزہ وصلی۔

۲۱- ﴿وَاكْسُوْهُمْ﴾[الآیۃ:۵]: اصل میں تھا اِكْسِيُوْا بروزن اِفْعِلُوْا،صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ناقص یائی از باب ضرب۔ جاری شدہ قوانین نون اعرابی، امر حاضر معلوم، یقول، یوسرُ، التقائے ساکنین اور ہمزہ وصلی۔

۲۲- ﴿قُوْلُوْا﴾[الآیۃ:۵]: اصل میں تھا اُقْوُلُوْا،صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم از باب نصر۔ جاری شدہ قوانین امر حاضر، نون اعرابی اور ہمزہ وصلی۔

۲۳- ﴿قَوْلًا﴾[الآیۃ:۵]: یہ باب نصر سے مصدر ہے۔

۲۴- ﴿مَعْرُوْفًا﴾[الآیۃ:۵]: یہ باب ضرب سے واحد مذکر اسم مفعول کا صیغہ ہے۔

۲۵- ﴿وَابْتَلُوْا﴾[الآیۃ:۶]: اصل میں تھا اِبْتَلِوُوْا بروزن اِفْتَعِلُوا،صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ناقص واوی از باب افتعال۔ جاری شدہ قوانین نون اعرابی، امر حاضر معلوم، یقول، یوسرُ، دُعِیَ، التقائے ساکنین اور ہمزہ وصلی۔

۲۶- ﴿ءَانَسْتُمْ﴾[الآیۃ:۶]: اصل میں تھا أَ ءْنَسْتُمْ بروزن اَفْعَلْتُمْ،صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم مہموز الفاء از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین آمن، ضربتم۔

۲۷- ﴿لَاتَأْكُلُوْا﴾[الآیۃ:۶]: بروزن لَاتَفْعُلُوْا،صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم مہموز الفاء از باب نصر۔ قانون: نون اعرابی۔ اور رائس کا قانون لگ سکتا ہے۔

۲۸- ﴿اِسْرَافًا﴾[الآیۃ:۶]: یہ باب افعال سے مصدر ہے۔ اسکو اِسْرَافًا پڑھنا جائز ہے۔

۲۹- ﴿بِدَارًا﴾[الآیۃ:۶]: بروزن فِعالاً، یہ باب مفاعلہ سے مصدر ہے۔

۳۰- ﴿اَنْ یَّکْبَرُوْا﴾[الآیۃ:۶]: اصل میں تھایَکْبَرُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم از باب علم۔ جاری شدہ قوانین نون اعرابی، حروف یرملون اور ادغام المتجانسین۔

۳۱- ﴿فَلْیَسْتَعْفِفْ﴾[الآیۃ:۶]: لِیَسْتَعْفِفْ بروزن لِیَسْتَفْعِلْ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل امر غائب معلوم ثلاثی مزید فیہ از باب استفعال۔ اس میں حلقی العین کا قانون لگا ہوا ہے۔

۳۲- ﴿فَلْیَاْکُلْ﴾[الآیۃ:۶]: اصل میں تھالِیَاْکُلْ بروزن لِیَفْعُلْ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل امر غائب معلوم از باب نصر۔ جاری شدہ قانون حلقی العین ہے اور اسکو فَلْیَاکُلْ پڑھنا جائز ہے، بقانون رأس۔

۳۳- ﴿اَشْهِدُوْا﴾[الآیۃ:۶]: یہ باب افعال سے جمع مذکر مخاطب فعل امر کا صیغہ ہے۔

۳۴- ﴿حَسِیْبًا﴾[الآیۃ:۶]: یہ باب نصر سے واحد مذکر صفت مشبہ کا صیغہ ہے۔

۳۵- ﴿قَلَّ﴾[الآیۃ:۷]: اصل میں تھاقَلَلَ، یہ باب ضرب سے واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔

۳۶- ﴿کَثُرَ﴾[الآیۃ:۷]: یہ باب شرُف سے واحد مذکر فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔ اسکو کَثْرَ پڑھنا جائز ہے۔

۳۷- ﴿مَفْرُوْضًا﴾[الآیۃ:۷]: یہ باب ضرب سے واحد مذکر اسم مفعول کا صیغہ ہے اسکو مَفْرُوْضًا پڑھنا جائز ہے۔ اور اسم مفعول کا قانون جاری ہوا ہے۔

۳۸- ﴿فَارْزُقُوْا﴾[الآیۃ:۸]: اصل میں تھااُرْزُقُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم از باب نصر۔ جاری شدہ قوانین امر حاضر معلوم، نون اعرابی اور ہمزہ وصلی۔

۳۹- ﴿وَلْیَخْشَ﴾[الآیۃ:۹]: اصل میں تھالِیَخْشَیْ بروزن لِیَفْعَلْ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل امر غائب معلوم ناقص یائی از باب علم۔ جاری شدہ قوانین حلقی العین اور لم یدع۔

۴۰- ﴿خَافُوْا﴾[الآیۃ:۹]: اصل میں تھاخَوِفُوْا بروزن فَعِلُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم اجوف واوی از باب علم۔

۴۱- ﴿فَلْیَتَّقُوا اللّٰہَ﴾[الآیۃ:۹]: اصل میں تھالِیَوْتَقِیُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب فعل امر غائب معلوم لفیف مفروق از باب افتعال۔ جاری شدہ قوانین حلقی العین، یوسِرُ، یقول، التقائے ساکنین اور نون اعرابی۔

۴۲- ﴿سَدِيْدًا﴾[الآية:۹]: بروزن فَعِيْلاً، یہ باب ضرب وعلم سے صفت مشبہ کا صیغہ ہے۔

۴۳- ﴿سَيَصْلَوْنَ﴾[الآية:۱۰]: اصل میں تھا يَصْلَيُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم ناقص یائی از باب علم۔ جاری شدہ قوانین قال، التقائے ساکنین اور مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا۔

۴۴- ﴿يُوْصِيْكُمْ﴾[الآية:۱۱]: اصل میں تھا يُوْصِيُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم لفیف مفروق از باب افعال۔ قوانین: مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا، ہمزہ وصلی اور یدعو یرمی۔

۴۵- ﴿كُنَّ﴾[الآية:۱۱]: اصل میں تھا كَوُنْنَ بروزن فَعَلْنَ، صیغہ جمع مؤنث غائب فعل ماضی معلوم اجوف واوی از باب نصر۔ جاری شدہ قوانین قال باع، التقائے ساکنین، قُلْن، ادغام المتجانسین اور ضربن کا پہلا اور دوسرا۔
تعلیل: واو کو قال والا قانون کے تحت الف سے بدل دیا تو كَانْنَ ہو گیا پھر الف کو گرا دیا تو كَنْنَ ہو گیا پھر نون کو نون میں مدغم کیا تو كَنَّ ہو گیا پھر فا کلمہ کے فتحہ کو ضمہ سے تبدیل کیا بقانون قُلْنَ تو كُنَّ ہو گیا۔

۴۶- ﴿لَاتَدْرُوْنَ﴾[الآية:۱۱]: اصل میں تھا لَاتَدْرِيُوْنَ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم ناقص یائی از باب ضرب۔ جاری شدہ قوانین یقول، یوسرُ، التقائے ساکنین اور مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا۔

۴۷- ﴿اَقْرَبُ﴾[الآية:۱۱]: واحد مذکر اسم تفضیل از باب شرُف۔

۴۸- ﴿نَفْعًا﴾[الآية:۱۱]: یہ باب منع سے مصدر ہے۔

۴۹- ﴿لَمْ يَكُنْ﴾[الآية:۱۲]: اصل میں تھا لم يَكْوُنْ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل جحد معلوم اجوف واوی از باب نصر۔ جاری شدہ قوانین یقول اور التقائے ساکنین۔

۵۰- ﴿تَرَكْنَ﴾[الآية:۱۲]: بروزن فَعَلْنَ، صیغہ جمع مؤنث غائب فعل ماضی معلوم از باب نصر۔ جاری شدہ قوانین ضربن کا پہلا اور دوسرا۔

۵۱- ﴿يُوْصِيْنَ﴾[الآية:۱۲]: بروزن يُفْعِلْنَ، صیغہ جمع مؤنث فعل مضارع معلوم لفیف مفروق از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا اور ہمزہ وصلی۔

۵۲- ﴿تُوْصُوْنَ﴾[الآية:۱۲]: اصل میں تھا تُوْصِيُوْنَ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم لفیف مفروق از باب

افعال۔ جاری شدہ قوانین یقول، یوسرُ، التقائے ساکنین اور ہمزہ وصلی۔

۵۳- ﴿شُرَكَاءُ﴾[الآية:۱۲]: یہ باب شرُف سے جمع مذکر مکسر صفت مشبہ کا صیغہ ہے۔

۵۴- ﴿مُضَآرٍّ﴾[الآية:۱۲]: اصل میں تھا مُضَارِرٌ بروزن مُفَاعِلٌ، صیغہ واحد مذکر اسم فاعل ثلاثی مزید فیہ مضاعف ثلاثی از باب مفاعلہ۔ جاری شدہ قوانین اسم فاعل اور ادغام المتجانسین۔ اور نون تنوین کا قانون جاری ہو سکتا ہے۔

۵۵- ﴿مَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ﴾[الآية:۱۳]: اصل میں تھا يُطْوِعُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم اجوف واوی از باب افعال۔ قوانین یقول، حروف یرملون اور میعادٌ۔ من شرطیہ نے آخر کو جزم دیا ہے پھر الساکن اذا حرّک حرّک بالکسر والے قاعدے کے تحت عین کو ہم نے کسرہ کی حرکت دیدی۔

۵۶- ﴿الْفَوْزُ﴾[الآية:۱۳]: یہ باب نصر سے مصدر ہے۔

۵۷- ﴿مَنْ يَّعْصِ﴾[الآية:۱۴]: اصل میں تھا يَعْصِيُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم ناقص یائی از باب ضرب۔ جاری شدہ قوانین یدعو، حروف یرملون اور لم یدع۔

۵۸- ﴿وَيَتَعَدَّ﴾[الآية:۱۴]: اصل میں تھا يَتَعَدَّيُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم ناقص یائی از باب تفعّل۔ جاری شدہ قوانین قال اور لم یدع۔ کیونکہ من شرطیہ نے آخر سے حرف علت کو گرا دیا ہے۔

۵۹- ﴿مُهِيْنٌ﴾[الآية:۱۴]: اصل میں تھا مُهْوِنٌ، صیغہ واحد مذکر اسم فاعل ثلاثی مزید فیہ اجوف واوی از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین: یقول اور میعادٌ۔ اسکو مُهِيْنُوْ پڑھنا جائز ہے، بقانون نون خفیفہ۔

۶۰- ﴿يَأْتِيْنَ﴾[الآية:۱۵]: بروزن يَفْعِلْنَ، صیغہ جمع مؤنث غائب فعل مضارع معلوم مہموز الفاء و ناقص یائی از باب ضرب۔ جاری شدہ قوانین مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا۔ اسکو یاتِیْنَ پڑھنا جائز ہے، بقانون رائسٌ۔

۶۱- ﴿فَاسْتَشْهِدُوْا﴾[الآية:۱۵]: یہ باب استفعال سے جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین ہمزہ وصلی، نون اعرابی اور امر حاضر معلوم۔

۶۲- ﴿شَهِدُوْا﴾[الآية:۱۵]: صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم از باب علم۔ اسکو شَهْدُوْا، شِهْدُوْا، شِهِدُوْا پڑھنا جائز ہے بقانون حلقی العین۔

۶۳- ﴿اَمْسِكُوْا﴾[الآية:۱۵]: صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین امر حاضر معلوم اور نون اعرابی۔

۶۴- ﴿يَتَوَفّٰى﴾[الآية:۱۵]: اصل میں تھا يَتَوَفَّيُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم لفیف مفروق از باب تفعّل۔ جاری شدہ قانون قال۔

۶۵- ﴿يَاْتِيٰنِهَا﴾[الآية:۱۶]: يَاْتِيَانِ بروزن يَفْعِلَانِ، صیغہ تثنیہ مذکر غائب فعل مضارع معلوم مہموز الفاء و ناقص یائی از باب ضرب۔

۶۶- ﴿فَاٰذُوْهُمَا﴾[الآية:۱۶]: اصل میں تھا اِءْذِيُوْا بروزن اَفْعِلُوا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم مہموز الفاء وناقص یائی از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین آمن، یقول، یوسُرُ، التقائے ساکنین، امر حاضر معلوم اور نون اعرابی۔ اسکی تعلیل سورۃ ال عمران[الآية:۱۹۵] پر گزر چکی ہے۔

۶۷- ﴿تَابَا﴾[الآية:۱۶]: اصل میں تھا تَوَبَا، اس میں قال کا قانون جاری ہوا ہے۔

۶۸- ﴿يَتُوْبُوْنَ﴾[الآية:۱۷]: اصل میں تھا يَتْوُبُوْن، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم اجوف واوی از باب نصر۔ جاری شدہ قوانین مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا اور یقول۔

۶۹- ﴿بِجَهَالَةٍ﴾[الآية:۱۷]: یہ باب علم سے مصدر ہے۔

۷۰- ﴿تُبْتُ﴾[الآية:۱۸]: اصل میں تھا تَوَبْتُ، یہ باب نصر سے واحد متکلم فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے اجوف واوی ہے۔ جاری شدہ قوانین قال، التقائے ساکنین اور قُلن۔

۷۱- ﴿كُفَّارٌ﴾[الآية:۱۸]: بروزن فُعَّالٌ، صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل ثلاثی مجرد از باب نصر۔ كُفَّارُوْ پڑھنا جائز ہے بقانون نون تنوین نون خفیفہ۔

۷۲- ﴿اَعْتَدْنَا﴾[الآية:۱۸]: یہ باب افعال سے جمع متکلم فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔

۷۳- ﴿لَايَحِلُّ﴾[الآية:۱۹]: اصل میں لايَحْلِلُ.........الخ۔

۷۴- ﴿اَنْ تَرِثُوْا﴾[الآية:۱۹]: اصل میں تھا تَوْرِثُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم مثال واوی از باب حَسِبَ۔

جاری شدہ قوانین نون اعرابی، بائے مطلق، یعدُ اور مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا۔

۷۵- ﴿لِتَذْهَبُوْا﴾[الآیۃ:۱۹]: اصل میں تھا تَذْهَبُوْنَ.........الخ۔ قانون: نون اعرابی۔ لام کَی کے بعد اَنْ مقدر ہے جس نے نون اعرابی کو گرا دیا ہے۔

۷۶- ﴿عَاشِرُوْا﴾[الآیۃ:۱۹]: صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم از باب مفاعلہ۔ جاری شدہ قوانین امر حاضر معلوم اور نون اعرابی۔

۷۷- ﴿اٰتَیْتُمُوْهُنَّ﴾[الآیۃ:۱۹]: اصل میں تھا أَأْتَیْتُمْ بروزن اَفْعَلْتُمْ، یہ باب افعال سے جمع مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔ چونکہ اسکے آخر میں ھم ضمیر منصوب متصل آئی ہے اسلئے واؤ دوبارہ لوٹ آئی ہے۔ جاری شدہ قوانین آمن اور ضربتم۔

۷۸- ﴿اَرَدْتُّمُ﴾[الآیۃ:۲۰]: اصل میں تھا اَرْوَدْتُم، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم اجوف واوی از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین یقال، التقائے ساکنین، ضربتم اور وعدت۔

۷۹- ﴿اِسْتِبْدَالَ﴾[الآیۃ:۲۰]: یہ باب استفعال سے مصدر ہے، اس میں نون تنوین نون تثنیہ کا قانون جاری ہوا ہے۔

۸۰- ﴿بُهْتَانًا﴾[الآیۃ:۲۰]: بروزن فُعْلَانًا، یہ باب منع سے مصدر ہے۔

۸۱- ﴿اَفْضٰی﴾[الآیۃ:۲۱]: اصل میں تھا اَفْضَوَ، یہ باب افعال سے واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔ قانون: قال یُدْعٰی۔

۸۲- ﴿اَخَذْنَ﴾[الآیۃ:۲۱]: بروزن فَعَلْنَ، یہ باب نصر سے جمع مؤنث غائب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین: ضربن کا پہلا اور دوسرا۔

۸۳- ﴿مِیْثَاقًا﴾[الآیۃ:۲۱]: اصل میں تھا مِوْثَاقًا، یہ باب حَسِبَ سے مصدر میمی ہے۔ قانون: میعاد۔

۸۴- ﴿لَاتَنْكِحُوْا﴾[الآیۃ:۲۲]: صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم از باب ضرب۔ قوانین نون اعرابی اور بائے مطلق۔

۸۵- ﴿سَاءَ﴾[الآیۃ:۲۲]: اصل میں تھا سَوَءَ، یہ باب نصر سے واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔ قانون قال باع۔

۸۶- ﴿اَرْضَعْنَ﴾[الآیۃ:۲۳]: یہ باب افعال سے جمع مؤنث غائب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے، قوانین ضربن کا پہلا اور دوسرا۔

پانچواں پارہ

۸۷- ﴿وَالْمُحْصَنَاتُ﴾[الآیۃ:۲۴]: مُحْصَنَاتٌ بروزن مُفْعَلَاتٌ، صیغہ جمع مؤنث سالم اسم مفعول ثلاثی مزید فیہ از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین:۔ نون تنوین نون تثنیہ، ہمزہ وصلی، اسم مفعول اور ضربن کا پہلا۔

۸۸- ﴿اَنْ تَبْتَغُوْا﴾[الآیۃ:۲۴]: اصل میں تھا تَبْتَغِیُوْنَ..........الخ۔ قوانین نون اعرابی، یقول، یوسرُ، التقائے ساکنین اور یائے مطلق۔ اور تعلم کا قانون جاری ہوسکتا ہے۔

۸۹- ﴿مُحْصِنِیْنَ﴾[الآیۃ:۲۴]: بروزن مُفْعِلِیْنَ، صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل از باب افعال۔

۹۰- ﴿مُسَافِحِیْنَ﴾[الآیۃ:۲۴]: یہ باب مفاعلہ سے جمع مذکر سالم اسم فاعل کا صیغہ ہے۔

۹۱- ﴿فَمَا اسْتَمْتَعْتُمْ﴾[الآیۃ:۲۴]: صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم از باب استفعال۔ قوانین ہمزہ وصلی اور ضربتم۔

۹۲- ﴿تَرَاضَیْتُمْ﴾[الآیۃ:۲۴]: اصل میں تھا تَرَاضَوْتُمْ، یہ باب تفاعل سے جمع مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین ضربتم اور ریدگی۔

۹۳- ﴿لَمْ یَسْتَطِعْ﴾[الآیۃ:۲۵]: اصل میں تھا لَمْ یَسْتَطْوِعْ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل جحد معلوم ثلاثی مزید فیہ اجوف واوی از باب استفعال۔ جاری شدہ قوانین یقول اور میعاذ۔

۹۴- ﴿طَوْلًا﴾[الآیۃ:۲۵]: یہ باب نصر سے مصدر ہے۔

۹۵- ﴿فَانْکِحُوْا﴾[الآیۃ:۲۵]: اِنْکِحُوْا بروزن اِفْعِلُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم از باب ضرب۔ جاری شدہ قوانین نون اعرابی، امر حاضر معلوم، یائے مطلق اور ہمزہ وصلی۔

۹۶- ﴿اُحْصِنَّ﴾[الآیۃ:۲۵]: اصل میں تھا اُحْصِنَنَ، صیغہ جمع مؤنث غائب فعل ماضی مجہول ثلاثی مزید فیہ از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین ماضی مجہول، ضربن کا پہلا اور دوسرا اور ادغام المتجانسین۔

۹۷- ﴿اٰتَیْنَ﴾[الآیۃ:۲۵]: صیغہ جمع مؤنث غائب فعل ماضی معلوم مہموز الفاء و ناقص یائی از باب ضرب۔

۹۸- ﴿الْعَنَتَ﴾[الآیۃ:۲۵]: عَنَتٌ بروزن فعلٌ، یہ باب علم سے مصدر ہے۔

۹۹- ﴿لِیُبَیِّنَ﴾[الآیۃ:۲۵]: یُبَیِّنُ بروزن یُفَعِّلُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم اجوف یائی از باب تفعیل۔ اَنْ مقدرہ نے آخر کو نصب دیا ہے۔

۱۰۰- ﴿سُنَنَ﴾[الآیۃ:۲۶]:سُنَنَ بروزن فُعَلٌ،صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم تفضیل مضاعف ثلاثی از باب نصر۔

۱۰۱- ﴿یَتَّبِعُوْنَ﴾[الآیۃ:۲۷]:اصل میں تھایَتْتَبِعُوْنَ،صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم از باب افتعال۔جاری شدہ قوانین ادغام المتجانسین،ہمزہ وصلی اور مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا۔

۱۰۲- ﴿اَنْ تَمِیْلُوْا﴾[الآیۃ:۲۷]:اصل میں تھاتَمِیْلُوْنَ،صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم اجوف یائی از باب ضرب۔ جاری شدہ قوانین نون اعرابی،بائے مطلق اور یقول۔

۱۰۳- ﴿مَیْلًا﴾[الآیۃ:۲۷]:یہ باب ضرب سے مصدر ہے۔

۱۰۴- ﴿عَنْ تَرَاضٍ﴾[الآیۃ:۲۹]:اصل میں تھاتَرَاضُوٌ،صیغہ اسم مصدر ناقص واوی از باب تفاعل۔
تعلیل:واؤ واقع ہوئی اسم متمکن کے آخر میں ماقبل اسکا مضموم تھاتواس واؤ کو یاء سے بدل دیا دعی کے پہلے قانون کے تحت،تو تَـرَاضُـیٌ ہوگیا پھر یا مخفف واقع ہوئی اسم متمکن کے آخر میں اور ماقبل اسکا مضموم تھاتو اسکے ماقبل والے ضمہ کو کسرہ سے تبدیل کیا دعی کے دوسرے قانون کے تحت،توتَرَاضِیٌ ہوگیا پھر یاء پر ضمہ ثقیل تھا اسکو بقانون یدعو یرمی گرادیا توتَرَاضِیْنْ ہوگیا پھر التقائے ساکنین والے قانون کے تحت یاء کو گرادیا توتراضٍ ہوگیا۔اسکوتَـرَاضِـیٌ پڑھنا جائز ہے۔جاری شدہ قوانین دعی کا پہلا اور دوسرا،یدعو یرمی،التقائے ساکنین اور نون تنوین نون خفیف۔

۱۰۵-﴿ عُدْوَانًا﴾[الآیۃ:۳۰]:یہ باب نصر سے مصدر ہے۔

۱۰۶- ﴿ظُلْمًا﴾[الآیۃ:۳۰]:یہ باب ضرب سے مصدر ہے۔

۱۰۷-﴿نُصْلِیْہِ﴾[الآیۃ:۳۰]:اصل میں تھانُصْلِیُ،صیغہ جمع متکلم فعل مضارع معلوم ناقص یائی از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا،ہمزہ وصلی اور یدعو۔

۱۰۸- ﴿یَسِیْرًا﴾[الآیۃ:۳۰]:یہ باب شرُف سے مصدر ہے۔

۱۰۹- ﴿اِنْ تَـجْتَنِبُوْا﴾[الآیۃ:۳۱]:اصل میں تھاتَـجْتَنِبُوْنَ،صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم از باب افتعال۔ جاری شدہ قوانین نون اعرابی،بائے مطلق اور مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا۔

۱۱۰- ﴿کَبَـائِرَ﴾[الآیۃ:۳۱]:بروزن فَـعَـائِلُ،صیغہ جمع مؤنث مکسر صفت مشبہ صحیح از باب شرُف۔اس میں شرائف کا

قانون لگا ہے۔ یہ اصل میں کَبَایِرُ تھا۔

۱۱۱- ﴿تُنْهَوْنَ﴾[الآیۃ: ۳۱]: اصل میں تھا تُنْهَيُوْنَ، یہ باب علم سے جمع مذکر مخاطب فعل مضارع مجہول کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین قال، یائے مطلق، التقائے ساکنین اور مضارع مجہول۔

۱۱۲- ﴿نُكَفِّرْ﴾[الآیۃ: ۳۱]: اصل میں تھا نُكَفِّرُ، جزاء واقع ہونے کی وجہ سے آخر میں جزم آیا ہے۔

۱۱۳- ﴿كَرِيْمًا﴾[الآیۃ: ۳۱]: یہ باب شَرُف سے واحد مذکر صفت مشبہ کا صیغہ ہے۔

۱۱۴- ﴿لَا تَتَمَنَّوْا﴾[الآیۃ: ۳۲]: اصل میں تھا لا تَتَمَنَّيُوْا، یہ باب تفعّل سے جمع مذکر مخاطب فعل نہی کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین نون اعرابی، قال، اور التقائے ساکنین۔

۱۱۵- ﴿مِمَّا اكْتَسَبُوْا﴾[الآیۃ: ۳۲]: اِكْتَسَبُوْا، یہ باب افتعال سے جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قانون ہمزہ وصلی۔ اور خَصَّم کا قانون لگ سکتا ہے۔ مِمَّا اصل میں تھا مِنْ مَا تھا اس میں حروف یرملون کا قانون جاری ہوا ہے۔ تعلیل: بقانون خَصَّم تائے افتعال کو سین کریں گے پھر سینِ اول کی حرکت کو نقل کر کے ما قبل کو دیں گے اور سین کو سین میں مدغم کریں گے، تو كَسَّبُوْا پڑھیں گے۔

۱۱۶- ﴿وَسْئَلُوا اللّٰهَ﴾[الآیۃ: ۳۲]: اصل میں تھا اِسْئَلُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم مہموز العین از باب منع۔ جاری شدہ قوانین ہمزہ وصلی، نون اعرابی اور امر حاضر معلوم۔ اور یَسَل کا قانون جاری ہو سکتا ہے۔

۱۱۷- ﴿تَخَافُوْنَ﴾[الآیۃ: ۳۴]: اصل میں تھا تَخْوَفُوْنَ، اس میں یقال کا قانون کا جاری ہوا ہے۔

۱۱۸- ﴿فَعِظُوْهُنَّ﴾[الآیۃ: ۳۴]: عِظُوْا اصل میں تھا اِوْعِظُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم مثال واوی از باب ضرب۔ جاری شدہ قوانین یعدُ، ہمزہ وصلی، نون اعرابی اور امر حاضر معلوم۔

۱۱۹- ﴿وَاهْجُرُوْهُنَّ﴾[الآیۃ: ۳۴]: اُهْجُرُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم از باب نصر۔ جاری شدہ قوانین ہمزہ وصلی، امر حاضر معلوم اور نون اعرابی۔

۱۲۰- ﴿اَطَعْنَ﴾[الآیۃ: ۳۴]: اصل میں اَطْوَعْنَ، یہ باب افعال سے جمع مؤنث غائب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین یقال، التقائے ساکنین اور ضربن کا پہلا اور دوسرا۔

۱۲۱- ﴿فَلَا تَبْغُوْا﴾[الآیۃ:۳۴]: اصل میں تھالَا تَبْغِيُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم ناقص یائی از باب ضرب۔
جاری شدہ قوانین نون اعرابی، یقول، یوسر اور التقائے ساکنین۔

۱۲۲-﴿نُشُوْزَهُنَّ﴾[الآیۃ:۳۴]: نُشُوْزًا بروزن فُعُوْلًا، یہ باب نصر و باب ضرب سے مصدر ہے۔ قانون نون تنوین۔

۱۲۳- ﴿خِفْتُمْ﴾[الآیۃ:۳۵]: اصل میں تھا خَوِفْتُمْ، یہ باب علم سے جمع مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔
جاری شدہ قوانین قال، التقائے ساکنین، بعن خفن اور ضربتم۔

۱۲۴- ﴿اِنْ یُّرِیْدَا﴾[الآیۃ:۳۵]: اصل میں تھا یُرْوِدَانِ، قوانین: نون اعرابی، میعاد، حروف یرملون، ہمزہ وصلی اور یقول۔

۱۲۵- ﴿اِصْلَاحًا﴾[الآیۃ:۳۵]: یہ باب افعال سے مصدر ہے۔

۱۲۶- ﴿مُخْتَالًا﴾[الآیۃ:۳۶]: اصل میں تھا مُخْتَيِلًا، یہ باب افتعال سے واحد مذکر اسم فاعل کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ
قوانین قال اور اسم فاعل۔ اور اسکو مُخْتَالًا پڑھنا جائز ہے بقانون نون خفیفہ۔

۱۲۷- ﴿فَخُوْرًا﴾[الآیۃ:۳۶]: یہ باب علم سے صفت مشبہ کا صیغہ ہے۔

۱۲۸- ﴿قَرِیْنًا﴾[الآیۃ:۳۸]باب ضرب سے صفت مشبہ کا صیغہ ہے۔

۱۲۹- ﴿اِنْ تَکُ﴾[الآیۃ:۴۰]: اصل میں تھا تَکْوُنُ......الخ۔
تعلیل: واؤ پر ضمہ ثقیل تھا نقل کر کے ماقبل کاف کو دیا تو تَکُوْنُ بن گیا پھر ان شرطیہ نے آخر کو جزم دیا تو تَکُوْنْ ہو گیا پھر واؤ کو
التقائے ساکنین والے قانون کے ذریعے گرا دیا تو تَکُنْ بن گیا پھر آخر سے نون ساکن کو تخفیفاً گرا دیا تو تَکُ ہو گیا۔

۱۳۰- ﴿یُؤْتِ﴾[الآیۃ:۴۰]: اصل میں تھا یُؤْتِیُ، یہ باب افعال سے واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔
تعلیل: یاء پر ضمہ ثقیل تھا اسکو گرا دیا تو یُؤْتِیْ ہو گیا پھر اِنْ شرطیہ نے آخر سے حرف علت کو گرا دیا تو یُؤْتِ ہو گیا۔ جاری شدہ
قوانین مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا، یدعوا اور لم یدع۔ اور ورائش کا قانون جاری ہو سکتا ہے۔

۱۳۱-﴿جِئْنَا﴾[الآیۃ:۴۱]: اصل میں تھا جَیِئْنَا، صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم اجوف یائی و مہموز اللام از باب ضرب۔
جاری شدہ قوانین قال، التقائے ساکنین اور بعن خفن۔ اور ورائش کا قانون جاری ہو سکتا ہے۔

۱۳۲-﴿عَصَوُا الرَّسُوْلَ﴾[الآیۃ:۴۲]: اصل میں تھا عَصَيُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم ناقص یائی از باب ضرب۔

جاری شدہ قوانین قال، التقائے ساکنین اور لیدعون۔

تعلیل: یاء کو بقانون قال کے الف سے تبدیل کیا تو عصاوْا ہوگیا پھر التقائے ساکنین والے قانون کے تحت الف کو گرادیا تو عصَوْا ہوگیا پھر التقائے ساکنین آیا واؤ اور راء کے درمیان پہلا انکا ساکن غیر مدہ واؤ جمع کی تھی تو اس واؤ کو ضمہ کی حرکت دیدی تو عصَوُا ہوگیا۔

۱۳۳-﴿تُسَوّٰی﴾[الآیۃ: ۴۲]: اصل میں تھا تُسَوَّیُ، صیغہ واحد مؤنث غائب فعل مضارع مجہول لفیف مقرون از باب تفعیل۔ جاری شدہ قوانین قال اور مضارع مجہول۔

۱۳۴- ﴿عَابِرِیْ سَبِیْلٍ﴾[الآیۃ: ۴۳]: اصل میں تھا عَابِرِیْنَ، یہ باب نصر سے جمع مذکر سالم اسم فاعل کا صیغہ ہے اس میں اضافت کی وجہ سے نون جمع گر گئی ہے۔

۱۳۵- ﴿لٰمَسْتُمُ﴾[الآیۃ: ۴۳]: یہ باب مفاعلہ سے جمع مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔ قانون ضربتم۔

۱۳۶- ﴿لَمْ تَجِدُوْا﴾[الآیۃ: ۴۳]: اصل میں تھا لَمْ تَوْجِدُوْا......الخ۔ جاری شدہ قوانین یعدُ، نون اعرابی۔

۱۳۷- ﴿تَیَمَّمُوْا﴾[الآیۃ: ۴۳]: یہ باب تفعُّل سے جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم کا صیغہ ہے۔ اور باب تفعّل سے جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم کا صیغہ بھی بن سکتا ہے۔

۱۳۸- ﴿عَفُوًّا﴾[الآیۃ: ۴۳]: اصل میں تھا عَفُوْوًا بروزن فَعُوْلًا، یہ باب نصر سے صفت مشبہ کا صیغہ ہے۔

۱۳۹- ﴿اَنْ تَضِلُّوْا﴾[الآیۃ: ۴۴]: اصل میں تضلِلُوْنَ الخ۔ قوانین: نون اعرابی، بائے مطلق اور ادغام المتجانسین۔

۱۴۰- ﴿بِاَعْدَائِکُمْ﴾[الآیۃ: ۴۵]: اصل میں تھا اعْداوٌ، یہ باب نصر سے جمع مذکر مکسر اسم فاعل کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین نون تنوین نون تثنیہ اور دُعاء بکاء۔

۱۴۱- ﴿طَعْنًا﴾[الآیۃ: ۴۶]: یہ باب منع سے مصدر ہے۔

۱۴۲- ﴿وَاَقْوَمَ﴾[الآیۃ: ۴۶]: یہ باب نصر سے واحد مذکر اسم تفضیل کا صیغہ ہے۔

۱۴۳-﴿فَنَرُدَّهَا﴾[الآیۃ: ۴۷]: اصل میں تھا نَرْدُدُ، صیغہ جمع متکلم فعل مضارع معلوم مضاعف ثلاثی از باب نصر۔ اس میں فاء عاطفہ ہے اور نَرُدُّ کا عطف نَطْمِسَ پر ہے۔

۱۴۴-﴿ لَعَنَّا﴾[الآیۃ: ۴۷]: اصل میں تھا لَعَنْنَا بروزن فعلْنا، یہ باب منع سے جمع متکلم فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔

۱۴۵- ﴿فَقَدِ افْتَرٰی﴾[الآیۃ:۴۸]: اصل میں تھا اِفْتَرَیَ......الخ۔ جاری شدہ قوانین قال باع اور ہمزہ وصلی۔

۱۴۶- ﴿اِثْماً﴾[الآیۃ:۴۸]: بروزن فِعْلاً، یہ باب علم سے مصدر ہے۔

۱۴۷- ﴿یُـزَكُّوْن﴾[الآیۃ:۴۹]: اصل میں تھا یُـزَكِّـوُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم ناقص یائی از باب تفعیل۔ جاری شدہ قوانین یقول، دُعِیَ، یوسِرُ، التقائے ساکنین اور مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا۔

۱۴۸- ﴿اُنْظُرْ﴾[الآیۃ:۵۰]: یہ باب نصر سے واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم کا صیغہ ہے۔ قوانین: امر حاضر معلوم اور بائے مطلق۔

۱۴۹- ﴿یَفْتَرُوْنَ﴾[الآیۃ:۵۰]: اصل میں تھا یَفْتَرِیُوْنَ، یہ باب افتعال سے جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین یقول، ہمزہ وصلی یوسِرُ اور التقائے ساکنین۔

۱۵۰- ﴿اَلْكَذِبَ﴾[الآیۃ:۵۰]: كَذِبٌ بروزن فَعِلٌ، یہ باب ضرب سے مصدر ہے۔ جاری شدہ قانون نون تنوین۔

۱۵۱- ﴿اَهْدٰی﴾[الآیۃ:۵۱]: اصل میں تھا اَهْدَیُ، یہ باب ضرب سے واحد مذکر اسم تفضیل کا صیغہ ہے۔ قانون قال۔

۱۵۲- ﴿لَایُـؤْتُـوْنَ﴾[الآیۃ:۵۳]: اصل میں تھا لَایُـؤْتِیُـوْنَ...... یہ مہموز الفاء و ناقص یائی ہے۔ قوانین: یقول، یوسِرُ، التقائے ساکنین اور ہمزہ وصلی۔ اسکو لَایُوْتُوْنَ پڑھنا جائز ہے، بقانون راسٌ۔

۱۵۳- ﴿اٰتَیْنَا﴾[الآیۃ:۵۴]: اصل میں تھا اَءْتَیْنَا، صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم ثلاثی مزید فیہ مہموز الفاء و ناقص یائی از باب افعال۔

۱۵۴- ﴿نُصْلِیْهِمْ﴾[الآیۃ:۵۶]: اصل میں تھا نُصْلِیُ، صیغہ جمع متکلم فعل مضارع معلوم ناقص یائی از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا، ہمزہ وصلی اور یدعو۔

۱۵۵- ﴿اَنْ تُـؤَدُّوْا﴾[الآیۃ:۵۸]: اصل میں تھا تُـؤَدِّیُوْنَ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم مہموز الفاء و ناقص یائی از باب تفعیل۔ جاری شدہ قوانین بائے مطلق، نون اعرابی، یقول، یوسِرُ اور التقائے ساکنین۔ اور میرٌ کا قانون لگ سکتا ہے یعنی اَنْ تُـــوَدُّوْا پڑھنا جائز ہے۔

۱۵۶- ﴿اَنْ تَحْكُمُوْا﴾[الآیۃ:۵۸]: اصل میں تھا تَحْكُمُوْنَ......الخ۔ قوانین: نون اعرابی اور بائے مطلق۔

۱۵۷- ﴿بِالْعَدْلِ﴾[الآیۃ:۵۸]: عَدْلٌ بروزن فَعْلٌ، یہ باب ضرب سے مصدر ہے۔

۱۵۸- ﴿يَعِظُكُمْ﴾[الآیۃ:۵۸]:اصل میں تھایَوْعِظُ ......الخ۔قوانین:مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا اوریعد۔

۱۵۹- ﴿فَرُدُّوْهُ﴾[الآیۃ:۵۹]:اصل میں تھااُرْدُدُوْا،یہ باب نصر سے جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم کا صیغہ ہے۔

تعلیل:دالِ اول کی حرکت کونقل کر کے ماقبل راء کودی اور دالِ اول کو دالِ ثانی میں مدغم کردیا تو اُرُدُّوْا ہوگیا پھر مابعد کے متحرک ہوجانے سے ہمزہ وصلی گرگیا تو رُدُّوْهُ ہوگیا۔جاری شدہ قوانین امر حاضر معلوم،نون اعرابی،ادغام المتجانسین اور ہمزہ وصلی۔

۱۶۰- ﴿تَاْوِيْلاً﴾[الآیۃ:۵۹]:یہ باب تفعیل سے مصدر ہے اسکوتَاوِیْلاً پڑھنا جائز ہے۔

۱۶۱- ﴿اُمِرُوْا﴾[الآیۃ:۶۰]:یہ باب نصر سے جمع مذکر غائب فعل ماضی مجہول کا صیغہ ہے۔

۱۶۲- ﴿اَنْ يَّكْفُرُوْا﴾[الآیۃ:۶۰]:اصل میں تھایَکْفُرُوْنَ،یہ باب نصر سے جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔

جاری شدہ قوانین نون اعرابی،حروف یرملون اور مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا۔

۱۶۳- ﴿اَنْ يُّضِلَّهُمْ﴾[الآیۃ:۶۰]:اصل میں تھایُضْلِلُ......الخ۔قوانین:حروف یرملون اورادغام المتجانسین۔

۱۶۴- ﴿تَعَالَوْا﴾[الآیۃ:۶۱]:اصل میں تھاتَعَالَوُوْا......الخ۔یہ صیغہ سورۃ آل عمران[الآیۃ:۶۴]پرملاحظہ کیجئے۔

۱۶۵- ﴿يَصُدُّوْنَ﴾[الآیۃ:۶۱]:اصل میں تھا یَصْدُدُوْنَ،یہ باب نصر سے جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔

جاری شدہ قوانین مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا اورادغام المتجانسین۔

۱۶۶- ﴿صُدُوْداً﴾[الآیۃ:۶۱]:یہ باب نصر وضرب سے مصدر ہے۔اسکوصُدُوْدًا پڑھنا جائز ہے بقانون نون خفیفہ۔

۱۶۷- ﴿جَاءُوْكَ﴾[الآیۃ:۶۲]:اصل میں تھاجَیَئُوْا،اس میں قال کا قانون جاری ہوا ہے۔

۱۶۸- ﴿اَرَدْنَا﴾[الآیۃ:۶۲]:اصل میں تھااَرْوَدْنَا،صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم اجوف واوی از باب افعال۔جاری شدہ قوانین یقال اورالتقائے ساکنین۔

۱۶۹- ﴿اِحْسَاناً﴾[الآیۃ:۶۲]:یہ باب افعال سے مصدر ہے۔

۱۷۰- ﴿تَوْفِيْقاً﴾[الآیۃ:۶۲]:یہ باب تفعیل سے مصدر ہے۔

۱۷۱- ﴿وَعِظْهُمْ﴾[الآیۃ:۶۳]:اصل میں تھااَوْعِظْ،یہ باب ضرب سے واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم کا صیغہ ہے۔

جاری شدہ قوانین یعذ، ہمزہ وصلی اور امر حاضر معلوم۔

۱۷۲- ﴿بَلِيغًا﴾[الآية: ۶۳]: یہ باب شرُف سے واحد مذکر صفت مشبہ کا صیغہ ہے۔

۱۷۳- ﴿لِيُطَاعَ﴾[الآية: ۶۴]: اصل میں تھا یُطْوَعُ، یہ باب افعال سے واحد مذکر غائب فعل مضارع مجہول کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین یُقال اور مضارع مجہول، لام کئی کے بعد اَنْ مقدر ہے۔

۱۷۴- ﴿حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ﴾[الآية: ۶۵]: اصل میں تھا یُحَكِّمُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم از باب تفعیل۔ آخر سے اَنْ مقدرہ کی وجہ سے نون گرا ہے۔

۱۷۵- ﴿لَا يَجِدُوْا﴾[الآية: ۶۵]: اصل میں تھا لا یَوْجِدُوْنَ ...... الخ۔ جاری شدہ قوانین یعذ اور نون اعرابی۔

۱۷۶- ﴿حَرَجًا﴾[الآية: ۶۵]: یہ باب علم سے مصدر ہے۔

۱۷۷- ﴿قَضَيْتَ﴾[الآية: ۶۵]: یہ باب ضرب سے واحد مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔

۱۷۸- ﴿وَيُسَلِّمُوْا﴾[الآية: ۶۵]: اصل میں یُسَلِّمُوْنَ ...... الخ۔ قانون: نون اعرابی، کیونکہ اسکا عطف لا یجدوا پر ہے۔

۱۷۹- ﴿تَسْلِيمًا﴾[الآية: ۶۵]: یہ باب تفعیل سے مصدر ہے۔

۱۸۰- ﴿اقْتُلُوْا﴾[الآية: ۶۶]: یہ باب نصر سے جمع مذکر مخاطب فعل امر کا صیغہ ہے۔ قوانین: ہمزہ وصلی، امر حاضر معلوم اور نون اعرابی۔

۱۸۱- ﴿اَوِ اخْرُجُوْا﴾[الآية: ۶۶]: اُخْرُجُوْا، یہ باب نصر سے جمع مذکر مخاطب فعل امر کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین امر حاضر معلوم، نون اعرابی اور ہمزہ وصلی۔

۱۸۲- ﴿حَسُنَ﴾[الآية: ۶۹]: یہ باب شرُف سے واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے اسکو حَسْنَ پڑھنا جائز ہے بقانون حلقی العین۔

۱۸۳- ﴿رَفِيقًا﴾[الآية: ۶۹]: یہ باب نصر، شرُف اور علم سے صفت مشبہ کا صیغہ ہے۔

۱۸۴- ﴿خُذُوْا﴾[الآية: ۷۱]: اصل میں تھا أُخُذُوْا۔ یہ صیغہ سورۃ البقرہ [الآية: ۶۳] پر ملاحظہ فرمائیں۔

۱۸۵- ﴿حِذْرَكُمْ﴾[الآية: ۷۱]: حِذْرٌ بروزن فِعْلٌ، یہ باب ضرب سے مصدر ہے۔

۱۸۶-﴿فَانْفِرُوْا﴾[الآیۃ: ۷۱]: اصل میں تھااِنْفِرُوْا، یہ باب ضرب سے جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین امر حاضر معلوم، نون اعرابی، ہمزہ وصلی اور بائے مطلق۔

۱۸۷- ﴿لَيُبَطِّئَنَّ﴾[الآیۃ: ۷۲]: صیغہ واحد مذکر غائب فعل مستقبل معلوم مؤکد بالام تاکید ونون تاکید ثقیلہ از باب تفعیل۔

۱۸۸- ﴿لَمْ اَكُنْ﴾[الآیۃ: ۷۲]: اصل میں تھالَمْ اَكُوْنُ ......الخ۔ جاری شدہ قوانین یقول اور التقائے ساکنین۔

۱۸۹- ﴿فَاَفُوْزَ﴾[الآیۃ: ۷۳]: اصل میں تھااَفُوْزُ، یہ باب نصر سے واحد متکلم فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین یقول اور مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا۔

فائدہ: یہاں فاء کے بعد اَنْ مقدر ہے، اور یہ فاء تمنی (یالیتنی) کے جواب میں واقع ہوا ہے۔

۱۹۰- ﴿فَوْزاً﴾[الآیۃ: ۷۳]: یہ باب نصر سے مصدر ہے۔

۱۹۱- ﴿عَظِيْماً﴾[الآیۃ: ۷۳]: یہ باب شَرُفَ سے واحد مذکر صفت مشبہ کا صیغہ ہے۔

۱۹۲- ﴿فَلْيُقَاتِلْ﴾[الآیۃ: ۷۴]: اصل میں تھالِيُقَاتِلْ، یہ باب مفاعلہ سے واحد مذکر فعل امر غائب معلوم کا صیغہ ہے۔ اس میں حلقی العین کا قانون جاری ہوا ہے۔

۱۹۳- ﴿يَشْرُوْنَ﴾[الآیۃ: ۷۴]: اصل میں تھايَشْرِيُوْنَ، یہ باب ضرب سے جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین یقول، یوسرُ، التقائے ساکنین اور مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا۔

۱۹۴- ﴿نُؤْتِيْهِ﴾[الآیۃ: ۷۴]: اصل میں تھانُؤْتِيُ، یہ باب افعال سے جمع متکلم فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین یدعو اور مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا۔ اور اسکو نُوْتِيْ پڑھنا جائز ہے۔

۱۹۵- ﴿اَجْراً﴾[الآیۃ: ۷۴]: یہ باب نصر سے مصدر ہے۔

۱۹۶- ﴿اَخْرِجْنَا﴾[الآیۃ: ۷۵]: اسکے آخر میں نا ضمیر منصوب متصل ہے اور صیغہ اَخْرِجْ ہے، یہ باب افعال سے امر کا صیغہ ہے۔

۱۹۷- ﴿كُفُّوْا﴾[الآیۃ: ۷۷]: اصل میں تھا اُكْفُفُوْا، یہ باب نصر سے جمع مذکر مخاطب فعل امر کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین ادغام المتجانسین، ہمزہ وصلی، امر حاضر معلوم اور نون اعرابی۔

۱۹۸- ﴿الْقِتَالُ﴾[الآیۃ:۷۷]: قِتَالٌ، یہ باب مفاعلہ سے مصدر ہے۔ جاری شدہ قانون نون تنوین۔

۱۹۹- ﴿يَخْشَوْنَ﴾[الآیۃ:۷۷]: اصل میں تھا یَخْشَیُوْنَ، یہ باب عَلِم سے جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین قال، التقائے ساکنین اور مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا۔

۲۰۰- ﴿كَخَشْيَةِ﴾[الآیۃ:۷۷]: یہ باب عَلِم سے مصدر ہے فَعْلَةٌ کے وزن پر۔

۲۰۱- ﴿لِمَنِ اتَّقٰى﴾[الآیۃ:۷۷]: اصل میں تھا اِوْتَقَیَ، یہ باب افتعال سے ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین اِتَّعد، ادغام المتجانسین، قال اور ہمزہ وصلی۔

۲۰۲- ﴿فَتِيْلًا﴾[الآیۃ:۷۸]: یہ باب عَلِم سے صفت مشبہ کا صیغہ ہے۔

۲۰۳- ﴿مُشَيَّدَةٍ﴾[الآیۃ:۷۸]: بروزن مُفَعَّلَةٌ، صیغہ واحد مؤنث اسم مفعول اجوف یائی از باب تفعیل۔ قانون اسم مفعول۔

۲۰۴- ﴿تَوَلّٰى﴾[الآیۃ: ۸۰]: اصل میں تھا تَوَلّیَ...... الخ۔ اس میں قال کا قانون جاری ہوا ہے اور اِتَّعد کا جاری ہو سکتا ہے، یعنی اِتَّلّٰی پڑھنا جائز ہے۔

۲۰۵- ﴿حَفِيْظًا﴾[الآیۃ: ۸۰]: یہ باب عَلِم سے صفت مشبہ کا صیغہ ہے۔

۲۰۶- ﴿طَاعَةٌ﴾[الآیۃ: ۸۱]: یہ باب افعال سے مصدر ہے، قیاس کا تقاضا تو یہ ہے کہ اسکا مصدر اطاعۃ آجائے۔ طاعةٌ اصل میں تھا طَوَعَةٌ، قال کا قانون لگنے کے بعد طاعةٌ بن گیا۔

۲۰۷- ﴿يَتَدَبَّرُوْنَ﴾[الآیۃ: ۸۲]: صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم از باب تفعّل۔ جاری شدہ قوانین مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا۔ اور خصّم کا قانون جاری ہو سکتا ہے یعنی یَدَّبَّرُوْن پڑھنا جائز ہے۔

۲۰۸- ﴿الْاَمْنِ﴾[الآیۃ: ۸۳]: یہ باب عَلِم سے مصدر ہے۔

۲۰۹- ﴿اَذَاعُوْا﴾[الآیۃ: ۸۳]: اصل میں تھا اَذْیَعُوْا، یہ باب افعال سے جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے اس میں یقال کا قانون جاری ہوا ہے۔

۲۱۰- ﴿رَدُّوْهُ﴾[الآیۃ: ۸۳]: اصل میں تھا رَدَدُوْا، یہ باب نصر سے جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔ قانون ادغام المتجانسین۔

۲۱۱- ﴿یَسْتَنْبِطُوْنَهٗ﴾[الآیة:۸۳]:یَسْتَنْبِطُوْنَ،صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم از باب استفعال۔جاری شدہ قوانین مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا اور بائے مطلق۔اس میں اقلاب ہوا ہے۔

۲۱۲- ﴿لَاتَّبَعْتُمُ﴾[الآیة:۸۳]:اصل میں تھااِتْتَبَعْتُمْ،یہ باب افتعال سے جمع مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔جاری شدہ قوانین ادغام المتجانسین،ہمزہ وصلی اور ضربتم۔

۲۱۳- ﴿حَرِّضِ﴾[الآیة:۸۴]:اصل میں تھاحَرِّضْ،یہ باب تفعیل سے واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم کا صیغہ ہے۔جاری شدہ قوانین امر حاضر معلوم،التقائے ساکنین۔

۲۱۴- ﴿اَنْ یَّکُفَّ﴾[الآیة:۸۴]:اصل میں تھایَکْفُفُ......الخ۔قوانین:حروف یرملون اور ادغام المتجانسین۔

۲۱۵- ﴿اَشَدُّ﴾[الآیة:۸۴]:اصل میں تھااَشْدَدُ،یہ باب نصر سے واحد مذکر اسم تفضیل کا صیغہ ہے۔قانون:ادغام المتجانسین۔

۲۱۶- ﴿تَنْكِيلًا﴾[الآیة:۸۴]:یہ باب تفعیل سے مصدر ہے۔قانون:بائے مطلق،اور اسکوتنکیلاً پڑھنا جائز ہے،بقانون نون خفیفہ۔

۲۱۷- ﴿یَکُنْ﴾[الآیة:۸۵]:اصل میں تھایَکْوُنُ......الخ۔

تعلیل:واؤ پر ضمہ ثقیل تھانقل کر کے ماقبل کاف کو دیا تو یَکُوْنُ بن گیا پھر من شرطیہ نے آخر کو جزم دیا تو یَکُوْنْ بن گیا پھر واؤ کو التقائے ساکنین والے قانون کے تحت گرا دیا تو یَکُنْ ہوگیا۔جاری شدہ قوانین یقول اور التقائے ساکنین۔

۲۱۸- ﴿مُقِيتًا﴾[الآیة:۸۵]:اصل میں تھامُقْوِتاً،یہ باب افعال سے واحد مذکر اسم فاعل کا صیغہ ہے۔جاری شدہ قوانین میعاذ،یقول،ہمزہ وصلی اور اسم فاعل۔اسکومُقِیْتَاپڑھنا جائز ہے۔

۲۱۹- ﴿حُيِّيْتُمْ﴾[الآیة:۸۶]:اصل میں تھاحُيِّوْتُمْ یہ باب تفعیل سے جمع مذکر مخاطب فعل ماضی مجہول کا صیغہ ہے لفیف مقرون ہے۔جاری شدہ قوانین ماضی مجہول اور ضربتم۔

۲۲۰- ﴿فَحَيُّوْا﴾[الآیة:۸۶]:اصلمیں تھاحَيِّيُوْا،صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم لفیف مقرون از باب تفعیل۔جاری شدہ قوانین یقول،یوسرُ،دُعِیَ،التقائے ساکنین،امر حاضر معلوم اور نون اعرابی۔

۲۲۱- ﴿بِاَحْسَنَ﴾[الآیة:۸۶]:یہ اسم تفضیل کا صیغہ ہے۔

۲۲۲- ﴿رُدُّوْهَا﴾[الآیة:۸۶]:اصل میں تھااُرْدُدُوْا۔یہ صیغہ سورة نساء آیت نمبر ۵۹ میں گزر چکا ہے۔

۲۲۳- ﴿اَنْ تَهْدُوْا﴾[الآیۃ:۸۸]:اصل میں تھاتَهْدِيُوْنَ،یہ باب ضرب سے جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے، ناقص یائی ہے۔جاری شدہ قوانین نون اعرابی،یقول،بائے مطلق،یوسُرُ اور التقائے ساکنین۔

۲۲۴- ﴿وَدُّوْا﴾[الآیۃ:۸۹]:اصل میں تھاوَدِدُوْا،یہ باب علم سے جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے مثال واوی اور مضاعف ثلاثی ہے۔جاری شدہ قانون ادغام المتجانسین۔

۲۲۵- ﴿فَلَا تَتَّخِذُوْا﴾[الآیۃ:۸۹]:اصل میں تھالاتَتْتَخِذُوْا،یہ باب افتعال سے جمع مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم کا صیغہ ہے۔جاری شدہ قوانین نون اعرابی،اِتَّعد اور ادغام المتجانسین۔

۲۲۶- ﴿يُهَاجِرُوْا﴾[الآیۃ:۸۹]:اصل میں تھایُهَاجِرُوْنَ،یہ باب مفاعلہ سے جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔جاری شدہ قوانین نون اعرابی اور مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا۔

۲۲۷- ﴿وَجَدْتُّمُوْهُمْ﴾[الآیۃ:۸۹]:وجَدْتُم بروزن فعلتم،یہ باب ضرب سے جمع مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔جاری شدہ قوانین وعدت،ضربتم اور ادغام المتجانسین۔

۲۲۸- ﴿يَصِلُوْنَ﴾[الآیۃ:۸۹]:اصل میں تھایَوْصِلُوْن،یہ باب ضرب سے جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔جاری شدہ قوانین مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا اور یعِدُ۔

۲۲۹- ﴿اَلْقَوْا﴾[الآیۃ:۹۰]:اصل میں تھااَلْقَيُوْا،یہ باب افعال سے جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے ناقص یائی ہے۔جاری شدہ قوانین قال اور التقائے ساکنین۔

۲۳۰- ﴿اَنْ يَّاْمَنُوْكُمْ﴾[الآیۃ:۹۱]:اصل میں تھایَاْمَنُوْنَ،یہ باب علم سے جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔جاری شدہ قوانین حروف یرملون،نون اعرابی اور مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا۔اسکویَامَنُوْا پڑھنا جائز ہے راس قانون کی وجہ سے۔

۲۳۱- ﴿رُدُّوْا﴾[الآیۃ:۹۱]:اصل میں تھارُدِدُوْا،یہ باب نصر سے جمع مذکر غائب فعل ماضی مجہول کا صیغہ ہے۔جاری شدہ قوانین ماضی مجہول اور ادغام المتجانسین۔

۲۳۲- ﴿اَنْ يَّصَّدَّقُوْا﴾[الآیۃ:۹۲]:اصل میں تھایَتَصَدَّقُوْن،یہ باب تفعّل سے جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔جاری شدہ قوانین نون اعرابی،حروف یرملون اور خصّم۔

تعلیل: صاد واقع ہوئی باب تفعّل کے فاکلمہ کے مقابلے میں تو تائے تفعّل کو صاد کیا پھر صاد اول کی حرکت کو حذف کر کے صاد کو صاد میں ادغم کیا تو یَصَّدَّقُوْنَ ہوگیا، پھر انْ کے داخل ہونے سے آخر سے نون اعرابی گر گیا۔

۲۳۳- ﴿مُسَلَّمَةٌ﴾[الآیۃ: ۹۲]: یہ باب تفعیل سے واحد مؤنث اسم مفعول کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قانون اسم مفعول۔

۲۳۴- ﴿فَصِيَامُ﴾[الآیۃ: ۹۲]: اصل میں تھا صِوَامُ، یہ باب نصر سے مصدر ہے۔ اس میں قیال کا قانون جاری ہوا ہے۔

۲۳۵- ﴿خَطَئًا﴾[الآیۃ: ۹۲]: یہ باب علم سے فَعَلاً کے وزن پر مصدر ہے۔

۲۳۶- ﴿مُتَتَابِعَيْنِ﴾[الآیۃ: ۹۲]: یہ باب تفاعل سے تثنیہ مذکر اسم فاعل کا صیغہ ہے۔

۲۳۷- ﴿تَوْبَةً﴾[الآیۃ: ۹۲]: یہ باب نصر سے فَعْلَةٌ کے وزن پر مصدر ہے۔

۲۳۸- ﴿مُتَعَمِّداً﴾[الآیۃ: ۹۳]: صیغہ واحد مذکر اسم فاعل ثلاثی مزید فیہ از باب تفعّل۔ جاری شدہ قانون اسم فاعل۔

۲۳۹- ﴿تَبَيَّنُوْا﴾[الآیۃ: ۹۴]: صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم اجوف یائی از باب تفعّل۔ جاری شدہ قوانین امر حاضر معلوم اور نون اعرابی۔ اسکے علاوہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم کا صیغہ بھی بنتا ہے۔

۲۴۰- ﴿مَنَّ﴾[الآیۃ: ۹۴]: اصل میں تھا مَنَنَ، یہ باب نصر سے ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قانون ادغام۔

۲۴۱- ﴿لَايَسْتَوِىْ﴾[الآیۃ: ۹۵]: اصل میں تھا لایَسْتَوِيُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل نفی معلوم لفیف مقرون از باب افتعال۔ جاری شدہ قوانین یدعو، التقائے ساکنین، ہمزہ وصلی اور مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا۔ اور اسمع اشبہہ والا جاری ہوسکتا ہے۔

۲۴۲- ﴿الضَّرَرِ﴾[الآیۃ: ۹۵]: ضَرَرٌ، یہ باب نصر سے مصدر ہے۔ جاری شدہ قوانین ادغام المتجانسین اور نون تنوین۔

۲۴۳- ﴿تَوَفّٰهُمْ﴾[الآیۃ: ۹۷]: اصل میں تھا تَتَوَفّٰي، صیغہ واحد مؤنث غائب فعل مضارع معلوم لفیف مفروق از باب تفعّل۔ جاری شدہ قوانین تائے مضارعت اور قال۔

۲۴۴- ﴿ظَالِمِىْ﴾[الآیۃ: ۹۷]: اصل میں تھا ظَالِمِيْنَ، یہ باب ضرب سے جمع مذکر سالم اسم فاعل کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین اسم فاعل، نون تنوین نون تثنیہ۔

۲۴۵- ﴿مُسْتَضْعَفِيْنَ﴾[الآیۃ: ۹۸]: یہ باب استفعال سے جمع مذکر سالم اسم فاعل کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین اسم

مفعول اور ہمزہ وصلی۔

۲۴۶- ﴿سَاءَتْ﴾[الآیۃ:۹۸]:اصل میں تھا سَوُءَتْ۔اس میں قال کا قانون جاری ہوا ہے۔

۲۴۷- ﴿لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ﴾[الآیۃ:۹۸]:اصل میں تھا لا يَسْتَطْوِعُوْنَ۔قوانین:یقول اور میعاذ۔

۲۴۸- ﴿وَلَا يَهْتَدُوْنَ﴾[الآیۃ:۹۸]:اصل میں تھا لا يَهْتَدِيُوْنَ۔اس میں یقول، یوسرُ اور التقائے ساکنین کے قوانین جاری ہوئے ہیں اور خصّم کا جاری ہوسکتا ہے۔

۲۴۹- ﴿يَجِدْ﴾[الآیۃ:۱۰۰]:اصل میں تھا يَوْجِدُ،اس میں یعدُ کا قانون جاری ہوا ہے۔جزاء واقع ہونے کی بناء پر جزم آئی ہے۔

۲۵۰- ﴿اَنْ تَقْصُرُوْا﴾[الآیۃ:۱۰۰]:اصل میں تھا تَقْصُرُوْنَ،اَنْ ناصبہ نے آخر سے نون اعرابی کو گرادیا ہے۔

۲۵۱- ﴿خِفْتُمْ﴾[الآیۃ:۱۰۱]:اصل میں تھا خَوِفْتُمْ۔جاری شدہ قوانین قال،التقائے ساکنین،ضربتم اور بعن خِفن۔

۲۵۲- ﴿فَاَقَمْتَ﴾[الآیۃ:۱۰۲]:اصل میں تھا اَقْوَمْتَ،یہ باب افعال سے واحد مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین یقال اور التقائے ساکنین۔

۲۵۳- ﴿فَلْتَقُمْ﴾[الآیۃ:۱۰۲]:اصل میں تھا لِتَقْوُمْ،صیغہ واحد مؤنث غائب فعل امر غائب معلوم اجوف واوی از باب نصر۔ جاری شدہ قوانین یقول،التقائے ساکنین اور حلقی العین۔

۲۵۴- ﴿وَلْيَأْخُذُوْا﴾[الآیۃ:۱۰۲]:اصل میں تھا لِيَأْخُذُوْا،صیغہ جمع مذکر غائب فعل امر غائب معلوم مہموز الفاء از باب نصر۔جاری شدہ قوانین نون اعرابی اور حلقی العین۔اور رأس کا قانون لگ سکتا ہے۔

۲۵۵- ﴿فَلْيَكُوْنُوْا﴾[الآیۃ:۱۰۲]:اصل میں تھا لِيَكْوُنُوْا،صیغہ جمع مذکر غائب فعل امر غائب معلوم مہموز الفاء از باب نصر۔ جاری شدہ قوانین یقول،حلقی العین اور نون اعرابی۔

۲۵۶- ﴿وَلْتَاْتِ﴾[الآیۃ:۱۰۲]:اصل میں تھا لِتَاْتِيْ،صیغہ واحد مؤنث غائب فعل امر غائب معلوم مہموز الفاء و ناقص یائی از باب ضرب۔اس میں لم یدع کا قانون جاری ہوا ہے،اور اسکو لْتَاتِ پڑھنا جائز ہے بقانون رأس۔

۲۵۷- ﴿لَمْ يُصَلُّوْا﴾[الآیۃ:۱۰۲]:اصل میں تھا لَمْ يُصَلِّيُوْا،یہ باب تفعیل سے جمع مذکر غائب فعل جحد معلوم کا صیغہ ہے ناقص یائی ہے۔جاری شدہ قوانین یقول،یوسرُ،التقائے ساکنین اور نون اعرابی۔

۲۵۸- ﴿فَلْيُصَلُّوْا﴾[الآیۃ:۱۰۲]:اصل میں تھا لِيُصَلِّيُوْا، یہ باب تفعیل سے جمع مذکر غائب فعل امر غائب معلوم کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین نون اعرابی، حلق العین، یقول، یوسرُ اور التقائے ساکنین۔

۲۵۹- ﴿وَدَّ﴾[الآیۃ:۱۰۲]:اصل میں تھا وَدِدَ، یہ باب علم سے واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔

۲۶۰- ﴿اَنْ تَضَعُوْا﴾[الآیۃ:۱۰۲]:اصل میں تھا تَوْضَعُوْنَ، یہ باب منع سے جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین بائے مطلق، نون اعرابی، یعدُ اور مضارع معلوم۔

۲۶۱- ﴿قَضَيْتُمْ﴾[الآیۃ:۱۰۳]:یہ باب ضرب سے جمع مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔

۲۶۲- ﴿اِطْمَأْنَنْتُمْ﴾[الآیۃ:۱۰۳]:بروزن اِفْعَلْلَلْتُمْ بچوں اِقْشَعْرَرْتُم، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم رباعی مزید فیہ مہموز اللام از باب اِفعلال۔ جاری شدہ قوانین ہمزہ وصلی، ضرَبتم اور بائے مطلق۔ اور راسُ کا قانون جاری ہو سکتا ہے۔

۲۶۳- ﴿مَوْقُوْتاً﴾[الآیۃ:۱۰۳]:یہ باب ضرب سے واحد مذکر اسم مفعول کا صیغہ ہے۔

۲۶۴- ﴿لَاتَهِنُوْا﴾[الآیۃ:۱۰۴]:اصل میں تھا لاتَوْهِنُوْا، یہ باب ضرب سے جمع مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین یعدُ اور نون اعرابی۔

۲۶۵- ﴿فِي ابْتِغَآءِ﴾[الآیۃ:۱۰۴]:اصل میں تھا اِبْتِغَایٌ، یہ باب افتعال سے مصدر ہے ناقص یائی ہے۔ جاری شدہ قوانین ہمزہ وصلی، نون تنوین اور دُعاء بکاء۔

۲۶۶- ﴿تَرْجُوْنَ﴾[الآیۃ:۱۰۴]:اصل میں تھا تَرْجُوُوْنَ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم ناقص واوی از باب نصر۔ جاری شدہ قوانین یدعو، التقائے ساکنین اور مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا۔

۲۶۷- ﴿اَرٰكَ﴾[الآیۃ:۱۰۵]:اصل میں تھا اَرْءَیَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم مہموز العین و ناقص یائی از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین یسَل اور قال۔

۲۶۸- ﴿خَآئِنِيْنَ﴾[الآیۃ:۱۰۵]:اصل میں تھا خَاوِنِيْنَ، یہ باب نصر سے جمع مذکر سالم اسم فاعل کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین اسم فاعل اور قائل۔

۲۶۹- ﴿خَصِيْماً﴾[الآیۃ:۱۰۵]:یہ باب ضرب سے صفت مشبہ کا صیغہ ہے۔

۲۷۰- ﴿لَا تُجَادِلْ﴾[الآیۃ:۱۰۷]: صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم از باب مفاعلہ۔

۲۷۱- ﴿یَخْتَانُوْنَ﴾[الآیۃ:۱۰۷]: اصل میں تھا یَخْتَوِنُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم اجوف واوی از باب افتعال۔ جاری شدہ قوانین قال اور مضارع معلوم۔

۲۷۲- ﴿خَوَّانًا﴾[الآیۃ:۱۰۷]: یہ باب نصر سے مبالغہ کا صیغہ ہے۔

۲۷۳- ﴿یَسْتَخْفُوْنَ﴾[الآیۃ:۱۰۸]: اصل میں تھا یَسْتَخْفِیُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم ناقص یائی از باب استفعال۔ جاری شدہ قوانین یقول، یوسر، التقائے ساکنین اور مضارع معلوم۔

۲۷۴- ﴿یُبَیِّتُوْنَ﴾[الآیۃ:۱۰۸]: صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم اجوف یائی از باب تفعیل۔

۲۷۵- ﴿لَا یَرْضٰی﴾[الآیۃ:۱۰۸]: اصل میں تھا لَا یَرْضَوُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل نفی معلوم ناقص واوی از باب علم۔ جاری شدہ قوانین یدعیٰ اور قال۔

۲۷۶- ﴿مِنَ الْقَوْلِ﴾[الآیۃ:۱۰۸]: قَوْلٌ، یہ باب نصر سے مصدر ہے۔ جاری شدہ قوانین ہمزہ وصلی اور نون تنوین۔

۲۷۷- ﴿ھَمَّتْ﴾[الآیۃ:۱۱۳]: اصل میں تھا ھَمَمَتْ، یہ باب نصر سے واحد مؤنث غائب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔ قانون ادغام المتجانسین۔

۲۷۸- ﴿اَنْ یُّضِلُّوْکَ﴾[الآیۃ:۱۱۳]: اصل میں تھا یُضْلِلُوْن۔ قوانین: نون اعرابی، حروف یرملون اور ادغام المتجانسین۔

۲۷۹-﴿مِنْ نَّجْوٰی﴾[الآیۃ:۱۱۴]: یہ باب نصر سے مصدر ہے۔

۲۸۰- ﴿مَعْرُوْفٍ﴾[الآیۃ:۱۱۴]: یہ باب ضرب سے واحد مذکر اسم مفعول کا صیغہ ہے۔ قانون اسم مفعول۔

۲۸۱- ﴿مَنْ یُّشَاقِقِ﴾[الآیۃ:۱۱۵]: اصل میں تھا یُشَاقِقُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم مضاعف ثلاثی از باب مفاعلہ۔ قوانین حروف یرملون، ادغام المتجانسین اور مضارع معلوم۔ مَـن شرطیہ نے آخر کو جزم دیا ہے اور پھر قاف ثانی کو کسرے کی حرکت دی ہے بقانون التقائے ساکنین۔

۲۸۲- ﴿نُوَلِّہٖ﴾[الآیۃ:۱۱۵]: اصل میں تھا نُوَلِّیُ، صیغہ جمع متکلم فعل مضارع معلوم لفیف مفروق از باب تفعیل۔ جاری شدہ قوانین یدعو، لم یدع اور مضارع معلوم۔

۲۸۳- ﴿یَدْعُوْنَ﴾[الآیۃ:۱۱۵]:اصل میں تھایَدْعُوُوْنَ،صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم ناقص واوی ازباب نصر۔ جاری شدہ قوانین یدعو،التقائے ساکنین،مضارع معلوم،حروف یرملون اوراد غام المتجانسین۔

۲۸۴-﴿خُسْرَاناً﴾[الآیۃ:۱۱۹]:یہ باب علم سے مصدر ہے۔

۲۸۵- ﴿یَعِدُ﴾[الآیۃ:۱۲۰]:اصل میں تھایَوْعِدُ،یہ باب ضرب سے واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔ یعد کا قانون اس میں جاری ہوا ہے۔

۲۸۶- ﴿وَیُمَنِّیْھِمْ﴾[الآیۃ:۱۲۰]:اصل میں تھایُمَنِّیُ،صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم ناقص یائی ازباب تفعیل۔ جاری شدہ قوانین یدعو یرمی اور مضارع معلوم۔

۲۸۷- ﴿غُرُوْراً﴾[الآیۃ:۱۲۰]:یہ باب نصر سے مصدر ہے۔

۲۸۸- ﴿وَعْدَ اللّٰہِ﴾[الآیۃ:۱۲۲]:وَعْدٌ،یہ باب ضرب سے مصدر ہے۔جاری شدہ قانون نون تنوین۔

۲۸۹- ﴿حقًّا﴾[الآیۃ:۱۲۲]:یہ بھی باب ضرب سے مصدر ہے۔

۲۹۰-﴿قِیْلاً﴾[الآیۃ:۱۲۲]:یہ باب نصر سے مصدر ہے۔

۲۹۱- ﴿یُجْزَ﴾[الآیۃ:۱۲۳]:اصل میں تھایُجْزَیُ،یہ باب افعال سے واحد مذکر غائب فعل مضارع مجہول کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین مضارع مجہول،قال اور لم یدعُ۔

فائدہ:لم یدعُ کا قانون اسطرح لگا ہے کہ من شرطیہ نے آخر سے حرف علت کو گرادیا ہے کیونکہ یہ جزاء بن رہا ہے۔

۲۹۲- ﴿یَسْتَفْتُوْنَ﴾[الآیۃ:۱۲۷]:اصل میں تھا یَسْتَفْتِیُوْنَ،صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم ناقص واوی ازباب استفعال۔جاری شدہ قوانین دُعِیَ،یقول،یوسرُ،التقائے ساکنین،مضارع معلوم اور ہمزہ وصلی۔

۲۹۳- ﴿اَنْ تَقُوْمُوْا﴾[الآیۃ:۱۲۷]:اصل میں تھاتَقْوُمُوْنَ......الخ۔قوانین:نون اعرابی،بائے مطلق اور یقول۔

۲۹۴- ﴿خَافَتْ﴾[الآیۃ:۱۲۸]:اصل میں تھا خَوِفَتْ......الخ۔اس میں قال کا قانون لگا ہے۔

۲۹۵- ﴿اِعْرَاضاً﴾[الآیۃ:۱۲۸]:یہ باب افعال سے مصدر ہے۔

۲۹۶- ﴿نُشُوْزًا﴾[الآیۃ:۱۲۸]: یہ باب نصر وضرب سے مصدر ہے۔

۲۹۷-﴿الشُّحَّ﴾[الآیۃ:۱۲۸]: اصل میں تھاشُحْحٌ، یہ باب ضرب ونصر سے مصدر ہے۔ قوانین: نون تنوین اورادغام المتجانسین۔

۲۹۸- ﴿لَنْ تَسْتَطِيْعُوْا﴾[الآیۃ:۱۲۹]: اصل میں تھا لَنْ تَسْتَطْوِعُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل نفی معلوم موکد بلن ناصبہ اجوف واوی ازباب استفعال۔ جاری شدہ قوانین یقول، میعاذ، بائے مطلق، ہمزہ وصلی اورنون اعرابی۔

۲۹۹- ﴿مُعَلَّقَةِ﴾[الآیۃ:۱۲۹]: یہ باب تفعیل سے واحد مؤنث اسم مفعول کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قانون اسم مفعول۔

۳۰۰- ﴿اِنْ يَّتَفَرَّقَا﴾[الآیۃ:۱۳۰]: اصل میں تھا يَتَفَرَّقَانِ، جاری شدہ قوانین حروف یرملون، ادغام المتجانسین۔

۳۰۱- ﴿يُغْنِ اللّٰهُ﴾[الآیۃ:۱۳۰]: اصل میں تھا يُغْنِيُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم ناقص یائی ازباب افعال۔ جاری شدہ قوانین یدعو یرمی، لم یدع، التقائے ساکنین، نون اعرابی اور ہمزہ وصلی۔

۳۰۲- ﴿سَعَتِهٖ﴾[الآیۃ:۱۳۰]: سَعَةٌ، یہ باب علم سے مصدر ہے۔ اصل میں تھا وِسْعٌ، جاری شدہ قوانین: عدۃ اقامۃ اورنون تنوین نون تثنیہ نون جمع۔

۳۰۳- ﴿وَصَّيْنَا﴾[الآیۃ:۱۳۱]: صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم لفیف مفروق ازباب تفعیل۔

۳۰۴- ﴿اِنْ يَّشَاْ﴾[الآیۃ:۱۳۲]: اصل میں تھا يَشْيَأُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم اجوف یائی ومہموز اللام ازباب منع۔ جاری شدہ قوانین یقال، التقائے ساکنین، حروف یرملون اورادغام المتجانسین۔ اور رائس کا قانون جاری ہوسکتا ہے۔

۳۰۵- ﴿اَوْلٰى﴾[الآیۃ:۱۳۵]: اصل میں تھا اَوْلَیُ، یہ باب حَسِبَ سے واحد مذکر اسم تفضیل کا صیغہ ہے۔ قانون قال۔

۳۰۶-﴿الْهَوٰىٓ﴾[الآیۃ:۱۳۵]: یہ باب علم سے مصدر ہے۔

۳۰۷- ﴿اٰمَنُوْا﴾[الآیۃ:۱۳۶]: اصل میں تھا اَءْمَنُوْا، یہ باب افعال سے فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔ قانون آمن۔

۳۰۸- ﴿اٰمِنُوْا﴾[الآیۃ:۱۳۶]: یہ باب افعال سے جمع مذکر مخاطب فعل امر کا صیغہ ہے۔ قوانین: آمن، امر حاضر معلوم اورنون اعرابی۔

۳۰۹- ﴿ثُمَّ ازْدَادُوْا﴾[الآیۃ:۱۳۷]: اصل میں تھا اِزْتَيَدُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم اجوف یائی ازباب افتعال۔ جاری شدہ قوانین ہمزہ وصلی، قال اور اذکر اذکر۔ اسکی تعلیل سورۃ ال عمران[الآیۃ:۱۷۸] پر ملاحظہ فرمائیں۔

۳۱۰- ﴿لِيَغْفِرَ﴾[الآية:۱۳۷]:اصل میں تھا یَغْفِرُ، یہاں لام جحد کے بعد اَنْ مقدر ہے۔

۳۱۱- ﴿لِيَهْدِي﴾[الآية:۱۳۷]:اسکا عطف ہے لِیَغْفِرَ پر ہے۔

۳۱۲-﴿بَشِّرْ﴾[الآية:۱۳۸]:یہ باب تفعیل سے امر کا صیغہ ہے۔جاری شدہ قانون امر حاضر معلوم۔

۳۱۳-﴿عَذَاباً﴾[الآية:۱۳۸]:یہ باب تفعیل سے فَعَالاً کے وزن پر مصدر ہے۔

۳۱۴- ﴿يَتَّخِذُوْنَ﴾[الآية:۱۳۹]:اصل میں تھا یَتْتَخِذُوْنَ الخ۔جاری شدہ قوانین اتَّعد، اور ہمزہ وصلی۔

۳۱۵- ﴿جَامِعُ﴾[الآية:۱۴۰]:یہ باب منع سے واحد مذکر اسم فاعل کا صیغہ ہے۔قوانین اسم فاعل اور نون تنوین۔

۳۱۶- ﴿يَتَرَبَّصُوْنَ﴾[الآية:۱۴۱]:یہ باب تفعّل سے جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔

۳۱۷- ﴿فَتْحٌ﴾[الآية:۱۴۱]:یہ باب منع سے مصدر ہے۔

۳۱۸- ﴿لَمْ نَسْتَحْوِذْ﴾[الآية:۱۴۱]:یہ باب استفعال سے جمع متکلم فعل جحد معلوم کا صیغہ ہے۔

۳۱۹- ﴿خَادِعُهُمْ﴾[الآية:۱۴۲]:اصل میں تھا خَادِعٌ، یہ باب منع سے واحد مذکر اسم فاعل کا صیغہ ہے۔قوانین اسم فاعل اور نون تنوین۔

۳۲۰- ﴿يُراءُوْنَ﴾[الآية:۱۴۲]:اصل میں تھا یُرَائِیُوْن......الخ۔قوانین:یقول، یوسرُ، التقائے ساکنین اور مضارع معلوم۔

۳۲۱- ﴿مُذَبْذَبِيْنَ﴾[الآية:۱۴۳]:بروزن مُفَعْلَلِيْنَ، صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل رباعی مجرد مضاعف رباعی از باب فعللہ۔

۳۲۲- ﴿اَصْلَحُوْا﴾[الآية:۱۴۶]:یہ باب افعال سے جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔

۳۲۳-﴿وَاعْتَصَمُوْا﴾[الآية:۱۴۶]:یہ باب افتعال سے جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔قانون ہمزہ وصلی

۳۲۴- ﴿يُؤْتِ﴾[الآية:۱۴۶]:اصل میں تھا یُؤْتِیُ......الخ۔جاری شدہ قوانین یدعو اور التقائے ساکنین۔اسکو یُوْتِ پڑھنا جائز ہے، بقانون راس۔

چھٹا پارہ

۳۲۵-﴿ لَايُحِبُّ﴾[الآية:۱۴۸]:اصل میں تھا لایُحْبِبُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل نفی معلوم مضاعف ثلاثی از

باب افعال۔ جاری شدہ قوانین ادغام المتجانسین، مضارع معلوم اور ہمزہ وصلی۔

۳۲۶- ﴿الْجَهْرَ﴾[الآية:۱۴۸]:جَهْرٌ، یہ باب منع سے مصدر ہے۔ جاری شدہ قانون نون تنوین۔

۳۲۷- ﴿بِالسُّوْءِ﴾[الآية:۱۴۸]:سُوْءٌ، یہ باب نصر سے مصدر ہے اجوف واوی ومہموز اللام ہے۔

۳۲۸- ﴿اَعْتَدْنَا﴾[الآية:۱۵۱]:صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم از باب افعال۔

۳۲۹- ﴿لَمْ يُفَرِّقُوْا﴾[الآية:۱۵۲]:صیغہ جمع مذکر غائب فعل جحد معلوم از باب تفعیل۔ قوانین مضارع معلوم، ہمزہ وصلی اور نون اعرابی۔

۳۳۰-﴿يَسْئَلُ﴾[الآية:۱۵۳]:صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم مہموز العین از باب منع۔ اسکو یَسَلُ پڑھ سکتے ہیں۔

۳۳۱- ﴿سَاَلُوْا﴾[الآية:۱۵۳]:اسکو بقانون سَئَلَ، سَالُوْا پڑھنا جائز ہے۔

۳۳۲- ﴿اَكْبَرَ﴾[الآية:۱۵۳]:یہ باب شرف سے اسم تفضیل کا صیغہ ہے۔

۳۳۳- ﴿اَرِنَا﴾[الآية:۱۵۳]:اس میں نا ضمیر منصوب متصل ہے۔ اَرِ اصل میں تھا اَرْءِ یْ، یہ باب افعال سے واحد مذکر مخاطب فعل امر کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین یسئل، امر حاضر اور لم یدع۔

۳۳۴- ﴿فَاَخَذَتْ﴾[الآية:۱۵۳]:اَخَذَتْ، یہ باب نصر سے واحد مؤنث غائب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔

۳۳۵- ﴿فَعَفَوْنَا﴾[الآية:۱۵۳]:صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم ناقص واوی از باب نصر۔

۳۳۶- ﴿اُدْخُلُوْا﴾[الآية:۱۵۴]:یہ باب نصر سے امر کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین امر حاضر معلوم اور نون اعرابی۔

۳۳۷- ﴿لَا تَعْدُوْا﴾[الآية:۱۵۴]:اصل میں تھا لَا تَعْدُوُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم ناقص واوی از باب نصر۔ جاری شدہ قوانین یدعو، التقائے ساکنین اور نون اعرابی۔

۳۳۸- ﴿نَقْضِ﴾[الآية:۱۵۵]:نَقْضٌ، یہ باب نصر سے مصدر ہے، اضافت کی وجہ تنوین گری ہے۔

۳۳۹- ﴿شَكّ﴾[الآية:۱۵۷]:اصل میں تھا شَكْكٌ، یہ باب نصر سے مصدر ہے۔ قانون: ادغام المتجانسین۔

۳۴۰- ﴿اِلَّا اتِّبَاعَ﴾[الآية:۱۵۷]:اصل میں تھا اِتْتِبَاعٌ، صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ از باب افتعال۔ جاری شدہ قوانین ادغام المتجانسین، ہمزہ وصلی اور نون تنوین نون تثنیہ۔

۳۴۱- ﴿الظَّنَّ﴾[الآیۃ:۱۵۷]:اصل میں تھا ظَنَنٌ، یہ باب نصر سے مصدر ہے۔قوانین:ادغام المتجانسین اورنون تنوین۔

۳۴۲- ﴿یقِیناً﴾[الآیۃ:۱۵۷]:یہ باب علم سے صفت مشبہ کا صیغہ ہے۔

۳۴۳- ﴿لَیُؤْمِنَنَّ﴾[الآیۃ:۱۵۹]:صیغہ واحد مذکر غائب فعل مستقبل معلوم مؤکد بالام تاکیدونون تاکید ثقیلہ مہموز الفاء ازباب افعال۔

۳۴۴- ﴿مَوْتِ﴾[الآیۃ:۱۵۹]:یہ باب نصر سے مصدر ہے۔

۳۴۵- ﴿بِظُلْمٍ﴾[الآیۃ:۱۶۰]:یہ باب ضرب سے مصدر ہے۔

۳۴۶- ﴿هَادُوْا﴾[الآیۃ:۱۶۰]:اصل میں تھا هَوَدُوْا صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم اجوف واوی ازباب نصر۔قانون:قال۔

۳۴۷- ﴿صَدِّ﴾[الآیۃ:۱۶۰]:اصل میں تھا صَدْدٌ، یہ باب نصر سے مصدر ہے۔

۳۴۸-﴿اَخْذِ﴾[الآیۃ:۱۶۱]:یہ باب نصر مصدر ہے۔

۳۴۹- ﴿اَکْلِ﴾[الآیۃ:۱۶۱]:یہ بھی باب نصر سے مصدر ہے۔

۳۵۰- ﴿اَلْمُؤْتُوْنَ﴾[الآیۃ:۱۶۲]:اصل میں تھا مُؤْتِیُوْنَ،صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل مہموز الفاء وناقص یائی ازباب افعال۔جاری شدہ قوانین اسم فاعل،یقول،یوسر،ہمزہ وصلی اورالتقائے ساکنین۔اورراس کا قانون لگ سکتا ہے۔

۳۵۱- ﴿اَوْحَیْنَا﴾[الآیۃ:۱۶۳]:صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم لفیف مفروق ازباب افعال۔

۳۵۲- ﴿قَصَصْنَا﴾[الآیۃ:۱۶۴]:یہ باب نصر سے جمع متکلم فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے،مضاعف ثلاثی ہے۔

۳۵۳- ﴿تَکْلِیماً﴾[الآیۃ:۱۶۴]:یہ باب تفعیل سے مصدر ہے۔

۳۵۴- ﴿صَدُّوْا﴾[الآیۃ:۱۶۷]:اصل میں تھا صَدَدُوْا، یہ باب نصر سے ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔

۳۵۵- ﴿لاتَغْلُوْا﴾[الآیۃ:۱۷۱]:اصل میں تھا لاتَغْلُوُوْا، یہ باب نصر سے جمع مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین یدعو،التقائے ساکنین اورنون اعرابی۔

۳۵۶-﴿ اِنْتَهُوْا﴾[الآیۃ:۱۷۱]:اصل میں تھا اِنْتَهِیُوْا،صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ناقص یائی ازباب افتعال۔

جاری شدہ قوانین بائے مطلق، امر حاضر معلوم، نون اعرابی، یقول، یوسرُ اور التقائے ساکنین۔

۳۵۷-﴿ لَنْ يَّسْتَنْكِفَ ﴾[الآیة: ۱۷۲]: صیغہ واحد مذکر غائب فعل نفی معلوم مؤکد بلن ناصبہ از باب استفعال۔ جاری شدہ قوانین حروف بر یلون، ہمزہ وصلی اور باء مطلق۔

۳۵۸-﴿يُوَفِّي﴾[الآیة: ۱۷۳]: اصل میں تھا يُوَفِّيُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم لفیف مفروق از باب تفعیل۔ جاری شدہ قوانین: یدعو اور مضارع معلوم۔

۳۵۹- ﴿الَّذِيْنَ اسْتَنْكَفُوْا﴾[الآیة: ۱۷۳]: صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم از باب استفعال۔ قوانین: ہمزہ وصلی اور بائے مطلق۔

۳۶۰- ﴿يَسْتَفْتُوْنَ﴾[الآیة: ۱۷۶]: اصل میں تھا يَسْتَفْتِيُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم ناقص واوی از باب استفعال۔ جاری شدہ قوانین دُعِیَ، یقول، یوسرُ، التقائے ساکنین، مضارع معلوم اور ہمزہ وصلی۔

۳۶۱-﴿يُفْتِي﴾[الآیة: ۱۷۶]: اصل میں تھا يُفْتِيُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم ناقص واوی از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین: ہمزہ وصلی، مضارع معلوم اور یدعو۔

۳۶۲-﴿يَرِثُ﴾[الآیة: ۱۷۶]: اصل میں تھا يَوْرِثُ، یہ باب حَسِبَ سے فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔ قانون: یعدُ۔

سورۃ المائدۃ

۱-﴿اَوْفُوْا﴾[الآیة: ۱]: اصل میں تھا اَوْفِيُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ثلاثی مزید فیہ لفیف مفروق از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین یقول، یوسر، التقائے ساکنین، امر حاضر معلوم اور نون اعرابی۔

۲-﴿غَيْرَ مُحِلِّي الصَّيْدِ﴾[الآیة: ۱]: مُحِلِّي اصل میں تھا مُحْلِلِيْنَ، صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل ثلاثی مزید فیہ مضاعف ثلاثی از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین ادغام المتجانسین، نون تثنیہ اور التقائے ساکنین۔

۳- ﴿يَبْتَغُوْنَ﴾[الآیة: ۲]: اصل میں تھا يَبْتَغِيُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم ثلاثی مزید فیہ ناقص یائی از باب افتعال۔ جاری شدہ قوانین یبیع، یوسرُ، التقائے ساکنین اور مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا۔

۴- ﴿فَاصْطَادُوْا﴾[الآیة: ۲]: اصل میں تھا اِصْتَيِدُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ثلاثی مزید فیہ اجوف یائی از باب افتعال۔ جاری شدہ قوانین اِطّلب اصْبر، قال باع، ہمزہ وصلی، امر حاضر معلوم اور نون اعرابی۔

نوٹ:فاصطادُوْا کا اصل اگر اصۡتَیَدُوْا نکالیں،تو پھر یہ باب افتعال سے جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔

۵- ﴿اَنْ تَعْتَدُوْا﴾[الآیۃ:۲]:اصل میں تھا تَعْتَدِوُوْنَ،صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم ثلاثی مزید فیہ ناقص واوی ازباب افتعال۔جاری شدہ قوانین:دُعِیَ،یبیع،یوسُرُ،التقائے ساکنین،مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا،نون اعرابی اور بائے مطلق۔اور تعلم اور خصم کے قوانین جاری ہوسکتے ہیں۔

۶- ﴿وتَعاوَنُوْا﴾[الآیۃ:۲]:اصل میں تھا تَتَعَاوَنُوْنَ،صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ثلاثی مزید فیہ اجوف واوی ازباب تفاعل۔جاری شدہ قوانین:امر حاضر معلوم،نون اعرابی۔

۷- ﴿وَاتَّقُوا اللّٰہ﴾[الآیۃ:۲]:اصل میں تھا اِوْتَقِیُوْا،صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر ثلاثی مزید فیہ لفیف مفروق ازباب افتعال۔جاری شدہ قوانین اِتَّعد،ادغام المتجانسین،ہمزہ وصلی،یقول،یوسُرُ،التقائے ساکنین،امر حاضر معلوم اور نون اعرابی۔

۸- ﴿اُھِلَّ﴾[الآیۃ:۳]:اصل میں تھا اُھْلِلَ،صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مجہول ثلاثی مزید فیہ مضاعف ثلاثی ازباب افعال۔جاری شدہ قوانین ماضی مجہول اور ادغام المتجانسین۔

۹- ﴿وَالْمُنْخَنِقَۃُ﴾[الآیۃ:۳]:اصل میں تھا مُنْخَنِقَۃٌ،صیغہ واحد مؤنث اسم فاعل ثلاثی مزید فیہ صحیح ازباب انفعال۔جاری شدہ قوانین ہمزہ وصلی،اسم فاعل،نون تنوین نون تثنیہ اور بائے مطلق۔

۱۰- ﴿وَاخْشَوْنِ﴾[الآیۃ:۳]:اصل میں تھا اِخْشَیُوْا،صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ثلاثی مجرد ناقص یائی ازباب علم۔جاری شدہ قوانین ہمزہ وصلی،امر حاضر معلوم،نون اعرابی،قال باع اور التقائے ساکنین۔

فائدہ:آخر میں نون وقایہ ہے۔

۱۱- ﴿وَرَضِیْتُ﴾[الآیۃ:۳]:اصل میں تھا رَضِوْتُ،صیغہ واحد متکلم فعل ماضی معلوم ثلاثی مجرد ناقص واوی ازباب علم۔اس میں میعادٌ کا قانون جاری ہوا ہے۔

۱۲- ﴿مِنَ الجَوَارِحِ﴾[الآیۃ:۴]:جَوَارِحُ،صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل ثلاثی مجرد صحیح ازباب فَعَلَ یَفْعَلُ۔جاری شدہ قوانین مدہ زائدہ اور ہمزہ وصلی۔

فائدہ:جوارح غیر منصرف ہے اور جمع منتہی الجموع ہونے کی بناء پر الف لام داخل ہونے کی وجہ سے اس پر حرف جر آیا ہے۔

۱۳- ﴿اُوْتُوا الکتاب﴾[الآیۃ:۵]: اصل میں تھااُؤْتِیُوْا،صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی مجہول ثلاثی مزید فیہ مہموز الفاء وناقص یائی از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین آمن، یقول، یوسر، التقائے ساکنین اور ماضی مجہول۔

۱۴- ﴿وَلَا مُتَّخِذِیْ اَخْدَانٍ﴾[الآیۃ:۵]: اصل میں تھامُتَّخِذِیْنَ، صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل ثلاثی مزید فیہ مہموز الفاء از باب افتعال۔ جاری شدہ قوانین: اتّعد، ادغام المتجانسین، اسم فاعل اور نون تنوین نون تثنیہ۔

۱۵- ﴿اِذَا قُمْتُمْ﴾[الآیۃ:۶]: اصل میں تھا قَوَمْتُمْ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم ثلاثی مجرد اجوف واوی از باب نصر۔ جاری شدہ قوانین قال باع، التقائے ساکنین اور قُلْن۔

۱۶- ﴿فَاطَّهَّرُوْا﴾[الآیۃ:۶]: اصل میں تھاتَطَهَّرُوْا،صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ثلاثی مزید فیہ صحیح از باب تفعّل۔ جاری شدہ قوانین خصّم، امر حاضر معلوم، نون اعرابی اور ہمزہ وصلی۔

دوسرا صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مزید فیہ صحیح از باب تفعّل۔

۱۷- ﴿لِیُطَهِّرَکُمْ﴾[الآیۃ:۶]: صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم ثلاثی مزید فیہ صحیح از باب تفعیل۔ اس میں مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا قانون جاری ہوا ہے۔ یہاں لامِ کَی کے بعد اَنْ مقدر ہے، جس نے آخر کو نصب دیا ہے۔

۱۸- ﴿وَلِیُتِمَّ﴾[الآیۃ:۶]: اصل میں تھا یُتْمِمُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم مضاعف ثلاثی از باب افعال۔ یہاں لام کَی کے بعد اَنْ مقدر ہے۔

۱۹- ﴿لَا یَجْرِمَنَّ﴾[الآیۃ:۸]: صیغہ واحد مذکر غائب فعل نہی غائب معلوم مؤکد با نون ثقیلہ از باب ضرب۔

۲۰- ﴿اَلَّا تَعْدِلُوْا﴾[الآیۃ:۸]: لا تَعْدِلُوْا، یہ باب ضرب سے جمع مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین حروف یرملون، نون اعرابی اور ادغام۔

۲۱- ﴿اَقْرَبُ﴾[الآیۃ:۸]: یہ باب شرُف سے واحد مذکر اسم تفضیل کا صیغہ ہے۔

۲۲- ﴿هَمَّ﴾[الآیۃ:۱۱]: اصل میں تھا هَمَمَ، یہ باب نصر سے واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔

۲۳- ﴿اَنْ یَّبْسُطُوْا﴾[الآیۃ:۱۱]: اصل میں تھا یَبْسُطُوْنَ.....الخ۔ جاری شدہ قوانین نون اعرابی، حروف یرملون اور ادغام المتجانسین۔

۲۴- ﴿فَلْیَتَوَکَّلِ﴾[الآیۃ:۱۱]: اصل میں تھا لِیَتَوَکَّلْ، یہ باب تفعّل سے واحد مذکر امر غائب معلوم کا صیغہ ہے۔

اس میں حلقی العین کا قانون جاری ہوا ہے اور آخر میں لام کو کسرے کی حرکت دی ہے التقائے ساکنین کی وجہ سے۔

۲۵- ﴿لَعَنَّا﴾[الآیۃ: ۱۳]: اصل میں تھا لَعَنْنَا، یہ باب منع سے جمع متکلم فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔ قانون: ادغام المتجانسین۔

۲۶- ﴿نَسُوْا﴾[الآیۃ: ۱۳]: اصل میں تھا نَسِیُوْا، یہ باب علم سے جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین یقول، یوسر اور التقائے ساکنین۔

۲۷- ﴿تَطَّلِعُ﴾[الآیۃ: ۱۳]: اصل میں تھا تَطْتَلِعُ، یہ باب افتعال سے واحد مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین مضارع معلوم، اِطّلب، ہمزہ وصلی اور ادغام المتجانسین۔ اور تعلم کا قانون لگ سکتا ہے۔

۲۸- ﴿خَائِنَۃٌ﴾[الآیۃ: ۱۳]: اصل میں تھا خَاوِنَۃٌ۔ یہ باب نصر سے واحد مؤنث اسم فاعل کا صیغہ ہے۔ قوانین: قائل اور اسم فاعل۔

۲۹- ﴿فَاعْفُ﴾[الآیۃ: ۱۳]: اصل میں تھا اُعْفُوْ، یہ باب نصر سے واحد مذکر امر حاضر معلوم کا صیغہ ہے۔ قوانین: ہمزہ وصلی، لم یدع اور امر حاضر معلوم۔

۳۰- ﴿تُخْفُوْنَ﴾[الآیۃ: ۱۵]: اصل میں تھا تُخْفِیُوْنَ، یہ باب افعال سے جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین مضارع معلوم، یقول، یوسر، ہمزہ وصلی اور التقائے ساکنین۔

۳۱- ﴿یَعْفُوْا﴾[الآیۃ: ۱۵]: اصل میں تھا یَعْفُوُ، یہ باب نصر سے واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔ قانون: یدعو۔

۳۲- ﴿مَنِ اتَّبَعَ﴾[الآیۃ: ۱۶]: اصل میں تھا اِتْتَبَعَ......الخ۔ جاری شدہ قوانین ہمزہ وصلی اور ادغام المتجانسین۔

۳۳- ﴿رِضْوَانٌ﴾[الآیۃ: ۱۶]: یہ باب علم سے مصدر ہے۔

۳۴- ﴿اَحِبَّاؤُہٗ﴾[الآیۃ: ۱۸]: اصل میں تھا اَحْبِبَاءُ، صیغہ جمع مذکر مکسر صفت مشبہ مضاعف ثلاثی از باب ضرب۔ جاری شدہ قوانین نون تنوین نون تثنیہ اور ادغام المتجانسین۔

۳۵- ﴿لَا تَرْتَدُّوْا﴾[الآیۃ: ۲۱]: اصل میں تھا لَا تَرْتَدِدُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم مضاعف ثلاثی از باب افتعال۔ جاری شدہ قوانین نون اعرابی اور ادغام المتجانسین۔ اور تعلم کا قانون جاری ہو سکتا ہے۔

۳۶- ﴿فَتَنْقَلِبُوْا﴾[الآیۃ: ۲۱]: اصل میں تھا تَنْقَلِبُوْنَ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم صحیح از باب انفعال۔ اس میں فاء سببیہ ہے اسکے بعد اَنْ مقدر ہے۔ جاری شدہ قوانین نون اعرابی اور بائے مطلق۔ اور تعلم کا قانون جاری ہو سکتا ہے۔

۳۷- ﴿یَتِیْهُوْنَ﴾[الآیۃ:۲۶]: اصل میں تھا یَتْیِهُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم اجوف یائی از باب ضرب۔

۳۸- ﴿وَاتْلُ﴾[الآیۃ:۲۷]: اصل میں تھا اُتْلُوْ، صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ناقص واوی از باب نصر۔ جاری شدہ قوانین ہمزہ وصلی، لم یدع اور امر حاضر معلوم۔

۳۹- ﴿قَرَّبَا﴾[الآیۃ:۲۷]: صیغہ تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی معلوم از باب تفعیل۔

۴۰- ﴿تُقُبِّلَ﴾[الآیۃ:۲۷]: صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مجہول از باب تفعُّل۔ جاری شدہ قانون ماضی مجہول۔

۴۱- ﴿اَنْ تَبُوْءَ﴾[الآیۃ:۲۹]: اصل میں تھا تَبْوُءُ، صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم اجوف واوی مہموز اللام از باب نصر۔ اس میں یقول کا قانون جاری ہوا ہے۔

۴۲- ﴿لِیُرِیَهٗ﴾[الآیۃ:۳۱]: اصل میں تھا یُرْءِیُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم مہموز العین و ناقص یائی از باب افعال۔ جاری شدہ قانون یسئل۔ یہاں لامِ کَیْ کے بعد اَن مقدر ہے جس نے آخر کو نصب دیا ہے۔

۴۳- ﴿یُوَارِیْ﴾[الآیۃ:۳۱]: اصل میں تھا یُوَارِیُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم لفیف مفروق از باب مفاعلہ۔ جاری شدہ قوانین مضارع معلوم اور یدعو۔

۴۴- ﴿اَعَجَزْتُ﴾[الآیۃ:۳۱]: عَجَزْتُ، صیغہ واحد متکلم فعل ماضی معلوم از باب ضرب۔

۴۵- ﴿فَاُوَارِیَ﴾[الآیۃ:۳۱]: اُوَارِیُ، صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معلوم لفیف مفروق از باب مفاعلہ۔ اس میں فاء عاطفہ ہے اور اسکا عطف اَکُوْنَ پر ہے۔

۴۶- ﴿اَحْیَا﴾[الآیۃ:۳۲]: اصل میں تھا اَحْیَیَ، یہ باب افعال سے واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے لفیف مقرون ہے۔ اس میں قال کا قانون جاری ہوا ہے، اور حلقی العین کا لگ سکتا ہے۔

۴۷- ﴿جَآءَتْ﴾[الآیۃ:۳۲]: اصل میں تھا جَیَئَتْ، صیغہ واحد مؤنث غائب فعل ماضی معلوم اجوف یائی و مہموز اللام از باب ضرب۔ اس میں قال کا قانون جاری ہوا ہے۔

۴۸- ﴿یَسْعَوْنَ﴾[الآیۃ:۳۳]: اصل میں تھا یَسْعَیُوْنَ، یہ باب منع سے جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین قال، التقائے ساکنین اور مضارع معلوم۔

۴۹- ﴿اَنْ يُّقَتَّلُوْا﴾[الآیة:۳۳]:اصل میں تھایُقَتَّلُوْنَ،صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع مجہول از باب تفعیل

جاری شدہ قوانین نون اعرابی،حروف یرملون اورادغام المتجانسین۔

۵۰- ﴿خِلَافٍ﴾[الآیة:۳۳]:یہ فِعَالٌ کے وزن پر باب مفاعلہ سے مصدر ہے۔

۵۱- ﴿يُنْفَوْا﴾[الآیة:۳۳]:اصل میں تھایُنْفَيُوْنَ،صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع مجہول ناقص یائی از باب ضرب۔

جاری شدہ قوانین نون اعرابی،بائے مطلق اور مضارع مجہول۔

۵۲- ﴿اَنْ تَقْدِرُوْا﴾[الآیة:۳۴]:اصل میں تھاتَقْدِرُوْنَ،صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم از باب ضرب۔

جاری شدہ قوانین نون اعرابی اور بائے مطلق۔

۵۳- ﴿فَاعْلَمُوْا﴾[الآیة:۳۴]:اِعْلَمُوْا،صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم از باب علم۔قوانین:امر حاضر معلوم،

نون اعرابی اور ہمزہ وصلی۔

۵۴- ﴿وَابْتَغُوْا﴾[الآیة:۳۵]:اصل میں تھااِبْتَغِيُوْا،صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ناقص یائی از باب افتعال۔

جاری شدہ قوانین ہمزہ وصلی،نون اعرابی،امر حاضر معلوم،یقول،یوسرُ اور التقائے ساکنین۔

۵۵- ﴿لِيَفْتَدُوْا﴾[الآیة:۳۶]:اصل میں تھایَفْتَدِيُوْنَ،صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم ناقص یائی از باب افتعال۔

جاری شدہ قوانین نون اعرابی،یقول،یوسرُ اور التقائے ساکنین۔اور خُصِّمَ والا جاری ہوسکتا ہے۔

۵۶- ﴿تُقُبِّلَ﴾[الآیة:۳۶]:صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مجہول از باب تفعُّل۔جاری شدہ قانون ماضی مجہول۔

۵۷- ﴿مُقِيْمٌ﴾[الآیة:۳۷]:اصل میں تھامُقْوِمٌ،صیغہ واحد مذکر اسم فاعل ثلاثی مزید فیہ اجوف واوی از باب افعال۔

جاری شدہ قوانین یقول اور میعاذ۔اور اسکو مُقِيْمُوْ پڑھنا جائز ہے بقانون نون خفیفہ۔

۵۸- ﴿فَاقْطَعُوْا﴾[الآیة:۳۸]:اِقْطَعُوْا،صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم از باب منع۔جاری شدہ قوانین ہمزہ

وصلی،نون اعرابی اور امر حاضر معلوم۔

۵۹- ﴿وَالسَّارِقُ﴾[الآیة:۳۸]:اصل میں تھاسارِقٌ،صیغہ واحد مذکر اسم فاعل از باب ضرب۔جاری شدہ قوانین ہمزہ

وصلی، نون تنوین نون تثنیہ اور حروف شمسی۔

۶۰- ﴿ظُلْمِهٖ﴾[الآیۃ: ۳۹]: ظُلْمٌ، یہ باب ضرب سے مصدر ہے۔

۶۱- ﴿سَمّٰعُوْنَ﴾[الآیۃ: ۴۱]: یہ باب علم سے جمع مذکر مبالغہ کا صیغہ ہے۔

۶۲- ﴿لَمْ يَاْتُوْكَ﴾[الآیۃ: ۴۱]: اصل میں تھا لَمْ يَاْتِيُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب فعل جحد معلوم مہموز الفاء و ناقص یائی از باب ضرب۔ جاری شدہ قوانین یقول، یوسرُ، التقائے ساکنین اور نون اعرابی۔ اور اسکو لم يَاْتُوْكَ پڑھنا جائز ہے، بقانون رائس۔

۶۳- ﴿اُوْتِيْتُمْ﴾[الآیۃ: ۴۱]: اصل میں تھا أُءْتِيْتُمْ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل ماضی مجہول مہموز الفاء و ناقص یائی از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین آمن، ماضی مجہول اور ضربتم۔

۶۴- ﴿لَمْ تُؤْتَوْهُ﴾[الآیۃ: ۴۱]: اصل میں تھا لَمْ تُؤْتَيُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل جحد مجہول مہموز الفاء و ناقص یائی از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین قال، التقائے ساکنین اور نون اعرابی۔ اسکو لَمْ تُوْتَوْهُ پڑھنا جائز ہے۔

۶۵- ﴿فَاحْذَرُوْا﴾[الآیۃ: ۴۱]: صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم از باب علم۔ قوانین: ہمزہ وصلی، امر حاضر معلوم اور نون اعرابی۔

۶۶- ﴿فِتْنَتَهٗ﴾[الآیۃ: ۴۱]: یہ باب ضرب سے فِعْلَةٌ کے وزن پر مصدر ہے۔

۶۷- ﴿اَكّٰلُوْنَ﴾[الآیۃ: ۴۲]: یہ باب نصر سے جمع مذکر سالم مبالغہ کا صیغہ ہے۔

۶۸- ﴿جَآءُوْا﴾[الآیۃ: ۴۲]: اصل میں تھا جَيَئُوْا، یہ باب ضرب سے جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔ اس میں قال کا قانون جاری ہوا ہے۔

۶۹- ﴿يُحَكِّمُوْنَ﴾[الآیۃ: ۴۳]: صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم از باب تفعیل۔

۷۰- ﴿يَتَوَلَّوْنَ﴾[الآیۃ: ۴۳]: اصل میں تھا يَتَوَلَّيُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم لفیف مفروق از باب تفعّل۔ جاری شدہ قوانین قال، التقائے ساکنین اور مضارع معلوم۔ اور اِتّعد کا قانون لگ سکتا ہے۔ اسکو يَتّلَّوْنَ پڑھنا جائز ہے۔

۷۱- ﴿اُسْتُحْفِظُوْا﴾[الآیۃ: ۴۴]: صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی مجہول از باب استفعال۔ قوانین: ماضی مجہول اور ہمزہ وصلی

۷۲- ﴿لَا تَخْشَوُا﴾[الآیۃ: ۴۴]: اصل میں تھا لَا تَخْشَيُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم ناقص یائی از باب علم۔

تعلیل: یاء کوالف سے بدل دیا قال قانون کے تحت، تو لاتَـخْشَاوُا ہوگیا پھر الف کو التقائے ساکنین والے قانون کے تحت گرادیا تو لاتخشَوْا ہوگیا پھر التقائے ساکنین آیا واؤ اور نون کے درمیان، پہلا انکا ساکن غیر مدہ واو جمع کی تھی اسکو بقانون لتُبْلَوُنَّ ضمہ کی حرکت دیدی تو لا تَخشَوُا ہوگیا۔

۷۳۔ ﴿تَصَدَّقَ﴾[الآیۃ:۴۵]: صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم از باب تفعّل۔ اسکو بقانون خصّم اِصَّدَّقَ پڑھ سکتے ہیں۔

۷۴۔ ﴿قِصَاصٌ﴾[الآیۃ:۴۵]: یہ فِعَالٌ کے وزن پر باب تفعیل سے مصدر ہے۔

۷۵۔ ﴿قَفَّیْنَا﴾[الآیۃ:۴۶]: صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم ناقص یائی از باب تفعیل۔

۷۶۔ ﴿وَلْیَحْکُمْ﴾[الآیۃ:۴۷]: اصل میں تھالِیَحْکُمْ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل امر غائب معلوم از باب نصر۔ اس میں علی العین کا قانون جاری ہوا ہے۔

۷۷۔ ﴿مُهَیْمِناً﴾[الآیۃ:۴۸]: بروزن مُفَعْلِلاً، جیسے مُدَحْرِجاً صیغہ واحد مذکر اسم فاعل رباعی مجرد اجوف یائی از باب فعللۃ۔ جاری شدہ قانون اسم فاعل۔ اور نون خفیفہ والا جاری ہوسکتا ہے۔

۷۸۔ ﴿فَاسْتَبِقُوا﴾[الآیۃ:۴۸]: اصل میں تھااِسْتَبِقُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم از باب افتعال۔ جاری شدہ قوانین ہمزہ وصلی، امر حاضر اور نون اعرابی۔ اور اِسَّمَعَ والا جاری ہوسکتا ہے۔

۷۹۔ ﴿مَرْجِعُکُمْ﴾[الآیۃ:۴۸]: مَرْجِعٌ، صیغہ واحد اسم ظرف از باب ضرب۔ جاری شدہ قوانین اسم ظرف اور نون تنوین نون تثنیہ۔

۸۰۔ ﴿وَاَنِ احْکُمْ﴾[الآیۃ:۴۸]: اُحْکُمْ، صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم از باب نصر۔ قوانین: ہمزہ وصلی اور امر حاضر معلوم۔

۸۱۔ ﴿وَاحْذَرْهُمْ﴾[الآیۃ:۴۹]: اِحْذَرْ، صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم از باب علم۔

۸۲۔ ﴿اَنْ یَّفْتِنُوْکَ﴾[الآیۃ:۴۹]: اصل میں تھایَفْتِنُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم از باب ضرب۔ جاری شدہ قوانین نون اعرابی، حروف یرملون، ادغام المتجانسین اور مضارع معلوم۔

۸۳۔ ﴿اَفَحُکْمَ﴾[الآیۃ:۵۰]: حُکْمٌ، یہ باب نصر سے مصدر ہے۔ جاری شدہ قانون نون تنوین۔

۸۴۔ ﴿یَبْغُوْنَ﴾[الآیۃ:۵۰]: اصل میں تھایَبْغِیُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم ناقص یائی از باب ضرب۔

جاری شدہ قوانین: یقول، یوسرُ، التقائے ساکنین اور مضارع معلوم۔

۸۵- ﴿یُوْقِنُوْنَ﴾[الآیۃ: ۵۰]: اصل میں تھا یُیْقِنُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم مثال یائی از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین مضارع معلوم اور یوسرُ۔

۸۶- ﴿مَنْ یَّتَوَلَّھُمْ﴾[الآیۃ: ۵۱]: یَتَوَلّٰی، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم لفیف مفروق از باب تفعّل۔ جاری شدہ قوانین قال، حروف یرملون اور لم یدعُ۔

۸۷- ﴿فَتَرَی﴾[الآیۃ: ۵۲]: اصل میں تھا تَرْءَیُ، صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم مہموز العین و ناقص یائی از باب منع۔ جاری شدہ قوانین یسَل، قال اور التقائے ساکنین۔

۸۸- ﴿مَرَضٌ﴾[الآیۃ: ۵۲]: یہ باب علم سے فَعَلٌ کے وزن پر مصدر ہے۔

۸۹- ﴿نَخْشٰی﴾[الآیۃ: ۵۲]: اصل میں تھا نَخْشَیُ، صیغہ جمع متکلم فعل مضارع معلوم ناقص یائی از باب علم۔ جاری شدہ قوانین مضارع معلوم اور قال۔ اور اسکو بقانون تعلم نِخْشٰی پڑھنا جائز ہے۔

۹۰- ﴿اَنْ تُصِیْبَنَا﴾[الآیۃ: ۵۲]: اصل میں تھا تُصْوِبُ، صیغہ واحد مؤنث غائب فعل مضارع معلوم اجوف واوی از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین یقول، میعادٌ اور بائے مطلق۔

۹۱- ﴿دَآئِرَۃٌ﴾[الآیۃ: ۵۲]: اصل میں تھا دَاوِرَۃٌ، صیغہ واحد مؤنث اسم فاعل اجوف واوی از باب نصر۔ جاری شدہ قوانین اسم فاعل اور قائل۔

۹۲- ﴿بِالْفَتْحِ﴾[الآیۃ: ۵۲]: فَتْحٌ، یہ باب منع سے مصدر ہے۔

۹۳- ﴿اَمْرٍ﴾[الآیۃ: ۵۲]: یہ باب نصر سے مصدر ہے۔

۹۴- ﴿فَیُصْبِحُوْا﴾[الآیۃ: ۵۲]: اصل میں تھا یُصْبِحُوْنَ، یہ باب افعال سے جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے، اس میں فاء عاطفہ ہے۔

۹۵- ﴿اَسَرُّوْا﴾[الآیۃ: ۵۲]: اصل میں تھا اَسْرَرُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم مضاعف ثلاثی از باب افعال۔ اس میں ادغام المتجانسین کا قانون جاری ہوا ہے۔

۹۶- ﴿نَادِمِیْنَ﴾[الآیۃ: ۵۲]: یہ باب علم سے جمع مذکر سالم اسم فاعل کا صیغہ ہے۔

۹۷- ﴿جَهْدَ﴾[الآیۃ: ۵۳]: یہ باب منع سے مصدر ہے۔

۹۸- ﴿خَاسِرِيْنَ﴾[الآیۃ: ۵۳]: یہ باب علم سے جمع مذکر سالم اسم فاعل کا صیغہ ہے۔

۹۹- ﴿مَنْ يَّرْتَدَّ﴾[الآیۃ: ۵۴]: اصل میں تھا يَرْتَدِدْ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم مضاعف ثلاثی از باب افتعال۔

جاری شدہ قوانین حروف یرملون، ہمزہ وصلی، مضارع معلوم اور ادغام المتجانسین۔

۱۰۰- ﴿اَذِلَّةٍ﴾[الآیۃ: ۵۴]: اصل میں تھا اَذْلِلَةٌ، یہ باب ضرب سے جمع مذکر مکسر صفت مشبہ کا صیغہ ہے۔

۱۰۱- ﴿اَعِزَّةٍ﴾[الآیۃ: ۵۴]: اصل میں تھا اَعْزِزَةٌ، یہ بھی باب ضرب سے جمع مذکر مکسر صفت مشبہ کا صیغہ ہے۔

۱۰۲- ﴿لَوْمَةَ﴾[الآیۃ: ۵۴]: یہ باب نصر سے فَعْلَةٌ کے وزن پر مصدر ہے۔

۱۰۳- ﴿لَائِمٍ﴾[الآیۃ: ۵۴]: یہ باب نصر سے واحد مذکر اسم فاعل کا صیغہ ہے۔ اس میں قائل کا قانون جاری ہوا ہے۔

۱۰۴- ﴿وَاسِعٌ﴾[الآیۃ: ۵۴]: یہ باب علم سے اسم فاعل کا صیغہ ہے۔

۱۰۵- ﴿وَلِيُّكُمُ﴾[الآیۃ: ۵۵]: اصل میں تھا وَلِيْيٌ، صیغہ واحد مذکر صفت مشبہ از باب حَسِبَ۔

۱۰۶- ﴿مَنْ يَّتَوَلَّ﴾[الآیۃ: ۵۶]: اصل میں تھا يَتَوَلّٰيُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم از باب تفعّل۔

قوانین قال، حروف یرملون اور لم یدع۔

۱۰۷- ﴿نَادَيْتُمْ﴾[الآیۃ: ۵۸]: صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم ناقص یائی از باب مفاعلہ۔ جاری شدہ قانون ضربتم۔

۱۰۸- ﴿تَنْقِمُوْنَ﴾[الآیۃ: ۵۹]: صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم از باب ضرب۔ قوانین: مضارع معلوم اور بائے مطلق۔

۱۰۹- ﴿اُنَبِّئُ﴾[الآیۃ: ۶۰]: بروزن اُفَعِّلُ، صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معلوم مہموز اللام از باب تفعیل۔ اسکو بقانون یُکل نحی پڑھنا جائز ہے۔

۱۱۰- ﴿اَضَلُّ﴾[الآیۃ: ۶۰]: اصل میں تھا اَضْلَلُ، یہ باب ضرب سے واحد مذکر اسم تفضیل کا صیغہ ہے۔

۱۱۱- ﴿مَغْلُوْلَةٌ﴾[الآیۃ: ۶۴]: صیغہ واحد مؤنث اسم مفعول ثلاثی مجرد مضاعف ثلاثی از باب نصر۔ جاری شدہ قوانین

اسم مفعول اور ادغام المتجانسین۔

۱۱۲- ﴿غُلَّتْ﴾[الآیة: ۶۴]: اصل میں تھا غُلِلَتْ، یہ باب نصر سے فعل ماضی مجہول کا صیغہ ہے۔

۱۱۳- ﴿مَبْسُوْطَتَانِ﴾[الآیة: ۶۴]: صیغہ تثنیہ مؤنث اسم مفعول از باب نصر۔ اس میں اسم مفعول کا قانون جاری ہوا ہے۔

۱۱۴- ﴿لَيَزِيْدَنَّ﴾[الآیة: ۶۴]: اصل میں تھا لَيَزِيْدَنَّ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مستقبل معلوم مؤکد بالام تا کید ونون تا کید ثقیلہ از باب ضرب۔

۱۱۵- ﴿اَطْفَاَ﴾[الآیة: ۶۴]: یہ باب افعال سے واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔

۱۱۶- ﴿فَسَاداً﴾[الآیة: ۶۴]: یہ باب ضرب سے مصدر ہے۔

۱۱۷- ﴿كَفَّرْنَا﴾[الآیة: ۶۵]: صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم از باب تفعیل۔

۱۱۸- ﴿لَاَكَلُوْا﴾[الآیة: ۶۶]: اَكَلُوْا، یہ باب نصر سے جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔

۱۱۹- ﴿مُقْتَصِدَةٌ﴾[الآیة: ۶۶]: صیغہ واحد مؤنث اسم فاعل ثلاثی مزید فیہ از باب افتعال۔ جاری شدہ قانون اسم فاعل، اور خصم کا قانون لگ سکتا ہے۔

۱۲۰- ﴿بَلَّغْتَ﴾[الآیة: ۶۷]: صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم از باب تفعیل۔

۱۲۱- ﴿يَعْصِمُ﴾[الآیة: ۶۷]: یہ باب ضرب سے واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔

۱۲۲- ﴿لَاتَهْوٰى﴾[الآیة: ۷۰]: اصل میں تھا لاتَهْوَىُ، یہ باب علم سے واحد مؤنث غائب فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے لفیف مقرون ہے۔ جاری شدہ قانون قال۔ اور تعلم کا قانون لگ سکتا ہے۔

۱۲۳- ﴿حَسِبُوْا﴾[الآیة: ۷۱]: یہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔ اسکو حَسُبُوْا پڑھنا جائز ہے بقانون حلقی العین۔

۱۲۴- ﴿فَعَمُوْا﴾[الآیة: ۷۱]: اصل میں تھا عَمِيُوْا، یہ باب علم سے جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین یقول، یوسر اور التقائے ساکنین۔

۱۲۵- ﴿صَمُّوْا﴾[الآیة: ۷۱]: اصل میں تھا صَمَمُوْا، یہ باب منع سے جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔

۱۲۶- ﴿لَمْ يَنْتَهُوْا﴾[الآیۃ:۷۳]: اصل میں تھالَمْ يَنْتَهِيُوْا، باب افتعال سے جمع مذکر غائب فعل جحد معلوم کا صیغہ ہے۔
جاری شدہ قوانین یقول، یوسر، التقائے ساکنین، یائے مطلق اور نون اعرابی۔

۱۲۷- ﴿لَيَمَسَّنَّ﴾[الآیۃ:۷۳]: اصل میں تھالَيَمْسَسَنَّ، یہ باب علم سے واحد مذکر غائب فعل مستقبل معلوم کا صیغہ ہے۔

۱۲۸- ﴿لاتَغْلُوْا﴾[الآیۃ:۷۷]: اصل میں تھالاتَغْلُوُوْا، یہ باب نصر سے جمع مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم کا صیغہ ہے۔
جاری شدہ قوانین نون اعرابی، یدعو اور التقائے ساکنین۔

۱۲۹- ﴿عَصَوْا﴾[الآیۃ:۷۸]: اصل میں تھا عَصَيُوْا، یہ باب ضرب سے جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین قال اور التقائے ساکنین۔

۱۳۰- ﴿يَعْتَدُوْنَ﴾[الآیۃ:۷۸]: اصل میں تھایَعْتَدِوُوْنَ، یہ صیغہ سورۃ بقرہ [الآیۃ: ۶۱] میں گزر چکا ہے۔

۱۳۱- ﴿لايَتَنَاهَوْنَ﴾[الآیۃ: ۷۹]: اصل میں تھالا يَتَنَاهَيُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل نفی معلوم ناقص یائی از باب تفاعل۔ جاری شدہ قوانین قال اور التقائے ساکنین۔

۱۳۲- ﴿مُنْكَرٍ﴾[الآیۃ:۷۹]: یہ باب افعال سے واحد مذکر اسم مفعول کا صیغہ ہے۔ قوانین: اسم مفعول اور باء مطلق۔ اور نون خفیفہ کا قانون جاری ہوسکتا ہے۔

۱۳۳- ﴿لَتَجِدَنَّ﴾[الآیۃ: ۸۲]: اصل میں تھالَتَوْجِدَنَّ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مستقبل معلوم مؤکد بالام تاکید و نون تاکید ثقیلہ مثال واوی از باب ضرب۔ جاری شدہ قوانین مضارع معلوم اور یعد تعد۔

۱۳۴- ﴿اَشَدَّ﴾[الآیۃ: ۸۲]: یہاں اصل میں تھااَشْدَدَ، یہ باب نصر سے واحد مذکر اسم تفضیل کا صیغہ ہے۔

ساتواں پارہ

۱۳۵- ﴿تَفِيْضُ﴾[الآیۃ: ۸۳]: اصل میں تھاتَفْيِضُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم اجوف یائی از باب ضرب۔
جاری شدہ قوانین مضارع معلوم اور یقول۔

۱۳۶- ﴿فَاكْتُبْنَا﴾[الآیۃ: ۸۳]: اصل میں تھااُكْتُبْ، یہ باب نصر سے واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم کا صیغہ ہے۔
جاری شدہ قوانین امر حاضر اور ہمزہ وصلی۔

۱۳۷- ﴿فَـأَثَـابَ﴾[الآیۃ:۸۵]: اصل میں تھا اَثْـوَبَ، یہ باب افعال سے واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قانون یقال۔

۱۳۸- ﴿جَزَاءُ﴾[الآیۃ:۸۵]: یہ باب ضرب سے مصدر ہے۔

۱۳۹- ﴿اَلْمُحْسِنِیْنَ﴾[الآیۃ:۸۵]: یہ باب افعال سے جمع مذکر سالم اسم فاعل کا صیغہ ہے۔

۱۴۰- ﴿لَاتُحَرِّمُوْا﴾[الآیۃ:۸۷]: صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم از باب تفعیل۔ اس میں نون اعرابی کا قانون جاری ہوا ہے۔

۱۴۱- ﴿اَلْمُعْتَدِیْنَ﴾[الآیۃ:۸۷]: اصل میں تھا مُعْتَدِوِیْنَ......الخ۔ جاری شدہ قوانین دُعِیَ، یدعو، التقائے ساکنین اور اسم فاعل۔

۱۴۲- ﴿بِاللَّغْوِ﴾[الآیۃ:۸۹]: یہ باب نصر سے مصدر ہے۔ جاری شدہ قوانین نون تنوین نون تثنیہ اور ہمزہ وصلی۔

۱۴۳- ﴿عَقَدْتُّمُ﴾[الآیۃ:۸۹]: اصل میں تھا عَقَدْتُمْ، یہ باب ضرب سے جمع مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین ضربتم اور وعدت۔

۱۴۴- ﴿اِطْعَامُ﴾[الآیۃ:۸۹]: یہ باب افعال سے مصدر ہے۔ اس میں نون تنوین نون تثنیہ کا قانون جاری ہوا ہے۔

۱۴۵- ﴿تُـطْـعِـمُـوْنَ﴾[الآیۃ:۸۹]: یہ باب افعال سے جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین: مضارع معلوم اور ہمزہ وصلی۔

۱۴۶- ﴿كِسْوَةٌ﴾[الآیۃ:۸۹]: یہ باب نصر سے فِعْلَةٌ کے وزن پر اسم مصدر ہے۔

۱۴۷- ﴿تَحْرِیْرُ﴾[الآیۃ:۸۹]: یہ باب تفعیل سے مصدر ہے۔

۱۴۸- ﴿فَصِيَامُ﴾[الآیۃ:۸۹]: اصل میں تھا صِوَامٌ، یہ صیغہ سورۃ بقرہ آیت نمبر ۱۹۶ میں گزر چکا ہے۔

۱۴۹- ﴿وَاحْـفَـظُـوْا﴾[الآیۃ:۸۹]: یہ باب علم سے جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین ہمزہ وصلی، امر حاضر معلوم اور نون اعرابی۔

۱۵۰- ﴿یُبَیِّنُ﴾[الآیۃ:۸۹]: صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم اجوف یائی از باب تفعیل۔

۱۵۱- ﴿مِنْ عَمَلِ﴾[الآیۃ:۹۰]: یہ باب علم سے مصدر ہے۔ جاری شدہ قانون نون تنوین۔

۱۵۲-﴿فَاجْتَنِبُوْا﴾[الآیۃ: ۹۰]: اِجْتَنِبُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم از باب افتعال۔ جاری شدہ قوانین ہمزہ وصلی، امر حاضر اور نون اعرابی۔

۱۵۳- ﴿مُنْتَهُوْنَ﴾[الآیۃ: ۹۱]: اصل میں تھا مُنْتَهِيُوْنَ، یہ باب افتعال سے جمع مذکر سالم اسم فاعل کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین یقول، یوسر، التقائے ساکنین، یائے مطلق اور اسم فاعل۔

۱۵۴- ﴿وَاحْذَرُوْا﴾[الآیۃ: ۹۲]: اصل میں تھا اِحْذَرُوْا، یہ باب علم سے امر حاضر معلوم کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین نون اعرابی، امر حاضر معلوم اور ہمزہ وصلی۔

۱۵۵- ﴿طَعِمُوْا﴾[الآیۃ: ۹۳]: یہ باب علم سے جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔ اسکو طَعْمُوْا پڑھنا جائز ہے۔

۱۵۶- ﴿اَحْسَنُوْا﴾[الآیۃ: ۹۳]: یہ باب افعال سے جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔

۱۵۷- ﴿لَيَبْلُوَنَّ﴾[الآیۃ: ۹۴]: صیغہ واحد مذکر غائب فعل مستقبل معلوم مؤکد بالام تاکید ونون تاکید ثقیلہ ناقص واوی از باب نصر۔

۱۵۸- ﴿تَنَالُهٗ﴾[الآیۃ: ۹۴]: اصل میں تھا تَنْيَلُ......الخ۔ جاری شدہ قوانین یقال اور مضارع معلوم ہے۔

۱۵۹- ﴿بِالْغَيْبِ﴾[الآیۃ: ۹۴]: یہ باب ضرب سے مصدر ہے۔ جاری شدہ قوانین نون تنوین نون تثنیہ اور ہمزہ وصلی۔

۱۶۰- ﴿فَمَنِ اعْتَدٰى﴾[الآیۃ: ۹۴]: اصل میں تھا اِعْتَدَوَ، یہ صیغہ سورۃ بقرہ آیت نمبر ۱۷۹ میں گزر چکا ہے۔

۱۶۱- ﴿لَا تَقْتُلُوْا﴾[الآیۃ: ۹۵]: یہ باب نصر سے جمع مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم کا صیغہ ہے۔

۱۶۲- ﴿مُتَعَمِّدًا﴾[الآیۃ: ۹۵]: صیغہ واحد مذکر اسم فاعل از باب تفعّل۔ اس میں اسم فاعل کا قانون جاری ہوا ہے اور نون خفیفہ کا قانون جاری ہو سکتا ہے۔

۱۶۳-﴿لِيَذُوْقَ﴾[الآیۃ: ۹۵]: اصل میں تھا يَذْوُقُ یہ باب نصر سے واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین مضارع معلوم اور یقول۔

۱۶۴- ﴿يَنْتَقِمُ﴾[الآیۃ: ۹۵]: صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم از باب افتعال۔ جاری شدہ قوانین مضارع معلوم، ہمزہ وصلی اور بائے مطلق۔

۱۶۵- ﴿اِنْتِقَامٍ﴾[الآیۃ:۹۵]:یہ باب افتعال سے مصدر ہے۔

۱۶۶- ﴿دُمْتُمْ﴾[الآیۃ:۹۶]:اصل میں تھا دَوَمْتُمْ،صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم اجوف واوی از باب نصر۔
جاری شدہ قوانین قال،التقائے ساکنین اور قُلْن۔

۱۶۷- ﴿تُحْشَرُوْنَ﴾[الآیۃ:۹۶]:یہ باب نصر سے مضارع مجہول کا صیغہ ہے۔

۱۶۸- ﴿تَكْتُمُوْنَ﴾[الآیۃ:۹۹]:صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم از باب نصر۔

۱۶۹-﴿لَایَسْتَوِی﴾[الآیۃ:۱۰۰]:اصل میں تھا لَایَسْتَوِیُ،صیغہ واحد مذکر غائب فعل نفی معلوم لفیف مقرون از باب افتعال۔
جاری شدہ قوانین یدعو،التقائے ساکنین ہے اور بقانون خصم اسکو لایَسّوِی پڑھنا جائز ہے۔

۱۷۰-﴿لَاتَسْئَلُوْا﴾[الآیۃ:۱۰۱]:صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم از باب منع۔جاری شدہ قانون نون اعرابی ہے
اور بقانون یسَلُ کے اسکو لاتَسَلُوْا پڑھنا جائز ہے۔

۱۷۱-﴿تُبْدَ﴾[الآیۃ:۱۰۱]:اصل میں تھا تُبْدَوُ،یہ باب نصر سے واحد مؤنث غائب فعل مضارع مجہول کا صیغہ ناقص واوی ہے۔
جاری شدہ قوانین یدعیٰ،قال اور لم یدع۔

۱۷۲- ﴿تَسُؤْكُمْ﴾[الآیۃ:۱۰۱]:اصل میں تھا تَسُوْءُ،یہ باب نصر سے واحد مؤنث غائب فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔
جاری شدہ قوانین یقول اور التقائے ساکنین۔اسکا عطف تُبْدَ پر ہے۔

۱۷۳- ﴿سَأَلَ﴾[الآیۃ:۱۰۲]:یہ باب منع سے واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے اسکو سَالَ پڑھنا جائز ہے۔

۱۷۴- ﴿سَآئِبَةٍ﴾[الآیۃ:۱۰۳]:اصل میں تھا سَايِبَةٌ،یہ باب ضرب سے واحد مؤنث اسم فاعل کا صیغہ ہے۔
جاری شدہ قوانین اسم فاعل اور قائل۔

۱۷۵- ﴿وَصِيْلَةٍ﴾[الآیۃ:۱۰۳]:یہ صفت مشبہ کا صیغہ ہے۔

۱۷۶-﴿حَامٍ﴾[الآیۃ:۱۰۳]:اصل میں تھا حَامِیٌ،یہ باب ضرب سے واحد مذکر اسم فاعل کا صیغہ ہے۔
تعلیل:ی پر ضمہ ثقیل تھا اس کو گرادیا یدعو قانون کی رو سے تو حَامِیْنٌ ہوگیا پھر التقائے ساکنین آیا ی اور نون تنوین کے درمیان
تو ی گرادیا التقائے ساکنین قانون کی وجہ سے،تو حَامٍ بن گیا۔

۱۷۷-﴿اِهْتَدَيْتُمْ﴾[الآية:۱۰۵]: صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم ناقص یائی از باب افتعال۔ جاری شدہ قانون ضربتم۔ اور خصّم والا جاری ہوسکتا ہے۔

۱۷۸-﴿تَحْبِسُوْنَ﴾[الآية:۱۰۶]: یہ باب ضرب سے جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔

۱۷۹-﴿يُقْسِمَانِ﴾[الآية:۱۰۶]: یہ باب افعال سے تثنیہ مذکر غائب فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔

۱۸۰- ﴿اِرْتَبْتُمْ﴾[الآية:۱۰۶]: اصل میں تھا اِرْتَيَبْتُمْ، یہ باب افتعال سے جمع مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین یقال، التقائے ساکنین، ضربتم اور ہمزہ وصلی۔

۱۸۱- ﴿لانَشْتَرِىْ﴾[الآية:۱۰۶]: اصل میں تھا لانَشْتَرِيُ، صیغہ جمع متکلم فعل مضارع معلوم ثلاثی مزید فیہ ناقص یائی از باب افتعال۔ جاری شدہ قوانین مضارع معلوم اور یدعو۔ اور خصّم اور تعلم کا قانون لگ سکتا ہے۔

۱۸۲-﴿اِسْتَحَقَّا﴾[الآية:۱۰۷]: اصل میں تھا اِسْتَحْقَقَا، صیغہ تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی معلوم مضاعف ثلاثی از باب استفعال۔ جاری شدہ قوانین ہمزہ وصلی اور ادغام المتجانسین۔

۱۸۳- ﴿اَحَقُّ﴾[الآية:۱۰۷]: اصل میں تھا اَحْقَقُ، یہ باب ضرب سے واحد مذکر اسم تفضیل کا صیغہ ہے۔

۱۸۴- ﴿اِعْتَدَيْنَا﴾[الآية:۱۰۷]: اصل میں تھا اِعْتَدَوْنَا، صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم ناقص واوی از باب افتعال۔ جاری شدہ قانون ہمزہ وصلی، یدعی اور خصّم کا قانون جاری ہوسکتا ہے اسطرح کہ تائے افتعال کو دال کریں گے پھر دالِ اول کی حرکت کو نقل کرکے ماقبل عین کو دیکر دالِ اول کو دالِ ثانی میں مدغم کریں گے تو اِعَدَّيْنَا بن جائیگا پھر ہمزہ وصلی کو بقانون ہمزہ وصلی گرادیں گے تو عَدَّيْنَا بن جائیگا۔

۱۸۵-﴿اَدْنٰى﴾[الآية:۱۰۸]: اصل میں تھا اَدْنَوُ، یہ باب نصر سے واحد مذکر اسم تفضیل کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین قال اور یدعی۔

۱۸۶-﴿اَنْ يَّاْتُوْا﴾[الآية:۱۰۸]: اصل میں تھا يَأْتِيُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم مہموز الفاء و ناقص یائی از باب ضرب۔ جاری شدہ قوانین نون اعرابی، حروف یرملون، ادغام المتجانسین، یقول، یوسر اور التقائے ساکنین۔ اسکو یاتُوا پڑھنا جائز ہے۔

۱۸۷- ﴿يَجْمَعُ﴾[الآية:۱۰۹]: یہ باب منع سے واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔

۱۸۸- ﴿اُجِبْتُمْ﴾[الآية:۱۰۹]: اصل میں تھا اُجْوِبْتُم، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل ماضی مجہول اجوف واوی از باب افعال۔

جاری شدہ قوانین یقول، میعاذ، التقائے ساکنین، ماضی مجہول اور ضرب تم۔

۱۸۹- ﴿عِلْمَ﴾[الآیۃ:۱۰۹]: یہ باب علم سے مصدر ہے۔

۱۹۰-﴿عَلَّامُ﴾[الآیۃ:۱۰۹]: یہ باب علم سے مبالغہ کا صیغہ ہے۔

۱۹۱- ﴿اَیَّدْتُّ﴾[الآیۃ:۱۱۰]: صیغہ واحد متکلم فعل ماضی معلوم مہموز الفاء واجوف یائی از باب تفعیل۔ قانون: وعدتُ۔

۱۹۲-﴿بِاِذْنِیْ﴾[الآیۃ:۱۱۰]: اِذْنٌ، یہ باب علم سے مصدر ہے۔

۱۹۳- ﴿تَنْفُخُ﴾[الآیۃ:۱۱۰]: یہ باب نصر سے واحد مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔

۱۹۴-﴿تُبْرِئُ﴾[الآیۃ:۱۱۰]: صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم مہموز اللام از باب افعال۔

۱۹۵- ﴿کَفَفْتُ﴾[الآیۃ:۱۱۰]: یہ باب نصر سے واحد متکلم فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔

۱۹۶- ﴿اَوْحَیْتُ﴾[الآیۃ:۱۱۱]: صیغہ واحد متکلم فعل ماضی معلوم لفیف مفروق از باب افعال۔

۱۹۷- ﴿اَنْ نَّاْکُلَ﴾[الآیۃ:۱۱۳]: نَاْکُلُ، یہ باب نصر سے جمع متکلم فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین حروف یرملون اور ادغام المتجانسین۔ اور راس کا قانون جاری ہو سکتا ہے۔

۱۹۸- ﴿تَطْمَئِنَّ﴾[الآیۃ:۱۱۳]: اصل میں تھا تَطْمَئِنُّ بروزن تَفْعَلِلُ جیسوں تَقْشَعِرُّ، صیغہ واحد مؤنث غائب فعل مضارع معلوم اجوف یائی از باب اِفْعِلاَّل۔ جاری شدہ قانون مضارع معلوم۔ اور تعلم کا قانون لگ سکتا ہے۔

۱۹۹- ﴿صَدَقْتَنَا﴾[الآیۃ:۱۱۳]: اس کے آخر میں نا ضمیر منصوب متصل ہے۔ صَدَقْتَ، یہ باب نصر سے واحد مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔

۲۰۰-﴿وَارْزُقْنَا﴾[الآیۃ:۱۱۴]: اُرْزُقْ، یہ باب نصر سے واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم کا صیغہ ہے۔

۲۰۱- ﴿رٰزِقِیْنَ﴾[الآیۃ:۱۱۴]: یہ باب نصر سے جمع مذکر سالم اسم فاعل کا صیغہ ہے۔

۲۰۲-﴿مُنَزِّلُھَا﴾[الآیۃ:۱۱۵]: مُنَزِّلٌ، یہ باب تفعیل سے واحد مذکر اسم فاعل کا صیغہ ہے، اضافت کی وجہ سے تنوین گری ہے۔

۲۰۳- ﴿اُعَذِّبُ﴾[الآیۃ:۱۱۵]: صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معلوم از باب تفعیل۔

۲۰۴- ﴿اِتَّخِذُوْنِیْ﴾[الآیۃ:۱۱۶]: اصل میں تھااِءْ تَخِذُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم مہموز الفاء ازباب افتعال۔ جاری شدہ قوانین آمن، اتّعد، ادغام المتجانسین، نون اعرابی اورامر حاضر معلوم۔

۲۰۵- ﴿اَمَرْتَنِیْ﴾[الآیۃ:۱۱۷]: اس میں نون وقایہ ہےاوریاء ضمیر منصوب متصل ہے۔ اَمَرْتَ، یہ باب نصر سے واحد مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہےاورمہموز الفاء ہے۔

۲۰۶-﴿دُمْتُ﴾[الآیۃ:۱۱۷]: اصل میں تھادَوَمْتُ، یہ باب نصر سے واحد متکلم فعل ماضی کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین قال، التقائے ساکنین اور قُلْن۔

۲۰۷- ﴿تَوَفَّیْتَ﴾[الآیۃ:۱۱۷]: یہ باب تفعّل سے واحد مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے لفیف مفروق ہے۔

۲۰۸- ﴿صِدْقُ﴾[الآیۃ:۱۱۹]: یہ باب نصر سے مصدر ہے۔

۲۰۹- ﴿رَضِیَ﴾[الآیۃ:۱۱۹]: اصل میں تھارَضِوَ، یہ باب علم سے واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔ واؤ کو بقانون دُعِیَ کے یاء سے بدل دیا تو رَضِیَ ہوگیا۔

۲۱۰- ﴿رَضُوْا﴾[الآیۃ:۱۱۹]: اصل میں تھارَضِوُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم ناقص واوی از باب علم۔ جاری شدہ قوانین دُعِیَ، یقول، یوسر اور التقائے ساکنین۔

۲۱۱- ﴿اَلْفَوْزُ﴾[الآیۃ: ۱۱۹]: فَوْزٌ، یہ باب نصر سے مصدر ہے۔

۲۱۲-﴿اَلْعَظِیْمُ﴾[الآیۃ: ۱۱۹]: یہ باب شرُف سے صفت مشبہ کا صیغہ ہے۔

سورۃ الانعام

۱-﴿اَلْحَمْدُ﴾[الآیۃ: ۱]: حَمْدٌ، یہ صیغہ سورۃ فاتحہ کی پہلی آیت میں گزر چکا ہے۔

۲-﴿یَعْدِلُوْنَ﴾[الآیۃ: ۱]: یہ باب ضرب سے مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔

۳-﴿تَمْتَرُوْنَ﴾[الآیۃ: ۱]: اصل میں تھاتَمْتَرِیُوْنَ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم ناقص یائی از باب افتعال۔ جاری شدہ قوانین یقول، یوسُر اور التقائے ساکنین۔ اسکو تِمْتَرُوْن پڑھنا جائز ہے بقانون تِعلم۔

Scanned with CamScanner

۴- ﴿مُعْرِضِيْنَ﴾[الآیۃ:۴]: یہ باب افعال سے جمع مذکر سالم اسم فاعل کا صیغہ ہے۔

۵-﴿مَكَّنَّا﴾[الآیۃ:۶]: اصل میں تھامَكَّنْنَا، صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم از باب تفعیل۔

۶-﴿اَنْشَاْنَا﴾[الآیۃ:۶]: یہ باب افعال سے جمع متکلم فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے مہموز اللام ہے اس کو اَنْشَانَا پڑھنا جائز ہے بقانون رأس۔ اور اس میں باء مطلق کا قانون جاری ہوا ہے۔

۷-﴿لَمَسُوْهُ﴾[الآیۃ:۷]: لَمَسُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم از باب ضرب۔

۸-﴿مُبِيْنٌ﴾[الآیۃ:۷]: اصل میں تھامُبْيِنٌ، یہ باب افعال سے واحد مذکر اسم فاعل کا صیغہ ہے۔ یاء کی حرکت کو نقل کرکے ماقبل کو دیا تو مُبِيْنٌ ہو گیا۔ جاری شدہ قوانین یقول اور اسم فاعل۔

۹-﴿لَبَسْنَا﴾[الآیۃ:۹]: صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم از باب ضرب۔

۱۰-﴿اُسْتُهْزِئَ﴾[الآیۃ:۱۰]: صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مجہول مہموز اللام از باب استفعال۔ اسکو بقانون میَر اُسْتُهْزِیَ پڑھنا جائز ہے۔

۱۱-﴿سِيْرُوْا﴾[الآیۃ:۱۱]: اصل میں تھااِسْيِرُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم اجوف یائی از باب ضرب۔ جاری شدہ قوانین یقول، ہمزہ وصلی، امر حاضر معلوم اور نون اعرابی۔

۱۲-﴿اَتَّخِذُ﴾[الآیۃ:۱۴]: اصل میں تھااَءْ تَخِذُ، صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معلوم مہموز الفاء از باب افتعال۔ جاری شدہ قوانین مضارع معلوم اور اتعد۔ اور تعلم کا قانون جاری ہوسکتا ہے۔

۱۳- ﴿فَاطِرِ﴾[الآیۃ:۱۴]: یہ واحد مذکر اسم فاعل کا صیغہ ہے۔

۱۴- ﴿اُمِرْتُ﴾[الآیۃ:۱۴]: صیغہ واحد متکلم فعل ماضی مجہول مہموز الفاء از باب نصر۔

۱۵-﴿بِضُرٍّ﴾[الآیۃ:۱۷]: ضُرٌّ، یہ باب نصر سے مصدر ہے۔

۱۶- ﴿كَاشِفَ﴾[الآیۃ:۱۷]: یہ باب ضرب سے واحد مذکر اسم فاعل کا صیغہ ہے۔

۱۷- ﴿الْقَاهِرُ﴾[الآیۃ:۱۸]: یہ باب منع سے واحد مذکر اسم فاعل کا صیغہ ہے۔

۱۸- ﴿اَکْبَرُ﴾[الآیۃ:۱۹]: یہ باب شرُف سے اسم تفضیل کا صیغہ ہے۔

۱۹- ﴿اُوْحِیَ﴾[الآیۃ:۱۹]: یہ باب افعال سے واحد مذکر غائب فعل ماضی مجہول کا صیغہ ہے لفیف مفروق ہے۔

۲۰-﴿لِاُنْذِرَ﴾[الآیۃ:۱۹]: اُنْذِرُ، صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معلوم از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین مضارع معلوم اور بائے مطلق۔

۲۱-﴿یَفْتَرُوْنَ﴾[الآیۃ:۲۴]: اصل میں تھا یَفْتَرِیُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم ناقص یائی از باب افتعال۔
جاری شدہ قوانین یقول، یوسرُ، التقائے ساکنین اور مضارع معلوم۔

۲۲-﴿یَسْتَمِعُ﴾[الآیۃ:۲۵]: صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم از باب افتعال۔ اس کو یَسَّمِعُ پڑھنا جائز ہے بقانون اَسَّمَعَ۔

۲۳-﴿ اَکِنَّۃً﴾[الآیۃ:۲۵]: اصل میں تھا اَکْنِنَۃً، صیغہ جمع مذکر مکسر صفت مشبہ از باب نصر۔

۲۴-﴿وَقْرًا﴾[الآیۃ:۲۵]: یہ باب علم سے مصدر ہے۔

۲۵- ﴿یَنْھَوْنَ﴾[الآیۃ:۲۶]: اصل میں تھا یَنْھَیُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم ناقص یائی از باب علم۔
جاری شدہ قوانین قال، التقائے ساکنین اور بائے مطلق۔

۲۶-﴿یَنْئَوْنَ﴾[الآیۃ:۲۶]: اصل میں تھا یَنْئَیُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم مہموز العین وناقص یائی از باب منع۔
جاری شدہ قوانین قال، التقائے ساکنین اور بائے مطلق۔ اور سَل والا جاری ہوسکتا ہے۔

۲۷- ﴿لَعَادُوْا﴾[الآیۃ:۲۸]: اصل میں تھا عَوَدُوْا...... از باب نصر۔

۲۸- ﴿بِمَبْعُوْثِیْنَ﴾[الآیۃ:۲۹]: یہ باب منع سے جمع مذکر سالم اسم مفعول کا صیغہ ہے۔

۲۹- ﴿فَذُوْقُوْا﴾[الآیۃ:۳۱]: اصل میں تھا اُذْوُقُوْا..... از باب نصر۔ جاری شدہ قوانین ہمزہ وصلی، نون اعرابی،
امر حاضر معلوم اور یقول۔

۳۰- ﴿بِلِقَاءِاللّٰہِ﴾[الآیۃ:۳۱]: اصل میں تھا لِقَایٌ، یہ فعال کے وزن پر باب تفعیل سے مصدر ہے۔ جاری شدہ قوانین
ہمزہ وصلی، نون تنوین تثنیہ اور دُعاءٌ و بکاءٌ۔

۳۱- ﴿بَغْتَۃً﴾[الآیۃ:۳۱]: یہ باب منع سے فَعْلَۃٌ کے وزن پر مصدر ہے۔

۳۲- ﴿حَسْرَتَنَا﴾[الآیۃ: ۳۱]: یہ باب علم سے فَعْلَۃٌ کے وزن پر مصدر، اور نا ضمیر ہے۔

۳۳-﴿یَزِرُوْنَ﴾[الآیۃ: ۳۱]: اصل میں تھایَوْزِرُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم مثال واوی از باب ضرب۔ جاری شدہ قوانین مضارع معلوم اور یَعِد۔

۳۴- ﴿لَعِبٌ﴾[الآیۃ: ۳۲]: یہ باب علم سے مصدر ہے۔ اس کو بقانون حلقی العین لَعْبٌ پڑھنا جائز ہے۔

۳۵- ﴿لَھْوٌ﴾[الآیۃ: ۳۲]: یہ باب نصر سے مصدر ہے۔

۳۶- ﴿اُوْذُوْا﴾[الآیۃ: ۳۴]: اصل میں تھاأُءْذِیُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی مجہول مہموز الفاء وناقص یائی از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین آمن، یقول، یوسر اور التقائے ساکنین۔

۳۷- ﴿لَامُبَدِّلَ﴾[الآیۃ: ۳۴]: مُبَدِّلٌ، صیغہ واحد مذکر اسم فاعل ثلاثی مزید فیہ از باب تفعیل۔

۳۸- ﴿تَدْعُوْنَ﴾[الآیۃ: ۳۵]: اصل میں تھاتَدْعُوُوْنَ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم ناقص واوی از باب نصر۔ جاری شدہ قوانین یدعو، مضارع معلوم اور التقائے ساکنین۔

۳۹-﴿تَنْسَوْنَ﴾[الآیۃ: ۴۱]: اصل میں تھاتَنْسَیُوْنَ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم ناقص یائی از باب علم۔ جاری شدہ قوانین قال اور التقائے ساکنین۔

۴۰- ﴿یَتَضَرَّعُوْنَ﴾[الآیۃ: ۴۲]: صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم از باب تفعّل۔ قانون مضارع معلوم۔ اور اسکو بقانون خصّم یَضَّرَّعُوْنَ پڑھنا جائز ہے۔

۴۱- ﴿تَضَرَّعُوْا﴾[الآیۃ: ۴۳]: صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم از باب تفعّل۔ اس پر خصّم کا قانون لگ سکتا ہے تائے تفعّل کو ضاد کر کے ضادِ اول کی حرکت کو حذف کر کے ضاد اول کو ضاد ثانی میں مدغم کرینگے اور ابتداء میں ہمزہ وصلی مکسورہ لیکر آئیں گے تو اِضَّرَّعُوْا بن جائیگا۔

۴۲- ﴿زَیَّنَ﴾[الآیۃ: ۴۳]: صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم اجوف یائی از باب تفعیل۔

۴۳- ﴿ذُکِّرُوْا﴾[الآیۃ: ۴۴]: صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی مجہول از باب تفعیل۔

۴۴- ﴿فَرِحُوْا﴾[الآیۃ: ۴۴]: یہ باب علم سے ہے اسکو فَرْحُوْا پڑھنا جائز ہے بقانون حلقی العین۔

۴۵- ﴿اُوْتُوْا﴾[الآیۃ: ۴۴]: اصل میں تھااُؤْتِيُوْا ،صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی مجہول مہموز الفاء وناقص یائی از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین آمن، یقول، یوسِرُ ،التقائے ساکنین اور ماضی مجہول۔ مزید تفصیل کیلئے سورۃ بقرہ[الآیۃ: ۳۵] دیکھئے۔

۴۶- ﴿نُرْسِلُ﴾[الآیۃ: ۴۸]: یہ افعال سے جمع متکلم فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین مضارع معلوم اور ہمزہ وصلی۔

۴۷- ﴿تَتَفَكَّرُوْنَ﴾[الآیۃ: ۵۰]: یہ باب تفعّل سے جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔ اس میں تائے مضارعت کا قانون جاری ہوسکتا ہے اسکو تفکّرُوْنَ پڑھ سکتے ہیں۔

۴۸- ﴿اَنْذِرْ﴾[الآیۃ: ۵۱]: صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین امر حاضر معلوم اور باء مطلق۔

۴۹- ﴿فَتَنَّا﴾[الآیۃ: ۵۳]: اصل میں تھا فَتَنْنَا ، یہ باب ضرب سے جمع متکلم فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔

۵۰- ﴿سَلٰمٌ﴾[الآیۃ: ۵۴]: یہ فَعَالٌ کے وزن پر باب تفعیل سے مصدر ہے۔

۵۱- ﴿لِتَسْتَبِيْنَ﴾[الآیۃ: ۵۵]: اصل میں تھا تَسْتَبْيِنُ ،صیغہ واحد مؤنث غائب فعل مضارع معلوم اجوف یائی از باب استفعال۔ یہاں لام کَیْ کے بعد اَنْ مقدر ہے۔

۵۲- ﴿نُهِيْتُ﴾[الآیۃ: ۵۶]: صیغہ واحد متکلم فعل ماضی مجہول ناقص یائی از باب علم۔

۵۳- ﴿حَفَظَةً﴾[الآیۃ: ۶۱]: یہ باب علم سے جمع مذکر مکسر اسم فاعل کا صیغہ ہے۔

۵۴- ﴿تَوَفَّتْ﴾[الآیۃ: ۶۱]: اصل میں تھا تَوَفَّيَتْ ،صیغہ واحد مؤنث غائب فعل ماضی معلوم لفیف مفروق از باب تفعّل۔ جاری شدہ قوانین قال اور التقائے ساکنین۔

۵۵- ﴿اَسْرَعُ﴾[الآیۃ: ۶۲]: یہ باب منع سے اسم تفضیل ہے۔

۵۶- ﴿تَضَرُّعًا﴾[الآیۃ: ۶۳]: صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ از باب تفعّل۔

۵۷- ﴿خُفْيَةً﴾[الآیۃ: ۶۳]: یہ باب علم سے فُعْلَةٌ کے وزن پر مصدر ہے۔

۵۸- ﴿اَنْجٰنَا﴾[الآیۃ: ۶۳]: اصل میں تھا اَنْجَيَ ، یہ باب افعال سے واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔ اس میں قال کا قانون جاری ہوا ہے۔

۵۹- ﴿لَنَكُونَنَّ﴾[الآیۃ: ۶۳]: اصل میں تھالَنَكُونُنَّ، صیغہ جمع متکلم فعل مستقبل معلوم مؤکد بالام تاکید ونون تاکید ثقیلہ ازباب نصر۔ جاری شدہ قانون یقول۔

۶۰- ﴿شَاكِرِينَ﴾[الآیۃ: ۶۳]: یہ باب نصر سے جمع مذکر سالم اسم فاعل کا صیغہ ہے۔

۶۱- ﴿كَرْبٍ﴾[الآیۃ: ۶۴]: یہ باب نصر سے مصدر ہے۔

۶۲- ﴿يُذِيقَ﴾[الآیۃ: ۶۵]: اصل میں تھایُذْوِق۔ جاری شدہ قوانین یقول اور میعادٌ۔

۶۳- ﴿يَفْقَهُونَ﴾[الآیۃ: ۶۵]: صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم ازباب منع۔

۶۴- ﴿مُسْتَقَرٌّ﴾[الآیۃ: ۶۷]: اصل میں تھامُسْتَقْرَرٌ، یہ باب استفعال سے واحد اسم ظرف کا صیغہ ہے۔

۶۵- ﴿يَخُوضُونَ﴾[الآیۃ: ۶۸]: اصل میں يَخْوُضُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارعِ معلوم اجوف واوی ازباب نصر۔ جاری شدہ قوانین یقول اور مضارع معلوم۔

۶۶- ﴿يُنسِيَنَّكَ﴾[الآیۃ: ۶۸]: صیغہ واحد مذکر غائب فعل مستقبل معلوم مؤکد بانون تاکید ثقیلہ ناقص یائی ازباب تفعیل۔

۶۷- ﴿لَا تَقْعُدْ﴾[الآیۃ: ۶۸]: صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم ازباب نصر۔

۶۸- ﴿الذِّكْرَىٰ﴾[الآیۃ: ۶۹]: ذِکْریٰ، یہ باب تفعیل سے فِعْلیٰ کے وزن پر مصدر ہے۔

۶۹- ﴿وَذَرِ الَّذِينَ﴾[الآیۃ: ۷۰]: اس میں واؤ عاطفہ ہے، ذَرِ اصل میں تھااوْذَرْ، یہ باب علم سے امر کا صیغہ ہے۔
تعلیل: واؤ مضارع میں گری ہوئی تھی یہاں بھی ہم نے گرادیا تو اِذَرْ ہوگیا پھر ہمزہ کو گرادیا مابعد کے متحرک ہونے کی وجہ سے تو ذَرْ ہوگیا پھر راء کو کسرے کی حرکت دیدی تو ذَرِ ہوگیا۔

۷۰- ﴿حَمِيمٌ﴾[الآیۃ: ۷۰]: یہ باب منع سے صفت مشبہ کا صیغہ ہے۔

۷۱- ﴿لَا يَنفَعُ﴾[الآیۃ: ۷۱]: صیغہ واحد مذکر غائب فعل نفی معلوم ازباب منع۔

۷۲- ﴿اسْتَهْوَتْهُ﴾[الآیۃ: ۷۱]: اصل میں تھااِسْتَهْوَيَتْ، صیغہ واحد مؤنث غائب فعل ماضی معلوم لفیف مقرون ازباب استفعال۔ جاری شدہ قوانین ہمزہ وصلی، باع اور ساکنین۔

۷۳- ﴿إِلَى الْهُدَى اءْتِنَا﴾[الآیۃ: ۷۱]: اصل میں تھا اِءْتِیْ، صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم مہموز الفاء ناقص یائی از باب ضرب۔

تعلیل: ہمزہ ساکنہ کو بقانون آمن کے یاء سے بدل دیا تو اِیْتِیْ ہو گیا اور جب ہمزہ وصلی درج کلام میں گر گیا تو ہمزہ ساکنہ دوبارہ لوٹ آیا اور آخر سے حرف علت گر گیا تو اءْتِنَا ہو گیا۔

۷۴- ﴿أُمِرْنَا﴾[الآیۃ: ۷۱]: بروزن فُعِلْنَا، صیغہ جمع متکلم فعل ماضی مجہول مہموز الفاء از باب نصر۔

۷۵- ﴿لِنُسْلِمَ﴾[الآیۃ: ۷۱]: اصل میں تھا نُسْلِمُ، یہ باب افعال سے جمع متکلم فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔

۷۶- ﴿أَرَىٰ﴾[الآیۃ: ۷۴]: اصل میں تھا اَرْءَیُ یہ باب منع سے واحد متکلم فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔ قوانین: قال، مضارع اور یسل۔

۷۷- ﴿نُرِيْ﴾[الآیۃ: ۷۵]: اصل میں تھا نُرْءِیُ، صیغہ جمع متکلم فعل مضارع معلوم مہموز العین و ناقص یائی از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین یسل، ہمزہ وصلی اور یدعو۔

۷۸- ﴿مِنَ الْمُوْقِنِيْنَ﴾[الآیۃ: ۷۵]: اصل میں تھا مُيْقِنِيْنَ، یہ باب افعال سے جمع مذکر سالم اسم فاعل کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین یوسر، اسم فاعل اور ہمزہ وصلی۔

۷۹- ﴿جَنَّ﴾[الآیۃ: ۷۶]: اصل میں تھا جَنَنَ، یہ باب نصر سے واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔

۸۰- ﴿رَءَا﴾[الآیۃ: ۷۶]: اصل میں تھا رَءَیَ...... از باب منع۔

۸۱- ﴿لَمْ يَهْدِنِيْ﴾[الآیۃ: ۷۷]: اصل میں تھا لَمْ يَهْدِيْ، یہ باب ضرب سے واحد مذکر غائب فعل جحد معلوم کا صیغہ ہے، ناقص یائی ہے۔ جاری شدہ قوانین مضارع معلوم اور لم یدع۔

۸۲- ﴿حَآجَّهُ﴾[الآیۃ: ۸۰]: اصل میں تھا حَاجَجَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم مضاعف ثلاثی از باب مفاعلہ۔

۸۳- ﴿أَتُحَآجُّوْنِّيْ﴾[الآیۃ: ۸۰]: اصل میں تھا تُحَاجِجُوْنَ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم مضاعف ثلاثی از باب مفاعلہ۔ آخر میں نون وقایہ اور یاء ضمیر منصوب متصل ہے۔

تعلیل: جیم اول کی حرکت کو حذف کر کے جیم ثانی میں مدغم کر دیا اور نون اعرابی کو ساکن کر کے نون کو نون میں مدغم کیا تو اَتُحَآجُّوْنِّيْ ہو گیا۔

۸۴- ﴿هَدٰنِ﴾[الآیۃ: ۸۰]: اصل میں تھا هَدَیَ، یہ باب ضرب سے واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔

۸۵- ﴿تَتَذَكَّرُوْنَ﴾[الآیۃ: ۸۰]: صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم از باب تفعّل۔ جاری شدہ قوانین مضارع معلوم۔ اور تائے مضارعت، تعلم اور خصّم یہ تینوں قوانین جاری ہو سکتے ہیں۔

۸۶- ﴿بِالْاَمْنِ﴾[الآیۃ: ۸۱]: اَمْنٌ، صیغہ اسم مصدر مہموز الفاء از باب علم۔

۸۷- ﴿مُهْتَدُوْنَ﴾[الآیۃ: ۸۲]: اصل میں تھا مُهْتَدِيُوْنَ، صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل ناقص یائی از باب افتعال۔ جاری شدہ قوانین یقول، یوسر، التقائے ساکنین اور اسم فاعل۔ اور بقانون خصّم کے اسکو مُهَدُّوْنَ پڑھنا جائز ہے۔ اسکی تعلیل سورۃ بقرہ [الآیۃ: ۵۳] پر دیکھیں۔

۸۸- ﴿اِجْتَبَيْنَا﴾[الآیۃ: ۸۷]: صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم ناقص یائی از باب افتعال۔ اس میں ہمزہ وصلی کا قانون جاری ہوا ہے۔

۸۹- ﴿هَدَيْنَا﴾[الآیۃ: ۸۷]: صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم ناقص یائی از باب ضرب۔

۹۰- ﴿مُسْتَقِيْمٍ﴾[الآیۃ: ۸۷]: اصل میں تھا مُسْتَقْوِمٍ، صیغہ واحد مذکر اسم فاعل ثلاثی مزید فیہ اجوف یائی از باب استفعال۔ جاری شدہ قوانین یقول، میعاد اور اسم فاعل۔ اور اس کو مُسْتَقِيْمِيٌّ پڑھنا جائز ہے، بقانون نون خفیفہ۔

۹۱- ﴿وَكَّلْنَا﴾[الآیۃ: ۸۹]: صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم مثال واوی از باب تفعیل۔

۹۲- ﴿اِقْتَدِهْ﴾[الآیۃ: ۹۰]: اصل میں تھا اِقْتَدِيْ، صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل امر ناقص یائی از باب افتعال۔ جاری شدہ قوانین امر حاضر، لم یدع اور ہمزہ وصلی۔

۹۳- ﴿لَا اَسْئَلُ﴾[الآیۃ: ۹۰]: صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معلوم مہموز العین از باب منع۔ اسکو لا اسَلُ پڑھنا جائز ہے۔

۹۴- ﴿قَدْرِهٖ﴾[الآیۃ: ۹۱]: قَدْرٌ یہ باب نصر وضرب سے مصدر ہے۔

۹۵- ﴿خَوْضٌ﴾[الآیۃ: ۹۱]: یہ باب نصر سے مصدر ہے۔

۹۶- ﴿مُبَارَكٌ﴾[الآیۃ: ۹۲]: صیغہ واحد مذکر اسم مفعول ثلاثی مزید فیہ از مفاعلہ۔

۹۷- ﴿لِتُنْذِرَ﴾[الآیۃ: ۹۲]: اصل میں تھا تُنْذِرُ، صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم از باب افعال۔ جاری شدہ

قوانین مضارع معلوم اور بائے مطلق۔

۹۸- ﴿اُوْحِیَ﴾[الآیۃ:۹۳]: صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مجہول لفیف مفروق از باب افعال۔

۹۹- ﴿لَمْ یُوْحَ﴾[الآیۃ:۹۳]: اصل میں تھا لَمْ یُوْحَیُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل جحد مجہول لفیف مفروق از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین مضارع مجہول، ہمزہ وصلی اور لم یدع۔

۱۰۰- ﴿بَاسِطُوْا﴾[الآیۃ:۹۳]: اصل میں تھا بَاسِطُوْنَ، صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل ثلاثی مجرد صحیح از باب نصر۔ جاری شدہ قوانین اسم فاعل اور نون تنوین تثنیہ۔

۱۰۱- ﴿اَخْرِجُوْا﴾[الآیۃ:۹۳]: بروزن اَفْعِلُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین امر حاضر معلوم اور نون اعرابی۔

۱۰۲- ﴿تُجْزَوْنَ﴾[الآیۃ:۹۳]: اصل میں تھا تُجْزَیُوْنَ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع مجہول ناقص یائی از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین قال، التقائے ساکنین اور مضارع مجہول۔

۱۰۳- ﴿عَذَابَ الْهُوْنِ﴾[الآیۃ:۹۳]: عذاب، باب تفعیل سے مصدر ہے۔ اور هُوْنٌ باب نصر سے مصدر ہے۔

﴿جِئْتُمُوْنَا﴾[الآیۃ:۹۴]: اس میں نا ضمیر منصوب متصل ہے۔ جِئْتُمْ اصل میں تھا جَیِئْتُمْ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم اجوف یائی و مہموز اللام از باب ضرب۔ جاری شدہ قوانین قال، التقائے ساکنین، بِعْنَ خِفْنَ اور ضربتم۔ چونکہ اسکے آخر میں نا ضمیر منصوب متصل لگی ہے اسلئے واوٗ محذوفہ دوبارہ لوٹ آئی ہے۔

۱۰۴- ﴿خَوَّلْنَا﴾[الآیۃ:۹۴]: صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم از باب تفعیل۔

۱۰۵- ﴿نَرٰی﴾[الآیۃ:۹۴]: اصل میں تھا نَرْءَیُ، صیغہ جمع متکلم فعل مضارع معلوم مہموز العین و ناقص یائی از باب منع۔ جاری شدہ قوانین یسئل اور قال۔

۱۰۶- ﴿شُرَکٰٓؤُا﴾[الآیۃ:۹۴]: صیغہ جمع مذکر مکسر صفت مشبہ از باب شرُف۔

۱۰۷- ﴿لَقَدْ تَّقَطَّعَ﴾[الآیۃ:۹۴]: اصل میں تھا تَقَطَّعَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم از باب تفعّل۔ قانون: وعدتُ۔

۱۰۸- ﴿تَزْعُمُوْنَ﴾[الآیۃ:۹۴]: بروزن تفعُلُوْنَ......از نصر۔

۱۰۹- ﴿فَالِقُ﴾[الآیۃ:۹۵]: یہ باب ضرب سے اسم فاعل کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین اسم فاعل اور نون تنوین نون تثنیہ۔

۱۱۰- ﴿مُخْرِجُ الْمَيِّتِ﴾[الآیۃ:۹۵]: صیغہ واحد مذکر اسم فاعل ثلاثی مزید فیہ از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین اسم فاعل اور نون تنوین نون تثنیہ۔

۱۱۱- ﴿مِنَ الحَيِّ﴾[الآیۃ:۹۵]: اصل میں تھا حَيِيٌ، یہ باب علم سے مصدر ہے۔ جاری شدہ قوانین نون تنوین، ہمزہ وصلی اور ادغام المتجانسین۔

۱۱۲-﴿تُؤْفَكُونَ﴾[الآیۃ:۹۵]: یہ باب علم سے جمع مذکر مخاطب فعل مضارع مجہول کا صیغہ ہے۔ اسکو تُوفَكُون پڑھنا جائز ہے بقانون راسٌ۔

۱۱۳-﴿فَصَّلْنَا﴾[الآیۃ:۹۷]: یہ باب تفعیل سے جمع متکلم فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔

۱۱۴-﴿اَنْشَأَ﴾[الآیۃ:۹۸]: یہ باب افعال سے واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قانون بائے مطلق۔ اور سَئل کا قانون جاری ہوسکتا ہے۔

۱۱۵- ﴿مُتَرَاكِباً﴾[الآیۃ:۹۹]: صیغہ واحد مذکر اسم فاعل ثلاثی مزید فیہ از باب تفاعل۔

۱۱۶-﴿دانِيَةٌ﴾[الآیۃ:۹۹]: اصل میں تھا دَانِوَةٌ، یہ باب نصر سے اسم فاعل کا صیغہ ہے۔ اس میں دُعِيَ کا قانون جاری ہوا ہے۔

۱۱۷- ﴿مُشْتَبِهاً﴾[الآیۃ:۹۹]: صیغہ واحد مذکر اسم فاعل ثلاثی مزید فیہ از باب افتعال۔ بقانون اِشْبِہ اسکو مُشَّبِهاً پڑھنا جائز ہے۔

۱۱۸-﴿غَيْرَ مُتَشَابِهٍ﴾[الآیۃ:۹۹]: صیغہ واحد مذکر اسم فاعل ثلاثی مزید فیہ از باب تفاعل۔ اسکو بقانون خِصِّم مُشَّابِهٍ پڑھنا جائز ہے۔

۱۱۹- ﴿اُنْظُرُوْا﴾[الآیۃ:۹۹]: صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم از باب نصر۔ جاری شدہ قوانین امر حاضر معلوم، نون اعرابی اور بائے مطلق۔

۱۲۰-﴿وَيَنْعِهِ﴾[الآیۃ:۹۹]: يَنْعٌ، یہ باب ضرب وعلم سے مصدر ہے۔

فائدہ: يَنْعٌ یہ اسم ہے نہ کہ فعل، اور اسکا عطف ثَمَرِهِ پر ہے۔

۱۲۱- ﴿مُسْتَوْدَعٌ﴾[الآیۃ:۹۹]: صیغہ واحد اسم ظرف ثلاثی مزید فیہ مثال واوی از باب استفعال۔

۱۲۲- ﴿تَعَالیٰ﴾[الآیۃ: ۹۹]: اصل میں تھا تَعَالَوَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم ناقص واوی از باب تفاعل۔
جاری شدہ قوانین یدعٰی اور قال۔

۱۲۳- ﴿یَصِفُوْنَ﴾[الآیۃ: ۱۰۰]: اصل میں تھا یَوْصِفُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم مثال واوی از باب ضرب۔
جاری شدہ قوانین یعد اور مضارع معلوم۔

۱۲۴- ﴿صَاحِبَۃٌ﴾[الآیۃ: ۱۰۱]: صیغہ واحد مؤنث اسم فاعل از باب علم۔

۱۲۵- ﴿فَاعْبُدُوْا﴾[الآیۃ: ۱۰۲]: اُعْبُدُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم از باب نصر۔ جاری شدہ قوانین
ہمزہ وصلی، نون اعرابی اور امر حاضر معلوم۔

۱۲۶-﴿تُدْرِکُ﴾[الآیۃ: ۱۰۳]: صیغہ واحد مؤنث غائب فعل نفی معلوم از باب افعال۔

۱۲۷-﴿لَطِیْفٌ﴾[الآیۃ: ۱۰۳]: یہ باب نصر سے صفت مشبہ کا صیغہ ہے۔

۱۲۸-﴿بَصَائِرُ﴾[الآیۃ: ۱۰۴]: صیغہ جمع مؤنث مکسر صفت مشبہ ثلاثی مجرد صحیح از باب شرُف۔ اس میں شرائف کا قانون
جاری ہوا ہے۔ اصل میں تھا بَصَایِرُ، یاء واقع ہوئی پیچھے الف مفاعل کے تو اسکو ہمزہ سے بدل دیا تو بَصَائِرُ بن گیا۔

۱۲۹-﴿لِنُبَیِّنَہٗ﴾[الآیۃ: ۱۰۵]: نُبَیِّنُ، صیغہ جمع متکلم فعل مضارع معلوم اجوف یائی از باب تفعیل۔

۱۳۰-﴿لَاتَسُبُّوْا﴾[الآیۃ: ۱۰۸]: اصل میں تھا لَاتَسْبُبُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم مضاعف ثلاثی از باب نصر۔
جاری شدہ قوانین ادغام المتجانسین اور نون اعرابی۔

۱۳۱- ﴿عَدْوًا﴾[الآیۃ: ۱۰۸]: یہ باب نصر سے مصدر ہے اور ناقص واوی ہے۔

۱۳۲- ﴿زَیَّنَّا﴾[الآیۃ: ۱۰۸]: اصل میں تھا زَیَّنْنَا، صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم اجوف یائی از باب تفعیل۔

۱۳۳-﴿یُنَبِّئُ﴾[الآیۃ: ۱۰۸]: صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم مہموز اللام از باب تفعیل۔

۱۳۴-﴿لَیُؤْمِنُنَّ﴾[الآیۃ: ۱۱۰]: صیغہ جمع مذکر غائب فعل مستقبل معلوم مؤکد بالام تاکید و نون تاکید ثقیلہ از باب افعال۔
تعلیل وبناء: اسکو یُؤْمِنُوْنَ سے بنایا ہے ابتداء میں لام تاکید لے کر آئے اور آخر میں نون ثقیلہ، نون ثقیلہ لگنے سے نون اعرابی

گر گیا تو لَیُؤْمِنُوْنُ ہو گیا پھر التقائے ساکنین آیا واؤ اور نون مدغم کے درمیان تو واؤ کو گرا دیا تو لَیُؤْمِنُنَّ ہو گیا۔ جاری شدہ قوانین مضارع معلوم، نون اعرابی اور التقائے ساکنین۔ اسکو لَیُؤْمِنُنَّ پڑھنا جائز ہے بقانون رائش۔

۱۳۵- ﴿نُقَلِّبُ﴾[الآیۃ:۱۱۰]: صیغہ جمع متکلم فعل مضارع معلوم از باب تفعیل۔

۱۳۶- ﴿فِیْ طُغْیَانِهِمْ﴾[الآیۃ:۱۱۰]: طُغْیَانٌ، یہ باب منع سے مصدر ہے، طغیٰ یطغیٰ۔

آٹھواں پارہ

۱۳۷- ﴿نَزَّلْنَا﴾[الآیۃ:۱۱۱]: صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم از باب تفعیل۔

۱۳۸- ﴿یَجْهَلُوْنَ﴾[الآیۃ:۱۱۱]: یہ باب علم سے جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔

۱۳۹- ﴿اَكْثَرَ﴾[الآیۃ:۱۱۱]: یہ باب شرف سے اسم تفضیل کا صیغہ ہے۔

۱۴۰- ﴿لِتَصْغٰی﴾[الآیۃ:۱۱۳]: یہاں اصل میں تھا لِتَصْغُوْ، یہ باب علم سے واحد مؤنث غائب فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین یدعیٰ اور قال۔

۱۴۱- ﴿لِیَرْضَوْهُ﴾[الآیۃ:۱۱۳]: اصل میں تھا یَرْضَوُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم ناقص واوی از باب علم۔ جاری شدہ قوانین یدعیٰ، قال، التقائے ساکنین اور نون اعرابی۔

۱۴۲- ﴿اَبْتَغِیْ﴾[الآیۃ:۱۱۴]: یہ اصل میں تھا اَبْتَغِیُ، صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معلوم ناقص یائی از باب افتعال۔ جاری شدہ قوانین یدعو اور مضارع معلوم۔ اور تعلم کا قانون لگ سکتا ہے، اسکو اِبْتَغِیْ پڑھنا جائز ہے۔

۱۴۳- ﴿مُفَصَّلًا﴾[الآیۃ:۱۱۴]: صیغہ واحد مذکر اسم مفعول ثلاثی مزید فیہ از باب تفعیل۔

۱۴۴- ﴿تَمَّتْ﴾[الآیۃ:۱۱۵]: اصل میں تھا تَمَمَتْ، یہ باب نصر سے واحد مؤنث غائب فعل ماضی کا صیغہ ہے۔

۱۴۵- ﴿صِدْقًا﴾[الآیۃ:۱۱۵]: یہ باب نصر سے فِعْلًا کے وزن پر مصدر ہے۔

۱۴۶- ﴿عَدْلًا﴾[الآیۃ:۱۱۵]: یہ باب ضرب سے مصدر ہے۔

۱۴۷- ﴿یُضِلُّوْكَ﴾[الآیۃ:۱۱۶]: اصل میں تھا یُضْلِلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم مضاعف ثلاثی

ازباب افعال۔ قوانین ہمزہ وصلی، مضارع معلوم، ادغام المتجانسین اور نون اعرابی۔ کیونکہ اِن شرطیہ نے آخر سے نون اعرابی گرایا ہے۔

۱۴۸-﴿اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ﴾[الآیۃ: ۱۱۶]: اصل میں تھا یَتْتَبِعُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم ازباب افتعال۔

جاری شدہ قوانین حروف یرملون، ادغام المتجانسین اور مضارع معلوم۔

فائدہ: یہاں اِن شرطیہ نہیں بلکہ اِن نافیہ ہے۔

۱۴۹-﴿اَلظَّنَّ﴾[الآیۃ: ۱۱۶]: ظَنٌّ، یہ باب نصر سے مصدر ہے۔ جاری شدہ قوانین نون تنوین اور حروف شمسی۔

۱۵۰-﴿اَلَّا تَاْكُلُوْا﴾[الآیۃ: ۱۱۹]: لا تَاْكُلُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم مہموز الفاء ازباب نصر۔

جاری شدہ قوانین حروف یرملون، ادغام المتجانسین اور نون اعرابی۔ اور راس والا قانون جاری ہوسکتا ہے۔

۱۵۱-﴿مَا اضْطُرِرْتُمْ﴾[الآیۃ: ۱۱۹]: اصل میں تھا اُضْتُرِرْتُمْ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل ماضی مجہول ثلاثی مزید فیہ صحیح ازباب افتعال۔ جاری شدہ قوانین ہمزہ وصلی، اِطّلب اِصبر، ماضی مجہول اور ضربتم۔

تعلیل: ضاد واقع ہوئی باب افتعال کے فاءکلمہ کے مقابلے میں تو تائے افتعال کو طاء کیا تو اُضْطُرِرْتُمْ ہوگیا۔ اسکو اسی طریقے سے اظہار کر کے پڑھنا بھی جائز ہے، اور طاء کو ضاد کر کے اور ضاد کو ضاد میں مدغم کر کے اُضُّرِرْتُمْ پڑھنا بھی جائز ہے، لیکن اسکا الٹ یعنی ضاد کو طاء کر کے اور طاء کو طاء میں مدغم کر کے اُطُّرِرْتُمْ پڑھنا جائز نہیں۔

۱۵۲-﴿بِالْمُعْتَدِيْنَ﴾[الآیۃ: ۱۱۹]: اصل میں تھا مُعْتَدِوِيْنَ، صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل ناقص واوی ازباب افعال۔

جاری شدہ قوانین دُعِیَ، یدعوا اور التقائے ساکنین۔ اور بقانون خصّم اس کو مُعِدِّيْنَ پڑھنا جائز ہے۔

۱۵۳-﴿ظَاهِرَ﴾[الآیۃ: ۱۲۰]: یہ باب منع سے اسم فاعل کا صیغہ ہے۔

۱۵۴-﴿بَاطِنَ﴾[الآیۃ: ۱۲۰]: یہ بھی اسم فاعل کا صیغہ ہے۔

۱۵۵-﴿يُجْزَوْنَ﴾[الآیۃ: ۱۲۰]: اصل میں تھا يُجْزَيُوْنَ، یہ باب ضرب سے جمع مذکر غائب فعل مضارع مجہول کا صیغہ ہے۔

جاری شدہ قوانین مضارع مجہول، قال اور التقائے ساکنین۔

۱۵۶-﴿يَقْتَرِفُوْنَ﴾[الآیۃ: ۱۲۰]: یہ باب افتعال سے جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔

۱۵۷-﴿لَمْ يُذْكَرِ﴾[الآیۃ: ۱۲۱]: اصل میں تھا لم يُذْكَرْ، یہ باب نصر سے جحد مجہول کا صیغہ ہے۔

۱۵۸-﴿لَیُوْحُوْنَ﴾[الآیۃ: ۱۲۱]: اصل میں تھالَیُوْحِیُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم لفیف مفروق از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین یقول، یوسرُ، التقائے ساکنین، مضارع معلوم اور ہمزہ وصلی۔

۱۵۹-﴿لِیُجَادِلُوْکُمْ﴾[الآیۃ: ۱۲۱]: اصل میں تھایُجَادِلُوْنَ، یہ باب مفاعلہ سے جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔ اس میں نون اعرابی کا قانون جاری ہوا ہے، لام کَی کے بعد اَنْ مقدر ہے اس نے نون اعرابی کو گرایا ہے۔

۱۶۰-﴿اَحْیَیْنَا﴾[الآیۃ: ۱۲۲]: صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم لفیف مقرون از باب افعال۔

۱۶۱-﴿یَمْشِیْ﴾[الآیۃ: ۱۲۲]: اصل میں تھایَمْشِیُ، یہ باب ضرب سے واحد مذکر غائب مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔ اس میں یدعو یرمی کا قانون جاری ہوا ہے۔

۱۶۲-﴿زُیِّنَ﴾[الآیۃ: ۱۲۲]: یہ باب تفعیل سے واحد مذکر غائب فعل ماضی مجہول کا صیغہ ہے۔

۱۶۳-﴿اَکَابِرَ﴾[الآیۃ: ۱۲۳]: بروزن اَفَاعِلَ، صیغہ جمع مذکر مکسر اسم تفضیل از باب شَرُف۔

۱۶۴-﴿مُجْرِمِیْهَا﴾[الآیۃ: ۱۲۳]: اصل میں تھامُجْرِمِیْنَ، یہ باب افعال سے جمع مذکر سالم اسم فاعل کا صیغہ ہے۔ اضافت کی وجہ سے نون گرا ہے۔

۱۶۵-﴿لَنْ نُّؤْمِنَ﴾[الآیۃ: ۱۲۴]: صیغہ جمع متکلم فعل نفی معلوم مؤکد بلن ناصبہ مہموز الفاء از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین حروف یرملون اور ادغام المتجانسین۔ اور اس کو نُوْمِنَ پڑھنا جائز ہے۔

۱۶۶-﴿نُؤْتٰی﴾[الآیۃ: ۱۲۴]: اصل میں تھانُؤْتَیُ، صیغہ جمع متکلم فعل مضارع مجہول مہموز الفاء و ناقص یائی از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین مضارع مجہول اور قال۔ اس کو نُوْتٰی پڑھنا جائز ہے۔

۱۶۷-﴿اُوْتِیَ﴾[الآیۃ: ۱۲۴]: اصل میں تھااُءْتِیَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مجہول مہموز الفاء و ناقص یائی از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین اٰمن اور ماضی مجہول۔

۱۶۸-﴿یُصِیْبُ﴾[الآیۃ: ۱۲۴]: اصل میں تھایُصْوِبُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم اجوف واوی از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین ہمزہ وصلی، مضارع معلوم، یقول اور میعاد۔

۱۶۹-﴿صَغَارٌ﴾[الآیۃ: ۱۲۴]: یہ باب علم سے فَعَالٌ کے وزن پر مصدر ہے۔

۱۷۰-﴿يَصَّعَّدُ﴾[الآیۃ:۱۲۶]:اصل میں تھایَتَصَعَّدُ،صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم ثلاثی مزید فیہ از باب تفعّل۔
جاری شدہ قوانین مضارع معلوم اور خصّم۔
تعلیل:صاد واقع ہوئی باب تفعّل کے فاءکلمہ کے مقابلے میں تو تائے تفعّل کو صاد کیا پھر صاد اول کی حرکت کو حذف کیا اور صاد کو صاد میں مدغم کیا تو یَصَّعَّدُ ہو گیا۔

۱۷۱-﴿يَذَّكَّرُوْنَ﴾[الآیۃ:۱۲۶]:اصل میں تھایَتَذَكَّرُوْنَ،صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم از باب تفعّل۔
جاری شدہ قوانین مضارع معلوم،خصّم اور ادغام المتجانسین۔
تعلیل:ذال واقع ہوئی باب تفعّل کے فاءکلمہ کے مقابلے میں تو تائے تفعّل کو ذال کیا پھر ذال اول کی حرکت کو حذف کیا اور ذال کو ذال میں مدغم کیا تو یَذَّكَّرُوْنَ ہو گیا۔

۱۷۲-﴿السَّلَامُ﴾[الآیۃ:۱۲۷]:سَلَامٌ،یہ باب تفعیل سے فَعَالٌ کے وزن پر مصدر ہے۔

۱۷۳-﴿اِسْتَكْثَرْتُمْ﴾[الآیۃ:۱۲۸]:صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم از باب استفعال۔جاری شدہ قوانین ہمزہ وصلی اور ضربتم۔

۱۷۴-﴿اَجَّلْتَ﴾[الآیۃ:۱۲۸]:یہ باب تفعیل سے واحد مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے،مہموز الفاء ہے۔

۱۷۵-﴿نُوَلِّيْ﴾[الآیۃ:۱۲۹]:اصل میں تھانُوَلِّيُ،صیغہ جمع متکلم فعل مضارع معلوم لفیف مفروق از باب تفعیل۔
قوانین:مضارع اور یدعو۔

۱۷۶-﴿يَقُصُّوْنَ﴾[الآیۃ:۱۳۰]:اصل میں تھایَقْصُصُوْنَ،صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم مضاعف ثلاثی از باب نصر۔

۱۷۷-﴿لِقَآءَ﴾[الآیۃ:۱۳۰]:اصل میں تھالِقَایَ،یہ باب علِم سے مصدر ہے......یا باب مفاعلہ سے مصدر ہے۔

۱۷۸-﴿مُهْلِكَ﴾[الآیۃ:۱۳۱]:یہ باب افعال سے اسم فاعل کا صیغہ ہے،اضافت کی وجہ سے نون گری ہے۔

۱۷۹-﴿لَاٰتٍ﴾[الآیۃ:۱۳۵]:اصل میں تھااٰتِيٌ،صیغہ واحد مذکر اسم فاعل ثلاثی مجرد مہموز الفاء و ناقص یائی از باب ضرب۔
تعلیل:یاء پر ضمہ ثقیل تھا اسکو بقانون یدعو یری گرادیا تو آتِیْــنٌ ہوگیا پھر التقائے ساکنین آیا یاء اور نون تنوین کے درمیان تو یاء کو گرادیا تو اٰتٍ ہوگیا اس کو لاٰتِيْ پڑھنا جائز ہے بقانون نون خفیفہ۔

۱۸۰-﴿شُرَكَآءَ﴾[الآیۃ:۱۳۶]:صیغہ جمع مذکر مکسر صفت مشبہ از باب شرُف۔

۱۸۱-﴿بِزَعْمِهِمْ﴾[الآیۃ:۱۳۶]: زَعْمٌ، یہ باب نصر سے مصدر ہے۔ جاری شدہ قانون نون تنوین تثنیہ۔

۱۸۲-﴿زَيَّنَ﴾[الآیۃ:۱۳۷]: یہ باب تفعیل سے ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔

۱۸۳-﴿لِيُرْدُوْهُمْ﴾[الآیۃ:۱۳۷]: اصل میں تھا یُـرْدِيُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم ناقص یائی از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین یقول، یوسر، التقائے ساکنین اور نون اعرابی۔

۱۸۴-﴿لِيَلْبِسُوْا﴾[الآیۃ:۱۳۷]: اصل میں تھا یَلْبِسُوْن از باب ضرب......الخ۔

۱۸۵-﴿فَذَرْهُمْ﴾[الآیۃ:۱۳۷]: ذَرْ اصل میں تھا اِوْذَرْ......الخ۔

۱۸۶-﴿يَفْتَرُوْنَ﴾[الآیۃ:۱۳۷]: اصل میں تھا یفتَرِیُوْنَ......الخ۔

۱۸۷-﴿اِفْتِرَاءً﴾[الآیۃ:۱۳۸]: اصل میں تھا اِفْتِـرَایـاً بروزن اِفْتِعَالاً، صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ ناقص یائی از باب افتعال۔ جاری شدہ قوانین ہمزہ وصلی اور دُعاء۔

۱۸۸-﴿يَجْزِيْ﴾[الآیۃ:۱۳۸]: اصل میں تھا یَجْزِیُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم ناقص یائی از باب ضرب۔ جاری شدہ قوانین مضارع معلوم اور یدعو۔

۱۸۹-﴿وَصْفَهُمْ﴾[الآیۃ:۱۳۹]: وَصْفٌ، صیغہ اسم مصدر مثال واوی از باب ضرب۔

۱۹۰-﴿سَفَهاً﴾[الآیۃ:۱۴۰]: بروزن فَعَلاً، صیغہ اسم مصدر از باب علم۔

۱۹۱-﴿ضَلُّوْا﴾[الآیۃ:۱۴۰]: اصل میں تھا ضَلَلُوْا از باب ضرب......الخ۔

۱۹۲-﴿مُهْتَدِيْنَ﴾[الآیۃ:۱۴۰]: اصل میں تھا مُهْتَدِیِیْنَ......الخ۔ یہ صیغہ کئی دفعہ گزر چکا ہے۔

۱۹۳-﴿مَعْرُوْشَاتٍ﴾[الآیۃ:۱۴۱]: بروزن مَفْعُوْلَاتٍ، صیغہ جمع مؤنث سالم اسم مفعول ثلاثی مزید فیہ از باب ضرب۔ جاری شدہ قوانین اسم مفعول اور ضربن کا پہلا۔

۱۹۴-﴿اٰتُوْا﴾[الآیۃ:۱۴۱]: اصل میں تھا اَءْ تِیُوْا......الخ۔ یہ صیغہ کئی دفعہ گزر چکا ہے۔

۱۹۵-﴿حَصَادِهٖ﴾[الآیۃ:۱۴۱]: حصَادٌ یہ باب نصر وضرب سے فَعَالٌ کے وزن پر مصدر ہے۔

۱۹۶-﴿اَمَّا اشْتَمَلَتْ﴾[الآیۃ:۱۴۳]:اِشْتَمَلَتْ بروزن اِفْتَعَلَتْ،صیغہ واحد مؤنث غائب فعل ماضی معلوم از باب افتعال۔
جاری شدہ قانون ہمزہ وصلی۔اور اِسْمع اِفْہ کا قانون لگ سکتا ہے۔

۱۹۷-﴿نَبِّئُوْا﴾[الآیۃ:۱۴۳]:بروزن فَعِّلُوْا،صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم مہموز العین از باب تفعیل۔
جاری شدہ قوانین امر حاضر معلوم اور نون اعرابی۔

۱۹۸-﴿وَصّٰی﴾[الآیۃ:۱۴۴]:اصل میں تھا وَصَّیَ بروزن فَعَّلَ،صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم لفیف مفروق از باب تفعیل۔

۱۹۹-﴿لِيُضِلَّ﴾[الآیۃ:۱۴۴]:اصل میں تھا یُضْلِلُ......الخ۔یہ صیغہ کئی دفعہ گزر چکا ہے۔

۲۰۰-﴿لَا اَجِدُ﴾[الآیۃ:۱۴۵]:اصل میں تھا لا اَوْجِدُ،صیغہ واحد متکلم فعل نفی معلوم مثال واوی از باب ضرب۔

۲۰۱-﴿مُحَرَّمًا﴾[الآیۃ:۱۴۵]:بروزن مفعّلا،صیغہ واحد مذکر اسم مفعول ثلاثی مزید فیہ از باب تفعیل۔

۲۰۲-﴿اُهِلَّ﴾[الآیۃ:۱۴۵]:اصل میں تھا اُهْلِلَ،صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مجہول مضاعف ثلاثی از باب افعال۔

۲۰۳-﴿فَمَنِ اضْطُرَّ﴾[الآیۃ:۱۴۵]:اصل میں تھا اُضْتُرِرَ بروزن اُفْتُعِلَ،صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مجہول ثلاثی مزید فیہ مضاعف ثلاثی از باب افتعال۔جاری شدہ قوانین ہمزہ وصلی،اطلب اصبر اور ادغام المتجانسین۔اسکی تعلیل سورۃ بقرہ[الآیۃ:۱۷۳]پر دیکھیں۔

۲۰۴﴿بَاغٍ، عَادٍ﴾[الآیۃ:۱۴۵]:یہ دونوں صیغے کئی دفعہ گزر چکے ہیں(سورۃ بقرہ ۱۷۳)۔

۲۰۵-﴿هَادُوْا﴾[الآیۃ:۱۴۵]:اصل میں تھا هَوَدُوْا......الخ۔اسکی مزید تفصیل سورۃ بقرہ آیت نمبر ۶۲ پر دیکھئے۔

۲۰۶-﴿مَا اخْتَلَطَ﴾[الآیۃ:۱۴۶]:اصل میں تھا اِخْتَلَطَ بروزن اِفْتَعَلَ،صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم از باب
افتعال۔
اس میں ہمزہ وصلی کا قانون جاری ہوا ہے۔

۲۰۷-﴿جَزَيْنَا﴾[الآیۃ:۱۴۶]:بروزن فَعَلْنَا،صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم ناقص یائی از باب ضرب۔

۲۰۸-﴿بِبَغْيِهِمْ﴾[الآیۃ:۱۴۶]:بَغْیٌ بروزن فَعْلٌ،صیغہ اسم مصدر ناقص یائی از باب ضرب۔اس میں نون تنوین نون تثنیہ
کا قانون جاری ہوا ہے۔

۲۰۹-﴿لَا یُرَدُّ﴾[الآیۃ:۱۴۷]:اصل میں تھالَا یُرْدَدُ......الخ۔

۲۱۰-﴿ذَاقُوْا﴾[الآیۃ:۱۴۸]:اصل میں تھاذَوَقُوْا،صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم اجوف واوی ازباب نصر۔
اس میں قال کا قانون جاری ہوا ہے۔

۲۱۱-﴿فَتُخْرِجُوْہُ﴾[الآیۃ:۱۴۸]:اصل میں تھاتُخْرِجُوْنَ،صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم ازباب افعال۔یہاں فاء کے بعدان مقدر ہے اور یہ فاء استفہام(ھل) کے جواب میں واقع ہوا ہے۔جاری شدہ قوانین مضارع معلوم،ہمزہ وصلی اورنون اعرابی۔

۲۱۲-﴿تَتَّبِعُوْنَ﴾[الآیۃ:۱۴۸]:اصل میں تھاتَتْتَبِعُوْنَ......الخ۔

۲۱۳-﴿تَخْرُصُوْنَ﴾[الآیۃ:۱۴۸]:بروزن تَفْعُلُوْنَ،صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم ازباب نصر۔

۲۱۴-﴿بَالِغَۃٌ﴾[الآیۃ:۱۴۹]:یہ باب نصر سے اسم فاعل کا صیغہ ہے۔

۲۱۵-﴿لَھَدٰکُمْ﴾[الآیۃ:۱۴۹]:ھَدٰی اصل میں تھاھَدَیَ ازضرب......الخ۔

۲۱۶-﴿اَھْوَاءَ﴾[الآیۃ:۱۵۱]:اصل میں تھااَھْوَایٌ بروزن اَفْعَالٌ،صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل لفیف مقرون ازباب علم۔

۲۱۷-﴿قُلْ﴾[الآیۃ:۱۵۱]:اصل میں تھااُقْوُلْ ازنصر......الخ۔

۲۱۸-﴿تَعَالَوْا﴾[الآیۃ:۱۵۱]:اصل میں تھاتَعَالَوُوْا ازباب تفاعل......الخ۔مزید تفصیل سورۃ آل عمران[الآیۃ:۶۴]پر دیکھیں۔

۲۱۹-﴿اَتْلُ﴾[الآیۃ:۱۵۱]:اصل میں تھااَتْلُوُ بروزن اَفْعُلُ،صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معلوم ناقص واوی ازباب نصر۔قانون:یدعو۔
تعلیل:واؤپرضمہ ثقیل تھاتو اسکوگرادیاتواَتْلُوْ ہوگیاپھرواؤ گرگیا امر(تعالوا) کے جواب میں واقع ہونے کی وجہ سے۔

۲۲۰-﴿اَلَّا تُشْرِکُوْا﴾[الآیۃ:۱۵۱]:اصل میں تھالَاتُشْرِکُوْا،صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم ازباب افعال۔
جاری شدہ قوانین حروف یرملون،نون اعرابی اورادغام المتجانسین۔

۲۲۱-﴿مِنْ اِمْلَاقٍ﴾[الآیۃ:۱۵۱]:بروزن اِفْعَال،صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ ازباب افعال۔

۲۲۲-﴿الْفَوَاحِشَ﴾[الآیۃ:۱۵۱]:فَوَاحِشُ بروزن فَوَاعِلُ،صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم فاعل......الخ۔قانون مدہ زائدہ۔

۲۲۳-﴿لَاتَقْرَبُوْا﴾[الآیۃ:۱۵۱]:صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم ازباب علم۔جاری شدہ قانون نون اعرابی۔

۲۲۴-﴿اَحْسَنُ﴾[الآیۃ: ۱۵۲]:صیغہ واحد مذکر اسم تفضیل از باب شرف۔

۲۲۵-﴿اَوْفُوْا﴾[الآیۃ: ۱۵۲]:اصل میں تھا اَوْفِيُوْا،صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم لفیف مفروق از باب افعال۔
جاری شدہ قوانین یقول، یوسر، التقائے ساکنین، امر حاضر معلوم اور نون اعرابی ہیں۔

۲۲۶-﴿الْمِيْزَانِ﴾[الآیۃ: ۱۵۲]:اصل میں تھا مِوْزَانٌ،صیغہ اسم الہ کبریٰ مثال واوی از باب ضرب۔

۲۲۷-﴿وُسْعَهَا﴾[الآیۃ: ۱۵۲]:اصل میں تھا وُسْعٌ،یہ باب علم سے فُعْلٌ کے وزن پر مصدر ہے۔

۲۲۸-﴿فَاعْدِلُوْا﴾[الآیۃ: ۱۵۲]:اصل میں تھا اِعْدِلُوْا،صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم از باب ضرب۔
قوانین: ہمزہ وصلی، امر حاضر معلوم اور نون اعرابی۔

۲۲۹-﴿تَذَكَّرُوْنَ﴾[الآیۃ: ۱۵۲]:اصل میں تھا تَتَذَكَّرُوْنَ،صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم از باب تفعّل۔
جاری شدہ قوانین: مضارع معلوم اور تائے مضارعت۔

۲۳۰-﴿فَتَفَرَّقَ﴾[الآیۃ: ۱۵۳]:صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم از باب تفعّل۔ قوانین: مضارع اور تائے مضارعت۔

۲۳۱-﴿اٰتَيْنَا﴾[الآیۃ: ۱۵۴]:اءْ تَيْنَا بروزن اَفْعَلْنَا،صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم مہموز الفاء و ناقص یائی از باب افعال۔

۲۳۲-﴿تَفْصِيْلًا﴾[الآیۃ: ۱۵۴]:بروزن تَفْعِيْلًا،یہ باب تفعیل سے مصدر ہے اسکو تفصیلاً پڑھنا جائز ہے بقانون نون تنوین نون خفیفہ۔

۲۳۳-﴿دِرَاسَتِهِمْ﴾[الآیۃ: ۱۵۶]:دِرَاسَةٌ بروزن فِعَالَةٌ،یہ باب نصر سے مصدر ہے۔

۲۳۴-﴿اَهْدٰى﴾[الآیۃ: ۱۵۷]:اصل میں تھا اَهْدَيُ،صیغہ واحد مذکر اسم تفضیل ناقص یائی از باب ضرب۔

۲۳۵-﴿كُنَّا﴾[الآیۃ: ۱۵۷]:اصل میں تھا كَوَنْنَا،صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم اجوف واوی از باب نصر۔قوانین: قال، التقائے ساکنین اور قُلْن۔

۲۳۶-﴿سَنَجْزِى﴾[الآیۃ: ۱۵۷]:نَجْزِىُ،صیغہ جمع متکلم فعل مضارع معلوم ناقص یائی از باب ضرب۔
قوانین: مضارع معلوم، یدعو اور التقائے ساکنین۔

۲۳۷-﴿يَنْظُرُوْنَ﴾[الآیۃ: ۱۵۸]:صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم از باب نصر۔

۲۳۸-﴿اَنْ تَاْتِیَ﴾[الآیۃ:۱۵۸]:اصل میں تھاتَاْتِیُ بروزن تَفْعِلُ،صیغہ واحد مؤنث غائب فعل مضارع معلوم مہموز الفاء وناقص یائی ازباب ضرب۔

۲۳۹-﴿اِیْمَانُهَا﴾[الآیۃ:۱۵۸]:اصل میں تھاإءْ مَانٌ بروزن اِفْعالٌ،صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ مہموز الفاء ازباب افعال۔ جاری شدہ قوانین آمن اورنون تنوین نون تثنیہ۔

۲۴۰-﴿اٰمَنَتْ﴾[الآیۃ:۱۵۸]:اصل میں تھاءَ مَنَتْ بروزن اَفْعَلَتْ،صیغہ واحد مؤنث غائب فعل ماضی معلوم مہموز الفاء ازافعال۔قانون:آمن۔

۲۴۱-﴿اِنْتَظِرُوْا﴾[الآیۃ:۱۵۸]:بروزن اِفْتَعِلُوْا،صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ازباب افتعال۔ قوانین:ہمزہ وصلی،امر حاضر معلوم نون اعرابی۔اور خصم کا قانون لگ سکتا ہے۔

۲۴۲-﴿فَرَّقُوْا﴾[الآیۃ:۱۵۹]:بروزن فَعَّلُوْا،صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم ازباب تفعیل۔

۲۴۳-﴿لَایُجْزٰی﴾[الآیۃ:۱۶۰]:اصل میں تھالَایُجْزَیُ،صیغہ واحد مذکر غائب فعل نفی مجہول ناقص یائی ازباب ضرب۔ جاری شدہ قوانین مضارع مجہول اور قال۔

۲۴۴-﴿مَحْیَا﴾[الآیۃ:۱۶۲]:اصل میں تھامَحیوٌ بروزن مَفْعَلٌ،یہ باب علم سے مصدر میمی ہے۔

۲۴۵-﴿مَمَاتِ﴾[الآیۃ:۱۶۲]:اصل میں تھامَمْوَتٌ یہ باب نصر سے مصدر میمی ہے۔

۲۴۶-﴿اُمِرْتُ﴾[الآیۃ:۱۶۳]:بروزن فُعِلْتُ،صیغہ واحد متکلم فعل ماضی مجہول مہموز الفاء ازباب نصر۔

۲۴۷-﴿اَبْغِیْ﴾[الآیۃ:۱۶۴]:اصل میں تھااَبْغِیُ،صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معلوم ناقص یائی ازباب ضرب۔قانون:یری۔

۲۴۸-﴿لَاتَزِرُ﴾[الآیۃ:]:اصل میں تھالَاتَوْزِرُ بروزن لَاتفعِلُ......الخ۔

۲۵۹-﴿وَازِرَةٌ﴾[الآیۃ:۱۶۴]:بروزن فاعِلَةٌ،صیغہ واحد مؤنث اسم فاعل ازباب ضرب۔

۲۵۰-﴿وِزْرٌ﴾[الآیۃ:۱۶۴]:بروزن فِعْلٌ،یہ باب علم سے فِعْلٌ کے وزن پر مصدر ہے۔

۲۵۱-﴿خَلَائِفَ﴾[الآیۃ:۱۶۵]:بروزن فَعَائِلَ بچوں شرائِفَ،صیغہ جمع مؤنث مکسر صفت مشبہ ازباب شرُف۔قانون:شرائف۔

۲۵۲-﴿لِیَبْلُوَ﴾[الآیۃ:۱۶۵]:اصل میں تھالِیَبْلُوُ بروزن یَفْعُلُ،صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم ناقص واوی ازباب نصر۔

۲۵۳-﴿اٰتَاكُمْ﴾[الآیۃ:۱۶۵]: اصل میں تھا اٰءْ تَیَ بروزن اَفْعَلَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم مہموز الفاء و ناقص یائی از باب افعال۔ قوانین: آمن اور قال۔

سورۃ الاعراف

۱-﴿لَایَكُنْ﴾[الآیۃ:۲]: اصل میں تھا لایکُوْنُ بروزن لایَفْعُلُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل نہی غائب معلوم اجوف واوی ز باب نصر۔ جاری شدہ قوانین یقول اور التقائے ساکنین۔

۲-﴿قَآئِلُوْنَ﴾[الآیۃ:۴]: اصل میں تھا قَایِلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل اجوف یائی از باب ضرب۔ قوانین: اسم فاعل اور قائل۔

۳-﴿دَعْوٰی﴾[الآیۃ:۵]: بروزن فَعْلیٰ، یہ باب نصر سے مصدر ہے۔

۴-﴿لَنَسْئَلَنَّ﴾[الآیۃ:۶]: بروزن لَنَفْعَلَنَّ، صیغہ جمع متکلم فعل مستقبل معلوم مہموز العین از باب منع۔

۵-﴿فَلَنَقُصَّنَّ﴾[الآیۃ:۷]: اصل میں تھا لَنَقْصُصَنَّ بروزن لَنَفْعُلَنَّ، صیغہ جمع متکلم فعل مستقبل معلوم مضاعف ثلاثی از باب نصر۔

۶-﴿غَآئِبِیْنَ﴾[الآیۃ:۷]: اصل میں تھا غَایِبِیْنَ، صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل اجوف یائی از باب ضرب۔ قوانین: اسم فاعل اور قائل۔

۷-﴿وَالْوَزْنُ﴾[الآیۃ:۸]: وَزْنٌ، صیغہ اسم مصدر مثال واوی از باب ضرب۔ قوانین: نون تنوین نون تثنیہ اور ہمزہ وصلی۔

۸-﴿ثَقُلَتْ﴾[الآیۃ:۸]: بروزن فَعُلَتْ، صیغہ واحد مؤنث غائب فعل ماضی معلوم از باب شرُف۔ اس کو بقانون حلقی العین ثَ پڑھنا جائز ہے۔

۹-﴿خَفَّتْ﴾[الآیۃ:۹]: اصل میں تھا خَفَفَتْ بروزن فَعَلَتْ، صیغہ واحد مؤنث غائب فعل ماضی معلوم مضاعف ثلاثی باب ضرب۔ جاری شدہ قانون ادغام المتجانسین۔

۱۰-﴿مَكَّنَّا﴾[الآیۃ:۱۰]: اصل میں تھا مَكَّنْنَا بروزن فَعَّلْنَا، صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم از باب تفعیل۔

۱۱-﴿صَوَّرْنَا﴾[الآیۃ:۱۱]: بروزن فَعَّلْنَا، صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم از باب تفعیل۔

۱۲-﴿اَلَّا تَسْجُدَ﴾[الآیۃ:۱۲]: اصل میں تھا اَنْ لاتَسْجُدَ از باب نصر۔ قوانین: حروف یرملون، ادغام المتجانسین اور مضارع معلوم۔

۱۳-﴿فَاهْبِطْ﴾[الآیۃ:۱۳]: اِهْبِطْ بروزن اِفْعِلْ، صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم از باب ضرب۔

قوانین: امر حاضر معلوم اور ہمزہ وصلی۔

۱۴-﴿اَنْ تَتَكَبَّرَ﴾[الآية: ۱۳]: تَتَكَبَّرُ بروزن تَتَفَعَّلُ، صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم از باب تفعّل۔
قوانین: بائے مطلق اور مضارع معلوم۔ اور تائے مضارعت کا قانون جاری ہوسکتا ہے۔

۱۵-﴿فَاخْرُجْ﴾[الآية: ۱۳]: اصل میں تھا اُخْرُجْ، صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم از باب نصر۔
قوانین: امر حاضر معلوم اور ہمزہ وصلی۔

۱۶-﴿اَغْوَيْتَنِىْ﴾[الآية: ۱۶]: اَغْوَيْتَ بروزن اَفْعَلْتَ، صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم لفیف مقرون از باب افعال۔

۱۷-﴿لَاَقْعُدَنَّ﴾[الآية: ۱۶]: بروزن لَاَفْعُلَنَّ، صیغہ واحد متکلم فعل مستقبل معلوم مؤکد بالام تاکید ونون ثقیلہ از باب نصر۔

۱۸-﴿مَذْءُوْمًا﴾[الآية: ۱۸]: بروزن مَفْعُوْلاً، صیغہ واحد مذکر اسم مفعول ثلاثی مجرد مہموز العین از باب منع۔ قانون: اسم مفعول۔
اور نون خفیفہ کا جاری ہوسکتا ہے۔

۱۹-﴿مَدْحُوْرًا﴾[الآية: ۱۸]: بروزن مَفْعُوْلاً، صیغہ واحد مذکر اسم مفعول ثلاثی مجرد از باب منع۔

۲۰-﴿لَاَمْلَئَنَّ﴾[الآية: ۱۹]: بروزن لَاَفْعَلَنَّ، صیغہ واحد متکلم فعل مستقبل معلوم مؤکد بالام تاکید ونون ثقیلہ مہموز اللام از باب منع۔

۲۱-﴿اُسْكُنْ﴾[الآية: ۱۹]: بروزن اُفْعُلْ، صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم از باب نصر۔ قانون: امر حاضر معلوم۔

۲۲-﴿فَكُلَا﴾[الآية: ۱۹]: اصل میں تھا اُءْكُلَا بروزن اُفْعُلَا......الخ۔ یہ صیغہ سورۃ بقرہ [الآية: ۳۵] پر گزر چکی ہے۔

۲۳-﴿شِئْتُمَا﴾[الآية: ۱۹]: اصل میں تھا شَيِئْتُمَا، صیغہ تثنیہ مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم اجوف یائی ومہموز اللام از باب علم۔
قوانین: قال، التقائے ساکنین اور بِعْن۔

۲۴-﴿لَاتَقْرَبَا﴾[الآية: ۱۹]: صیغہ تثنیہ مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم از باب علم۔ جاری شدہ قانون نون اعرابی۔ اور
تِعلم کا قانون جاری ہوسکتا ہے۔

۲۵-﴿فَتَكُوْنَا﴾[الآية: ۱۹]: اصل میں تھا تَكُوْنَانِ، صیغہ تثنیہ مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم اجوف واوی از باب نصر۔
قوانین: یقول اور نون اعرابی۔ یہاں فاء کے بعد ان مقدر ہے، اور یہ فاء نہی کے جواب میں واقع ہے۔

۲۶-﴿وَسْوَسَ﴾[الآية: ۲۰]: بروزن فَعْلَلَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم مضاعف رباعی رباعی مجرد از باب فعللۃ۔

۲۷-﴿لِیُبْدِیَ﴾[الآیۃ: ۲۰]: اصل میں تھا لِیُبْدِوُ بروزن یُفْعِلُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم ناقص واوی از باب افعال۔ قوانین: مضارع معلوم، ہمزہ وصلی اور یُدْعٰی۔ یہاں لامِ کَیْ کے بعد اَنْ مقدر ہے جس نے آخر کو نصب دیا ہے۔

۲۸-﴿وُوْرِیَ﴾[الآیۃ: ۲۰]: بروزن فُوْعِلَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مجہول لفیف مفروق از باب مفاعلہ۔

قوانین: ماضی مجہول اور اسم آلہ۔

تعلیل: وُوْرِیَ کو وَارَیَ سے بنایا حرف اول کو ضمہ دیا اب الف کے ماقبل والی حرکت اسکے مخالف ہوئی تو اس الف کو واو سے تبدیل کیا اور عین کلمہ کو کسرہ کی حرکت دے دی تو وُوْرِیَ بن گیا۔

۲۹-﴿قَاسَمَهُمَا﴾[الآیۃ: ۲۱]: قَاسَمَ بروزن فَاعَلَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم از باب مفاعلہ۔

۳۰-﴿فَدَلّٰهُمَا﴾[الآیۃ: ۲۲]: دَلّٰوَ بروزن فَعَّلَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم ناقص واوی از باب تفعیل۔ قانون: قال باع۔

۳۱-﴿ذَاقَا﴾[الآیۃ: ۲۲]: اصل میں تھا ذَوَقَا بروزن فَعَلَا، صیغہ تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی معلوم اجوف واوی از باب نصر۔ قانون: قال باع۔

۳۲-﴿بَدَتْ﴾[الآیۃ: ۲۲]: اصل میں تھا بَدَوَتْ، صیغہ واحد مؤنث فعل ماضی معلوم از باب نصر۔ قوانین: قال اور التقائے ساکنین۔

۳۳-﴿نَادٰی﴾[الآیۃ: ۲۲]: اصل میں تھا نَادَیَ بروزن فَاعَلَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم ناقص یائی از باب مفاعلہ۔

اس میں قال باع کا قانون جاری ہوا ہے۔

۳۴-﴿لَمْ اَنْهَ﴾[الآیۃ: ۲۲]: اصل میں تھا لَمْ اَنْهٰیُ بروزن لَمْ اَفْعَلُ، صیغہ واحد متکلم فعل جحد معلوم ناقص یائی از باب منع۔

جاری شدہ قوانین: لم یدع اور بائے مطلق۔

۳۵-﴿تَحْیَوْنَ﴾[الآیۃ: ۲۵]: اصل میں تھا تَحْیَوُوْنَ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم لفیف مقرون از باب علم۔ جاری شدہ قوانین: یُدْعٰی، قال اور التقائے ساکنین۔ اور اسکو تَحْیَوْنَ پڑھنا جائز ہے تعلم قانون کی رُو سے۔

۳۶-﴿تَمُوْتُوْنَ﴾[الآیۃ: ۲۵]: اصل میں تھا تَمْوُتُوْنَ بروزن تَفْعُلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم اجوف واوی از باب نصر۔ جاری شدہ قوانین یقول اور مضارع معلوم کا پہلا اور دوسرا۔

۳۷-﴿یُوَارِیْ﴾[الآیۃ: ۲۶]: اصل میں تھا یُوَارِیُ بروزن یُفَاعِلُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم لفیف مفروق از باب مفاعلہ۔ جاری شدہ قوانین مضارع معلوم اور یدعو۔

۳۸-﴿یَذَّکَّرُوْنَ﴾[الآیۃ:۲۵]: اصل میں تھا یَتَذَکَّرُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم از باب تفعل۔ جاری شدہ قوانین مضارع معلوم اور خصّم۔

۳۹-﴿لَایَفْتِنَنَّ﴾[الآیۃ:۲۷]: بروزن لَایَفْعِلَنَّ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل نہی غائب معلوم مؤکد بانون تاکید ثقیلہ از باب ضرب۔

۴۰-﴿لَاتَرَوْنَ﴾[الآیۃ:۲۷]: اصل میں تھا لَاتَرْءَ یُوْنَ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل نفی معلوم مہموز العین و ناقص یائی از باب منع۔ جاری شدہ قوانین یسأل، قال اور التقائے ساکنین۔

۴۱-﴿وَادْعُوْهُ﴾[الآیۃ:۲۹]: اصل میں تھا اُدْعُوُوْا بروزن اُفْعُلُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ناقص واوی از باب نصر۔ جاری شدہ قوانین یدعو، التقائے ساکنین، ہمزہ وصلی، نون اعرابی اور امر حاضر معلوم۔

۴۲-﴿تَعُوْدُوْنَ﴾[الآیۃ:۲۹]: اصل میں تھا تَعْوُدُوْنَ بروزن تَفْعُلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم اجوف واوی از باب نصر۔ جاری شدہ قوانین یقول اور مضارع معلوم۔

۴۳-﴿مَسْجِدٍ﴾[الآیۃ:۳۱]: یہ باب نصر سے واحد اسم ظرف کا صیغہ ہے، خلاف القیاس، قیاس کا تقاضہ تو یہ ہے کہ مَسْجَدٌ اسم ظرف آ جائے۔ کیونکہ باب نصر سے اسم ظرف مَفْعَلٌ کے وزن پر آتا ہے۔

۴۴-﴿بَغْیٌ﴾[الآیۃ:۳۳]: بروزن فَعْلٌ، یہ باب علم سے مصدر ہے۔

۴۵-﴿لَایَسْتَأْخِرُوْنَ﴾[الآیۃ:۳۴]: بروزن لَایَسْتَفْعِلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل نفی معلوم مہموز الفاء از باب استفعال۔ جاری شدہ قوانین مضارع معلوم اور ہمزہ وصلی۔ اور رائس کا جاری ہوسکتا ہے۔

۴۶-﴿یَأْتِیَنَّ﴾[الآیۃ:۳۵]: بروزن یَفْعِلَنَّ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مستقبل معلوم مہموز الفاء و ناقص یائی از باب ضرب۔

۴۷-﴿یَقُصُّوْنَ﴾[الآیۃ:۳۵]: اصل میں تھا یَقْصُصُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم مضاعف ثلاثی از باب نصر۔

۴۸-﴿اِذَا ادَّارَکُوْا﴾[الآیۃ:۳۸]: اصل میں تھا تَدَارَکُوْا بروزن تَفَاعَلُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم از باب تفاعل۔

تعلیل: دال واقع ہوئی باب تفاعل کے فاء کلمہ کے مقابلہ میں تو تائے تفاعل کو دال کیا، پھر دال اول کی حرکت کو حذف کر کے دال کو دال میں مدغم کیا چونکہ ابتداء بالسکون مشکل تھی اسلئے اسکی ابتداء میں ہمزہ وصلی مکسورہ لیکر آئے تو اِدَّارَکُوْا بنا پھر ہمزہ وصلی درج کلام میں گر گیا تو اِذَا ادَّارَکُوْا بنا۔ جاری شدہ قوانین خصّم، ادغام اور ہمزہ وصلی۔

۴۹-﴿اَضَلُّوْنَا﴾[الآیۃ: ۳۸]: اصل میں تھا اَضْلَلُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم مضاعف ثلاثی از باب افعال۔ آخر میں نا ضمیر منصوب متصل ہے۔

۵۰-﴿فَاٰتِهِمْ﴾[الآیۃ: ۳۸]: اصل میں تھا اَءْتِیْ بروزن اَفْعِلْ، صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معلوم مہموز الفاء و ناقص یائی از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین آمن اور لم یدع۔

۵۱-﴿فَذُوْقُوْا﴾[الآیۃ: ۳۹]: اصل میں تھا اُذْوُقُوْا بروزن اُفْعُلُوْا، صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معلوم اجوف واوی از باب نصر۔ جاری شدہ قوانین یقول، ہمزہ وصلی، امر حاضر اور نون اعرابی۔

۵۲-﴿لَاتُفَتَّحُ﴾[الآیۃ: ۴۰]: بروزن لَاتُفَعَّلُ، صیغہ واحد مؤنث غائب فعل نفی مجہول از باب تفعیل۔ قانون: مضارع مجہول۔

۵۳-﴿حَتّٰی يَلِجَ﴾[الآیۃ: ۴۰]: اصل میں تھا يَوْلِجُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم مثال واوی از باب ضرب۔ اس میں یعد کا قانون جاری ہوا ہے۔

۵۴-﴿نَجْزِیْ﴾[الآیۃ: ۴۱]: اصل میں تھا نَجْزِیُ، صیغہ جمع متکلم فعل مضارع معلوم ناقص یائی از باب ضرب۔ جاری شدہ قوانین مضارع معلوم، یدعو اور التقائے ساکنین۔

۵۵-﴿غَوَاشٍ﴾[الآیۃ: ۴۱]: اصل میں تھا غَوَاشِیُ، صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم فاعل از باب ضرب۔
تعلیل: یاء کو حرکت سمیت حذف کر کے اسکے بدلے میں آخر میں تنوین لے آئے تو غَوَاشٍ ہو گیا۔

۵۶-﴿مِنْ غِلٍّ﴾[الآیۃ: ۴۳]: اصل میں تھا غِلْلٌ، یہ باب نصر سے مصدر ہے۔

۵۷-﴿لِنَهْتَدِیَ﴾[الآیۃ: ۴۳]: اصل میں تھا نَهْتَدِیُ بروزن نَفْتَعِلُ، صیغہ جمع متکلم فعل مضارع معلوم ناقص یائی از باب افتعال۔ یہاں لام کَیْ کے بعد اَنْ مقدر ہے۔

۵۸-﴿نُوْدُوْا﴾[الآیۃ: ۴۳]: اصل میں تھا نُوْدِيُوْا بروزن فُوْعِلُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی مجہول ناقص یائی از باب مفاعلہ۔ جاری شدہ قوانین اسم آلہ، یقول، یوسر، التقائے ساکنین اور ماضی مجہول۔

۵۹-﴿اُوْرِثْتُمُوْهَا﴾[الآیۃ: ۴۳]: اصل میں تھا اُوْرِثْتُمْ بروزن اُفْعِلْتُمْ، صیغہ جمع مذکر حاضر فعل ماضی مجہول مثال واوی از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین ضمیر جمع اور ماضی مجہول۔

۶۰- ﴿وَجَدْتُّمْ﴾[الآیۃ: ۴۴]: اصل میں تھا وَجَدْتُمْ، یہ باب ضرب سے جمع مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم کا صیغہ ہے۔اس میں وحدت، ضربتم اور ادغام کے قوانین جاری ہوئے ہیں۔

۶۱- ﴿اَذَّنَ﴾[الآیۃ: ۴۴]: بروزن فَعَّلَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم مہموز الفاء از باب تفعیل۔

۶۲- ﴿مُؤَذِّنٌ﴾[الآیۃ: ۴۴]: بروزن مُفَعِّلٌ، صیغہ واحد مذکر اسم فاعل ثلاثی مزید فیہ مہموز الفاء از باب تفعیل۔ جاری شدہ قانون اسم فاعل۔ اور میرٌ کا قانون جاری ہوسکتا ہے، مُوْذِنٌ پڑھنا جائز ہے۔

۶۳- ﴿یَصُدُّوْنَ﴾[الآیۃ: ۴۵]: اصل میں تھا یَصْدُدُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم مضاعف ثلاثی از باب نصر۔

۶۴- ﴿یَبْغُوْنَ﴾[الآیۃ: ۴۵]: اصل میں تھا یَبْغِیُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم ناقص یائی از باب ضرب۔ جاری شدہ قوانین یقول، یوسر، التقائے ساکنین اور مضارع معلوم۔

۶۵- ﴿نَادَوْا﴾[الآیۃ: ۴۶]: اصل میں تھا نَادَیُوْا بروزن فَاعَلُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم ناقص یائی از باب مفاعلہ۔ جاری شدہ قوانین قال اور التقائے ساکنین۔

۶۶- ﴿سَلَامٌ﴾[الآیۃ: ۴۶]: یہ فَعَالٌ کے وزن پر باب تفعیل سے مصدر ہے۔

۶۷- ﴿تِلْقَآءَ﴾[الآیۃ: ۴۷]: بروزن تِفْعَالَ، یہ باب تفعیل سے مصدر ہے۔

۶۸- ﴿اَغْنٰی﴾[الآیۃ: ۴۸]: اصل میں تھا اَغْنَیَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم ناقص یائی از باب افعال۔ قانون: قال۔

۶۹- ﴿لَایَنَالُ﴾[الآیۃ: ۴۹]: اصل میں تھا لَایَنْیَلُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل نفی معلوم اجوف یائی از باب علم۔ قانون: یقال۔

۷۰- ﴿اَفِیْضُوْا﴾[الآیۃ: ۵۰]: اصل میں تھا اَفْیِضُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم اجوف یائی از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین یقول، امر حاضر معلوم اور نون اعرابی۔

۷۱- ﴿غَرَّتْ﴾[الآیۃ: ۵۱]: اصل میں تھا غَرَرَتْ، صیغہ واحد مؤنث غائب فعل ماضی معلوم مضاعف ثلاثی از باب ضرب۔ قانون: ادغام۔

۷۲- ﴿نَنْسٰی﴾[الآیۃ: ۵۱]: اصل میں تھا نَنْسَیُ، صیغہ جمع متکلم فعل مضارع معلوم ناقص یائی از باب علم۔ جاری شدہ قوانین مضارع معلوم، یائے مطلق اور قال۔ اور تعلم کا قانون جاری ہوسکتا ہے۔

۷۳-﴿نَسُوْا﴾[الآیۃ: ۵۱]: اصل میں تھانَسِیُوْا،صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم ناقص یائی از باب علم۔جاری شدہ قوانین یقول، یوسر اور التقائے ساکنین۔

۷۴-﴿جِئْنَا﴾[الآیۃ: ۵۲]: اصل میں تھاجَیَئْنَا،صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم اجوف یائی ومہموز اللام از باب ضرب۔جاری شدہ قوانین قال، التقائے ساکنین اور بعن خفّن۔

۷۵-﴿فَصَّلْنَا﴾[الآیۃ: ۵۲]: بروزن فعَّلْنَا،صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم از باب تفعیل۔

۷۶-﴿تَأْوِيْلَهٗ﴾[الآیۃ: ۵۳]: تَأْوِيْلٌ،صیغہ اسم مصدر مہموز الفاء واجوف واوی از باب تفعیل۔

۷۷-﴿شُفَعَاءَ﴾[الآیۃ: ۵۳]: بروزن فُعَلَاءُ،صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل از باب منع۔

۷۸-﴿ثُمَّ اسْتَوٰى﴾[الآیۃ: ۵۴]: اصل میں تھااِسْتَوَیَ،صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم لفیف مقرون از باب افتعال۔جاری شدہ قوانین ہمزہ وصلی اور قال۔اور اِسْمَع کا قانون جاری ہوسکتا ہے،یعنی اسکونُمَّ اسْوٰی پڑھنا جائز ہے۔

۷۹-﴿يُغْشِيْ﴾[الآیۃ: ۵۴]: اصل میں تھایُغْشِیُ،صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم ناقص یائی از باب افعال۔جاری شدہ قوانین ہمزہ وصلی اور یدعو۔

۸۰-﴿مُسَخَّرَاتٌ﴾[الآیۃ: ۵۴]: بروزن مُفَعَّلَاتٌ،صیغہ جمع مؤنث سالم اسم مفعول ثلاثی مزید فیہ از باب تفعیل۔جاری شدہ قوانین اسم مفعول اور ضربن کا پہلا۔اور نون خفیفہ کا قانون جاری ہوسکتا ہے۔

۸۱-﴿اَلْخَلْقُ﴾[الآیۃ: ۵۴]: باب نصر سے اسم مصدر کا صیغہ ہے۔

۸۲-﴿اُدْعُوْا﴾[الآیۃ: ۵۵]: اصل میں تھااُدْعُوُوْا بروزن اُفْعُلُوْا،صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ناقص واوی از باب نصر۔جاری شدہ قوانین یدعو، التقائے ساکنین، امر حاضر اور نون اعرابی۔

۸۳-﴿تَضَرُّعًا﴾[الآیۃ: ۵۵]: بروزن تَفَعُّلًا،صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ از باب تفعّل۔اس پر خصّم کا قانون جاری ہوسکتا ہے،اور اِضَّرُّعًا پڑھنا جائز ہے۔

۸۴-﴿اَلْمُعْتَدِيْنَ﴾[الآیۃ: ۵۵]: اصل میں تھامُعْتَدِوِیْنَ،صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل ناقص واوی از باب افتعال۔جاری شدہ قوانین ہمزہ وصلی، اسم فاعل، دُعِیَ، یدعو اور التقائے ساکنین۔

۸۵-﴿اَقَلَّتْ﴾[الآیۃ:۵۷]:اصل میں تھا اَقْلَلَتْ، صیغہ واحد مؤنث غائب فعل ماضی معلوم مضاعف ثلاثی از باب افعال۔

۸۶-﴿ثِقَالًا﴾[الآیۃ:۵۷]: بروزن فِعَالًا، صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل از باب نصر۔

۸۷-﴿سُقْنَاہُ﴾[الآیۃ:۵۷]:اصل میں تھا سَوَقْنَا بروزن فَعَلْنَا، صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم اجوف واوی از باب نصر۔ جاری شدہ قوانین قال، التقائے ساکنین اور قُلن۔

۸۸-﴿لَنَرَاکَ﴾[الآیۃ:۶۰]:اصل میں تھا نَرْاَیُ، صیغہ جمع متکلم فعل مضارع معلوم مہموز العین و ناقص یائی از باب منع۔ جاری شدہ قوانین یسئل اور قال۔

۸۹-﴿عَجِبْتُمْ﴾[الآیۃ:۶۳]: بروزن فَعِلْتُمْ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم از باب علم۔ جاری شدہ قانون ضربتم۔

۹۰-﴿لَنَظُنُّکَ﴾[الآیۃ:۶۶]:اصل میں تھا نَظْنُنُ، صیغہ جمع متکلم فعل مضارع معلوم مضاعف ثلاثی از باب نصر۔

۹۱-﴿سَفَاھَۃٌ﴾[الآیۃ:۶۷]: بروزن فَعَالَۃٌ، یہ باب شرُف سے مصدر ہے۔

۹۲-﴿اُبَلِّغُکُمْ﴾[الآیۃ:۶۸]: اُبَلِّغُ بروزن اُفَعِّلُ، صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معلوم از باب تفعیل۔

۹۳-﴿نَاصِحٌ﴾[الآیۃ:۷۰]: صیغہ واحد مذکر اسم فاعل از باب منع۔

۹۴-﴿فَأْتِنَا﴾[الآیۃ:۷۰]: اِءْتِیْ بروزن اِفْعِلْ، صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم مہموز الفاء و ناقص یائی از باب ضرب۔ تعلیل: ہمزہ ساکنہ کو بقانون آمن یاء سے تبدیل کیا تو اِیْتِیْ ہو گیا۔ پھر ہمزہ وصلی درج کلام میں گر گیا، اور ہمزہ ساکنہ بقانون آمن کے دوبارہ لوٹ آیا، اور آخر سے حرف علت امر والے قانون کی رو سے گر گئی تو فَأْتِنَا ہو گیا۔

۹۵-﴿اَتُجَادِلُوْنَنِیْ﴾[الآیۃ:۷۱]: تُجَادِلُوْنَ بروزن تُفَاعِلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم از باب مفاعلہ۔

۹۶-﴿اَنْجَیْنَا﴾[الآیۃ:۷۲]:اصل میں تھا اَنْجَوْنَا بروزن اَفْعَلْنَا، صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم ناقص یائی از باب افعال۔ قانون: یدعی۔

۹۷-﴿بَوَّءَ﴾[الآیۃ:۷۴]: بروزن فَعَّلَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم اجوف واوی و مہموز اللام از باب تفعیل۔

۹۸-﴿لَا تَعْثَوْا﴾[الآیۃ:۷۴]:اصل میں تھا لَا تَعْثَوُوْا یہ باب علم اور نصر دونوں سے آتا ہے۔ جاری شدہ قوانین: قال، التقائے ساکنین اور نون اعرابی۔

۹۹۔﴿عَتَوْا﴾[الآیۃ:۷۷]:اصل میں تھا عَتَوُوْا بروزن فَعَلُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم ناقص واوی از باب نصر۔ جاری شدہ قوانین قال اور التقائے ساکنین۔

۱۰۰۔﴿فَتَوَلّٰی﴾[الآیۃ:۷۹]:اصل میں تھا تَوَلَّیَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم لفیف مفروق از باب تفعّل۔ جاری شدہ قانون قال۔ اور اتّعد کا قانون لگ سکتا ہے، یعنی اِتَّلٰی پڑھنا جائز ہے۔

۱۰۱۔﴿اَتَاْتُوْنَ﴾[الآیۃ:۸۰]:اصل میں تھا اَتَاْتِیُوْنَ بروزن تَفْعِلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم مہموز الفاء و ناقص یائی از باب ضرب۔ جاری شدہ قوانین یقول، یوسر، التقائے ساکنین اور مضارع معلوم۔ اور اسکو تَاتُوْنَ پڑھنا جائز ہے بقانون راس۔

۱۰۲۔﴿یَتَطَهَّرُوْنَ﴾[الآیۃ:۸۰]:بروزن یَتَفَعَّلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم از باب تفعّل۔ جاری شدہ قانون مضارع معلوم۔ اور خصّم کا قانون لگ سکتا ہے یعنی اسکو یَطَّهَّرُوْنَ پڑھنا جائز ہے۔

۱۰۳۔﴿لَاتَبْخَسُوْا﴾[الآیۃ:۸۵]:بروزن لَاتَفْعَلُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم از باب منع۔ قانون: نون اعرابی۔

۱۰۴۔﴿تُوْعِدُوْنَ﴾[الآیۃ:۸۶]:صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم مثال واوی از باب افعال۔

۱۰۵۔﴿کَثَّرَ﴾[الآیۃ:۸۶]:بروزن فَعَّلَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم از باب تفعیل۔

۱۰۶۔﴿اُرْسِلْتُ﴾[الآیۃ:۸۷]:بروزن اُفْعِلْتُ، صیغہ واحد متکلم فعل ماضی مجہول از باب افعال۔ قانون: ماضی مجہول۔

نواں پارہ

۱۰۷۔﴿اِسْتَکْبَرُوْا﴾[الآیۃ:۸۸]:بروزن اِسْتَفْعَلُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم صحیح از باب استفعال۔ قانون: ہمزہ وصلی۔

۱۰۸۔﴿لَنُخْرِجَنَّکَ﴾[الآیۃ:۸۸]:لَنُخْرِجَنَّ بروزن لَنُفْعِلَنَّ، صیغہ جمع متکلم فعل مستقبل معلوم مؤکد بالام تاکید و نون تاکید ثقیلہ از باب افعال۔

۱۰۹۔﴿لَتَعُوْدُنَّ﴾[الآیۃ:۸۸]:اصل میں تھا لَتَعُوْدُنَّ بروزن لَتَفْعُلُنَّ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مستقبل معلوم مؤکد بالام تاکید و نون تاکید ثقیلہ اجوف واوی از باب نصر۔ جاری شدہ قوانین یقول، نون اعرابی اور التقائے ساکنین۔

تعلیل: لَتَعُوْدُنَّ کو تَعُوْدُوْنَ سے بنایا شروع میں لام تاکید لے آئے اور آخر میں نون ثقیلہ کے لگنے سے نون اعرابی گر گیا، تو لَتَعُوْدُوْنَّ ہو گیا، پھر التقائے ساکنین واو اور نون مدغم کے درمیان آیا تو واو کو گرا دیا تو لَتَعُوْدُنَّ ہو گیا۔

۱۱۰-﴿قَدِ افْتَرَيْنَا﴾[الآية: ۸۹]: اِفْتَرَيْنَا بروزن اِفْتَعَلْنَا، صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم ناقص یائی از باب افتعال۔

۱۱۱-﴿عُدْنَا﴾[الآية: ۸۹]: اصل میں تھا عَوَدْنَا بروزن فَعَلْنَا، صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم اجوف واوی از باب نصر۔ جاری شدہ قوانین قال، التقائے ساکنین اور قلن۔

۱۱۲-﴿نَجّٰنَا﴾[الآية: ۸۹]: اسکے آخر میں نا ضمیر منصوب متصل ہے، اصل میں تھا نَجَّوَ بروزن فَعَّلَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم ناقص واوی از باب تفعیل۔ جاری شدہ قوانین یدعی اور قال۔

۱۱۳-﴿اَنْ نَّعُوْدَ﴾[الآية: ۸۹]: اصل میں تھا اَنْ نَعْوُدَ بروزن نَفْعُلُ، صیغہ جمع متکلم فعل مضارع معلوم اجوف واوی از باب نصر۔ جاری شدہ قوانین حروف یرملون، ادغام اور یقول۔

۱۱۴-﴿تَوَكَّلْنَا﴾[الآية: ۸۹]: بروزن تَفَعَّلْنَا، صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم مثال واوی از باب تفعّل۔ اسکو اتعد قانون کی رو سے اِتَّكَلْنَا پڑھنا جائز ہے۔

۱۱۵-﴿خٰسِرُوْنَ﴾[الآية: ۹۰]: بروزن فَاعِلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل از باب علم۔ قانون: اسم فاعل۔

۱۱۶-﴿لَمْ يَغْنَوْا﴾[الآية: ۹۲]: اصل میں تھا لَمْ يَغْنَيُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب فعل جحد معلوم ناقص یائی از باب علم۔ جاری شدہ قوانین: قال، نون اعرابی اور التقائے ساکنین۔

۱۱۷-﴿نَصَحْتُ﴾[الآية: ۹۳]: بروزن فَعَلْتُ، صیغہ واحد متکلم فعل ماضی معلوم از باب منع۔

۱۱۸-﴿اٰسٰى﴾[الآية: ۹۳]: اصل میں تھا اَءْسَيُ بروزن اَفْعَلُ، صیغہ واحد متکلم فعل ماضی معلوم مہموز الفاء و ناقص یائی از باب علم۔ جاری شدہ قوانین قال اور آمن۔

۱۱۹-﴿يَضَّرَّعُوْنَ﴾[الآية: ۹۴]: اصل میں تھا يَتَضَرَّعُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم از باب تفعّل۔ جاری شدہ قوانین خصم اور مضارع معلوم۔

تعلیل: ضاد واقع ہوئی باب تفعّل کے فاکلمہ کے مقابلے میں تو تائے تفعّل کو ضاد کیا اور ضاد کو ضاد میں مدغم کیا تو يَضَّرَّعُوْنَ بن گیا۔

۱۲۰-﴿بَدَّلْنَا﴾[الآية: ۹۵]: بروزن فَعَّلْنَا، صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم از باب تفعیل۔

۱۲۱-﴿عَفَوْا﴾: اصل میں تھا عَفَوُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم ناقص واوی از باب نصر۔ قوانین: قال اور التقائے ساکنین۔

۱۲۲-﴿نَآئِمُوْنَ﴾[الآیۃ:۹۷]:اصل میں تھانَاوِمُوْنَ،صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل اجوف واوی از باب نصر۔قوانین:اسم فاعل اور قائل۔

۱۲۳-﴿لَمْ یَهْدِ﴾[الآیۃ:۱۰۰]:اصل میں تھالَمْ یَهْدِیْ بروزن لَمْ یفْعِلْ......از باب ضرب۔قانون:لم یدع۔

۱۲۴-﴿یرِثُوْنَ﴾[الآیۃ:۱۰۰]:اصل میں تھایَوْرِثُوْنَ،صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم از باب حسب۔جاری شدہ قوانین یعد اور مضارع معلوم۔

۱۲۵-﴿اَصَبْنَا﴾[الآیۃ:۱۰۰]:اصل میں تھااَصْوَبْنَا،صیغہ جمع متکلم فعل مضارع معلوم اجوف واوی از باب افعال۔جاری شدہ قوانین یقال اور التقائے ساکنین۔

۱۲۶-﴿نَقُصُّ﴾[الآیۃ:۱۰۱]:اصل میں تھانَقْصُصُ،صیغہ جمع متکلم فعل مضارع معلوم مضاعف ثلاثی از باب نصر۔جاری شدہ قوانین ادغام اور مضارع معلوم۔

۱۲۷-﴿لِیُؤْمِنُوْا﴾[الآیۃ:۱۰۱]:اصل میں تھایُؤْمِنُوْنَ،صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم مہموز الفاء از باب افعال۔جاری شدہ قانون نون اعرابی۔اور رأس کا قانون جاری ہوسکتا ہے۔

۱۲۸-﴿جِئْتَ﴾[الآیۃ:۱۰۶]:اصل میں تھاجَیَئْتَ،صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم اجوف یائی ومہموز اللام از باب ضرب۔جاری شدہ قوانین قال،التقائے ساکنین اور بعن خِفْن۔

۱۲۹-﴿فَأْتِ﴾[الآیۃ:۱۰۶]:اصل میں تھااِءْتِیْ بروزن اِفْعِلْ،صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم مہموز الفاء وناقص یائی از باب ضرب۔

تعلیل:ہمزہ ساکنہ کو یاء سے بدل دیا تو اِیْتِیْ بن گیا پھر ہمزہ وصلی جب درج کلام میں گر گیا تو ہمزہ ساکنہ دوبارہ لوٹ آیا اور آخر سے حرف علت گر گئی تو فَأْتِ ہوگیا۔اسکو فَاتِ پڑھنا جائز ہے۔

۱۳۰-﴿فَاَلْقٰی﴾[الآیۃ:۱۰۷]:اصل میں تھااَلْقَیَ،صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم ناقص یائی از باب افعال۔قانون:قال۔

۱۳۱-﴿تَأْمُرُوْنَ﴾[الآیۃ:۱۱۰]:بروزن تَفْعُلُوْنَ،صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم مہموز الفاء از باب نصر۔اس کو تَامُرُوْنَ پڑھنا جائز ہے۔

۱۳۲-﴿اَرْجِهْ﴾[الآیۃ:۱۱۱]:اصل میں تھا اَرْجِوْ بروزن اَفْعِلْ،صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ناقص واوی

ازباب افعال۔ یا اسکا اصل اَرْجِئی ہے یعنی مہموز اللام ہے۔ آخر سے تخفیفاً ہمزہ کو گرادیا اور آخر میں ہ ضمیر منصوب متصل ہے۔

فائدہ: اَرْجِهْ وَ اس پر حلقی العین کا قانون جاری ہوا ہے۔ وہ اس طرح کہ جِهِ وَکوجِهْ وَ پڑھنا جائز ہے۔

۱۳۳-﴿اَرْسِلْ﴾[الآیۃ: ۱۱۱]: صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ازباب افعال۔ قانون: امر حاضر معلوم۔

۱۳۴-﴿یَاْتُوْکَ﴾[الآیۃ: ۱۱۲]: اصل میں تھا یَاْتِیُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم مہموز الفاء وناقص یائی ازباب ضرب۔ جاری شدہ قوانین یقول، یوسر، التقائے ساکنین، مضارع معلوم اور نون اعرابی۔ یہاں پر نون اعرابی گرا ہے امر کے جواب میں واقع ہونے کی وجہ سے۔ اور اس میں رائس کا قانون بھی جاری ہوسکتا ہے۔

۱۳۵-﴿السَّحَرَۃُ﴾[الآیۃ: ۱۱۳]: سَحَرَۃٌ بروزن فَعَلَۃٌ، صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل ثلاثی مجرد ازباب منع۔ جاری شدہ قوانین: نون تنوین نون تثنیہ اور حروف شمسی۔

۱۳۶-﴿مُقَرَّبِیْنَ﴾[الآیۃ: ۱۱۴]: بروزن مُفَعَّلِیْنَ، صیغہ جمع مذکر سالم اسم مفعول ثلاثی مزید فیہ ازباب تفعیل۔ قانون: اسم مفعول۔

۱۳۷-﴿اَنْ تُلْقِیَ﴾[الآیۃ: ۱۱۵]: تُلْقِیُ بروزن تُفْعِلُ، صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم ناقص یائی ازباب افعال۔ جاری شدہ قانون بائے مطلق۔

۱۳۸-﴿اَلْقُوْا﴾[الآیۃ: ۱۱۶]: اصل میں تھا اَلْقِیُوْا بروزن اَفْعِلُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ناقص یائی ازباب افعال۔ جاری شدہ قوانین یقول، یوسر، التقائے ساکنین، امر حاضر اور نون اعرابی۔

۱۳۹-﴿اَلْقَوْا﴾[الآیۃ: ۱۱۶]: اصل میں تھا اَلْقَیُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم ناقص یائی ازباب افعال۔ جاری شدہ قوانین قال اور التقائے ساکنین۔

۱۴۰-﴿سَحَرُوْا﴾[الآیۃ: ۱۱۶]: صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم ازباب منع۔

۱۴۱-﴿وَاسْتَرْهَبُوْا﴾[الآیۃ: ۱۱۶]: بروزن اِسْتَفْعَلُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم ازباب استفعال۔ قانون: ہمزہ وصلی۔

۱۴۲-﴿اَلْقِ﴾[الآیۃ: ۱۱۷]: اصل میں تھا اَلْقِیْ بروزن اَفْعِلْ، صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ناقص یائی ازباب افعال۔ جاری شدہ قوانین امر حاضر اور لم یدع۔

۱۴۳-﴿یَاْفِکُوْنَ﴾[الآیۃ: ۱۱۷]: بروزن یَفْعِلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم مہموز الفاء ازباب ضرب۔

جاری شدہ قانون مضارع معلوم ۔اور اسکو بقانون رائس یَافِکُوْنَ پڑھنا جائز ہے۔

۱۴۴-﴿وَانْقَلَبُوْا﴾[الآیة:۱۱۹]:اِنْقَلَبُوْا بروزن اِنْفَعَلُوْا،صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم از باب انفعال۔
جاری شدہ قوانین ہمزہ وصلی اور بائے مطلق۔

۱۴۵-﴿اُلْقِیَ﴾[الآیة:۱۲۰]:بروزن اُفْعِلَ،صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مجہول ناقص یائی از باب افعال۔قانون:ماضی مجہول۔

۱۴۶-﴿اَنْ اٰذَنَ﴾[الآیة:۱۲۳]:اصل میں تھاءَ ذَنُ،صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معلوم مہموز الفاء از باب علم۔قوانین:آمن اور مضارع۔

۱۴۷-﴿لَاُقَطِّعَنَّ﴾[الآیة:۱۲۴]:بروزن لَاُفَعِّلَنَّ،صیغہ واحد متکلم فعل مستقبل معلوم مؤکد بالام تاکید ونون ثقیلہ مہموز الفاء از باب تفعیل۔

۱۴۸-﴿لَاُصَلِّبَنَّ﴾[الآیة:۱۲۴]:بروزن لَاُفَعِّلَنَّ،صیغہ واحد متکلم فعل مستقبل معلوم مؤکد بالام تاکید ونون ثقیلہ مہموز الفاء از باب تفعیل۔

۱۴۹-﴿مُنْقَلِبُوْنَ﴾[الآیة:۱۲۵]:بروزن مُنْفَعِلُوْنَ،صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل از باب انفعال۔قوانین:بائے مطلق اور اسم فاعل۔

۱۵۰-﴿تَوَفَّنَا﴾[الآیة:۱۲۶]:اسکے آخر میں نا ضمیر منصوب متصل ہے،تَوَفَّ بروزن تَفَعَّلْ،صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم لفیف مفروق از باب تفعّل۔جاری شدہ قوانین امر حاضر اور لم یدع۔

۱۵۱-﴿اَتَذَرُ﴾[الآیة:۱۲۷]:تَذَرُ اصل میں تھا تَوْذَرُ،صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم مثال واوی از باب منع۔

جاری شدہ قوانین مضارع معلوم اور یعد۔

۱۵۲-﴿لِیُفْسِدُوْا﴾[الآیة:۱۲۷]:اصل میں تھا یُفْسِدُوْنَ،صیغہ جمع مذکر غائب مضارع معلوم ثلاثی مزید فیہ از باب افعال

جاری شدہ قانون نون اعرابی۔

۱۵۳-﴿وَیَذَرَکَ﴾[الآیة:۱۲۷]:اصل میں تھا یَوْذَرُ ......الخ۔یہ صیغہ کئی دفعہ گذر چکی ہے۔

۱۵۴-﴿نَسْتَحْیِیْ﴾[الآیة:۱۲۷]:اصل میں تھا نَسْتَحْیِوُ بروزن نَسْتَفْعِلُ،صیغہ جمع متکلم فعل مضارع معلوم لفیف مقرون از استفعال۔جاری شدہ قوانین مضارع معلوم،دُعی،یدعو اور ہمزہ وصلی۔اور تعلم قانون کے تحت اسکو نَسْتَحِیْ پڑھنا جائز ہے

۱۵۵-﴿اِسْتَعِیْنُوْا﴾[الآیة:۱۲۸]:اصل میں تھا اِسْتَعْوِنُوْا،صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم اجوف واوی از استفعال

۔جاری شدہ قوانین یقول،میعاد،ہمزہ وصلی،امر حاضر اور نون اعرابی۔

۱۵۶- ﴿وَاصْبِرُوْا﴾[الآیۃ:۱۲۸]: اِصْبِرُوْا بروزن اِفْعِلُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم از ضرب۔ جاری شدہ قوانین امر حاضر، نون اعرابی اور ہمزہ وصلی۔

۱۵۷-﴿يُوْرِثُ﴾[الآیۃ:۱۲۸]: بروزن يُفْعِلُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم مثال واوی از افعال۔

۱۵۸-﴿اُوْذِيْنَا﴾[الآیۃ:۱۲۹]: اصل میں تھا اُءْذِيْنَا بروزن اُفْعِلْنَا، صیغہ جمع متکلم فعل ماضی مجہول مہموز الفاء وناقص یائی از افعال۔ جاری شدہ قوانین آمن اور ماضی مجہول۔

۱۵۹-﴿يَذَّكَّرُوْنَ﴾[الآیۃ:۱۳۰]: اصل میں تھا يَتَذَكَّرُوْنَ...... الخ یہ صیغہ پہلے گزر چکی ہے۔

۱۶۰-﴿يَطَّيَّرُوْا﴾[الآیۃ:۱۳۱]: اصل میں تھا يَتَطَيَّرُوْنَ بروزن يَتَفَعَّلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم اجوف یائی از تفعل۔ جاری شدہ قوانین، نون اعرابی اور خصم۔

تعلیل: تائے تفعل کو طا کیا اور طا کو طا میں مدغم کیا تو يَطَّيَّرُوْنَ بن گیا، پھر جزاء واقع ہونے کی بناء پر نون اعرابی گر گیا۔

۱۶۱-﴿مَهْمَاتَاْتِنَا﴾[الآیۃ:۱۳۲]: اصل میں تھا تَاْتِيُ بروزن تَفْعِلُ، صیغہ واحد مؤنث غائب فعل مضارع معلوم مہموز الفاء وناقص یائی از ضرب۔ جاری شدہ قوانین، یدعوا اور لم یدع۔ اور راسٌ کا جاری ہوسکتا ہے۔

فائدہ: مہما اسم شرط ہے۔

۱۶۲-﴿لِتَسْحَرَنَا﴾[الآیۃ:۱۳۲]: تَسْحَرُ بروزن تَفْعَلُ، صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم از منع۔ قانون: مضارع۔

۱۶۳-﴿مُفَصَّلَاتٍ﴾[الآیۃ:۱۳۳]: بروزن مُفَعَّلَاتٍ، صیغہ جمع مؤنث سالم اسم مفعول از تفعیل۔ جاری شدہ قوانین اسم مفعول اور ضربن کا پہلا اور دوسرا۔ اور نون خفیفہ کا قانون لگ سکتا ہے۔

۱۶۴- ﴿اُدْعُ﴾[الآیۃ:۱۳۴]: اصل میں تھا اُدْعُوْ بروزن اُفْعُلْ، صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل امر ناقص واوی از نصر۔ جاری شدہ قوانین امر حاضر، لم یدع اور ہمزہ وصلی۔

۱۶۵-﴿بَالِغُوْهُ﴾[الآیۃ:۱۳۵]: اصل میں تھا بَالِغُوْنَ، صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل از نصر۔ اضافت کی وجہ سے نون جمع گرا ہے۔ جاری شدہ قوانین اسم فاعل اور نون تنوین تثنیہ۔

۱۶۶-﴿يَنْكُثُوْنَ﴾[الآیۃ:۱۳۵]: بروزن يَفْعُلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم از نصر۔ قوانین بابِ مطلق اور مضارع۔

۱۶۷-﴿فَانْتَقَمْنَا﴾[الآیۃ:۱۳۶]:اِنْتَقَمْنَا بروزن اِفْتَعَلْنَا،صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم از افتعال۔قوانین:ہمزہ وصلی اور بابِ مطلق۔

۱۶۸-﴿اَوْرَثْنَا﴾[الآیۃ:۱۳۷]:بروزن اَفْعَلْنَا بچوں اَکْرَمْنَا،صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم ثلاثی مزید فیہ مثال واوی از افعال۔

۱۶۹-﴿يُسْتَضْعَفُوْنَ﴾[الآیۃ:۱۳۷]:بروزن یُسْتَفْعَلُوْنَ،صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم از استفعال۔قانون:مضارع مجہول

۱۷۰-﴿تَمَّتْ﴾[الآیۃ:۱۳۷]:اصل میں تھا تَمَمَتْ،صیغہ واحد مؤنث غائب فعل ماضی معلوم مضاعف ثلاثی از ضرب۔قانون:ادغام۔

۱۷۱-﴿دَمَّرْنَا﴾[الآیۃ:۱۳۷]:بروزن فَعَّلْنَا،صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم از تفعیل۔

۱۷۲-﴿جَاوَزْنَا﴾[الآیۃ:۱۳۷]:بروزن فَاعَلْنَا،صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم مثال واوی از باب مفاعلہ۔

۱۷۳-﴿فَاَتَوْا﴾[الآیۃ:۱۳۸]:اصل میں تھا اَتَيُوْا بروزن فَعَلُوْا،صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم مہموز الفاء و ناقص یائی از باب منع۔جاری شدہ قوانین قال اور التقائے ساکنین۔

۱۷۴-﴿تَجْهَلُوْنَ﴾[الآیۃ:۱۳۸]:صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم از باب علِمَ۔قانون:مضارع۔اور تعلم قانون کی رُو سے تِجْهَلُوْنَ پڑھنا جائز ہے۔

۱۷۵-﴿مُتَبَّرٌ﴾[الآیۃ:۱۳۹]:بروزن مُفَعَّلٌ،صیغہ واحد مذکر اسم مفعول ثلاثی مزید فیہ از باب تفعیل۔جاری شدہ قانون اسم مفعول۔اور نون خفیفہ کا لگ سکتا ہے۔

۱۷۶-﴿اَبْغِيْ﴾[الآیۃ:۱۴۰]:اصل میں تھا اَبْغِيُ،صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معلوم ناقص یائی از باب ضرب۔قانون:یدعو۔

۱۷۷-﴿فَضَّلَ﴾[الآیۃ:۱۴۰]:بروزن فَعَّلَ،صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم از باب تفعیل۔

۱۷۸-﴿يَسُوْمُوْنَ﴾[الآیۃ:۱۴۱]:اصل میں تھا يَسْوُمُوْنَ،صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم اجوف واوی از باب نصر۔جاری شدہ قوانین:یقول اور مضارع معلوم۔

۱۷۹-﴿يَسْتَحْيُوْنَ﴾[الآیۃ:۱۴۱]:اصل میں تھا يَسْتَحْيِيُوْنَ،صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم لفیف مقرون از باب استفعال۔جاری شدہ قوانین یقول، دُعِیَ، یوسر، التقائے ساکنین، ہمزہ وصلی اور مضارع معلوم۔

۱۸۰-﴿اُخْلُفْنِیْ﴾[الآیۃ:۱۴۲]: اصل میں تھا اُخْلُفْ بروزن اُفْعُلْ، صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم از باب نصر۔ جاری شدہ قوانین امر حاضر اور ہمزہ وصلی۔

۱۸۱-﴿اَرِنِیْ﴾[الآیۃ:۱۴۳]: اصل میں تھا اَرْءِ یْ، صیغہ واحد مذکر فعل امر حاضر معلوم مہموز العین وناقص یائی از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین یسئل، امر حاضر معلوم اور لم یدع۔ آخر میں نون وقایہ اور ی ضمیر منصوب متصل ہے۔

۱۸۲-﴿اَنْظُرْ﴾[الآیۃ:۱۴۳]: اصل میں تھا اَنْظُرُ، واحد متکلم فعل مضارع معلوم کا صیغہ ہے۔ امر کے جواب میں واقع ہونے کی وجہ سے مجزوم ہے۔

۱۸۳-﴿لَنْ تَرٰنِیْ﴾[الآیۃ:۱۴۳]: لَنْ تَرٰیْ اصل میں تھا لَن تَرْءَ یَ، صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل نفی معلوم مؤکد بلن ناصبہ از باب منع۔ جاری شدہ قوانین بائے مطلق، یسئل اور قال۔

۱۸۴-﴿فَاِنِ اسْتَقَرَّ﴾[الآیۃ:۱۴۳]: اِسْتَقْرَرَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم مضاعف ثلاثی از باب استفعال۔ جاری شدہ قوانین ہمزہ وصلی اور ادغام۔

۱۸۵-﴿تَجَلّٰی﴾[الآیۃ:۱۴۳]: اصل میں تھا تَجَلَّوَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مزید فیہ ناقص واوی از باب تفعّل۔ اس میں قال اور یُدْعٰی کا قانون جاری ہوا ہے۔

۱۸۶-﴿دَكًّا﴾[الآیۃ:۱۴۳]: اصل میں تھا دَكْكًا، اسم مصدر مضاعف ثلاثی از باب نصر۔ اس میں ادغام کا قانون جاری ہوا ہے۔ اور نون خفیفہ کا لگ سکتا ہے۔

۱۸۷-﴿اَفَاقَ﴾[الآیۃ:۱۴۳]: اصل میں تھا اَفْوَقَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم اجوف واوی از باب افعال۔ اس میں یقال کا قانون جاری ہوا ہے۔

۱۸۸-﴿اِصْطَفَیْتُ﴾[الآیۃ:۱۴۴]: اصل میں تھا اِصْتَفَوْتُ، صیغہ واحد متکلم فعل ماضی معلوم ناقص واوی از باب افتعال۔ جاری شدہ قوانین اطلب اضبر، یُدْعٰی اور ہمزہ وصلی۔

۱۸۹-﴿وَاْمُرْ﴾[الآیۃ:۱۴۵]: اصل میں تھا اُءْ مُرْ، صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم مہموز الفاء از باب نصر۔

۱۹۰-﴿سَاُرِیْكُمْ﴾[الآیۃ:۱۴۵]: اصل میں تھا اُرْءِ یُ بروزن اُفْعِلُ، صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معلوم مہموز العین وناقص

یائی از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین یسئل، یدعو، ہمزہ وصلی اور مضارع معلوم۔

۱۹۱-﴿وَاِنْ یَّرَوْا﴾[الآیۃ:۱۴۶]: اصل میں تھا یَرْءَیُوْنَ بروزن یَفْعَلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم مہموز العین وناقص یائی از باب منع۔ جاری شدہ قوانین یسئل، قال، التقائے ساکنین اور مضارع معلوم۔

۱۹۲-﴿رَاَوْا﴾[الآیۃ:۱۴۹]: اصل میں تھا رَاَیُــوْا، صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم مہموز العین وناقص یائی از باب منع۔ جاری شدہ قوانین قال اور التقائے ساکنین۔

۱۹۳-﴿غَضْبَانَ﴾[الآیۃ:۱۵۰]: یہ باب علم سے صفت مشبہ کا صیغہ ہے۔

۱۹۴-﴿اَسِفًا﴾[الآیۃ:۱۵۰]: یہ باب علم سے صفت مشبہ کا صیغہ ہے۔

۱۹۵-﴿اَمْرَ﴾[الآیۃ:۱۵۰]: بروزن فَعْلَ، یہ باب نصر سے مصدر ہے۔

۱۹۶-﴿اَلْقَی﴾[الآیۃ:۱۵۰]: اصل میں تھا اَلْقَیَ بروزن اَفْعَلَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم ناقص یائی از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین قال اور التقائے ساکنین۔

۱۹۷-﴿یَجُرُّهٗ﴾[الآیۃ:۱۵۰]: اصل میں تھا یَجْرُرُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم مضاعف ثلاثی از باب نصر۔ جاری شدہ قوانین ادغام اور مضارع۔

۱۹۸-﴿اِسْتَضْعَفُوْا﴾[الآیۃ:۱۵۰]: بروزن اِسْتَفْعَلُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم از باب استفعال۔ اس میں ہمزہ وصلی کا قانون جاری ہوا ہے۔

۱۹۹-﴿لَاتُشْمِتْ﴾[الآیۃ:۱۵۰]: بروزن لَاتُفْعِلْ، صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم از باب افعال۔

۲۰۰-﴿اَرْحَمُ﴾[الآیۃ:۱۵۱]: صیغہ واحد مذکر اسم تفضیل از باب علم۔

۲۰۱-﴿سَیَنَالُ﴾[الآیۃ:۱۵۲]: اصل میں تھا یَنْیَلُ بروزن یَفْعَلُ، صیغہ واحد مذکر غائب مضارع معلوم اجوف یائی از باب علم۔ جاری شدہ قانون یباع۔

۲۰۲-﴿وَاخْتَارَ﴾[الآیۃ:۱۵۵]: اصل میں تھا اِخْتَیَرَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم اجوف یائی از باب افتعال۔ جاری شدہ قوانین قال اور ہمزہ وصلی۔

۲۰۳-﴿اَتُهۡلِكُنَا﴾[الآية:١٥٥]: تُهۡلِكُ، صیغہ واحد مؤنث غائب فعل مضارع معلوم ثلاثی مزید فیہ از باب افعال۔

۲۰۴-﴿وَاكۡتُبۡ﴾[الآية:١٥٦]: اُكۡتُبۡ، صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم از باب نصر۔ قوانین: امر حاضر معلوم اور ہمزہ وصلی۔

۲۰۵-﴿اُصِيۡبُ﴾[الآية:١٥٦]: اصل میں تھا اُصۡوِبُ، صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معلوم اجوف واوی از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین یقول، میعاذ اور ہمزہ وصلی۔

۲۰۶-﴿اَشَآءُ﴾[الآية:١٥٦]: اصل میں تھا اَشۡيَءُ بروزن اَفۡعَلُ، صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معلوم اجوف یائی ومہموز اللام از باب منع۔ جاری شدہ قوانین یقال اور مضارع معلوم۔

۲۰۷-﴿وَسِعَتۡ﴾[الآية:١٥٦]: بروزن فَعِلَتۡ، اسکو بقانون حلقی العین وَسۡعَتۡ پڑھنا جائز ہے۔

۲۰۸-﴿مَكۡتُوۡبًا﴾[الآية:١٥٧]: صیغہ واحد مذکر اسم مفعول از باب نصر۔ جاری شدہ قانون اسم مفعول۔ اور نون تنوین خفیفہ کا قانون لگ سکتا ہے۔

۲۰۹-﴿يَنۡهٰى﴾[الآية:١٥٧]: اصل میں تھا يَنۡهَيُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم ناقص یائی از باب علم۔ قوانین: قال اور یائے مطلق۔

۲۱۰-﴿عَزَّرُوۡهُ﴾[الآية:١٥٧]: عَزَّرُوۡا بروزن فَعَّلُوۡا، صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم از باب تفعیل۔

۲۱۱-﴿قَطَّعۡنَا﴾[الآية:١٦٠]: بروزن فَعَّلۡنَا، صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم از باب تفعیل۔

۲۱۲-﴿اِذِاسۡتَسۡقٰهُ﴾[الآية:١٦٠]: اصل میں تھا اِسۡتَسۡقَيَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم ناقص یائی از باب استفعال۔ جاری شدہ قوانین ہمزہ وصلی اور قال۔

۲۱۳-﴿فَانۡبَجَسَتۡ﴾[الآية:١٦٠]: اِنۡبَجَسَتۡ بروزن اِنۡفَعَلَتۡ، صیغہ واحد مؤنث غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مزید فیہ از باب انفعال۔ جاری شدہ قوانین ہمزہ وصلی اور یائے مطلق۔

۲۱۴-﴿ظَلَّلۡنَا﴾[الآية:١٦٠]: بروزن فَعَّلۡنَا، صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم مضاعف ثلاثی از باب تفعیل۔

۲۱۵-﴿اُسۡكُنُوۡا﴾[الآية:١٦١]: بروزن اُفۡعُلُوۡا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم از باب نصر۔ قوانین: امر حاضر اور نون اعرابی۔

۲۱۶-﴿سَنَزِيْدُ﴾[الآية: ۱۶۱]: اصل میں تھا نَزْيِدُ، صیغہ جمع متکلم فعل مضارع معلوم اجوف یائی از باب ضرب۔ جاری شدہ قوانین یقول اور مضارع معلوم۔

۲۱۷-﴿وَسْئَلْ﴾[الآية: ۱۶۳]: اصل میں تھا اِسْئَلْ......از باب منع۔ جاری شدہ قوانین ہمزہ وصلی اور امر حاضر معلوم۔ اور یسل کا قانون جاری ہوسکتا ہے یعنی اسکو وَسَلْ پڑھنا جائز ہے۔

۲۱۸-﴿حَاضِرَةً﴾[الآية: ۱۶۳]: بروزن فَاعِلَةٌ، یہ باب نصر سے واحد مؤنث اسم فاعل کا صیغہ ہے۔ قانون: اسم فاعل۔

۲۱۹-﴿يَعْدُوْنَ﴾[الآية: ۱۶۳]: اصل میں تھا يَعْدُوُوْنَ بروزن يفعُلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم ناقص واوی از باب نصر۔ جاری شدہ قوانین یدعو، التقائے ساکنین اور مضارع معلوم۔

۲۲۰-﴿لَايَسْبِتُوْنَ﴾[الآية: ۱۶۳]: بروزن لَايَفْعِلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم از باب ضرب۔ قانون: مضارع معلوم۔

۲۲۱-﴿نَبْلُوْ﴾[الآية: ۱۶۳]: اصل میں تھا نَبْلُوُ بروزن نفعُلُ، صیغہ جمع متکلم فعل مضارع معلوم مثال واوی از باب نصر۔ جاری شدہ قوانین یدعو اور مضارع معلوم۔

۲۲۲-﴿تَعِظُوْنَ﴾[الآية: ۱۶۴]: اصل میں تھا تَوْعِظُوْنَ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم مثال واوی از باب ضرب۔ جاری شدہ قوانین یعد اور مضارع۔

۲۲۳-﴿مُهْلِكُهُمْ﴾[الآية: ۱۶۴]: اصل میں تھا مُهْلِكٌ بروزن مُفْعِلٌ، صیغہ واحد مذکر اسم فاعل ثلاثی مزید فیہ از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین اسم فاعل اور نون تنوین نون تثنیہ۔

۲۲۴-﴿مُعَذِّبُهُمْ﴾[الآية: ۱۶۴]: مُعَذِّبٌ بروزن مُفَعِّلٌ، صیغہ واحد مذکر اسم فاعل از باب تفعیل۔ قوانین: اسم فاعل اور نون تنوین تثنیہ۔

۲۲۵-﴿مَعْذِرَةً﴾[الآية: ۱۶۴]: یہ باب افتعال اور باب ضرب سے مصدر ہے۔

۲۲۶-﴿تَأَذَّنَ﴾[الآية: ۱۶۷]: بروزن تَفَعَّلَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم مہموز الفاء از باب تفعّل۔

۲۲۷-﴿لَيَبْعَثَنَّ﴾[الآية: ۱۶۷]: بروزن لَيَفْعَلَنَّ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مستقبل معلوم مؤکد بالام تاکید نون ثقیلہ از باب منع۔

۲۲۸-﴿يَسُوْمُ﴾[الآية: ۱۶۷]: اصل میں تھا يَسْوُمُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم اجوف واوی از باب نصر۔ جاری شدہ قوانین یقول اور مضارع معلوم۔

۲۲۹-﴿بَلَوْنَا﴾[الآیۃ:۱۶۸]: بروزن فَعَلْنَا، صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم ناقص واوی از باب نصر۔

۲۳۰-﴿اَلْاَدْنٰی﴾[الآیۃ:۱۶۹]: اصل میں تھا اَدْنَوُ، صیغہ واحد مذکر اسم تفضیل ناقص واوی از باب نصر۔ قوانین: قال اور یُدعیٰ۔

۲۳۱-﴿یُمَسِّکُوْنَ﴾[الآیۃ:۱۷۰]: بروزن یُفَعِّلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم از باب تفعیل۔ قانون: مضارع۔

۲۳۲-﴿اَقَامُوْا﴾[الآیۃ:۱۷۰]: اصل میں تھا اَقْوَمُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم اجوف واوی از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین یقال اور التقائے ساکنین۔

۲۳۳-﴿لَانُضِیْعُ﴾[الآیۃ:۱۷۰]: اصل میں تھا لَانُضْیِعُ، صیغہ جمع متکلم فعل نفی معلوم اجوف یائی از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین مضارع معلوم، ہمزہ وصلی اور یقول۔

۲۳۴-﴿نَتَقْنَا﴾[الآیۃ:۱۷۱]: بروزن فَعَلْنَا، صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم از باب ضرب۔

۲۳۵-﴿اَوْتَقُوْلُوْا﴾[الآیۃ:۱۷۳]: اصل میں تھا تَقْوُلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم اجوف واوی از باب نصر۔ جاری شدہ قوانین یقول اور نون اعرابی۔

فائدہ: اسکا عطف اَنْ تَقُوْلُوْا پر ہے اور اس پر اَنْ ناصبہ داخل ہے اس نے نون اعرابی گرایا ہے۔

۲۳۶-﴿وَاتْلُ﴾[الآیۃ:۱۷۵]: اصل میں تھا اُتْلُوْ بروزن اُفْعُلْ، صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ناقص واوی از باب نصر۔ جاری شدہ قوانین ہمزہ وصلی، امر حاضر اور لم یدع۔

۲۳۷-﴿فَانْسَلَخَ﴾[الآیۃ:۱۷۵]: اِنْسَلَخَ بروزن اِنْفَعَلَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم از باب انفعال۔ جاری شدہ قوانین ہمزہ وصلی اور بائے مطلق۔

۲۳۸-﴿اَلْغٰوِیْنَ﴾[الآیۃ:۱۷۵]: اصل میں تھا غَاوِیِیْنَ بروزن فَاعِلِیْنَ، صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل لفیف مقرون از باب علم۔ جاری شدہ قوانین یدعو، التقائے ساکنین اور اسم فاعل۔

۲۳۹-﴿فَاقْصُصِ﴾[الآیۃ:۱۷۶]: اصل میں تھا اُقْصُصْ بروزن اُفْعُلْ، صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم مضاعف ثلاثی از باب نصر۔ جاری شدہ قوانین امر حاضر اور ہمزہ وصلی۔

۲۴۰-﴿سَآءَ﴾[الآیۃ:۱۷۷]: اصل میں تھا سَوَءَ بروزن فَعَلَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم اجوف واوی مہموز اللام

ازباب نصر۔اس میں قال کا قانون جاری ہوا ہے۔

۲۴۱-﴿مَنْ يَّهْدِ﴾[الآیۃ:۱۷۸]:اصل میں تھا یَهْدِیُ،صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم ناقص یائی ازباب ضرب۔ جاری شدہ قوانین حروف یرملون،ادغام،لم یدع اور یدعو۔

۲۴۲-﴿اَلْمُهْتَدِیْ﴾[الآیۃ:۱۷۸]:اصل میں تھا مُهْتَدِیٌ،صیغہ واحد مذکر اسم فاعل ناقص یائی ازباب افتعال۔ جاری شدہ قوانین یدعو،نون تنوین نون تثنیہ اور اسم فاعل۔اور خصم والا جاری ہوسکتا ہے۔

۲۴۳-﴿مَنْ يُّضْلِلْ﴾[الآیۃ:۱۷۸]:يُضْلِلُ،صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم مضاعف ثلاثی ازباب افعال۔ جاری شدہ قوانین مضارع معلوم،یرملون اور ادغام المتجانسین۔

۲۴۴-﴿اَلْخَاسِرُوْنَ﴾[الآیۃ:۱۷۸]:خَاسِرُوْنَ بروزن فاعِلُوْنَ،صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل ازباب علم۔قانون اسم فاعل۔

۲۴۵-﴿ذَرَءْنَا﴾[الآیۃ:۱۷۹]:بروزن فَعَلْنَا،صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم مہموز اللام ازباب منع۔

۲۴۶-﴿اَضَلُّ﴾[الآیۃ:۱۷۹]:اصل میں تھا اَضْلَلُ،صیغہ واحد مذکر اسم تفضیل مضاعف ثلاثی ازباب ضرب۔قانون:ادغام۔

۲۴۷-﴿فَادْعُوْهُ﴾[الآیۃ:۱۸۰]:اصل میں تھا اُدْعُوُوْا بروزن اُفْعُلُوْا،صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ناقص واوی ازباب نصر۔جاری شدہ قوانین یدعو،التقائے ساکنین،ہمزہ وصلی،امر حاضر اور نون اعرابی۔

۲۴۸-﴿اُمْلِیْ﴾[الآیۃ:۱۸۳]:اُمْلِوُ بروزن اُفْعِلُ،صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معلوم ناقص واوی ازباب افعال۔ جاری شدہ قوانین:دُعِیَ،یدعو اور ہمزہ وصلی۔

۲۴۹-﴿لَمْ يَتَفَكَّرُوْا﴾[الآیۃ:۱۸۴]:بروزن لَمْ يَتَفَعَّلُوْا،صیغہ جمع مذکر غائب فعل جحد معلوم ازباب تفعّل۔اس میں نون اعرابی کا قانون جاری ہوا ہے۔

۲۵۰-﴿يَسْئَلُوْنَكَ﴾[الآیۃ:۱۸۷]:يَسْئَلُوْنَ بروزن يَفْعَلُوْنَ،صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم مہموز العین از باب منع۔اس میں مضارع معلوم کا قانون جاری ہوا ہے۔اور یسئل کا قانون جاری ہوسکتا ہے۔

۲۵۱-﴿مُرْسَاهَا﴾[الآیۃ:۱۸۷]:اصل میں تھا مُرْسَیٌ،یہ باب افعال سے مصدر میمی ہے۔قوانین:قال اور التقائے ساکنین۔

۲۵۲-﴿لَا يُجَلِّیْ﴾[الآیۃ:۱۸۷]:اصل میں تھا لایُجَلِّوُ بروزن لایُفَعِّلُ،صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم ناقص واوی

ازباب افعال۔ جاری شدہ قوانین: دُعِیَ یدْعو۔

۲۵۳-﴿حَفِيٌّ﴾[الآية:۱۸۷]: اصل میں تھا حَفِيْیٌ بروزن فَعِيْلٌ، صیغہ واحد مذکر صفت مشبہ ناقص یائی ازباب علم۔ قانون: ادغام۔

۲۵۴-﴿لَاسْتَكْثَرْتُ﴾[الآية:۱۸۷]: اِسْتَكْثَرْتُ بروزن اِسْتَفْعَلْتُ، صیغہ واحد متکلم فعل ماضی معلوم ازباب استفعال۔ اس میں ہمزہ وصلی کا قانون جاری ہوا ہے۔

۲۵۵-﴿تَغَشّٰى﴾[الآية:۱۸۹]: اصل میں تھا تَغَشَّیَ بروزن تَفَعَّلَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم ناقص یائی از باب تفعّل۔ جاری شدہ قانون قال۔

۲۵۶-﴿دَعَوَا﴾[الآية:۱۸۹]: بروزن فَعَلَا، صیغہ تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی معلوم ناقص واوی ازباب نصر۔

۲۵۷-﴿لَنَكُوْنَنَّ﴾[الآية:۱۸۹]: اصل میں تھا لَنَكْوُنَنَّ بروزن لَنَفْعُلَنَّ، صیغہ جمع متکلم فعل مستقبل معلوم مؤکد بالام تاکید ونون تاکید ثقیلہ ثلاثی مجرد اجوف واوی ازباب نصر۔ جاری شدہ قانون یقول۔

۲۵۸-﴿اٰتٰهُمَا﴾[الآية:۱۹۰]: اصل میں تھا اَءْتَیَ بروزن اَفْعَلَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مزید فیہ مہموز الفاء وناقص یائی ازباب افعال۔ جاری شدہ قوانین آمن اور قال۔

۲۵۹-﴿فَتَعٰلَى﴾[الآية:۱۹۰]: اصل میں تھا تَعَالَوَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم ناقص واوی ازباب تفاعل۔ قوانین: یُدْعٰی اور قال۔

۲۶۰-﴿حَمْلًا﴾[الآية:۱۸۹]: بروزن فَعْلاً، یہ باب ضرب سے مصدر ہے۔ اسکو حَمَلًا پڑھنا جائز ہے نون خفیفہ قانون کی رُو سے۔

۲۶۱-﴿خَفِيْفًا﴾[الآية:۱۸۹]: بروزن فَعِيْلاً، یہ باب ضرب سے صفت مشبہ کا صیغہ ہے۔ اس پر نون خفیفہ کا قانون لگ سکتا ہے۔

۲۶۲-﴿لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ﴾[الآية:۱۹۲]: اصل میں تھا لَا يَسْتَطْوِعُوْنَ بروزن لَا يَسْتَفْعِلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم اجوف واوی ازباب استفعال۔ جاری شدہ قوانین یقول، میعاد اور ہمزہ وصلی۔

۲۶۳-﴿نَصْرًا﴾[الآية:۱۹۲]: بروزن فَعْلاً، یہ باب نصر سے مصدر ہے۔ نون خفیفہ والا قانون جاری ہو سکتا ہے۔

۲۶۴-﴿اِنْ تَدْعُوْهُمْ﴾[الآية:۱۹۳]: تَدْعُوْا، اصل میں تھا تَدْعُوُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم ناقص واوی ازباب نصر۔ جاری شدہ قوانین یدعو، التقائے ساکنین، بائے مطلق اور نون اعرابی۔

۲۶۵-﴿لَا یَتَّبِعُوْكُمْ﴾[الآیۃ:۱۹۳]:اصل میں تھالَا یَتَّبِعُوْنَ،صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم از باب افتعال۔جاری شدہ قوانین ادغام،نون اعرابی اور ہمزہ وصلی۔

۲۶۶-﴿اَدَعَوْتُمُوْهُمْ﴾[الآیۃ:۱۹۳]:دَعَوْتُمْ بروزن فَعَلْتُمْ،صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم ناقص واوی از باب نصر۔قانون:ضمّ تم۔

۲۶۷-﴿عِبَادٌ﴾[الآیۃ:۱۹۴]:بروزن فِعَالٌ،صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل از باب نصر۔اسکو عِبَادُ دُوْ پڑھنا جائز ہے بقانون،نون خفیفہ

۲۶۸-﴿فَلْيَسْتَجِيْبُوْا﴾[الآیۃ:۱۹۴]:اصل میں تھالِيَسْتَجْوِبُوْا بروزن لِيَسْتَفْعِلُوْا،صیغہ جمع مذکر غائب فعل امر غائب معلوم اجوف واوی از باب استفعال۔جاری شدہ قوانین حلقی العین،یقول،میعاد،ہمزہ وصلی اور نون اعرابی۔

۲۶۹-﴿يَمْشُوْنَ﴾[الآیۃ:۱۹۵]:اصل میں تھایَمْشِيُوْنَ،صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم ناقص یائی از باب ضرب۔جاری شدہ قوانین یقول،یوسر،التقائے ساکنین اور مضارع معلوم۔

۲۷۰-﴿كِيْدُوْنِ﴾[الآیۃ:۱۹۵]:اصل میں تھااِكْيِدُوْا بروزن اِفْعِلُوْا،صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم اجوف یائی از باب ضرب۔جاری شدہ قوانین یقول،ہمزہ وصلی،نون اعرابی اور امر حاضر معلوم۔آخر میں نون وقایہ ہے۔

۲۷۱-﴿لَا تُنْظِرُوْنِ﴾[الآیۃ:۱۹۵]:لَا تُنْظِرُوْا بروزن لَا تُفْعِلُوْا،صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم از باب افعال۔جاری شدہ قوانین نون اعرابی اور یائے مطلق۔

۲۷۲-﴿يَتَوَلَّى﴾[الآیۃ:۱۹۶]:اصل میں تھایَتَوَلَّيُ،صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم لفیف مفروق از باب تفعّل۔جاری شدہ قوانین قال اور التقائے ساکنین۔

۲۷۳-﴿خُذِ﴾[الآیۃ:۱۹۶]:اصل میں تھااُءْ خُذْ،صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم مہموز الفاء از باب نصر۔قوانین:امر حاضر اور ہمزہ وصلی۔

۲۷۴-﴿وَأْمُرْ﴾[الآیۃ:۱۹۶]:اصل میں تھا اُءْمُرْ،یہ بھی مذکورہ بالا صیغہ ہے۔

فائدہ:ان دونوں صیغوں کی تعلیل پہلے گزر چکی ہے۔

۲۷۵-﴿اَلْعَفْوَ﴾[الآیۃ:۱۹۹]:عَفْوٌ،یہ باب نصر سے مصدر ہے۔جاری شدہ قانون نون تنوین حشیہ۔

۲۷۶-﴿نَزْغٌ﴾[الآیۃ: ۲۰۰]: یہ باب منع وضرب سے مصدر ہے۔ اسکونُزُغٌ پڑھنا جائز ہے نون خفیفہ قانون کی رُو سے۔

۲۷۷-﴿فَاسْتَعِذْ﴾[الآیۃ: ۲۰۰]: اصل میں تھااِسْتَعْوِذْ بروزن اِسْتَفْعِلْ، صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم اجوف واوی ازباب استفعال۔ جاری شدہ قوانین یقول، میعاذ، التقائے ساکنین، ہمزہ وصلی اورامر حاضر۔

۲۷۸-﴿طَـائِفٌ﴾[الآیۃ: ۲۰۱]: اصل میں تھاطَـاوِفٌ، صیغہ واحد مذکر اسم فاعل اجوف واوی ازباب نصر۔ جاری شدہ قوانین قائل اوراسم فاعل۔

۲۷۹-﴿یمُدُّوْنَ﴾[الآیۃ: ۲۰۲]: اصل میں تھایَمْدُدُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم مضاعف ثلاثی ازباب نصر۔ جاری شدہ قوانین ادغام اورمضارع۔

۲۸۰-﴿لَوْلَا اجْتَبَیْتَهَا﴾[الآیۃ: ۲۰۳]: اِجْتَبَیْتَ بروزن اِفْتَعَلْتَ، صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم ناقص یائی ازباب افتعال۔ جاری شدہ قانون ہمزہ وصلی۔

۲۸۱-﴿بَصَائِرُ﴾[الآیۃ: ۲۰۳]: بروزن فَعَائِلُ، صیغہ جمع مؤنث مکسر صفت مشبہ ازباب شرف۔ قانون: شرائف۔

۲۸۲-﴿قُـرِئَ﴾[الآیۃ: ۲۰۴]: بروزن فُـعِـلَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مجہول مہموز اللام ازباب منع۔ جاری شدہ قانون ماضی مجہول۔ اورمیرٌ کاجاری ہوسکتا ہے۔

۲۸۳-﴿فَاسْتَمِعُوْا﴾[الآیۃ: ۲۰۴]: اِسْتَمِعُوْا بروزن اِفْتَعِلُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ازباب افتعال۔ جاری شدہ قوانین ہمزہ وصلی، امر حاضراورنون اعرابی۔ اوراسّمع کاجاری ہوسکتا ہے۔

۲۸۴-﴿اَنْـصِتُوْا﴾[الآیۃ: ۲۰۴]: بروزن اَفْـعِـلُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ازباب افعال۔ جاری شدہ قوانین: بائے مطلق، نون اعرابی اورامر حاضر۔

سورۃ الانفال

۱-﴿وَجِـلَتْ﴾[الآیۃ: ۲]: بروزن فَـعِلَتْ، صیغہ واحد مؤنث غائب فعل ماضی معلوم مثال واوی ازباب علم۔ اسکووَجُلَتْ پڑھنا بھی جائز ہے بقانون حلقی العین۔

۲-﴿تُلِیَتْ﴾[الآیۃ: ۲]: اصل میں تھاتُلِوَتْ، صیغہ واحد مؤنث غائب فعل ماضی مجہول ناقص واوی ازباب نصر۔

جاری شدہ قوانین دُعِیَ اور ماضی مجہول۔

۳-﴿زَادَتْ﴾[الآیۃ: ۲]: اصل میں تھازَیَدَتْ ،صیغہ واحد مؤنث غائب فعل ماضی معلوم اجوف یائی از ضرب۔ قانون: قال۔

۴-﴿یُسَاقُوْنَ﴾[الآیۃ: ۶]: اصل میں تھایُسَاقِیُوْنَ ،صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم ناقص یائی از باب مفاعلہ۔ جاری شدہ قوانین یقول، یوسر اور التقائے ساکنین۔

۵-﴿اِلَی الْمَوْتِ﴾[الآیۃ: ۶]: مَوْتٌ بروزن فَعْلٌ ،صیغہ اسم مصدر اجوف واوی از باب نصر۔ قوانین: نون تنوین، ہمزہ وصلی۔

۶-﴿تَوَدُّوْنَ﴾[الآیۃ: ۷]: اصل میں تھاتَـوْدَدُوْنَ ،صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم مثال واوی ومضاعف ثلاثی از باب علم۔ جاری شدہ قوانین ادغام اور مضارع معلوم۔

۷-﴿تَسْتَغِیْثُوْنَ﴾[الآیۃ: ۷]: اصل میں تھاتَسْتَغْوِثُوْنَ ،صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم اجوف واوی از باب استفعال۔ جاری شدہ قوانین یقول، میعاذ ،مضارع معلوم اور ہمزہ وصلی۔ اور تعلّم کا قانون جاری ہوسکتا ہے۔

۸-﴿فَاسْتَجَابَ﴾[الآیۃ: ۹]: اصل میں تھااِسْتَجْوَبَ بروزن اِسْتَفْعَلَ ،صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم اجوف واوی از باب استفعال۔ جاری شدہ قوانین یقال اور ہمزہ وصلی۔

۹-﴿مُمِدُّکُمْ﴾[الآیۃ: ۹]: اصل میں تھامُمْدِدٌ ،صیغہ واحد مذکر اسم فاعل مضاعف ثلاثی از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین ادغام اور نون تنوین نون تثنیہ۔

۱۰-﴿مُرْدِفِیْنَ﴾[الآیۃ: ۹]: بروزن مُفْعِلِیْنَ ،صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل ثلاثی مزید فیہ از باب افعال۔

۱۱-﴿لِتَطْمَئِنَّ﴾[الآیۃ: ۱۰]: اصل میں تھاتَطْمَئِنُّ بروزن تَفْعَلِلُّ بچوں تَقْشَعِرُّ ،صیغہ واحد مؤنث غائب فعل مضارع معلوم مہموز العین رباعی مزید فیہ از باب اِفْعِلَّال۔ اس پر تعلّم کا قانون جاری ہوسکتا ہے۔

۱۲-﴿یُغَشِّیْ﴾[الآیۃ: ۱۱]: اصل میں تھایُغَشِّیُ ،صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم ناقص یائی از باب تفعیل۔ جاری شدہ قوانین یدعو اور مضارع معلوم۔

۱۳-﴿ثَبِّتُوْا﴾[الآیۃ: ۱۲]: بروزن فَعِّلُوْا ،صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم از تفعیل۔ قوانین: امر حاضر اور نون اعرابی۔

۱۴-﴿سَاُلْقِیْ﴾[الآیۃ: ۱۳]: اصل میں تھااُلْقِیُ بروزن اُفْعِلُ ،صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معلوم ناقص یائی از افعال۔

قوانین: یدعو، مضارع معلوم اور ہمزہ وصلی۔

۱۵-﴿شَآقُّوْا﴾[الآیۃ:۱۳]: اصل میں تھاشَاقَقُوْا بروزن فَاعَلُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم مضاعف ثلاثی از باب مفاعلہ۔ جاری شدہ قانون ادغام۔

۱۶-﴿مَنْ يُّشَاقِقِ﴾[الآیۃ:۱۳]: اصل میں تھایُشَاقِقُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم مضاعف ثلاثی از باب مفاعلہ۔ جاری شدہ قوانین حروف یرملون اور مضارع معلوم۔

۱۷-﴿فَذُوْقُوْهُ﴾[الآیۃ:۱۴]: اصل میں تھااُذْوُقُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم اجوف واوی از باب نصر۔ جاری شدہ قوانین یقول، ہمزہ وصلی، امر حاضر اور نون اعرابی۔

۱۸-﴿لَقِيْتُمْ﴾[الآیۃ:۱۵]: بروزن فَعِلْتُمْ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم ناقص یائی از باب ضرب۔ قانون: خرجتم۔

۱۹-﴿زَحْفًا﴾[الآیۃ:۱۵]: بروزن فَعْلًا، یہ باب منع سے مصدر ہے۔ اسکوزَحَفًا پڑھنا جائز ہے۔

۲۰-﴿لَاتُوَلُّوْا﴾[الآیۃ:۱۵]: اصل میں تھالَاتُوَلِّيُوْا بروزن لَاتُفَعِّلُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم لفیف مفروق از باب تفعیل۔ جاری شدہ قوانین یقول، یوسر، التقائے ساکنین اور نون اعرابی۔

۲۱-﴿مُتَحَرِّفًا﴾[الآیۃ:۱۶]: بروزن مُتَفَعِّلًا، صیغہ واحد مذکر اسم فاعل ثلاثی مزید فیہ از باب تفعل۔ اس میں اسم فاعل کا قانون جاری ہوا ہے۔ اور نون خفیفہ کا قانون جاری ہوسکتا ہے۔

۲۲-﴿قِتَالٍ﴾[الآیۃ:۱۶]: بروزن فِعَالٍ، یہ باب مفاعلہ سے فِعَالٌ مصدر ہے۔ اسکوقِتَالِیْ پڑھنا جائز ہے۔

۲۳-﴿مُتَحَيِّزًا﴾[الآیۃ:۱۶]: بروزن مُتَفَعِّلًا، صیغہ واحد مذکر اسم فاعل ثلاثی مزید فیہ از باب تفعل۔ جاری شدہ قانون اسم فاعل۔ اسکومُتَحَيِّزَا پڑھنا جائز ہے۔

۲۴-﴿بِغَضَبٍ﴾[الآیۃ:۱۶]: یہ باب علم سے مصدر ہے۔

۲۵-﴿مَأْوٰهُ﴾[الآیۃ:۱۶]: اصل میں تھامَأْوَيٌ بروزن مَفْعَلٌ، صیغہ واحد اسم ظرف مہموز الفاء ولفیف مقرون از باب علم۔ جاری شدہ قوانین اسم ظرف، قال اور نون تنوین نون حشیہ۔

۲۶-﴿رَمَيْتَ﴾[الآیۃ:۱۷]: بروزن فَعَلْتَ، صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم ناقص یائی از باب ضرب۔

۲۷-﴿لِیُبْلِیَ﴾[الآیۃ:۱۷]: اصل میں تھالِیُبْلِوَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم ناقص واوی از باب افعال۔
یہاں لام کی کے بعد اَنْ مقدر ہے۔

۲۸-﴿مُوْهِنُ﴾[الآیۃ:۱۸]: بروزن مُفْعِلٌ، صیغہ واحد مذکر اسم فاعل ثلاثی مزید فیہ مثال واوی از باب افعال۔ جاری شدہ
قوانین اسم فاعل اور نون تنوین تثنیہ۔

۲۹-﴿کَیْدِ﴾[الآیۃ:۱۸]: کَیْدٌ بروزن فَعْلٌ، یہ باب ضرب سے مصدر ہے۔ قانون: نون تنوین نون تثنیہ۔

۳۰-﴿اِنْ تَسْتَفْتِحُوْا﴾[الآیۃ:۱۹]: اصل میں تھاتَسْتَفْتِحُوْنَ بروزن تَسْتَفْعِلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع
معلوم از باب استفعال۔ جاری شدہ قوانین نون اعرابی اور بائے مطلق۔

۳۱-﴿اَلْفَتْحُ﴾[الآیۃ:۱۹]: فَتْحٌ بروزن فَعْلٌ، صیغہ اسم مصدر از باب منع۔ جاری شدہ قانون نون تنوین نون تثنیہ۔

۳۲-﴿اِنْ تَنْتَهُوْا﴾[الآیۃ:۱۹]: اصل میں تھاتَنْتَهِيُوْنَ بروزن تَفْتَعِلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم ناقص یائی
از باب افتعال۔ جاری شدہ قوانین نون اعرابی، بائے مطلق، یقول، یوسر اور التقائے ساکنین۔

۳۳-﴿اِنْ تَعُوْدُوْا﴾[الآیۃ:۱۹]: اصل میں تھاتَعْوُدُوْنَ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم اجوف واوی از باب
نصر۔ جاری شدہ قوانین یقول، نون اعرابی اور بائے مطلق۔

۳۴-﴿نَعُدْ﴾[الآیۃ:۱۹]: اصل میں تھانَعْوُدُ، صیغہ جمع متکلم فعل مضارع معلوم اجوف واوی از باب نصر قوانین یقول اور التقائے ساکنین۔
تعلیل: واو پر ضمہ ثقیل تھا نقل کر کے ماقبل عین کو دیا تو نَعُوْدُ بن گیا، پھر اِنْ شرطیہ نے آخر کو جزم دیا تو نَعُوْدْ بن گیا اب التقائے
ساکنین آیا واو اور دال کے درمیان، تو واؤ کو حذف کیا تو نَعُدْ بن گیا۔

۳۵-﴿لَاتَوَلَّوْا﴾[الآیۃ:۲۰]: اصل میں تھالَاتَتَوَلَّيُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم لفیف مفروق از باب تفعل۔
جاری شدہ قوانین التقائے ساکنین، قال، تائے مضارعت اور نون اعرابی۔

۳۶-﴿اِسْتَجِیْبُوْا﴾[الآیۃ:۲۴]: اصل میں تھااِسْتَجْوِبُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم اجوف واوی از باب
استفعال۔ جاری شدہ قوانین یقول، میعاد، ہمزہ وصلی، نون اعرابی اور امر حاضر۔

۳۷-﴿یُحْیِیْ﴾[الآیۃ:۲۴]: اصل میں تھایُحْیِیُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم لفیف مقرون از باب افعال۔

جاری شدہ قوانین: دُعِیَ اور یدعو۔

۳۸-﴿وَاعْلَمُوْا﴾[الآیۃ: ۲۴]: اصل میں تھا اِعْلَمُوْا بروزن اِفْعَلُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم از باب علم۔

جاری شدہ قوانین ہمزہ وصلی، امر حاضر اور نون اعرابی۔

۳۹-﴿یَحُوْلُ﴾[الآیۃ: ۲۴]: اصل میں تھا یَحْوُلُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم اجوف واوی از باب نصر۔

جاری شدہ قوانین یقول اور مضارع معلوم۔

۴۰-﴿خَاصَّۃً﴾[الآیۃ: ۲۵]: اصل میں تھا خَاصِصَۃً، صیغہ واحد مؤنث اسم فاعل مضاعف ثلاثی از باب نصر۔ قوانین: اسم فاعل اور ادغام۔

۴۱-﴿وَاذْکُرُوْا﴾[الآیۃ: ۲۶]: اُذْکُرُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم از باب نصر۔ قوانین: ہمزہ وصلی، امر حاضر اور نون اعرابی۔

۴۲-﴿مُسْتَضْعَفُوْنَ﴾[الآیۃ: ۲۶]: صیغہ جمع مذکر سالم اسم مفعول ثلاثی مزید فیہ از باب استفعال۔ قانون: اسم مفعول۔

۴۳-﴿اَنْ یَّتَخَطَّفَ﴾[الآیۃ: ۲۶]: اصل میں تھا یَتَخَطَّفُ بروزن یَتَفَعَّلُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم از باب تفعل۔ جاری شدہ قوانین حروف یرملون مضارع معلوم اور ادغام۔

۴۴-﴿فَاٰوٰی﴾[الآیۃ: ۲۶]: اصل میں تھا اَءْ وَ یَ بروزن اَفْعَلَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم مہموز الفاء ولفیف مقرون از باب افعال۔ جاری شدہ قوانین آمن اور قال۔

۴۵-﴿اَیَّدَ﴾[الآیۃ: ۲۶]: بروزن فَعَّلَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم مہموز الفاء واجوف یائی از باب تفعیل۔

۴۶-﴿لَا تَخُوْنُوْا﴾[الآیۃ: ۲۷]: اصل میں تھا لَا تَخْوُنُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم اجوف واوی از باب نصر۔

جاری شدہ قوانین یقول اور نون اعرابی۔

۴۷-﴿اَجْرٌ﴾[الآیۃ: ۲۸]: بروزن فَعْلٌ، صیغہ اسم مصدر از باب نصر۔ نون خفیفہ کا قانون جاری ہو سکتا ہے۔

۴۸-﴿لِیُثْبِتُوْکَ﴾[الآیۃ: ۳۰]: اصل میں تھا یُثْبِتُوْنَ بروزن یُفْعِلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم از افعال، جاری شدہ قوانین، نون اعرابی، ہمزہ وصلی اور مضارع معلوم۔

۴۹-﴿تُتْلٰی﴾[الآیۃ: ۳۱]: اصل میں تھا تُتْلَوُ بروزن تُفْعَلُ، صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل مضارع مجہول ناقص واوی از نصر، جاری شدہ قوانین، یُدْعٰی، قال اور مضارع مجہول۔

۵۰- ﴿لِيُعَذِّبَ﴾[الآية:۳۳]: يُعَذِّبَ بروزن يُفَعِّلُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم از تفعیل، یہاں لام کئی کے بعد اَن مقدر ہے۔

۵۱- ﴿مُعَذِّبَ﴾[الآية:۳۳]: بروزن مُفَعِّلُ، صیغہ واحد مذکر اسم فاعل ثلاثی مزید فیہ از تفعیل، جاری شدہ قوانین، اسم فاعل، نون تثنیہ۔

۵۲- ﴿اَلَّايُعَذِّبَ﴾[الآية:۳۴]: اصل میں تھا اَنْ لَا يُعَذِّبَ، یہ باب تفعیل سے فعل نفی معلوم کا صیغہ ہے۔ جاری شدہ قوانین یرملون اور ادغام۔

۵۳- ﴿يَصُدُّوْنَ﴾[الآية:۳۴]: اصل میں تھا يَصْدُدُوْنَ بروزن يَفْعُلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم مضاعف ثلاثی از نصر۔ جاری شدہ قوانین، ادغام اور مضارع معلوم۔

۵۴- ﴿اَلْمُتَّقُوْنَ﴾[الآية:۳۴]: اصل میں تھا مُوْتَقِيُوْنَ بروزن مُفْتَعِلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل لفیف مفروق از افتعال۔ جاری شدہ قوانین، اِتَّخَذَ، یقول، یُوسر، اسم فاعل اور التقائے ساکنین۔

۵۵- ﴿مُكَآءً﴾[الآية:۳۵]: اصل میں تھا مُكَاوًا بروزن فُعَالاً، یہ باب نصر سے مصدر ہے ناقص واوی ہے قانون: دُعَآءٌ۔

۵۶- ﴿تَصْدِيَةً﴾[الآية:۳۵]: بروزن تَفْعِلَةً، یہ باب تفعیل سے مصدر ہے۔

۵۷- ﴿حَسْرَةً﴾[الآية:۳۶]: بروزن فَعْلَةً، یہ باب علم سے مصدر ہے۔

۵۸- ﴿لِيَمِيْزَ﴾[الآية:۳۷]: اصل میں تھا يَمْيِزُ بروزن يَفْعِلُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم اجوف یائی از ضرب۔ جاری شدہ قوانین یقول اور مضارع معلوم۔

۵۹- ﴿اِنْ يَّنْتَهُوْا﴾[الآية:۳۸]: اصل میں تھا يَنْتَهِيُوْنَ بروزن يَفْتَعِلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم ناقص یائی از افتعال، جاری شدہ قوانین، یرملون، ادغام، بائے مطلق، یقول، نون اعرابی، یوسر اور التقائے ساکنین۔

۶۰- ﴿مَضَتْ﴾[الآية:۳۸]: اصل میں تھا مَضَيَتْ بروزن فَعَلَتْ، صیغہ واحد مؤنث غائب فعل ماضی معلوم ناقص یائی از ضرب۔ جاری شدہ قوانین، قَالَ، التقائے ساکنین۔

۶۱- ﴿قَاتِلُوْا﴾[الآية:۳۹]: بروزن فَاعِلُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم از مفاعلہ۔ قوانین: امر حاضر اور نون اعرابی۔

دسواں پارہ

۶۲-﴿غَنِمْتُمْ﴾[الآیۃ: ۴۱]: بروزن فَعِلْتُمْ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم از علم۔ جاری شدہ قانون، ضربتم۔

۶۳-﴿اٰمَنْتُمْ﴾[الآیۃ: ۴۱]: اصل میں تھاأَ مَنْتُمْ بروزن اَفْعَلْتُمْ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم مہموز الفاء از افعال۔ جاری شدہ قوانین آمن، ضربتم اور بائے مطلق۔

۶۴-﴿اِلْتَقٰی﴾[الآیۃ: ۴۱]: اصل میں تھا اِلْتَقَیَ بروزن اِفْتَعَلَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم ناقص یائی از افتعال جاری شدہ قوانین، قال، التقائے ساکنین، ھمزہ وصلی۔

۶۵-﴿تَوَاعَدْتُّمْ﴾[الآیۃ: ۴۲]: بروزن تَفَاعَلْتُمْ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم مثال واوی از تفاعل، جاری شدہ قوانین، ضربتم، وَعَدْتُ اور اِتَّعِدْ کا لگ سکتا ہے یعنی اِتَّاعَدْتُّمْ پڑھنا جائز ہے۔

۶۶-﴿فِی الْمِیْعَادِ﴾[الآیۃ: ۴۲]: اصل میں مِوْعَادٌ تھا بروزن مِفْعَالٌ، یہ باب ضرب سے مصدر میمی ہے، جاری شدہ قوانین، میعاد، نون تثنیہ اور ہمزہ وصلی۔

۶۷-﴿یَحْیٰی﴾[الآیۃ: ۴۲]: اصل میں یَحْیَیُ تھا بروزن یَفْعَلُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم لفیف مقرون از علم، جاری شدہ قانون قال۔

۶۸-﴿حَیَّ﴾[الآیۃ: ۴۲]: اصل میں حَیِیَ تھا بروزن فَعِلَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم لفیف مقرون از علم۔ جاری شدہ قانون، ادغام۔

۶۹-﴿یُرِیْکَ﴾[الآیۃ: ۴۳]: اصل میں تھا یُرْئِیُ بروزن یُفْعِلُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم مموز العین وناقص یائی از افعال۔ جاری شدہ قوانین، یسئل، یری، ہمزہ وصلی اور مضارع معلوم۔

۷۰-﴿فِیْ مَنَامِکَ﴾[الآیۃ: ۴۳]: مَنَامٌ اصل میں تھا مَنْوَمٌ بروزن مَفْعَلٌ، یہ باب نصر سے مصدر میمی ہے، جاری شدہ قوانین یقال اور نون تنوین تثنیہ۔

۷۱-﴿اَرٰکَ﴾[الآیۃ: ۴۳]: اصل میں تھا اَرْئَیَ بروزن اَفْعَلَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم مموز العین وناقص یائی از افعال۔ جاری شدہ قوانین یسئل اور قال۔

۷۲-﴿فَشِلْتُمْ﴾[الآیۃ: ۴۳]: بروزن فَعِلْتُمْ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم از علم۔ جاری شدہ قانون ضربتم۔

۷۳-﴿تَنَازَعْتُمْ﴾[الآیۃ:۴۳]: بروزن تَفَاعَلْتُمْ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم از تفاعل۔ جاری شدہ قانون ضرتم۔

۷۴-﴿الْتَقَيْتُمْ﴾[الآیۃ:۴۴]: بروزن اِفْتَعَلْتُمْ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم ناقص یائی از افتعال۔ جاری شدہ قانون ضرتم۔

۷۵-﴿يُقَلِّلُ﴾[الآیۃ:۴۴]: بروزن يُفَعِّلُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم مضاعف ثلاثی از تفعیل۔

۷۶-﴿لَقِيتُمْ﴾[الآیۃ:۴۵]: بروزن فَعِلْتُمْ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم ناقص یائی از علم۔ جاری شدہ قانون ضرتم۔

۷۷-﴿فَاثْبُتُوا﴾[الآیۃ:۴۵]: اُثْبُتُوا بروزن اُفْعُلُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم از نصر۔ جاری شدہ قوانین امر حاضر معلوم، نون اعرابی اور ہمزہ وصلی۔

۷۸-﴿وَاذْكُرُوا﴾[الآیۃ:۴۵]: اُذْكُرُوْا بروزن اُفْعُلُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم از نصر۔ جاری شدہ قوانین امر حاضر، نون اعرابی اور ہمزہ وصلی۔

۷۹-﴿لَاتَنَازَعُوا﴾[الآیۃ:۴۶]: اصل میں تھا لَا تَتَنَازَعُوْا بروزن لَا تَتَفَاعَلُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم از تفاعل۔ جای شدہ قوانین، تائے مضارعت، نون اعرابی۔

۸۰-﴿فَتَفْشَلُوا﴾[الآیۃ:۴۶]: اصل میں تھا تَفْشَلُوْنَ بروزن تَفْعَلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم از علم، اس فا کے بعد اَنْ مقدر ہے اور یہ فا نہی کے جواب میں واقع ہوا ہے۔ جاری شدہ قوانین مضارع اور نون اعرابی۔ اور تعلم کا قانون جاری ہوسکتا ہے۔

۸۱-﴿بَطَرًا﴾[الآیۃ:۴۷]: بروزن فَعَلًا، یہ باب علم سے مصدر ہے۔ اس پر نون خفیفہ کا قانون جاری ہوسکتا ہے۔

۸۲-﴿تَرَآءَتْ﴾[الآیۃ:۴۸]: اصل میں تھا تَرَاءَيَتْ بروزن تَفَاعَلَتْ، صیغہ واحد مؤنث غائب فعل ماضی معلوم مہموز العین و ناقص یائی از تفاعل۔ جاری شدہ قوانین، قال، التقائے ساکنین۔

۸۳-﴿أَرٰى﴾[الآیۃ:۴۸]: اصل میں تھا أَرْءَىُ بروزن أَفْعَلُ، صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معلوم مہموز العین و ناقص یائی از منع۔ جاری شدہ قوانین، یسئل اور قال۔

۸۴-﴿لَاتَرَوْنَ﴾[الآیۃ:۴۸]: اصل میں تھا لَا تَرْءَيُوْنَ بروزن لَا تَفْعَلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل نفی معلوم مہموز العین و ناقص یائی از منع۔ جاری شدہ قوانین، یسئل، قال اور التقائے ساکنین۔

۸۵-﴿أَخَافُ﴾[الآیۃ:۴۸]: اصل میں تھا أَخْوَفُ، صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معلوم اجوف واوی از علم۔

جاری شدہ قوانین یقال اور مضارع۔

۸۶- ﴿مَرَضٌ﴾[الآیۃ: ۴۹]: بروزن فَعَلٌ، یہ باب علم سے مصدر ہے۔ اس پر نون خفیفہ کا قانون جاری ہو سکتا ہے۔

۸۷- ﴿یَتَوَفّٰی﴾[الآیۃ: ۵۰]: اصل میں تھا یَتَوَفّٰیُ بروزن یَتَفَعَّلُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم لفیف مقرون از تفعل۔ جاری شدہ قوانین قال اور التقائے ساکنین۔

۸۸- ﴿قَدَّمَتْ﴾[الآیۃ: ۵۱]: بروزن فَعَّلَتْ، صیغہ واحد مؤنث غائب فعل ماضی معلوم از تفعیل۔

۸۹- ﴿قَوِیٌّ﴾[الآیۃ: ۵۲]: اصل میں تھا قَوِیْیٌ بروزن فَعِیْلٌ، صیغہ واحد مذکر صفت مشبہ از علم، جاری شدہ قوانین، ادغام۔

۹۰- ﴿لَمْ یَکُ﴾[الآیۃ: ۵۳]: اصل میں تھا یَکْوُنُ بروزن یَفْعُلُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم اجوف واوی از نصر۔
تعلیل: واو پر ضمہ ثقیل تھا نقل کر کے ماقبل کو دیا تو یَکُوْنُ بن گیا پھر لَمْ نے آخر کو جزم دیا تو لَمْ یَکُوْنْ بن گیا پھر التقائے ساکنین قانون کے تحت واو کو گرا دیا تو لَمْ یَکُنْ ہو گیا پھر آخر سے نون کو تخفیفاً گرا دیا تو لَمْ یَکُ ہو گیا۔

۹۱- ﴿حَتّٰی یُغَیِّرُوْا﴾[الآیۃ: ۵۳]: اصل میں تھا یُغَیِّرُوْنَ بروزن یُفَعِّلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم اجوف یائی از تفعیل، جاری شدہ قوانین نون اعرابی اور مضارع معلوم۔

۹۲- ﴿عَاهَدْتَّ﴾[الآیۃ: ۵۶]: اصل میں تھا عَاهَدْتَ بروزن فَاعَلْتَ، صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم از مفاعلہ۔ جاری شدہ قوانین، وعَدْتُّ اور ادغام۔

۹۳- ﴿یَنْقُضُوْنَ﴾[الآیۃ: ۵۶]: بروزن یَفْعُلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم از نصر، جاری شدہ قوانین، بائے مطلق، مضارع۔

۹۴- ﴿تَثْقَفَنَّ﴾[الآیۃ: ۵۷]: بروزن تَفْعَلَنَّ، صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل مستقبل معلوم از علم۔

۹۵- ﴿شَرِّدْ﴾[الآیۃ: ۵۷]: بروزن فَعِّلْ، صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم مضاعف ثلاثی از تفعیل۔

۹۶- ﴿خِیَانَةً﴾[الآیۃ: ۵۸]: اصل میں تھا خِوَانَةٌ، بروزن فِعَالَةٌ، یہ باب نصر سے مصدر ہے، جاری شدہ قانون، قِیَال۔

۹۷- ﴿فَانْبِذْ﴾[الآیۃ: ۵۸]: اصل میں تھا اِنْبِذْ بروزن اِفْعِلْ از باب ضرب، جاری شدہ قوانین، ہمزہ وصلی، امر حاضر، بائے مطلق۔

۹۸- ﴿خَآئِنِیْنَ﴾[الآیۃ: ۵۸]: اصل میں تھا خَاوِنِیْنَ صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل اجوف واوی از نصر، جاری شدہ قوانین قائل، اسم فاعل۔

۹۹-﴿اَعِدُّوْا﴾[الآیۃ:۵۸]:اصل میں تھا اَعْدِدُوْا بروزن اَفْعِلُوْا،صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم مضاعف ثلاثی ازافعال۔جاری شدہ قوانین،ادغام،امر حاضر،نون اعرابی۔

۱۰۰-﴿اِسْتَطَعْتُمْ﴾[الآیۃ:۶۰]:اصل میں تھا اِسْتَطْوَعْتُمْ،صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم اجوف واوی از استفعال۔ جاری شدہ قوانین،یُقَالُ،التقائے ساکنین،ضربتم اور ہمزہ وصلی۔

۱۰۱-﴿رِبَاطٌ﴾[الآیۃ:۶۰]:بروزن فِعَالٌ،یہ باب ضرب سے مصدر ہے۔

۱۰۲-﴿مَا تُنْفِقُوْا﴾[الآیۃ:۶۰]:اصل میں تھا تُنْفِقُوْنَ بروزن تُفْعِلُوْنَ صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم از باب افعال۔ ماشرطیہ نے نون اعرابی کو گرادیا ہے۔

۱۰۳-﴿یُوَفَّ﴾[الآیۃ:۶۰]:اصل میں تھا یُوَفَّیُ بروزن یُفَعَّلُ،صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع مجہول لفیف مفروق از تفعیل،جاری شدہ قوانین قال،مضارع مجہول اور لم یدع۔

۱۰۴-﴿فَاجْنَحْ﴾[الآیۃ:۶۱]:اصل میں تھا اِجْنَحْ بروزن اِفْعَلْ،صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل امر از منع۔ جاری شدہ قوانین امر حاضر اور ہمزہ وصلی۔

۱۰۵-﴿تَوَكَّلْ﴾[الآیۃ:۶۱]:بروزن تَفَعَّلْ،صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل امر مثال واوی از تفعّل۔جاری شدہ قانون امر حاضر۔اور بقانون اِتَّعد اسکو اِتَّكَلْ پڑھنا جائز ہے۔

۱۰۶-﴿اَیَّدَ﴾[الآیۃ:۶۲]:بروزن فَعَّلَ،صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم مموز الفاء واجوف یائی از تفعیل۔

۱۰۷-﴿اَنْفَقْتَ﴾[الآیۃ:۶۳]:بروزن اَفْعَلْتَ،صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم از افعال۔جاری شدہ قانون بائے مطلق۔

۱۰۸-﴿اَلَّفْتَ﴾[الآیۃ:۶۳]:بروزن فَعَّلْتَ،صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم مموز الفاء از تفعیل۔

• ۱۰۹-﴿مَنِ اتَّبَعَ﴾[الآیۃ:۶۴]:اصل میں تھا اِتْتَبَعَ بروزن اِفْتَعَلَ،صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم صحیح از افتعال، جاری شدہ قوانین ہمزہ وصلی اور ادغام۔

۱۱۰-﴿حَرِّضِ﴾[الآیۃ:۶۵]:اصل میں تھا حَرِّضْ بروزن فَعِّلْ،صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل امر از تفعیل۔التقائے ساکنین آیا تھا ضاد اور لام کے درمیان تو ہم نے ضاد کو کسرے کی حرکت بقاعدہ السَّاكِنُ اِذَا حُرِّكَ حُرِّكَ بِالْكَسْرِ دے دی۔

۱۱۱-﴿عَلَى الْقِتَالِ﴾[الآیۃ:۶۵]:قِتَالٌ یہ فِعَالٌ کے وزن پر باب مفاعلہ سے مصدر ہے۔جاری شدہ قوانین نون تنوین تثنیہ اور ہمزہ وصلی۔

۱۱۲-﴿یَغْلِبُوْا﴾[الآیۃ:۶۵]:اصل میں تھا یَغْلِبُوْنَ از ضرب۔جزاء واقع ہونے کی بناء پر نون اعرابی گرا ہے۔

۱۱۳-﴿خَفَّفَ﴾[الآیۃ:۶۶]:بروزن فَعَّلَ،صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم مضاعف ثلاثی از تفعیل۔

۱۱۴-﴿ضَعْفًا﴾[الآیۃ:۶۶]:یہ باب شَرُفَ سے مصدر ہے۔اسکو ضُعْفًا پڑھنا جائز ہے۔

۱۱۵-﴿لَمَسَّكُمْ﴾[الآیۃ:۶۸]:مَسَّ اصل میں تھا مَسِسَ بروزن فَعِلَ،صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم مضاعف ثلاثی از علم۔

۱۱۶-﴿اَخَذْ تُمْ﴾[الآیۃ:۶۸]:بروزن فَعَلْتُمْ،صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم مموز الفاء از نصر۔جاری شدہ قانون ضرتم۔

۱۱۷-﴿یُؤْتِ﴾[الآیۃ:۷۰]:اصل میں تھا یُؤْتِیُ،صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم مموز الفاء وناقص یائی از افعال

جاری شدہ قوانین،یَرْمِی،لَمْ یَدْعُ،اسکو یُوْتِ پڑھنا جائز ہے۔

۱۱۸-﴿اُخِذَ﴾[الآیۃ:۷۰]:بروزن فُعِلَ،صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مجہول مموز الفاء از نصر۔

۱۱۹-﴿خَانُوا اللّٰهَ﴾[الآیۃ:۷۱]:اصل میں تھا خَوَنُوْا،صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم اجوف واوی از باب نصر۔

جاری شدہ قوانین،قال اور التقائے ساکنین۔

۲۲۰-﴿اٰوَوْا﴾[الآیۃ:۷۲]:اصل میں تھا أَأْوَيُوْا بروزن اَفْعَلُوْا،صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم مموز الفاء ولفیف

مقرون از افعال۔جاری شدہ قوانین،آمن،قال اور التقائے ساکنین۔

۲۲۱-﴿اِسْتَنْصَرُوْا﴾[الآیۃ:۷۲]:بروزن اِسْتَفْعَلُوْا،صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم از استفعال،

جاری شدہ قوانین ہمزہ وصلی اور باء مطلق۔

سورة التوبة

۱-﴿عَاهَدْتُمْ﴾[الآیۃ:۱]:اصل میں تھا عَاهَدْتُمْ بروزن فَاعَلْتُمْ،صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم از مفاعلہ۔

جاری شدہ قوانین ضرتم اور وعدتُ۔

۲-﴿سِیحُوا﴾[الآیۃ: ۲]: اصل میں تھا اِسْیِحُوا بروزن اِفْعِلُوا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم اجوف یائی از ضرب۔
جاری شدہ قوانین یقول، ہمزہ وصلی، امر حاضر اور نون اعرابی۔

۳-﴿مُعْجِزِی اللّٰہِ﴾[الآیۃ: ۲]: اصل میں تھا مُعْجِزِیْنَ بروزن مُفْعِلِیْنَ، صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل از افعال،
جاری شدہ قوانین، اسم فاعل، نون تثنیہ، التقائے ساکنین۔

تعلیل: اضافت کی وجہ سے نون گر گیا تو مُعْجِزِی اللّٰہ بن گیا پھر التقائے ساکنین آیا ی اور لام کے درمیان تو یا کو ہم نے گرادیا

۴-﴿مُخْزِی الْکَافِرِیْنَ﴾[الآیۃ: ۲]: اصل میں مُخْزِیٌ تھا بروزن مُفْعِلٌ، صیغہ واحد مذکر اسم فاعل ناقص یائی از افعال۔
جاری شدہ قوانین، نون تنوین، نون تثنیہ، یدعو، التقائے ساکنین اور اسم فاعل۔

تعلیل: اضافت کی وجہ سے تنوین گر گئی تو مُخْزِیُ بن گیا پھر ی پر ضمہ ثقیل تھا اس کو گرادیا تو مُخْزِیْ بن گیا پھر التقائے ساکنین
آیا ی اور لام کے درمیان تو ی کو ہم نے گرادیا تو مُخْزِ بن گیا۔ اب یہاں ی لکھنے میں تو آتا ہے لیکن پڑھنے میں نہیں آتا۔

۵-﴿تَوَلَّیْتُمْ﴾[الآیۃ: ۳]: بروزن تَفَعَّلْتُمْ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم لفیف مفروق از تفعّل، جاری شدہ قوانین
ہمزتم۔ اور اتّعَدَ کا لگ سکتا ہے۔

۶-﴿لَمْ یَنْقُصُوا﴾[الآیۃ: ۴]: صیغہ جمع مذکر غائب فعل جحد معلوم از نصر۔ جاری شدہ قوانین نون اعرابی اور بائے مطلق۔

۷-﴿فَاَتِمُّوا﴾[الآیۃ: ۴]: اصل میں تھا اَتْمِمُوا بروزن اَفْعِلُوا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم مضاعف ثلاثی
از افعال۔ جاری شدہ قوانین، ادغام، امر حاضر، نون اعرابی۔

۸-﴿اِنْسَلَخَ﴾[الآیۃ: ۵]: بروزن اِنْفَعَلَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم از انفعال۔ جاری شدہ قانون بائے مطلق۔

۹-﴿وَاحْصُرُوا﴾[الآیۃ: ۵]: اصل میں تھا اُحْصُرُوا بروزن اُفْعُلُوا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم از نصر۔ جاری شدہ
قوانین ہمزہ وصلی، نون اعرابی اور امر حاضر۔

۱۰-﴿مَرْصَدٍ﴾[الآیۃ: ۵]: بروزن مَفْعَلٍ، صیغہ واحد اسم ظرف ثلاثی مجرد از باب نصر۔

۱۱-﴿اَقَامُوا﴾[الآیۃ: ۵]: اصل میں تھا اَقْوَمُوا، صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم اجوف واوی از افعال۔ جاری شدہ قانون یقال۔

۱۲-﴿اٰتَوُا﴾[الآیۃ: ۵]: اصل میں تھا اَءْ تَیُوْا بروزن اَفْعَلُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم مموز الفاء و ناقص یائی ازافعال۔ جاری شدہ قوانین، امن، قال، التقائے ساکنین اور لتَدْعُوْنّ۔

۱۳-﴿فَخَلُّوْا﴾[الآیۃ: ۵]: اصل میں تھا خَلِّیُوْا بروزن فَعِّلُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ناقص یائی از تفعیل۔ جاری شدہ قوانین یقول، یُوسر، التقائے ساکنین، امر حاضر اور نون اعرابی۔

۱۴-﴿اِسْتَجَارَ﴾[الآیۃ: ۶]: اصل میں تھا اِسْتَجْیَرَ بروزن اِسْتَفْعَلَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم اجوف یائی از استفعال۔ جاری شدہ قوانین، یُقَالُ، ھمزہ وصلی۔

۱۵-﴿فَاَجِرْهُ﴾[الآیۃ: ۶]: اَجِرْ اصل میں تھا اَجْیِرْ بروزن اَفْعِلْ، صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم اجوف یائی از افعال۔ جاری شدہ قوانین، یقول، التقائے ساکنین اور امر حاضر۔

۱۶-﴿اَبْلِغْ﴾[الآیۃ: ۶]: بروزن اَفْعِلْ، صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ثلاثی مزید فیہ از افعال۔ جاری شدہ قانون امر حاضر۔

۱۷-﴿مَاْمَنَهٗ﴾[الآیۃ: ۶]: مَاْمَنٌ بروزن مَفْعَلٌ، صیغہ واحد اسم ظرف مموز الفاء از علم، جاری شدہ قوانین، اسم ظرف، نون تنوین، نون تثنیہ۔

۱۸-﴿فَمَا اسْتَقَامُوْا﴾[الآیۃ: ۷]: اصل میں تھا اِسْتَقْوَمُوْا بروزن اِسْتَفْعَلُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم اجوف واوی از استفعال۔ جاری شدہ قوانین، یقال اور ہمزہ وصلی۔

۱۹-﴿فَاسْتَقِیْمُوْا﴾[الآیۃ: ۷]: اصل میں تھا اِسْتَقْوِمُوْا بروزن اِسْتَفْعِلُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم اجوف واوی از استفعال۔ جاری شدہ قوانین، یقول، مِیْعَادٌ، ہمزہ وصلی، امر حاضر اور نون اعرابی۔

۲۰-﴿اِنْ یَّظْهَرُوْا﴾[الآیۃ: ۸]: اصل میں تھا یَظْهَرُوْنَ بروزن یَفْعَلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم از منع۔ جاری شدہ قوانین یرملون اور نون اعرابی۔ جاری شدہ قانون ادغام۔

۲۱-﴿یُرْضُوْنَكُ﴾[الآیۃ: ۸]: یُرْضُوْنَ اصل میں تھا یُرْضِوُوْنَ بروزن یُفْعِلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم ناقص واوی از افعال۔ جاری شدہ قوانین، دُعِیَ، یقول، یُوسر، التقائے ساکنین، ہمزہ وصلی اور مضارع معلوم۔

۲۲-﴿تَاْبٰی﴾[الآیۃ: ۸]: اصل میں تھا تَاْبَیُ بروزن تَفْعَلُ، صیغہ واحد مؤنث غائب فعل مضارع معلوم مموز الفاء و ناقص یائی از منع۔ جاری شدہ قوانین قال۔ اور اسکو تَابِی پڑھنا جائز ہے۔

۲۳-﴿اِشْتَرَوْا﴾[الآیۃ:۹]:اصل میں تھااِشْتَرَیُوْا بروزن اِفْتَعَلُوْا،صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم ناقص یائی از افتعال۔ جاری شدہ قوانین،قال،التقائے ساکنین۔اور اِشْتَرُوْا بھی پڑھنا جائز ہے۔ اور اِشْتَرِہ کا لگ سکتا ہے یعنی اِشْتَرُوْا پڑھنا جائز ہے۔

۲۴-﴿صَدُّوْا﴾[الآیۃ:۹]:اصل میں تھاصَدَدُوْا،صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم مضاعف ثلاثی ازنصر۔جاری شدہ قانون ادغام۔

۲۵-﴿اَلْمُعْتَدُوْنَ﴾[الآیۃ:۱۰]:اصل میں تھامُعْتَدِوُوْنَ بروزن مُفْتَعِلُوْنَ،صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل ناقص واوی از افتعال۔جاری شدہ قوانین،دعی،یقول،یُوسر،التقائے ساکنین،ہمزہ وصلی اوراسم فاعل۔

۲۶-﴿هَمُّوْا﴾[الآیۃ:۱۳]:اصل میں تھاهَمَمُوْا،صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم مضاعف ثلاثی ازنصر۔جاری شدہ قانون ادغام۔

۲۷-﴿بِاِخْرَاجِ الرَّسُوْلِ﴾[الآیۃ:۱۳]:اِخْرَاجٌ بروزن اِفْعَالٌ،صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ ازافعال۔جاری شدہ قانون نون تنوین تثنیہ۔

۲۸-﴿بَدَءُوْا﴾[الآیۃ:۱۳]:بروزن فَعَلُوْا،صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم مموز اللام ازمنع۔

۲۹-﴿تَخْشَوْنَ﴾[الآیۃ:۱۳]:اصل میں تھاتَخْشَیُوْنَ،صیغہ جمع مذکر مخاطب مضارع معلوم ناقص یائی ازعلم۔ جاری شدہ قوانین،قال،التقائے ساکنین اور مضارع معلوم۔اوراسکوتَخْشَوْنَ پڑھنا جائز ہے بقانون تخلم۔

۳۰-﴿اَحَقُّ﴾[الآیۃ:۱۳]:اصل میں تھا اَحْقَقُ صیغہ واحد مذکر اسم تفضیل ازضرب۔

۳۱-﴿یُعَذِّبْ﴾[الآیۃ:۱۴]:اصل میں تھایُعَذِّبُ،مجزوم ہے امر کے جواب میں واقع ہونے کی وجہ سے۔

۳۲-﴿یُخْزِ﴾[الآیۃ:۱۴]:اصل میں تھایُخْزِیُ بروزن یُفْعِلُ،صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم ازافعال یہاں حرف علت گرا ہے امر کے جواب میں واقع ہونے کی وجہ سے۔

۳۳-﴿یَشْفِ﴾[الآیۃ:۱۴]:اصل میں تھایَشْفِیُ،ازضرب،اسکویُخْزِ پر قیاس کریں۔

۳۴-﴿یُذْهِبْ﴾[الآیۃ:۱۵]:اصل میں تھایُذْهِبُ ازافعال یہ بھی امر کے جواب میں واقع ہے۔

۳۵-﴿یَتُوْبُ﴾[الآیۃ:۱۵]:اصل میں تھایَتْوُبُ ازنصر۔

۳۶-﴿لَمْ یَتَّخِذُوْا﴾[الآیۃ:۱۶]:اصل میں تھالَمْ یَئْتَخِذُوْا بروزن لَمْ یَفْتَعِلُوْا،صیغہ جمع مذکر غائب فعل جحد معلوم مہموز الفاء ازافتعال۔جاری شدہ قوانین مضارع معلوم،اِتّعد،ادغام،ہمزہ وصلی اورنون اعرابی۔

۳۷-﴿اَقَامَ﴾[الآیۃ:۱۸]:اصل میں تھااَقْوَمَ،صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم اجوف واوی از افعال۔جاری شدہ قانون یُقال۔

۳۸-﴿اٰتٰی﴾[الآیۃ:۱۸]:اصل میں تھااَءْ تَیَ بروزن اَفْعَلَ،از افعال۔

۳۹-﴿لَمْ یَخْشَ﴾[الآیۃ:۱۸]:اصل میں تھالَمْ یَخْشَیُ بروزن لَمْ یَفْعَلُ،صیغہ واحد مذکر غائب فعل جحد معلوم ناقص یائی از علم۔جاری شدہ قانون لم یدع۔

۴۰-﴿سِقَایَۃَ﴾[الآیۃ:۱۹]:بروزن فِعَالَۃٌ،یہ باب ضرب سے مصدر ہے۔

۴۱-﴿اَلْحَاجِّ﴾[الآیۃ:۱۹]:اصل میں تھاحَاجِجٌ،صیغہ واحد مذکر اسم فاعل مضاعف ثلاثی از باب نصر۔جاری شدہ قوانین اسم فاعل،ادغام اور نون تنوین تثنیہ۔

۴۲-﴿لَایَسْتَوٗنَ﴾[الآیۃ:۱۹]:اصل میں تھا لَا یَسْتَوِیُوْ نَ بروزن لَایَفْتَعِلُوْنَ،صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم لفیف مقرون از افتعال،جاری شدہ قوانین،یقول،یُوسر اور التقائے ساکنین۔اور اِسَّمَعَ کا لگ سکتا ہے یعنی لَایَسُّوٗنَ پڑھ سکتے ہیں

۴۳-﴿لَایَھْدِیْ﴾:[الآیۃ:۱۹]اصل میں تھالَایَھْدِیُ بروزن لَا یَفْعِلُ،صیغہ واحد مذکر غائب فعل نفی معلوم از ضرب۔جاری شدہ قوانین:یدعو اور التقائے ساکنین۔

۴۴-﴿اَلْفَائِزُوْنَ﴾[الآیۃ:۲۰]:اصل میں تھافَاوِزُوْنَ بروزن فَاعِلُوْنَ،صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل اجوف واوی از نصر۔جاری شدہ قوانین قائل اور اسم فاعل۔

۴۵-﴿رِضْوَانٍ﴾[الآیۃ:۲۱]:یہ باب علم سے مصدر ہے۔

۴۶-﴿مُقِیْمٌ﴾[الآیۃ:۲۱]:اصل میں تھا مُقْوِمٌ بروزن مُفْعِلٌ۔صیغہ واحد مذکر اسم فاعل اجوف واوی از افعال۔جاری شدہ قوانین یقول،مِیْعَادٌ اور اسم فاعل۔اور نون خفیفہ کا قانون لگ سکتا ہے۔

۴۷-﴿اِنِ اسْتَحَبُّوْا﴾[الآیۃ:۲۳]:اصل میں تھااِسْتَحْبَبُوْا بروزن اِسْتَفْعَلُوْا،صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم مضاعف ثلاثی از استفعال۔جاری شدہ قوانین،ہمزہ وصلی اور ادغام۔

۴۸-﴿اَلْاِیْمَانُ﴾[الآیۃ:۲۳]:اصل میں تھااِءْ مَانٌ بروزن اِفْعَالٌ،صیغہ اسم مصدر مہموز الفاء از افعال،جاری شدہ

قوانین، امن، نون تثنیہ اور نون تنوین۔

۴۹-﴿مَنْ يَتَوَلَّ﴾[الآية: ۲۳]: اصل میں تھا يَتَوَلّٰى بروزن يَتَفَعَّلُ صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم لفیف مفروق از تفعل، جاری شدہ قوانین، یرملون، قال اور لم یدع۔

۵۰-﴿اِقْتَرَفْتُمُوْهَا﴾[الآية: ۲۴]: اصل میں تھا اِقْتَرَفْتُمْ بروزن اِفْتَعَلْتُمْ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم از افتعال۔ جاری شدہ قانون ضربتم۔

۵۱-﴿تَخْشَوْنَ﴾[الآية: ۲۴]: اصل میں تھا تَخْشَيُوْنَ بروزن تَفْعَلُوْنَ از علم۔ جاری شدہ قوانین قال اور التقائے ساکنین۔ اور تعلم کا لگ سکتا ہے، تِخْشَوْنَ پڑھنا جائز ہے۔

۵۲-﴿كَسَادَهَا﴾[الآية: ۲۴]: كَسَادَ بروزن فَعَالَ، یہ باب نصر و شرف سے مصدر ہے۔ جاری شدہ قانون نون تنوین تثنیہ۔

۵۳-﴿مَسَاكِنُ﴾[الآية: ۲۴]: بروزن مَفَاعِلُ، صیغہ جمع مکسر اسم ظرف از نصر۔

۵۴-﴿تَرْضَوْنَ﴾[الآية: ۲۴]: اصل میں تھا تَرْضَوُوْنَ صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم ناقص واوی از علم۔ جاری شدہ قوانین، يُدْعىٰ، التقائے ساکنین اور تِعْلَمُ کا لگ سکتا ہے یعنی تِرْضَوْنَ پڑھنا جائز ہے۔

۵۵-﴿اَحَبَّ﴾[الآية: ۲۴]: اصل میں تھا اَحْبَبُ، صیغہ واحد مذکر اسم تفضیل ثلاثی مجرد مضاعف ثلاثی از نصر۔

۵۶-﴿جِهَادٍ﴾[الآية: ۲۴]: یہ فِعَالٌ کے وزن پر باب مفاعلہ سے مصدر ہے۔ اسکو جِهَادِيْ پڑھنا جائز ہے۔

۵۷-﴿تَرَبَّصُوْا﴾[الآية: ۲۴]: بروزن تَفَعَّلُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم از تفعُّل۔ جاری شدہ قوانین، نون اعرابی اور امر حاضر معلوم۔

۵۸-﴿مَوَاطِنُ﴾[الآية: ۲۵]: بروزن مَفَاعِلُ، صیغہ جمع مکسر اسم ظرف از ضرب۔

۵۹-﴿اَعْجَبَتْ﴾[الآية: ۲۵]: بروزن اَفْعَلَتْ صیغہ واحد مؤنث غائب فعل ماضی معلوم از افعال۔

۶۰-﴿لَمْ تُغْنِ﴾[الآية: ۲۵]: اصل میں تھا لَمْ تُغْنِيْ بروزن لَمْ تُفْعِلُ، صیغہ واحد مؤنث فعل جحد معلوم ناقص یائی از افعال۔ جاری شدہ قانون لم یدع۔

۶۱-﴿ضَاقَتْ﴾[الآية: ۲۵]: اصل میں تھا ضَيَقَتْ بروزن فَعَلَتْ، صیغہ واحد مؤنث غائب فعل ماضی معلوم اجوف یائی

زضرب۔ جاری شدہ قانون قال۔

۶۲-﴿رَحُبَتْ﴾[الآیة:۲۵]: بروزن فَعُلَتْ ازشرف، اس کو رَحُبَتْ پڑھنا جائز ہے، بقانون حلقی العین۔

۶۳-﴿وَلَّيْتُم﴾[الآیة:۲۵]: بروزن فَعَّلْتُمْ صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم لفیف مفروق ازتفعیل۔ جاری شدہ قانون ضرتم۔

۶۴-﴿مُدْبِرِيْنَ﴾[الآیة:۲۵]: بروزن مُفْعِلِيْنَ، صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل ازافعال۔ جاری شدہ قانون اسم فاعل۔

۶۵-﴿لَمْ تَرَوْهَا﴾[الآیة:۲۶]: اصل میں تھالَمْ تَرْءَ يُوْا بروزن لَمْ تَفْعَلُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل جحد معلوم مموز العین وناقص یائی ازمنع۔ جاری شدہ قوانین یسئل، قال، التقائے ساکنین اورنون اعرابی۔

۶۶-﴿لَا يَقْرَبُوْا﴾[الآیة:۲۸]: بروزن لَا يَفْعَلُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب فعل نھی غائب معلوم ازعلم۔ جاری شدہ قوانین ساکنین اورنون اعرابی۔

۶۷-﴿خِفْتُمْ﴾[الآیة:۲۸]: اصل میں تھاخَوِفْتُمْ، صیغہ جمع مذکر مخاطب ماضی معلوم اجوف واوی ازعلم۔ جاری شدہ قوانین قال، التقائے ساکنین، بغن اورضرتم۔

۶۸-﴿نَجَسٌ﴾[الآیة:۲۸]: یہ باب علم وشرف سے مصدر ہے۔ اسکونَجُسٌ پڑھنا جائز ہے۔

۶۹-﴿عَيْلَةً﴾[الآیة:۲۸]: بروزن فَعْلَةً یہ باب ضرب سے مصدر ہے۔

۷۰-﴿لَا يَدِيْنُوْنَ﴾[الآیة:۲۹]: اصل میں تھالَا يَدْيِنُوْنَ بروزن لَا يَفْعِلُوْنَ، ازضرب۔ قوانین: مضارع معلوم اوریقول۔

۷۱-﴿يُعْطُوْا﴾[الآیة:۲۹]: اصل میں تھايُعْطِيُوْنَ بروزن يُفْعِلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم ناقص یائی ازافعال۔ جاری شدہ قوانین، یقول، یُوسر، التقائے ساکنین اورنون اعرابی۔

۷۲-﴿قَوْلٌ﴾[الآیة:۳۰]: بروزن فَعْلٌ، یہ باب نصر سے مصدر ہے۔

۷۳-﴿يُضَاهِئُوْنَ﴾[الآیة:۳۰]: بروزن يُفَاعِلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم مموز اللام ازمفاعلہ۔

۷۴-﴿أُمِرُوْا﴾[الآیة:۳۱]: بروزن فُعِلُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی مجہول ازنصر۔

۷۵-﴿لِيَعْبُدُوْا﴾[الآیة:۳۱]: اصل میں تھايَعْبُدُوْنَ، ازنصر۔ جاری شدہ قانون نون اعرابی۔

۷۶-﴿اَنْ يُّطْفِئُوْا﴾[الآیۃ: ۳۲]: اصل میں تھایُطْفِئُوْنَ بروزن یُفْعِلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم مموز اللام از افعال۔ جاری شدہ قوانین، نون اعرابی، یرملون، یُسْئَلُ، ادغام اور مضارع معلوم۔

۷۷-﴿يَاْبَى﴾[الآیۃ: ۳۲]: اصل میں تھایَاْبَیُ بروزن یَفْعَلُ صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم مموز الفاء و ناقص یائی ازمنع۔

۷۸-﴿اَنْ يُّتِمَّ﴾[الآیۃ: ۳۲]: اصل میں تھایُتْمِمُ بروزن یُفْعِلُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم مضاعف ثلاثی از افعال۔ جاری شدہ قوانین، یرملون اور ادغام۔

۷۹-﴿كَرِهَ﴾[الآیۃ: ۳۲]: بروزن فَعِلَ، ازعلم۔ اسکو کَرُہَ پڑھنا جائز ہے۔

۸۰-﴿لِيُظْهِرَ﴾[الآیۃ: ۳۳]: اصل میں تھایُظْهِرُ بروزن یُفْعِلُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم از افعال۔

۸۱-﴿لَيَاْكُلُوْنَ﴾[الآیۃ: ۳۴]: اصل میں تھایَاْكُلُوْنَ بروزن یَفْعُلُوْنَ، ازنصر۔ اسکو یَاکُلُوْنَ پڑھنا جائز ہے۔

۸۲-﴿يَصُدُّوْنَ﴾[الآیۃ: ۳۴]: اصل میں تھایَصْدُدُوْنَ، ازنصر۔

۸۳-﴿يُحْمٰى﴾[الآیۃ: ۳۵]: اصل میں تھایُحْمَیُ بروزن یُفْعَلُ......الخ۔

۸۴-﴿تُكْوٰى﴾[الآیۃ: ۳۵]: اصل میں تھاتُكْوَیُ، ازعلم۔ ان دونوں پر قَالَ کا قانون لگا ہے۔

۸۵-﴿اَلْقَيِّمُ﴾[الآیۃ: ۳۶]: اصل میں تھاقَيْوِمٌ بروزن فَيْعِلٌ، صیغہ واحد مذکر صفت مشبہ۔ جاری شدہ قوانین، تُوَیِّلُ اور ادغام۔

۸۶-﴿كَآفَّةً﴾[الآیۃ: ۳۶]: اصل میں تھاکَافِفَةٌ بروزن فَاعِلَةٌ، صیغہ واحد مؤنث اسم فاعل ازنصر، جاری شدہ قوانین، ادغام، اسم فاعل۔

۸۷-﴿زِيَادَةٌ﴾[الآیۃ: ۳۷]: بروزن فِعَالَةٌ، صیغہ اسم مصدر اجوف یائی ازضرب۔

۸۸-﴿يُحِلُّوْنَ﴾[الآیۃ: ۳۷]: اصل میں تھایُحْلِلُوْنَ بروزن یُفْعِلُوْنَ، از افعال۔

۸۹-﴿لِيُوَاطِئُوْا﴾[الآیۃ: ۳۷]: اصل میں تھایُوَاطِئُوْنَ بروزن یُفَاعِلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم مموز اللام از مفاعلہ۔ جاری شدہ قوانین نون اعرابی اور مضارع معلوم۔

۹۰-﴿زُيِّنَ﴾[الآیۃ: ۳۷]: بروزن فُعِّلَ از تفعیل۔

۹۱-﴿اِنْفِرُوْا﴾[الآیۃ: ۳۸]: بروزن اِفْعِلُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ازضرب۔ جاری شدہ، قوانین، ہمزہ

وصلی، نون اعرابی اور امر حاضر۔

۹۲-﴿اِثَّاقَلْتُمْ﴾[الآیۃ:۳۸]: اصل میں تھاتَثَاقَلْتُمْ بروزن تَفَاعَلْتُمْ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم از تفاعل۔ جاری شدہ قوانین، خُصّم اور ضربتم۔

تعلیل: ثا واقع ہوا باب تفاعل کے فاکلمہ کے مقابلے میں تو تائے تفاعل کو ثا کیا اور ثا کو ثا میں مدغم کیا چونکہ ابتداء بالسکون مشکل تھی اس لئے اس کی ابتداء میں ہمزہ وصلی مکسورہ لے آئے تو اِثَّاقَلْتُمْ بن گیا۔

۹۳-﴿رَضِیْتُمْ﴾[الآیۃ:۳۸]: اصل میں تھارَضِوْتُمْ بروزن فَعِلْتُمْ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم ناقص واوی از علم۔ جاری شدہ قوانین میعاذ اور ضربتم۔

۹۴-﴿اِلَّا تَنْفِرُوْا﴾[الآیۃ:۳۹]: اصل میں تھااِنْ لَا تَنْفِرُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم از ضرب۔ جاری شدہ قوانین یرملون، ادغام اور نون اعرابی۔

۹۵-﴿یُعَذِّبْ﴾[الآیۃ:۳۹]: اصل میں تھایُعَذِّبُ۔

۹۶-﴿یَسْتَبْدِلْ﴾[الآیۃ:۳۹]: اصل میں تھایَسْتَبْدِلُ، دونوں امر کے جواب میں واقع ہے۔

۹۷-﴿سُفْلٰی، عُلْیَا﴾[الآیۃ:۴۰]: دونوں اسم تفضیل کے صیغے ہیں۔

۹۸-﴿لَاتَّبَعُوْکَ﴾[الآیۃ:۴۲]: اصل میں تھااِتَّبَعُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم از افتعال۔

۹۹-﴿بَعُدَتْ﴾[الآیۃ:۴۲]: بروزن فَعُلَتْ، صیغہ واحد مؤنث غائب فعل ماضی معلوم از شرف، اسکو بَعِدَتْ پڑھنا جائز ہے۔

۱۰۰-﴿لَوِ اسْتَطَعْنَا﴾[الآیۃ:۴۲]: اصل میں تھااِسْتَطْوَعْنَا بروزن اِسْتَفْعَلْنَا، صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم اجوف واوی از استفعال، جاری شدہ قوانین، یقال، التقائے ساکنین اور ہمزہ وصلی۔

۱۰۱-﴿لَایَسْتَاْذِنُ﴾[الآیۃ:۴۴]: بروزن لَایَسْتَفْعِلُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع نفی معلوم مموز الفاء از استفعال

-

اس کو لَا یَسْتَاذِنُ پڑھنا جائز ہے۔

۱۰۲-﴿وَارْتَابَتْ﴾[الآیۃ:۴۵]: اصل میں تھااِرْتَیَبَتْ بروزن اِفْتَعَلَتْ، صیغہ واحد مؤنث غائب فعل ماضی معلوم اجوف

یائی از افتعال۔ جاری شدہ قوانین، قال اور ہمزہ وصلی۔

۱۰۳۔﴿یَتَرَدَّدُوْنَ﴾[الآیۃ:۴۵]: بروزن یَتَفَعَّلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم مضاعف ثلاثی از تفعّل۔

۱۰۴۔﴿اَرَادُوْا﴾[الآیۃ:۴۶]: اصل میں تھا اَرْوَدُوْا بروزن اَفْعَلُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم اجوف واوی

از افعال۔ جاری شدہ قانون یقال۔

۱۰۵۔﴿لَاَعَدُّوْا﴾[الآیۃ:۴۶]: اصل میں تھا اَعْدَدُوْا بروزن اَفْعَلُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم مضاعف ثلاثی

از افعال۔ جاری شدہ قانون، ادغام المتجانسین۔

۱۰۶۔﴿اَلْخُرُوْجُ﴾[الآیۃ:۴۶]: یہ باب نصر سے مصدر ہے۔

۱۰۷۔﴿اِنْبِعَاثَ﴾[الآیۃ:۴۶]: بروزن اِنْفِعَالَ، یہ باب انفعال سے مصدر ہے، جاری شدہ قوانین، بائے مطلق، ھمزہ وصلی۔

۱۰۸۔﴿ثَبَّطَ﴾[الآیۃ:۴۶]: بروزن فَعَّلَ، از تفعیل۔

۱۰۹۔﴿اُقْعُدُوْا﴾[الآیۃ:۴۶]: بروزن اُفْعُلُوْا از نصر۔

۱۱۰۔﴿زَادُوْا﴾[الآیۃ:۴۷]: اصل میں تھا زَیَدُوْا بروزن فَعَلُوْا، از ضرب، جاری شدہ قانون، قَالَ.

۱۱۱۔﴿اَوْضَعُوْا﴾[الآیۃ:۴۷]: بروزن اَفْعَلُوْا صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم از افعال۔

۱۱۲۔﴿لَقَدِ ابْتَغَوُا﴾[الآیۃ:۴۸]: اصل میں تھا اِبْتَغَیُوْا بروزن اِفْتَعَلُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم ناقص یائی از افتعال۔

جاری شدہ قوانین قال، التقائے ساکنین، لئلا یتوالیٰ اور ہمزہ وصلی۔

تعلیل: یٰ کو بقانون قال الف سے بدل دیا تو اِبْتَغَاوْا بن گیا پھر الف کو بقانون التقائے ساکنین حذف کر دیا تو اِبْتَغَوْا بن گیا

پھر التقائے ساکنین آیا واو اور لام کے درمیان پہلا انکا ساکن غیر مدہ واو جمع کی تھی تو اسکو ضمہ کی حرکت دے دی تو اِبْتَغَوُا بن گیا۔

۱۱۳۔﴿ائْذَنْ﴾[الآیۃ:۴۹]: اِءْذَنْ بروزن اِفْعَلْ، صیغہ واحد مذکر فعل امر از علم۔ جاری شدہ قوانین آمن، ساکنین اور امر حاضر۔

۱۱۴۔﴿لَا تَفْتِنِّیْ﴾[الآیۃ:۴۹]: اصل میں تھا لَا تَفْتِنْ بروزن لَا تَفْعِلْ، صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل نہی معلوم از ضرب۔

آخر میں نون وقایہ ہے اور یٰ ضمیر متکلم ہے۔

۱۱۵-﴿مُحِيطَةٌ﴾[الآیۃ: ۴۹]: اصل میں تھا مُحْوِطَةٌ، از افعال۔

۱۱۶-﴿يَقُولُوا﴾[الآیۃ: ۵۰]: اصل میں تھا يَقُولُوْنَ...... الخ۔

۱۱۷-﴿يَتَوَلَّوا﴾[الآیۃ: ۵۰]: اصل میں تھا يَتَوَلَّوْنَ، دونوں میں نون اعرابی گرا ہے جزا ہونے کی وجہ سے۔

۱۱۸-﴿تَرَبَّصُونَ﴾[الآیۃ: ۵۲]: اصل میں تھا تَتَرَبَّصُوْنَ بروزن تَتَفَعَّلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم از تفعّل۔ جاری شدہ قوانین تائے مضارعت، مضارع معلوم اور تِعْلَمُ کا لگ سکتا ہے۔

۱۱۹-﴿نَتَرَبَّصُ﴾[الآیۃ: ۵۲]: بروزن نَتَفَعَّلُ، صیغہ جمع متکلم فعل مضارع معلوم از تفعّل، جاری شدہ قانون مضارع معلوم۔ اور تِعلم کا لگ سکتا ہے یعنی نِتَرَبَّصُ پڑھنا جائز ہے۔

۱۲۰-﴿طَوْعًا﴾[الآیۃ: ۵۳]: بروزن فَعْلًا، یہ باب نصر سے مصدر ہے۔

۱۲۱-﴿كَرْهًا﴾[الآیۃ: ۵۳]: یہ باب علم سے مصدر ہے۔

۱۲۲-﴿لَا يَأْتُونَ﴾[الآیۃ: ۵۴]: اصل میں تھا لَا يَأْتِيُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم مموز الفاء و ناقص یائی از ضرب۔ جاری شدہ قوانین، یقول، یوسر اور التقائے ساکنین۔ اور رَأْسٌ کا لگ سکتا ہے۔

۱۲۳-﴿يَجِدُونَ﴾[الآیۃ: ۵۷]: اصل میں تھا يَوْجِدُوْنَ از ضرب۔

۱۲۴-﴿مَلْجَأً﴾[الآیۃ: ۵۷]: بروزن مَفْعَلٌ، صیغہ واحد اسم ظرف از منع۔

۱۲۵-﴿مُدَّخَلًا﴾[الآیۃ: ۵۷]: اصل میں تھا مُدْتَخَلًا بروزن مُفْتَعَلًا، صیغہ واحد اسم ظرف از افتعال۔ جاری شدہ قوانین، اِدَّکَرَ اور ادغام۔ اور نون تنوین اور خفیفہ کا لگ سکتا ہے۔

۱۲۶-﴿لَوَّلَوْا﴾[الآیۃ: ۵۷]: اصل میں تھا وَلَّيُوْا بروزن فَعَّلُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم لفیف مفروق از تفعیل۔ جاری شدہ قوانین قال اور التقائے ساکنین۔

۱۲۷-﴿أُعْطُوا﴾[الآیۃ: ۵۸]: اصل میں تھا أُعْطِيُوْا بروزن أُفْعِلُوْا صیغہ جمع مذکر غائب ماضی مجہول ناقص یائی از افعال۔ جاری شدہ قوانین یقول، یُوسر، التقائے ساکنین اور ماضی مجہول۔

۱۲۸- ﴿رَضُوْا﴾[الآیۃ: ۵۹]: اصل میں تھا رَضِوُوْا بروزن فَعِلُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب ماضی معلوم ناقص واوی از علم، جاری شدہ قوانین دُعِیَ، یقول، یوسرا اور ساکنین۔

۱۲۹- ﴿لِیُرْضُوْا﴾[الآیۃ: ۶۲]: اصل میں تھا یُرْضِوُوْنَ...... الخ۔ از افعال۔ جاری شدہ قوانین دُعِیَ، یقول، التقائے ساکنین، مضارع معلوم، ہمزہ وصلی اور نون اعرابی۔

۱۳۰- ﴿یُحَادِدِ﴾[الآیۃ: ۶۳]: اصل میں تھا یُحَادِدْ از مفاعلہ۔

۱۳۱- ﴿یَحْذَرُ﴾[الآیۃ: ۶۴]: بروزن یَفْعَلُ از علم۔

۱۳۲- ﴿اِسْتَهْزِءُ وْا﴾[الآیۃ: ۶۴]: بروزن اِسْتَفْعِلُوْا از استفعال۔

۱۳۳- ﴿لَاتَعْتَذِرُوْا﴾[الآیۃ: ۶۶]: بروزن لَاتَفْتَعِلُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم از افتعال۔ جاری شدہ قانون نون اعرابی۔ اور خَصَمَ کا لگ سکتا ہے، لَاتَعِذِّرُوْا پڑھنا جائز ہے۔

۱۳۴- ﴿اِنْ نَّعْفُ﴾[الآیۃ: ۶۶]: اصل میں تھا نَعْفُوُ بروزن نَفْعُلُ، صیغہ جمع متکلم فعل مضارع معلوم ناقص واوی از نصر۔ جاری شدہ قوانین یدعو، لم یدع، یرملون اور ادغام۔

۱۳۵- ﴿فَاسْتَمْتَعُوْا﴾[الآیۃ: ۶۹]: اِسْتَمْتَعُوْا بروزن اِسْتَفْعَلُوْا صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم از استفعال۔

۱۳۶- ﴿خُضْتُمْ﴾[الآیۃ: ۶۹]: اصل میں تھا خَوَضْتُمْ بروزن فَعَلْتُمْ، صیغہ جمع مذکر مخاطب ماضی معلوم اجوف واوی از نصر۔ جاری شدہ قوانین قال، التقائے ساکنین، قُلْن اور ضربتم۔

۱۳۷- ﴿خَاضُوْا﴾[الآیۃ: ۶۹]: اصل میں تھا خَوَضُوْا از نصر۔

۱۳۸- ﴿اَتَتْ﴾[الآیۃ: ۷۰]: اصل میں تھا اَتَیَتْ بروزن فَعَلَتْ، صیغہ واحد مؤنث غائب ماضی معلوم مہموز الفاء و ناقص یائی از ضرب

جاری شدہ قوانین قال اور ساکنین۔

۱۳۹- ﴿جَاهِدِ﴾[الآیۃ: ۷۳]: اصل میں تھا جَاهِدْ امر از مفاعلہ۔

۱۴۰- ﴿وَاغْلُظْ﴾[الآیۃ: ۷۳]: اُغْلُظْ بروزن اُفْعُلْ، صیغہ واحد مذکر مخاطب امر حاضر از نصر۔ جاری شدہ قوانین ہمزہ وصلی اور امر حاضر۔

۱۳۱-﴿فَإِنْ يَّتُوْبُوْا﴾[الآیۃ: ۷۴]: اصل میں تھا یَتُوْبُوْنَ، از نصر۔ جاری شدہ قوانین یقول اور مضارع۔

۱۳۲-﴿لَنَصَّدَّقَنَّ﴾[الآیۃ: ۷۵]: اصل میں تھا لَنَتَصَدَّقَنَّ، صیغہ جمع متکلم فعل مستقبل معلوم نون ثقیلہ از تفعّل۔

جاری شدہ قوانین تخصّم اور ادغام۔

۱۳۳-﴿نِفَاقًا﴾[الآیۃ: ۷۷]: بروزن فِعَالاً، یہ باب مفاعلہ سے مصدر ہے۔

۱۳۴-﴿يَلْقَوْنَهُ﴾[الآیۃ: ۷۷]: يَلْقَوْنَ اصل میں تھا يَلْقَيُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم ناقص یائی از سمع۔

جاری شدہ قوانین، قال، التقاء ساکنین اور مضارع۔

۱۳۵-﴿مُخَلَّفُوْنَ﴾[الآیۃ: ۸۱]: بروزن مُفَعَّلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر سالم اسم مفعول از تفعیل۔

۱۳۶-﴿خِلَافَ﴾[الآیۃ: ۸۱]: بروزن فِعَالَ، یہ باب مفاعلہ سے مصدر ہے۔

۱۳۷-﴿فَاسْتَأْذَنُوْكَ﴾[الآیۃ: ۸۳]: اِسْتَأْذَنُوْا بروزن اِسْتَفْعَلُوْا صیغہ جمع مذکر غائب ماضی معلوم مہموز الفاء از استفعال۔

جاری شدہ قانون ہمزہ وصلی۔ اور رَأْس کا لگ سکتا ہے۔

۱۳۸-﴿لَا تُصَلِّ﴾[الآیۃ: ۸۴]: اصل میں تھا لَا تُصَلِّیْ بروزن لَا تُفَعِّلْ، صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم ناقص یائی از تفعیل۔

۱۳۹-﴿مَاتَ﴾[الآیۃ: ۸۴]: اصل میں تھا مَوَتَ از نصر۔

۱۵۰-﴿لَا تَقُمْ﴾[الآیۃ: ۸۴]: اصل میں تھا لَا تَقْوُمْ بروزن لَا تَفْعُلْ، صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم اجوف واوی از نصر۔

جاری شدہ قوانین یقول اور التقاء ساکنین۔

۱۵۱-﴿ذَرْنَا﴾[الآیۃ: ۸۶]: اصل میں تھا اِوْذَرْ، نا ضمیر منصوب متصل ہے۔

۱۵۲-﴿أَعَدَّ﴾[الآیۃ: ۸۹]: اصل میں تھا أَعْدَدَ، از افعال۔

۱۵۳-﴿الْمُعَذِّرُوْنَ﴾[الآیۃ: ۹۰]: مُعَذِّرُوْنَ بروزن مُفَعِّلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل از تفعیل۔

۱۵۴-﴿لِيُؤْذَنَ﴾[الآیۃ: ۹۰]: يُؤْذَنُ بروزن يُفْعَلُ از سمع، جاری شدہ قوانین، مضارع مجہول اور رَأْس کا قانون لگ سکتا ہے۔

۱۵۵-﴿يُصِيْبُ﴾[الآیۃ:۹۰]: اصل میں تھا يُصْوِبُ بروزن يُفْعِلُ، ازافعال۔ جاری شدہ قوانین یقول، میعاد، ہمزہ وصلی اور مضارع معلوم۔

۱۵۶-﴿اَلضُّعَفَاءُ﴾[الآیۃ:۹۱]: یہ باب شرف سے جمع مذکر مکسر صفت مشبہ کا صیغہ ہے۔

۱۵۷-﴿مَرْضٰى﴾[الآیۃ:۹۱]: یہ مَرِيْض کی جمع ہے۔

۱۵۸-﴿اَلْمُحْسِنِيْنَ﴾[الآیۃ:۹۱]: مُحْسِنِيْنَ بروزن مُفْعِلِيْنَ، صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل ازافعال۔

۱۵۹-﴿اَتَوْكَ﴾[الآیۃ:۹۲]: اصل میں تھا اَتَيُوْا بروزن فَعَلُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب ماضی معلوم مہموز الفاء وناقص یائی ازضرب۔ جاری شدہ قوانین قال اور التقائے ساکنین۔

۱۶۰-﴿قُلْتَ﴾[الآیۃ:۹۲]: اصل میں تھا قَوَلْتَ ازنصر۔

۱۶۱-﴿تَفِيْضُ﴾[الآیۃ:۹۲]: اصل میں تھا تَفْيِضُ بروزن تَفْعِلُ، ازضرب۔

گیارھواں پارہ

۱۶۲-﴿يَعْتَذِرُوْنَ﴾[الآیۃ:۹۴]: بروزن يَفْتَعِلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب مضارع معلوم ازافتعال، جاری شدہ قوانین، مضارع معلوم اور خَصَّمَ کا لگ سکتا ہے یعنی يَعِذِّرُوْنَ پڑھ سکتے ہیں۔

۱۶۳-﴿لَاتَعْتَذِرُوْا﴾[الآیۃ:۹۴]: بروزن لَاتَفْتَعِلُوْا، ازافتعال۔

۱۶۴-﴿نَبَّاَنَا﴾[الآیۃ:۹۴]: اس کے آخر نا ضمیر منصوب متصل ہے، نَبَّاَ بروزن فَعَّلَ، صیغہ واحد مذکر غائب ماضی معلوم مہموز اللام ازتفعیل۔

۱۶۵-﴿سَيَرَى اللّٰهُ﴾[الآیۃ:۹۴]: يَرٰى اصل میں تھا يَرْءَىُ ازمنع، جاری شدہ قوانین، يَسْئَلُ، قَالَ، التقائے ساکنین۔

۱۶۶-﴿تُرَدُّوْنَ﴾[الآیۃ:۹۴]: اصل میں تھا تُرْدَدُوْنَ بروزن تُفْعَلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم مضاعف ثلاثی ازنصر۔

۱۶۷-﴿اِذَا انْقَلَبْتُمْ﴾[الآیۃ:۹۵]: اِنْقَلَبْتُمْ بروزن اِنْفَعَلْتُمْ، صیغہ جمع مذکر مخاطب ماضی معلوم ازانفعال۔ جاری شدہ قوانین ہمزہ وصلی، بائے مطلق اور ضربتم۔

۱۶۸-﴿لِتُعْرِضُوْا﴾[الآیۃ:۹۵]: اصل میں تھا تُعْرِضُوْنَ، یہاں لام کئی کے بعد اَنْ مقدر ہے۔

۳۳-﴿سَنَشُدُّ﴾[الایۃ:۳۵]:اصل میں تھانَشْدُدُ صیغہ جمع متکلم مضارع معلوم مضاعف ثلاثی ازنصر، قوانین:ادغام،مضارع۔

۳۴-﴿لَا یَصِلُوْنَ﴾[الایۃ:۳۵]:اصل میں تھالَایَوْصِلُوْنَ ازضرب،قوانین،مضارع معلوم،یعد۔

۳۵-﴿اَطَّلِعُ﴾[الایۃ:۳۸]:اصل میں تھااَطْتَلِعُ بروزن اَفْتَعِلُ صیغہ واحد متکلم مضارع معلوم ازاِفْتِعال،قوانین:اِطَّلَبَ، ادغام،مضارع،ہمزہ وصلی،اور تعلم والا جاری ہوسکتا ہے۔۔

۳۶-﴿لَاَظُنُّهٗ﴾[الایۃ:۳۸]:اصل میں تھااَظْنُنُ بروزن اَفْعُلُ صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معلوم مضاعف ثلاثی ازنصر۔ قانون،ادغام۔

۳۷-﴿مِنَ الْمَقْبُوْحِیْنَ﴾[الایۃ:۴۲]:اصل میں تھامَقْبُوْحِیْنَ بروزن مَفْعُوْلِیْنَ،صیغہ جمع مذکر سالم اسم مفعول ازشرف۔قوانین،اسم مفعول،ہمزہ وصلی۔

۳۸-﴿بَصَائِرَ﴾[الایۃ:۴۳]:بروزن فَعَائِلَ ہیچوں شَرَائِفَ صیغہ جمع مؤنث مکسر صفت مشبہ ازشرف،قانون:شرائف۔

۳۹-﴿اَنْشَأْنَا﴾[الایۃ:۴۵]:بروزن اَفْعَلْنَا صیغہ جمع متکلم ماضی معلوم مہموز اللام ازاِفْعال،قوانین،بائے مطلق،اور رأس کالگ سکتا ہے۔

۴۰-﴿فَتَطَاوَلَ﴾[الایۃ:۴۵]:اصل میں تھاتَطَاوَلَ بروزن تَفَاعَلَ صیغہ واحد مذکر غائب ماضی معلوم اجوف واوی از تفاعل،قانون،خُصِّمَ کالگ سکتا ہے۔یعنی اِطَّوَلَ پڑھنا جائز ہے۔

تعلیل:طاواقع ہوئی باب تفاعل کے فاکلمہ کے مقابلے میں تو تائے تفاعل کوطاکیااور طاکوطامیں ادغام کیا۔چونکہ ابتداء بالسکون مشکل تھی اس لئے ابتداء میں ہمزہ وصلی مکسورہ لیکر آئے تو اِطَّاوَلَ ہوگیا۔

۴۱-﴿ثَاوِياً﴾[الاية:۴۵]: بروزن فَاعِلاً صیغہ واحد مذکر اسم فاعل از ضَرَبَ۔ قانون، اسم فاعل، اور نون خفیفہ والا جاری ہو سکتا ہے۔

۴۲-﴿نَادَيْنَا﴾ [الاية:۴۶]: بروزن فَاعَلْنَا بچوں ضَارَبْنَا صیغہ جمع متکلم ماضی معلوم ناقص یائی از مفاعلہ۔

۴۳-﴿اُوْتِيَ﴾[الاية:۴۸]: اصل میں تھا اُئْتِيَ بروزن اُفْعِلَ صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مجہول مہموز الفاء و ناقص یائی از افعال، قوانین، ماضی مجہول، امن۔

۴۴-﴿تَظَاهَرَا﴾ [الاية:۴۸]: بروزن تَفَاعَلَا صیغہ تثنیہ مذکر غائب ماضی معلوم از تفاعل اس میں خَصَّمَ کا قانون لگ سکتا ہے یعنی اِظَّاهَرَ پڑھنا جائز ہے۔

۴۵-﴿اَتَّبِعْهُ﴾[الاية:۴۹]: اصل میں تھا اَتَّبِعُ بروزن اَفْتَعِلُ صیغہ واحد متکلم مضارع معلوم از افتعال قوانین، ادغام، ہمزہ وصلی، مضارع۔ یہ صیغہ امر فَأْتُوا کے جواب میں واقع ہے اسلئے مجزوم ہے۔

۴۶-﴿يَتَّبِعُوْنَ﴾ [الاية:۵۰]: اصل میں تھا يَتْتَبِعُوْنَ بروزن يَفْتَعِلُوْنَ از افتعال۔

۴۷-﴿وَصَّلْنَا﴾[الاية:۵۱]: بروزن فَعَّلْنَا از تفعیل۔

۴۸-﴿لا نَبْتَغِي الْجَاهِلِيْنَ﴾[الاية:۵۵]: اصل میں تھا لا نَبْتَغِيُ بروزن لَا نَفْتَعِلُ صیغہ جمع متکلم مضارع معلوم ناقص یائی از افتعال، قوانین یَرْمِیْ، ساکنین ہمزہ وصلی اور تعلّم کا لگ سکتا ہے۔

۴۹-﴿اَحْبَبْتَ﴾[الاية:۵۶]: بروزن اَفْعَلْتَ، از افعال۔

۵۰-﴿نُتَخَطَّفُ﴾[الاية:۵۷]: اصل میں تھا نُتَخَطَّفُ صیغہ جمع متکلم مضارع مجہول از تفعّل۔ قانون مضارع مجہول، یہ جزاء کی بناء پر مجزوم ہے۔

۵۱-﴿حَرَماً﴾[الاية:۵۷]: بروزن فَعَلاً اسم مصدر از نصر۔

۵۲-﴿يُجْبىٰ﴾[الاية:۵۷]: اصل میں تھا يُجْبَيُ بروزن يُفْعَلُ از افعال۔ قوانین، مضارع مجہول، قال۔

۵۳-﴿مُهْلِكِي الْقُرىٰ﴾[الاية:۵۹]: اصل میں تھا مُهْلِكِيْنَ بروزن مُفْعِلِيْنَ صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل از افعال، قوانین: اسم فاعل، نون تثنیہ، ساکنین۔

۵۴-﴿اُوْتِیْتُمْ﴾[الایۃ:۶۰]:اصل میں تھااُئْتِیْتُمْ بروزن اُفْعِلْتُمْ صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل ماضی مجہول مہموز الفاو ناقص یائی از افعال۔قوانین،مضارع مجہول،امن،ضربتم۔

۵۵-﴿لَاقِیْہِ﴾[الایۃ:۶۱]:اصل میں تھالَاقِیٌ بروزن فَاعِلٌ صیغہ واحد مذکر اسم فاعل ناقص یائی از عَلِمَ،قوانین نون تثنیہ، یرمی،اسم فاعل۔

۵۶-﴿اَغْوَیْنَا﴾[الایۃ:۶۳]:بروزن اَفْعَلْنَا صیغہ جمع متکلم ماضی معلوم لفیف مقرون از افعال۔

۵۷-﴿غَوَیْنَا﴾[الایۃ:۶۳]:بروزن فَعَلْنَا صیغہ جمع متکلم ماضی از ضَرَبَ۔

۵۸-﴿اُدْعُوْا﴾[الایۃ:۶۴]:اصل میں تھااُدْعُوُوْا بروزن اُفْعُلُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ثلاثی مجرد ناقص واوی از نصر۔قوانین،یدعو،امر حاضر،التقائے ساکنین،نون اعرابی۔

۵۹-﴿فَدَعَوْهُمْ﴾[الایۃ:۶۴]:دَعَوْا اصل میں تھادَعَوُوْا بروزن فَعَلُوْا صیغہ جمع مذکر غائب ماضی معلوم ناقص واوی از نَصَرَ قوانین،قال،ساکنین۔

۶۰-﴿رَاَوُا الْعَذَابَ﴾[الایۃ:۶۴]:اصل میں رَاَیُوْا بروزن فَعَلُوْا صیغہ جمع مذکر غائب ماضی معلوم مہموز العین و ناقص یائی از مَنَعَ،قوانین باع،ساکنین،لَتُدْعَوُنَّ۔

۶۱-﴿اَجَبْتُمْ﴾[الایۃ:۶۵]:اصل میں تھااَجْوَبْتُمْ بروزن اَفْعَلْتُمْ صیغہ جمع مذکر غائب ماضی معلوم اجوف واوی از افعال،قوانین یُقَالُ،ساکنین،ضَرَبْتُمْ۔

۶۲-﴿لَایَتَسَاءَلُوْنَ﴾[الایۃ:۶۶]:بروزن لَایَتَفَاعَلُوْن،صیغہ جمع مذکر غائب مضارع نفی معلوم مہموز العین از تفاعل۔

۶۳-﴿وَیَخْتَارُ﴾[الایۃ:۶۸]:اصل میں تھایَخْتَیِرُ بروزن یَفْتَعِلُ صیغہ واحد مذکر غائب مضارع معلوم اجوف یائی از افتعال،قوانین،باع،ہمزہ وصلی۔

۶۴-﴿تُکِنُّ﴾[الایۃ:۶۹]:اصل میں تھاتُکْنِنُ بروزن تُفْعِلُ صیغہ واحد مؤنث غائب مضارع معلوم مضاعف ثلاثی از افعال، قانون،ادغام۔

۶۵-﴿فَبَغٰی﴾[الایۃ:۷۶]:اصل میں تھابَغَیَ،از ضرب۔

۶۶-﴿لَتَنُوْءُ﴾[الایۃ:۷۶]:اصل میں تھاتَنُوْءُ بروزن تَفْعُلُ صیغہ واحد مؤنث غائب مضارع معلوم اجوف واوی ومہموز اللام ازنصر،قانون:بائے مطلق،یقول۔

۶۷-﴿وَابْتَغِ﴾[الایۃ:۷۷]:اصل میں تھااِبْتَغِیْ بروزن اِفْتَعِلْ صیغہ واحد مذکر مخاطب امر حاضر معلوم ناقص یائی از افتعال۔قوانین:ہمزہ وصلی،امر حاضر،لم یدع۔

۶۸-﴿لَاتَنْسَ﴾[الایۃ:۷۷]:اصل میں تھالَا تَنْسَیْ بروزن لَا تَفْعَلْ صیغہ واحد مذکر مخاطب نہی حاضر معلوم ناقص یائی ازعلم،قوانین بائے مطلق،لم یدع۔

۶۹-﴿اُوْتِیْتُہٗ﴾[الایۃ:۷۸]:اصل میں تھااُئْتِیْتُ بروزن اُفْعِلْتُ صیغہ واحد متکلم ماضی معلوم مہموز الفاء ناقص یائی ازافعال، قوانین آمن،ماضی مجہول۔

۷۰-﴿لَا یُلَقّٰی﴾[الایۃ:۸۰]:اصل میں تھالَا یُلَقَّیُ صیغہ واحد مذکر غائب فعل نفی مجہول ناقص یائی ازعلم۔قوانین،مضارع مجہول،لم یدع،قال۔

۷۱-﴿مِنَ الْمُنْتَصِرِیْنَ﴾[الایۃ:۸۱]:مُنْتَصِرِیْنَ بروزن مُفْتَعِلِیْنَ،صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل ازافتعال،قوانین :ہمزہ وصلی،اسم فاعل بائے مطلق اور خُصِّم کالگ سکتا ہے۔

۷۲-﴿تَمَنَّوْا﴾[الایۃ:۸۲]:اصل میں تھاتَمَنَّیُوْا بروزن تَفَعَّلُوْا،صیغہ جمع مذکر غائب ماضی معلوم ناقص یائی ازتفعل، قوانین:قال ساکنین۔

۷۳-﴿لَرَآدُّکَ﴾[الایۃ:۸۵]:اصل میں تھارَادِدٌ بروزن فَاعِلٌ صیغہ واحد مذکر اسم فاعل مضاعف ثلاثی ازنصر، قوانین:ادغام،نون تثنیہ،اسم فاعل۔

۷۴-﴿مَعَادٍ﴾[الایۃ:۸۵]:اصل میں تھامَعْوَدٌ بروزن مَفْعَلٌ صیغہ واحد اسم ظرف اجوف واوی ازنصر،قانون:یقال۔

سورۃالقصص میں مشکل صیغوں کی نشاندہی:

۳-﴿اٰمِنٌ﴾[الایۃ:۵]،۶-﴿خِفْتِ﴾[الایۃ:۷]،۷-﴿فَاَلْقِیْہِ﴾[الایۃ:۷]،۹-﴿رَادُّوْہُ﴾[الایۃ:۷]،

۱۱-﴿لَتُبْدِیْ﴾[الایۃ:۱۰]،۱۲-﴿قُصِّیْہِ﴾[الایۃ:۱۱]،۱۳-﴿فَاسْتَغَاثَہٗ﴾[الایۃ:۱۵]،

۲۰-﴿اَلرِّعَاءُ﴾[الایۃ:۲۳]،۲۲-﴿عَلَی اسْتِحْیَاءٍ﴾[الایۃ:۲۵]،۳۲-﴿تَصْطَلُوْنَ﴾[الایۃ:۲۹]،
۵۳-﴿مُهْلِكِی الْقُرٰی﴾[الایۃ:۵۹]،۵۵-﴿لَاقِیْهِ﴾[الایۃ:۶۱]،۶۰-﴿رَاَوُا الْعَذَابَ﴾[الایۃ:۶۴]،
۷۳-﴿لَرَآدُّكَ﴾[الایۃ:۸۵]،۷۴-﴿مَعَادٍ﴾[الایۃ:۸۵].

سورة العنكبوت

۱-﴿اَنْ یُّتْرَكُوْا﴾[الایۃ:۲]:اصل میں تھایُتْرَكُوْنَ بروزن یُفْعَلُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع مجہول ثلاثی مجرد صحیح ازنصر،قوانین مضارع مجہول،نون اعرابی،حروف یرملون۔

۲-﴿اَنْ یَّسْبِقُوْنَا﴾[الایۃ:۴]:اصل میں تھا یَسْبِقُوْنَ ازضرب۔

۳-﴿اٰتٍ﴾[الایۃ:۵]:اصل میں تھااٰتِیٌ بروزن فَاعِلٌ ازضرب قوانین،یرمی،ساکنین،اسم فاعل۔

۴-﴿وَصَّیْنَا﴾[الایۃ:۸]:بروزن فَعَّلْنَا صیغہ جمع متکلم ماضی معلوم لفیف مفروق ازتفعیل۔

۵-﴿اُوْذِیَ﴾[الایۃ:۱۰]:اصل میں تھااُءْذِیَ بروزن اُفْعِلَ صیغہ واحد مذکر غائب ماضی مجہول مہموز الفاو ناقص یائی از افعال،قوانین آمن،ماضی مجہول۔

۶-﴿بِاَعْلَمَ﴾[الایۃ:۱۰]:اصل میں تھااَعْلَمُ صیغہ واحد مذکر اسم تفضیل ازعلم۔

۷-﴿وَلْنَحْمِلْ﴾[الایۃ:۱۲]:اصل میں تھالِنَحْمِلْ بروزن لِنَفْعِلْ صیغہ جمع متکلم امر غائب معلوم ازضرب، قانون:حلق العین۔

۸-﴿فَابْتَغُوْا﴾[الایۃ:۱۷]:اصل میں تھااِبْتَغِیُوْا بروزن اِفْتَعِلُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب امر حاضر معلوم ناقص یائی ازافتعال۔ قوانین،یبیع،یوسر،ساکنین،ہمزہ وصلی،امر حاضر،نون اعرابی۔

۹-﴿لَمْ یَرَوْا﴾[الایۃ:۱۹]:اصل میں تھا لَمْ یَرْئَیُوْا ازمنع۔

۱۰-﴿یُبْدِئُ﴾[الایۃ:۱۹]:بروزن یُفْعِلُ،صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم مہموز اللام ازافعال۔قوانین، مضارع،ہمزہ وصلی،اوراسکوبقانون سُئِلَ یُبْدِیُ پڑھنا جائز ہے۔

۱۱- ﴿یَئِسُوا﴾[الآیۃ:۲۳]: بروزن فَعِلُوا، صیغہ جمع مذکر غائب ماضی معلوم مثال یائی ومہموز العین از علم۔ اسکو بقانون حلقی العین، یَئْسُوا پڑھنا جائز ہے۔

۱۲- ﴿فَاَنْجَاہُ﴾[الآیۃ:۲۴]: اصل میں تھا اَنْجَیَ بروزن اَفْعَلَ از افعال۔ تَاْتُوْنَ، اصل میں تھا تَاْتِیُوْنَ از ضرب الخ۔

۱۳- ﴿مُھْلِکُوْا اَھْلِ﴾[الآیۃ:۳۱]: اصل میں تھا مُھْلِکُوْنَ بروزن مُفْعِلُوْنَ از افعال، قوانین، اسم فاعل، نون تثنیہ۔

۱۴- ﴿سِیْءَ﴾[الآیۃ:۳۳]: اصل میں تھا سُوِئَ بروزن فُعِلَ صیغہ واحد مذکر غائب ماضی مجہول اجوف واوی ومہموز اللام از نصر، قوانین، قِیْلَ، میعاد۔

۱۵- ﴿ضَاقَ﴾[الآیۃ:۳۳]: اصل میں تھا ضَیَقَ از ضرب۔

۱۶- ﴿مُنَجُّوْکَ﴾[الآیۃ:۳۳]: اصل میں تھا مُنَجِّوُوْنَ بروزن مُفَعِّلُوْنَ صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل ناقص واوی از تفعیل، قوانین دُعِیَ، یَبِیْعُ، یوسر، ساکنین، اسم فاعل۔

۱۷- ﴿اَوْھَنَ﴾[الآیۃ:۴۱]: اصل میں تھا اَوْھَنُ صیغہ واحد مذکر اسم تفضیل اجوف واوی از منع۔

۱۸- ﴿یَدْعُوْنَ﴾[الآیۃ:۴۲]: اصل میں تھا، یَدْعُوُوْنَ از نصر الخ۔ یہ صیغہ کئی دفعہ پہلے گزر چکی ہے۔

اکیسواں پارہ

۱۹- ﴿اُتْلُ﴾[الآیۃ:۴۵]: اصل میں تھا اُتْلُوْ بروزن اُفْعُلْ صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ناقص واوی از نصر۔ قانون، امر حاضر۔

۲۰- ﴿لَاتُجَادِلُوْا﴾[الآیۃ:۴۶]: بروزن لَاتُفَاعِلُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب نہی حاضر معلوم۔ از مفاعلہ۔ قوانین: مضارع معلوم، ۱،۲۔ نون اعرابی۔

۲۱- ﴿لَاتَخُطُّ﴾[الآیۃ:۴۸]: اصل میں تھا لَاتَخْطُطُ بروزن لَاتَفْعُلُ از نصر۔

۲۲- ﴿لَارْتَابَ﴾[الآیۃ:۴۸]: اصل میں تھا اِرْتَیَبَ بروزن اِفْتَعَلَ، صیغہ واحد مذکر غائب ماضی معلوم اجوف یائی از افتعال، قوانین ہمزہ وصلی، باع۔

۲۳- ﴿لَمْ یَکْفِ﴾[الآیۃ:۵۱]: اصل میں تھا لَمْ یَکْفِیُ بروزن لَمْ یَفْعِلُ از ضرب الخ۔

۲۴-﴿يُتْلٰى﴾[الاية: ۵۱]: اصل میں تھا يُتْلَوُ از نصر۔

۲۵-﴿وَاسِعَةٌ﴾[الاية: ۵۶]: بروزن فَاعِلَةٌ، صیغہ واحد مؤنث اسم فاعل از علم،

۲۶-﴿فَاعْبُدُوْنِ﴾[الاية: ۵۶]: اصل میں تھا اُعْبُدُوْا بروزن اُفْعُلُوْا، از نصر، آخر میں نون وقایہ ہے۔

۲۷-﴿ذَائِقَةُ﴾[الاية: ۵۷]: اصل میں تھا ذَاوِقَةُ بروزن فَاعِلَةُ همچون نَاصِرَة از نصر، قوانین، قائل اسم فاعل، نون تنوین تثنیہ۔

۲۸-﴿لَنُبَوِّئَنَّ﴾[الاية: ۵۸]: بروزن لَنُفَعِّلَنَّ صیغہ جمع متکلم فعل مستقبل معلوم مؤکد باللام تاکید ونون تاکید ثقیلہ اجوف واوی ومهموز اللام از تفعیل۔

۲۹-﴿دَعَوُا اللّٰهَ﴾[الاية: ۶۵]: اصل میں تھا دَعَوُوْا بروزن فَعَلُوْا صیغہ جمع مذکر غائب ماضی معلوم ناقص واوی از نصر، قوانین قال، ساکنین۔

۳۰-﴿جَاهَدُوْا﴾[الاية: ۶۹]: بروزن فَاعَلُوْا صیغہ جمع مذکر غائب ماضی معلوم از مفاعلہ۔

۳۱-﴿لَنَهْدِيَنَّ﴾[الاية: ۶۹]: بروزن لَنَفْعِلَنَّ، صیغہ جمع متکلم مستقبل معلوم مؤکد باللام تاکید ونون ثقیلہ ناقص یائی از ضرب۔

سورۃ عنکبوت میں مشکل صیغوں کی نشاندہی:

۵-﴿أُوْذِيَ﴾[الاية: ۱۰]، ۸-﴿فَابْتَغُوْا﴾[الاية: ۱۷]، ۱۳-﴿مُهْلِكُوْا اَهْلِ﴾[الاية: ۳۱]، ۱۶-﴿مُنَجُّوْكَ﴾[الاية: ۳۳]، ۲۹-﴿دَعَوُا اللّٰهَ﴾[الاية: ۶۵].

سورة الروم

۱-﴿غُلِبَتْ﴾[الاية: ۲]: بروزن فُعِلَتْ صیغہ واحد مؤنث غائب ماضی مجہول از ضرب۔ قانون، ماضی مجہول۔

۲-﴿اَدْنٰى﴾[الاية: ۳]: اصل میں تھا اَدْنَوُ بروزن اَفْعَلُ، صیغہ واحد مذکر اسم تفضیل ناقص واوی از نصر۔ قوانین، یدعی، باع، ساکنین۔

۳-﴿غَلَبِهِمْ﴾[الاية: ۳]: اصل میں تھا غَلَبٌ بروزن فَعَلٌ، اسم مصدر از ضرب۔ قانون، نون تنوین نون تثنیہ وجمع۔

۴-﴿وَعْدَ﴾[الاية: ۶]: بروزن فَعْلَ اسم مصدر از ضرب، قانون، نون تنوین نون تثنیہ۔

۵-﴿فَیَنظُرُوْا﴾[الآیۃ:۹]: اس میں فا عاطفہ ہے یَنظُرُوْنَ از نصر۔ قوانین، مضارع معلوم، باء ے مطلق، نون اعرابی۔

فائدہ: اسکا عطف لَمْ یَسِیْرُوْا پر ہے اور اس پر لَمْ جازمہ داخل ہے اس نے نون اعرابی کو گرایا ہے۔

۶-﴿اَثَارُوْا﴾[الآیۃ:۹]: اصل میں تھا اَثْوَرُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب ماضی معلوم از نصر، قوانین، یقال ساکنین،۔

۷-﴿اَسَاءُ وْا﴾[الآیۃ:۱۰]: اصل میں تھا اَسْوَئُوْا بروزن اَفْعَلُوْا صیغہ جمع مذکر غائب ماضی معلوم اجوف واوی ومہموز اللام از افعال، قانون یقال۔

۸-﴿اَلسُّوْئٰی﴾[الآیۃ:۱۰]: اصل میں تھا سُوْئٰی بروزن فُعْلٰی صیغہ واحد مؤنث اسم تفضیل اجوف واوی ومہموز اللام از نصر۔ قانون، حروف شمسی۔

۹-﴿یَتَفَرَّقُوْنَ﴾[الآیۃ:۱۴]: بروزن یَتَفَعَّلُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب مضارع معلوم از تَفَعُّل۔ قانون، مضارع۔

۱۰-﴿تُمْسُوْنَ﴾[الآیۃ:۱۷]: اصل میں تھا تُمْسِیُوْنَ، صیغہ جمع مذکر مخاطب مضارع معلوم ناقص یائی از افعال، قوانین، ہمزہ وصلی، مضارع، یبیع، یوسر، ساکنین۔

۱۱-﴿تَنْتَشِرُوْنَ﴾[الآیۃ:۲۰]: بروزن تَفْتَعِلُوْنَ صیغہ جمع مذکر مخاطب مضارع معلوم از اِفْتِعَال، قوانین، بائے مطلق، مضارع ہمزہ وصلی، تعلم اور خُصِّمَ کا لگ سکتا ہے۔

۱۲-﴿لِتَسْکُنُوْا﴾[الآیۃ:۲۱]: اصل میں تھا تَسْکُنُوْنَ از نصر۔ قانون، نون اعرابی۔ لام کَیْ کے بعد اَنْ مقدر ہے اس نے نون اعرابی گرایا ہے۔

۱۳-﴿تَخَافُوْنَ﴾[الآیۃ:۲۸]: اصل میں تھا تَخْوَفُوْنَ از علم، قانون: یقال۔

۱۴-﴿بَلِ اتَّبَعَ﴾[الآیۃ:۲۹]: اصل میں تھا اِتْتَبَعَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم صحیح از باب افعال۔ قانون، ادغام، ہمزہ وصلی۔

۱۵-﴿اَضَلَّ﴾[الآیۃ:۲۹]: اصل میں تھا اَضْلَلَ، صیغہ واحد مذکر غائب ماضی معلوم مضاعف ثلاثی از افعال۔ قانون، ادغام۔

۱۶-﴿فَاَقِمْ﴾[الآیۃ:۳۰]: اصل میں تھا اَقْوِمْ بروزن اَفْعِلْ از افعال۔ قوانین امر حاضر، یقول، التقائے ساکنین۔

۱۷-﴿لَا تَبْدِیْلَ﴾[الآیۃ:۳۰]: بروزن تَفْعِیْلَ اسم مصدر از تفعیل۔

Scanned with CamScanner

۱۸ – ﴿مُنِیْبِیْنَ﴾[الآیۃ: ۳۱]: اصل میں تھامُنْیِبِیْنَ بروزن مُفْعِلِیْنَ صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل اجوف یائی از افعال، قوانین: یبیع، اسم فاعل۔

۱۹ – ﴿وَاتَّقُوْهُ﴾[الآیۃ: ۳۱]: اصل میں تھااِوْتَقِیُوْا بروزن اِفْتَعِلُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب امر حاضر لفیف مفروق از افتعال۔ قوانین: ہمزہ وصلی، اتعد، ادغام، یبیع، یوسر، ساکنین، امر، نون اعرابی۔

۲۰ – ﴿دَعَوْا﴾[الآیۃ: ۳۳]: اصل میں تھادَعَوُوْا بروزن فَعَلُوْا صیغہ جمع مذکر غائب ماضی معلوم ناقص واوی از نصر، قوانین: قال، ساکنین۔

۲۱ – ﴿اَذَاقَ﴾[الآیۃ: ۳۳]: اصل میں تھااَذْوَقَ، بروزن اَفْعَلَ صیغہ واحد مذکر غائب ماضی معلوم اجوف واوی، قانون، یقال۔

۲۲ – ﴿لِیَکْفُرُوْا﴾[الآیۃ: ۳۴]: اصل میں تھا یَکْفُرُوْنَ از نصر، قانون، نون اعرابی۔ لام کئی کے بعد ان مقدر ہے اس نے نون اعرابی گرایا ہے۔

۲۳ – ﴿تَمَتَّعُوْا﴾[الآیۃ: ۳۴]: بروزن تَفَعَّلُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب امر حاضر معلوم از تفعل، قوانین، امر، نون اعرابی۔

۲۴ – ﴿اَذَقْنَا﴾[الآیۃ: ۳۶]: اصل میں تھااَذْوَقْنا بروزن اَفْعَلْنَا صیغہ جمع متکلم ماضی معلوم اجوف واوی از افعال، قوانین: یقال، ساکنین۔

۲۵ – ﴿تُصِبْ﴾[الآیۃ: ۳۶]: اصل میں تھاتُصْوِبُ بروزن تُفْعِلُ صیغہ واحد مؤنث غائب مضارع معلوم اجوف واوی از افعال، قوانین، یقول، میعاد، ساکنین۔

۲۶ – ﴿فَاٰتِ﴾[الآیۃ: ۳۸]: اصل میں تھااِءْ تِیْ بروزن اِفْعِلْ، صیغہ واحد مذکر مخاطب امر حاضر معلوم مہموز الفاو ناقص یائی از ضرب، قوانین، اٰمَنَ، امر، لم یدع۔

۲۷ – ﴿یُرِیْدُوْنَ﴾[الآیۃ: ۳۸]: اصل میں تھایُرْوِدُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب مضارع معلوم اجوف واوی از افعال۔

۲۸ – ﴿لِیَرْبُوَ﴾[الآیۃ: ۳۹]: اصل میں تھا یَرْبُوُ بروزن یَفْعُلُ مضارع از نصر۔

۲۹ – ﴿اَلْمُضْعِفُوْنَ﴾[الآیۃ: ۳۹]: اصل میں تھامُضْعِفُوْنَ بروزن مُفْعِلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل از افعال، قانون، اسم فاعل۔

۳۰-﴿ لِيُذِيقَ ﴾[الآیۃ: ۴۱]: اصل میں تھا یُذْوِقُ صیغہ واحد مذکر غائب مضارع معلوم اجوف واوی از افعال۔

۳۱-﴿سِيْرُوْا﴾[الآیۃ: ۴۲]: اصل میں تھا اِسْیِرُوْا بروزن اِفْعِلُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب امر حاضر از ضرب. قوانین، امر حاضر معلوم، ہمزہ وصلی، یقول، نون اعرابی۔

۳۲-﴿ فَانْظُرُوْا ﴾[الآیۃ: ۴۲]: اصل میں تھا اُنْظُرُوْا بروزن اُفْعُلُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب امر حاضر از نصر الخ۔ قوانین، امر حاضر معلوم، ہمزہ وصلی، بائے مطلق، نون اعرابی۔

۳۳-﴿يَصَّدَّعُوْنَ﴾[الآیۃ: ۴۳]: اصل میں تھا یَتَصَدَّعُوْنَ بروزن یَتَفَعَّلُوْن، صیغہ جمع مذکر غائب مضارع معلوم از تفعل، قوانین، مضارع معلوم، خَصَّمَ۔

تعلیل: صاد واقع ہوئی باب تفعل کے فاکلمہ کے مقابلہ میں تو تائے تَفَعُّل کو صاد کیا اور صاد کو صاد میں مدغم کر دیا تو یَصَّدَّعُوْن بن گیا۔

۳۴-﴿ كُفْرُهٗ ﴾[الآیۃ: ۴۴]: اصل میں تھا کُفْرٌ بروزن فُعْلٌ اسم مصدر از نصر، قانون نون تنوین تثنیہ۔

۳۵-﴿ لِتَبْتَغُوْا ﴾[الآیۃ: ۴۶]: اصل میں تھا تَبْتَغِیُوْنَ صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم ناقص یائی از افتعال۔ قوانین، یبیع، یوسر، ساکنین، نون اعرابی۔

۳۶-﴿فَجَاءُوْهُمْ﴾ [الآیۃ: ۴۷]: اصل میں تھا جَیَئُوْا از ضرب۔ قانون، قال۔

۳۷-﴿فَانْتَقَمْنَا﴾ [الآیۃ: ۴۷]: اصل میں تھا اِنْتَقَمْنَا بروزن اِفْتَعَلْنَا صیغہ جمع متکلم ماضی معلوم از افتعال۔ قوانین، ہمزہ وصلی، بائے مطلق۔

۳۸- ﴿حَقًّا﴾[الآیۃ: ۴۷]: اصل میں تھا حَقْقًا بروزن فَعْلاً مصدر از ضرب۔

۳۹-﴿ لَمُحْيِ ﴾[الآیۃ: ۵۰]: اصل میں تھا مُحْیِیٌ بروزن مُفْعِلٌ صیغہ واحد مذکر اسم فاعل لفیف مقرون از افعال، قوانین نون تثنیہ تنوین، یرمی، ساکنین، اسم فاعل۔

۴۰-﴿الْمَوْتٰى﴾[الآیۃ: ۵۰]: یہ مَیِّتٌ کی جمع ہے۔

۴۱-﴿ فَرَاَوْهُ ﴾ [الآیۃ: ۵۱]: اصل میں تھا رَاَیُوْا بروزن فَعَلُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب ماضی معلوم مہموز العین، وناقص یائی از منع قوانین، باع، ساکنین۔

۴۲-﴿مُصْفَرًّا﴾ [الآیۃ: ۵۱]: بروزن مُفْعَلًّا بچوں مُحْمَرًّا، صیغہ واحد مذکر اسم فاعل صحیح از اِفْعِلَال۔ اس کے وزن اسم مفعول اور اسم ظرف کا صیغہ بھی بن سکتا ہے۔

فرق: اسم فاعل کی صورت میں اسکا اصل ہوگا مُصْفَرِرٌ، اور اسم مفعول واسم ظرف کی صورت میں اسکا اصل ہوگا مُصْفَرَرٌ۔

۴۳-﴿لَظَلُّوْا﴾ [الآیۃ: ۵۱]: اصل میں تھا ظَلِلُوْا بروزن فَعِلُوْا صیغہ جمع مذکر غائب ماضی از ضرب۔

۴۴-﴿وَلَّوْا﴾ [الآیۃ: ۵۲]: اصل میں تھا وَلَّيُوْا بروزن فَعَّلُوْا صیغہ جمع مذکر غائب ماضی معلوم از تفعیل۔ قوانین، قال، التقائے ساکنین۔

۴۵-﴿بِهَادِي الْعُمْيِ﴾ [الآیۃ: ۵۳]: اصل میں تھا هَادِيٌ بروزن فَاعِلٌ صیغہ واحد مذکر اسم فاعل از ضرب۔ قوانین: اسم فاعل، نون تنوین تثنیہ۔ یری، ساکنین۔

۴۶-﴿شَيْبَةً﴾ [الآیۃ: ۵۴]: بروزن فَعْلَةٌ اسم مصدر اجوف یائی از ضرب۔

۴۷-﴿مَعْذِرَتُهُمْ﴾ [الآیۃ: ۵۷]: اصل میں تھا مَعْذِرَةٌ بروزن مَفْعِلَةٌ اسم مصدر از ضرب۔

۴۸-﴿يُسْتَعْتَبُوْنَ﴾ [الآیۃ: ۵۷]: بروزن يُسْتَفْعَلُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب مضارع مجہول از استفعال۔ قوانین، مضارع مجہول، ہمزہ وصلی۔

۴۹-﴿فَاصْبِرْ﴾ [الآیۃ: ۶۰]: اصل میں تھا اِصْبِرْ، صیغہ واحد مذکر مخاطب امر حاضر از ضرب۔ قانون، امر حاضر۔

۵۰-﴿لَا يَسْتَخِفَّنَّ﴾ [الآیۃ: ۶۰]: اصل میں تھا لَا يَسْتَخْفِفَنَّ صیغہ واحد مذکر نہی غائب معلوم مؤکد با نون تاکید ثقیلہ از استفعال، قانون، ادغام۔

۵۱-﴿لَا يُوْقِنُوْنَ﴾ [الآیۃ: ۶۰]: اصل میں تھا لَا يُيْقِنُوْنَ بروزن لَا يُفْعِلُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع نفی معلوم مثال یائی از افعال۔ قانون، یوسر، ہمزہ وصلی، مضارع۔

سورة لقمان

۱-﴿يُوْقِنُوْنَ﴾ [الآیۃ: ۴]: اصل میں تھا يُيْقِنُوْنَ بروزن يُفْعِلُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب مضارع معلوم مثال یائی از افعال۔ قوانین، یوسر، ہمزہ وصلی، مضارع معلوم۔

۲-﴿یشْتَرِیْ﴾[الایۃ:۶]: اصل میں تھا یَشْتَرِیُ بروزن یَفْتَعِلُ صیغہ واحد مذکر غائب مضارع معلوم ناقص یائی از افتعال، قوانین، یرمی، ہمزہ وصلی، مضارع، اور اِشْتَبَہَ کا لگ سکتا ہے

۳-﴿لَھْوَ﴾[الایۃ:۶]: بروزن فَعْلٌ صیغہ اسم مصدر ناقص واوی از نصر، قانون نون تنوین تثنیہ۔

۴-﴿مُھِیْنٌ﴾[الایۃ:۶]: اصل میں تھا مُھْوِنٌ بروزن مُفْعِلٌ صیغہ واحد مذکر اسم فاعل اجوف واوی از افعال قوانین، یقول، میعاد، اسم فاعل۔ اور نون خفیفہ کا لگ سکتا ہے۔

۵-﴿اَنْ تَمِیْدَ﴾[الایۃ:۱۰]: اصل میں تھا تَمْیِدُ بروزن تَفْعِلُ صیغہ واحد مؤنث غائب مضارع معلوم اجوف یائی از ضرب، قوانین بائے مطلق، بیع، مضارع۔

۶-﴿فَاَرُوْنِیْ﴾[الایۃ:۱۱]: اصل میں تھا اَرْءِیُوْا، بروزن اَفْعِلُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب امر حاضر مہموز الفاء و ناقص یائی از افعال، قوانین یسئل، باع، ساکنین امر، نون اعرابی۔

۷-﴿یَعِظُہٗ﴾[الایۃ:۱۳]: اصل میں تھا یَوْعِظُ بروزن یَفْعِلُ صیغہ واحد مذکر غائب مضارع معلوم مثال واوی از ضرب، قوانین یعد، مضارع۔

۸-﴿وَصَّیْنَا﴾[الایۃ:۱۴]: بروزن فَعَّلْنَا صیغہ جمع متکلم ماضی معلوم لفیف مفروق از تفعیل۔

۹-﴿وَھْنًا﴾[الایۃ:۱۴]: بروزن فَعْلًا صیغہ اسم مصدر از ضرب۔

۱۰-﴿جَاھَدَاکَ﴾[الایۃ:۱۵]: اصل میں تھا جَاھَدَا بروزن فَاعَلَا صیغہ تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی معلوم از مفاعلہ۔

۱۱-﴿لَاتُطِعْ﴾[الایۃ:۱۵]: اصل میں تھا لَاتُطْوِعْ صیغہ واحد مذکر مخاطب نہی حاضر معلوم اجوف واوی از افعال۔ قوانین، یقول، التقائے ساکنین۔

۱۲-﴿اَنَابَ﴾[الایۃ:۱۵]: اصل میں تھا اَنْوَبَ بروزن اَفْعَلَ صیغہ واحد مذکر غائب ماضی معلوم اجوف واوی از افعال، قوانین، بائے مطلق، یقال۔

۱۳-﴿اِنْ تَکُ﴾[الایۃ:۱۶]: تَکُ اصل میں تھا تَکْوُنُ صیغہ واحد مؤنث غائب مضارع معلوم اجوف واوی از نصر۔ تعلیل: واو پر ضمہ ثقیل تھا نقل کر کے ماقبل کاف کو دیا تو تَکُوْنُ بن گیا پھر اِنْ شرطیہ نے آ کر کو جزم دیا تو تَکُوْنْ بن گیا اب

التقائے ساکنین آیا واو اور نون کے درمیان اس لئے واو کو حذف کیا تو تَکُنْ بن گیا، پھر نون کو حذف کر دیا ایک قاعدے کی بناء پر تو تَکُ بن گیا۔ وہ قاعدہ یہ ہے کہ جب فعل ناقص پر حرف جزم داخل ہو جائے تو اس فعل ناقص کے آخر سے نون کو حذف کرنا جائز ہوتا ہے۔

۱۴ – ﴿فَتَكُنْ﴾[الایۃ:۱۶]: اصل میں تھا تَکُوْنُ، معطوف ہونے کی بناء پر مجزوم ہے۔

تعلیل: واو پر ضمہ ثقیل تھا نقل کر کے ماقبل کو دیا تو بن گیا تَکُوْنُ الخ۔

۱۵ – ﴿يَأْتِ﴾[الایۃ:۱۶]: اصل میں تھا یَاْتِیُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم مہموز الفاء ناقص یائی از ضرب، جزاء واقع ہونے کی بناء پر مجزوم ہے، یہ صیغہ پہلے کئی دفعہ گزر چکا ہے۔

۱۶ – ﴿وَأْمُرْ﴾[الایۃ:۱۷]: اصل میں تھا اُءْمُرْ بروزن اُفْعُلْ صیغہ واحد مذکر مخاطب امر حاضر معلوم مہموز الفاء از نصر، قوانین: امر حاضر، امن، ہمزہ وصلی، اور اس کو بقانون راس وَامُرْ پڑھنا جائز ہے۔

فائدہ: یہ اصل میں تھا اُءْمُرْ دو ہمزے جمع ہوئے دوسرے کو واو کیا امن قانون کی رو سے تو بن گیا اُوْمُرْ پھر جب واو داخل ہوا تو ہمزہ وصلی درجہ کلام میں واقع ہونے کی وجہ سے گر گیا تو وہ دوسرا ہمزہ پھر لوٹ آیا تو وَاْمُرْ بن گیا۔

۱۷ – ﴿لَا تَمْشِ﴾[الایۃ:۱۸]: اصل میں تھا لَا تَمْشِیُ بروزن لَا تَفْعِلُ صیغہ واحد مذکر مخاطب نہی حاضر معلوم ناقص یائی از ضرب قانون: لم یدع۔

۱۸ – ﴿وَاقْصِدْ﴾[الایۃ:۱۹]: اصل میں تھا اِقْصِدْ بروزن اِفْعِلْ صیغہ واحد مذکر مخاطب امر حاضر از ضرب۔

۱۹ – ﴿مَشْيِكَ﴾[الایۃ:۱۹]: اصل میں تھا مَشْیٌ بروزن فَعْلٌ صیغہ اسم مصدر ناقص یائی از ضرب، قانون، نون تنوین تثنیہ۔

۲۰ – ﴿وَاغْضُضْ﴾[الایۃ:۱۹]: اصل میں تھا اُغْضُضْ بروزن اُفْعُلْ صیغہ واحد مذکر مخاطب امر حاضر از نصر۔ قوانین، ہمزہ وصلی، امر حاضر۔

۲۱ – ﴿مِنْ صَوْتِكَ﴾[الایۃ:۱۹]: اصل میں تھا صَوْتٌ، بروزن فَعْلٌ صیغہ اسم مصدر اجوف واوی از نصر۔

۲۲ – ﴿اَنْكَرَ الْاَصْوَاتِ﴾[الایۃ:۱۹]: اصل میں تھا اَنْکَرُ بروزن اَفْعَلُ صیغہ واحد مذکر اسم تفضیل از علم۔ قوانین، یائے مطلق، ہمزہ وصلی۔

۲۳ – ﴿لَمْ تَرَوْا﴾[الایۃ:۲۰]: اصل میں تھا لَمْ تَرْءَ یُوْا بروزن لَمْ تَفْعَلُوْا از منع الخ۔

۲۴- ﴿ظَاهِرَةً﴾[الآیۃ: ۲۰]: صیغہ واحد مؤنث اسم فاعل از منع۔

۲۵- ﴿بَاطِنَةً﴾[الآیۃ: ۲۰]: صیغہ واحد مؤنث اسم فاعل از نصر۔

۲۶- ﴿مَنْ يُّسْلِمْ﴾[الآیۃ: ۲۲]: اصل میں تھا يُسْلِمُ، بروزن يُفْعِلُ صیغہ واحد مذکر غائب مضارع معلوم از افعال، قوانین، مضارع معلوم، حروف یرملون، ادغام۔

۲۷- ﴿فَقَدِ اسْتَمْسَكَ﴾[الآیۃ: ۲۲]: اصل میں تھا اِسْتَمْسَكَ بروزن اِسْتَفْعَلَ، صیغہ واحد مذکر غائب ماضی معلوم از استفعال، قانون ہمزہ وصلی۔

۲۸- ﴿نَضْطَرُّ﴾[الآیۃ: ۲۴]: اصل میں تھا نَضْتَرِرُ بروزن نَفْتَعِلُ صیغہ جمع متکلم مضارع معلوم مضاعف ثلاثی از افتعال، قوانین، اِطَّلَبَ، ادغام، اور تعلم کا لگ سکتا ہے۔

۲۹- ﴿يَمُدُّ﴾[الآیۃ: ۲۶]: اصل میں تھا يَمْدُدُ، از نصر۔

۳۰- ﴿نَفِدَتْ﴾[الآیۃ: ۲۶]: بروزن فَعِلَتْ از علم۔ اسکو نَفْدَتْ پڑھنا جائز ہے بقانون حلقی العین۔

۳۱- ﴿خَلْقُكُمْ﴾[الآیۃ: ۲۸]: اصل میں تھا خَلْقٌ بروزن فَعْلٌ اسم مصدر از نصر۔

۳۲- ﴿بَعْثُكُمْ﴾[الآیۃ: ۲۸]: اصل میں تھا بَعْثٌ، بروزن فَعْلٌ اسم مصدر از منع۔

۳۳- ﴿يَدْعُوْنَ﴾[الآیۃ: ۳۰]: اصل میں تھا يَدْعُوُوْنَ بروزن يَفْعُلُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب مضارع معلوم ناقص واوی از نصر۔

۳۵- ﴿لِيُرِيَ﴾[الآیۃ: ۳۱]: اصل میں تھا يُرْءِيُ بروزن يُفْعِلُ از افعال، قوانین یسأل، ہمزہ وصلی، مضارع۔

۳۶- ﴿دَعَوُا اللهَ﴾ [الآیۃ: ۳۱]: اصل میں تھا دَعَوُوْا صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم ناقص واوی از نصر۔ قوانین: قال، ساکنین راللہ عواو۔

۳۷- ﴿مُقْتَصِدٌ﴾ [الآیۃ: ۳۲]: بروزن مُفْتَعِلٌ صیغہ واحد مذکر اسم فاعل از افتعال، قوانین، اسم فاعل، اور نون خفیفہ لگ سکتا ہے۔

۳۸- ﴿خَتَّارٍ﴾ [الآیۃ: ۳۲]: بروزن فَعَّالٍ یہ باب ضرب سے مبالغہ کا صیغہ ہے۔

۳۹-﴿وَاخْشَوْا﴾ [الاٰیۃ:۳۳]: اصل میں تھا اِخْشَیُوْا بروزن اِفْعَلُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب امر حاضر معلوم ناقص یائی از علم، قوانین، قال، ساکنین، امر، نون اعرابی۔

۴۰-﴿وَالِدٌ﴾ [الاٰیۃ:۳۳]: بروزن فَاعِلٌ صیغہ واحد مذکر اسم فاعل از ضرب۔

۴۱-﴿مَوْلُوْدٌ﴾ [الاٰیۃ:۳۳]: بروزن مَفْعُوْلٌ صیغہ واحد مذکر اسم مفعول مثال واوی از ضرب۔

۴۲-﴿جَازٍ﴾ [الاٰیۃ:۳۳]: اصل میں تھا جَازِیٌ بروزن فَاعِلٌ صیغہ واحد مذکر اسم فاعل ناقص یائی از ضرب، قوانین: اسم فاعل، یرمی، ساکنین۔

۴۳-﴿لَاتَغُرَّنَّ﴾ [الاٰیۃ:۳۳]: اصل میں تھا لَاتَغْرُرَنَّ صیغہ واحد مذکر مخاطب نہی حاضر معلوم مضاعف ثلاثی از نصر، قانون، ادغام۔

۴۴-﴿تَمُوْتُ﴾ [الاٰیۃ:۳۴]: اصل میں تھا تَمْوُتُ بروزن تَفْعُلُ صیغہ واحد مؤنث مضارع معلوم اجوف یائی، از نصر، قوانین، یقول، مضارع۔

سورۃ لقمان میں مشکل صیغوں کی نشاندہی:

۶-﴿فَاَرُوْنِی﴾ [الاٰیۃ:۱۱]، ۱۳-﴿اِنْ تَکُ﴾ [الاٰیۃ:۱۶]، ۲۸-﴿نَضْطَرُّ﴾ [الاٰیۃ:۲۴]۔

سورة السجدة

۱-﴿تَنْزِیْلُ﴾ [الاٰیۃ:۲]: بروزن تَفْعِیْلٌ صیغہ اسم مصدر از تفعیل، قوانین بائے مطلق، نون تثنیہ۔

۲-﴿رَیْبٌ﴾ [الاٰیۃ:۲]: بروزن فَعْلٌ صیغہ اسم مصدر اجوف یائی از ضرب۔

۳-﴿اِفْتَرٰاہُ﴾ [الاٰیۃ:۳]: اصل میں تھا اِفْتَرَیَ بروزن اِفْتَعَلَ صیغہ واحد مذکر غائب ماضی معلوم ناقص یائی از افتعال، قوانین، ہمزہ وصلی، باع۔

۴-﴿لِتُنْذِرَ﴾ [الاٰیۃ:۳]: اصل میں تھا تُنْذِرُ بروزن تُفْعِلُ صیغہ واحد مذکر مخاطب مضارع معلوم از افعال، قوانین بائے مطلق، مضارع۔

۵-﴿یَهْتَدُوْنَ﴾ [الاٰیۃ:۳]: اصل میں تھا یَهْتَدِیُوْنَ بروزن یَفْتَعِلُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب مضارع معلوم ناقص یائی از افتعال،

قوانین مضارع ہمزہ وصلی، یبیع، یوسر، ساکنین اور خَصَّمَ کا قانون لگ سکتا ہے۔

۶-﴿ثُمَّ اسْتَوٰی﴾ [الایۃ:۴]: اصل میں تھا اِسْتَوَیَ بروزن اِفْتَعَلَ صیغہ واحد مذکر غائب ماضی معلوم لفیف مقرون از افتعال، قوانین ہمزہ وصلی، باع اور اِتَّمَعَ کا لگ سکتا ہے۔

۷-﴿تَتَذَكَّرُوْنَ﴾[الایۃ:۴]: بروزن تَتَفَعَّلُوْنَ صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم صحیح از باب تفعّل۔ قوانین: مضارع معلوم، تائے مضارعت، اور خصم والا لگ سکتا ہے۔

۸-﴿تَعُدُّوْنَ﴾ [الایۃ:۵]: اصل میں تھا تَعْدُدُوْنَ بروزن تَفْعُلُوْن صیغہ جمع مذکر مخاطب مضارع معلوم مضاعف ثلاثی از نصر، قوانین، مضارع، ادغام۔

۹-﴿سَوّٰی﴾[الایۃ:۹]: اصل میں تھا سَوَّیَ بروزن فَعَّلَ، صیغہ واحد مذکر غائب ماضی معلوم لفیف مقرون از تفعیل، قوانین، باع۔

۱۰-﴿بَصِيْرًا﴾ [الایۃ:۹]: بروزن فَعِيْلًا، صیغہ واحد مذکر صفت مشبہ اجوف یائی از شرف۔

۱۱-﴿ضَلَلْنَا﴾ [الایۃ:۱۰]: بروزن فَعَلْنَا، صیغہ جمع متکلم ماضی معلوم مضاعف ثلاثی از ضرب۔

۱۲-﴿يَتَوَفّٰى﴾ [الایۃ:۱۱]: اصل میں تھا يَتَوَفَّيُ بروزن يَتَفَعَّلُ، صیغہ واحد مذکر غائب مضارع معلوم لفیف مفروق از تفعل، قوانین مضارع، باع۔

۱۳-﴿وُكِّلَ﴾[الایۃ:۱۱]: بروزن فُعِّلَ صیغہ واحد مذکر غائب ماضی مجہول مثال واوی از تفعیل، قوانین: ماضی مجہول، اور وُعِدَ کا لگ سکتا ہے۔

۱۴-﴿نَاكِسُوْا﴾ [الایۃ:۱۲]: اصل میں تھا نَاكِسُوْنَ بروزن فَاعِلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل از ضرب، قوانین: اسم فاعل، نون تنوین تثنیہ۔

۱۵-﴿فَارْجِعْنَا﴾ [الایۃ:۱۲]: اصل میں تھا اِرْجِعْ بروزن اِفْعِلْ صیغہ واحد مذکر مخاطب امر حاضر از ضرب، قوانین، ہمزہ وصلی، امر حاضر۔

۱۶-﴿نَعْمَلُ﴾ [الایۃ:۱۲]: اصل میں تھا نَعْمَلُ صیغہ جمع متکلم مضارع معلوم از علم۔ قوانین، مضارع معلوم، اور تعلم کا لگ سکتا ہے۔

فائدہ: جواب امر واقع ہونے کی وجہ سے مجزوم ہے۔

۱۷-﴿مُوْقِنُوْنَ﴾[الاٰیۃ: ۱۲]: اصل میں تھامُیْقِنُوْنَ بروزن مُفْعِلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل مثال یائی از افعال، قوانین، اسم فاعل، یوسر۔

۱۸-﴿شِئْنَا﴾[الاٰیۃ: ۱۳]: اصل میں تھاشَیِئْنَا بروزن فَعِلْنَا، صیغہ جمع متکلم ماضی معلوم اجوف یائی ومہموز اللام از منع، قوانین، باع، ساکنین، بعن۔

۱۹-﴿لَاَمْلَئَنَّ﴾[الاٰیۃ: ۱۳]: بروزن لَاَفْعَلَنَّ صیغہ واحد متکلم مستقبل معلوم بالام ونون تاکید ثقیلہ مہموز اللام از منع۔

۲۰-﴿فَذُوْقُوْا﴾[الاٰیۃ: ۱۴]: اصل میں تھااُذْوُقُوْا بروزن اُفْعُلُوْا از نصر، قوانین: یقول ہمزہ وصلی، امر حاضر، نون اعرابی۔

۲۱-﴿اَلْخُلْدِ﴾[الاٰیۃ: ۱۴]: یہ باب نصر سے مصدر ہے، قانون: نون تنوین تثنیہ۔

۲۲-﴿ذُکِّرُوْا﴾[الاٰیۃ: ۱۵]: بروزن فُعِّلُوْا صیغہ جمع مذکر غائب ماضی مجہول از تفعیل، قانون، ماضی مجہول۔

۲۳-﴿تَتَجَافٰی﴾[الاٰیۃ: ۱۶]: اصل میں تھاتَتَجَافَیُ بروزن تَتَفَاعَلُ صیغہ واحد مؤنث غائب مضارع معلوم ناقص یائی از تفاعل، قوانین، باع، مضارع، اور تائے مضارعت کا لگ سکتا ہے۔

۲۴-﴿یَدْعُوْنَ﴾[الاٰیۃ: ۱۶]: اصل میں تھایَدْعُوُوْنَ بروزن یَفْعُلُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب مضارع معلوم ناقص واوی از نصر، قوانین یدع، ساکنین مضارع۔

۲۵-﴿اُخْفِیَ﴾[الاٰیۃ: ۱۷]: بروزن اُفْعِلَ صیغہ واحد مذکر غائب ماضی مجہول ناقص یائی از افعال۔

۲۶-﴿لَا یَسْتَوُوْنَ﴾[الاٰیۃ: ۱۸]: اصل میں لَایَسْتَوِیُوْنَ بروزن لَایَفْتَعِلُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب مضارع نفی معلوم لفیف مقرون از افتعال، قوانین، یبیع، یوسر، ساکنین، ہمزہ وصلی، اور اِسَّمَعَ کا لگ سکتا ہے۔

۲۷-﴿اَرَادُوْا﴾[الاٰیۃ: ۲۰]: اصل میں تھااَرْوَدُوْا بروزن اَفْعَلُوْا صیغہ جمع مذکر غائب ماضی معلوم اجوف واوی از افعال، قانون یباع۔

۲۸-﴿اَنْ یَّخْرُجُوْا﴾[الاٰیۃ: ۲۰]: اصل میں تھایَخْرُجُوْنَ..... از نصر، قوانین: نون اعرابی، یرملون، نون اعرابی۔

۲۹-﴿اُعِیْدُوْا﴾[الاٰیۃ: ۲۰]: اصل میں تھااُعْوِدُوْا بروزن اُفْعِلُوْا صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی مجہول اجوف واوی از

افعال۔قوانین، یقول، میعاد، ماضی مجہول۔

۳۰-﴿لَنُذِيقَنَّ﴾[الایۃ:۲۱]: اصل میں تھالَنُذْوِقَنَّ بروزن لَنُفْعِلَنَّ صیغہ جمع متکلم فعل مستقبل معلوم مؤکد بالام تاکید نون ثقیلہ اجوف واوی از نصر۔قانون: میعاد، یبیع۔

۳۱-﴿مُنْتَقِمُونَ﴾[الایۃ:۲۲]: بروزن مُفْتَعِلُونَ صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل از افتعال،قوانین اسم فاعل، بائے مطلق، ہمزہ وصلی۔

۳۲-﴿يَهْدُونَ﴾ [الایۃ:۲۴]: اصل میں تھایَهْدِيُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم ناقص یائی از ضرب۔قوانین: یبیع، یوسر، ساکنین، مضارع۔

۳۳-﴿لَمْ يَرَوْا﴾ [الایۃ:۲۷]: اصل میں تھالَمْ يَرْئَيُوْا از منع۔

۳۴-﴿اَلْفَتْحُ﴾[الایۃ:۲۸]: اصل میں تھافَتْحٌ بروزن فَعْلٌ اسم مصدر از منع۔

۳۵-﴿وَانْتَظِرْ﴾[الایۃ:۳۰]: اصل میں تھااِنْتَظِرْ بروزن اِفْتَعِلْ، صیغہ واحد مذکر مخاطب امر حاضر معلوم از افتعال، قوانین: ہمزہ وصلی، بائے مطلق، امر حاضر۔

۳۶-﴿مُنْتَظِرُونَ﴾[الایۃ:۳۰]: بروزن مُفْتَعِلُونَ صیغہ جمع مذکر اسم فاعل از افتعال، قوانین اسم فاعل، بائے مطلق، ہمزہ وصلی۔

سورۃ الاحزاب

۱-﴿اِتَّقِ﴾[الایۃ:۱]: اصل میں تھااِوْتَقِيْ بروزن اِفْتَعِلْ صیغہ واحد مذکر مخاطب امر حاضر معلوم لفیف مفروق از افتعال، قوانین: ہمزہ وصلی، اتعد، ادغام، امر حاضر۔

۲-﴿لَا تُطِعْ﴾[الایۃ:۱]: اصل میں تھالَا تُطْوِعْ صیغہ واحد مذکر مخاطب نہی حاضر معلوم اجوف واوی از افعال، قوانین: یقول، میعاد، ساکنین۔

۳-﴿وَاتَّبِعْ﴾[الایۃ:۲]: اصل میں تھااِتْتَبِعْ بروزن اِفْتَعِلْ صیغہ واحد مذکر مخاطب امر حاضر افتعال، قوانین ہمزہ وصلی، ادغام، امر حاضر معلوم۔

۴-﴿يُوحىٰ﴾[الایۃ:۲]: اصل میں تھایُوْحَيُ بروزن یُفْعَلُ صیغہ واحد مذکر غائب مضارع مجہول لفیف مفروق از افعال،

قوانین، مضارع مجہول، قال۔

۵-﴿تَوَكَّلْ﴾[الایة:۳]: بروزن تَفَعَّلْ صیغہ واحد مذکر مخاطب امر حاضر مثال واوی از تفعل۔ قوانین امر حاضر، اوراتعد کا لگ سکتا ہے۔ یعنی اِتَّكِلْ پڑھنا جائز ہے۔

۶-﴿تُظَاهِرُوْنَ﴾[الایة:۴]: بروزن تُفَاعِلُوْنَ صیغہ جمع مذکر مخاطب مضارع معلوم از مفاعلہ۔

۷-﴿اَدْعِيَآءَ﴾[الایة:۴]: اصل میں تھا اَدْعِوَآءَ بروزن اَفْعِلَاءَ صیغہ جمع مذکر مکسر صفت مشبہ ناقص واوی از نصر، قانون، دُعِیَ۔

۸-﴿اُدْعُوْهُمْ﴾[الایة:۵]: اصل میں تھا اُدْعُوُوْا بروزن اُفْعُلُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب امر حاضر معلوم ناقص واوی از نصر۔ قوانین امر حاضر، نون اعرابی یدعو، ساکنین۔

۹-﴿اَخْطَاْتُمْ﴾[الایة:۵]: بروزن اَفْعَلْتُمْ صیغہ جمع مذکر مخاطب ماضی معلوم مہموز اللام از افعال، قوانین ضربتم اور رَأْسٌ کا لگ سکتا ہے۔

۱۰-﴿تَعَمَّدَتْ﴾[الایة:۵]: بروزن تَفَعَّلَتْ صیغہ واحد مؤنث غائب ماضی معلوم از تفعل

۱۱-﴿مَقْرُوْنًا﴾[الایة:۵]: بروزن مَفْعُوْلًا صیغہ واحد مذکر اسم مفعول، از ضرب۔ قانون، اسم مفعول اور نون خفیفہ کا لگ سکتا ہے۔

۱۲-﴿مَسْطُوْرًا﴾[الایة:۶]: بروزن مَفْعُوْلًا صیغہ واحد مذکر اسم مفعول، از نصر قوانین اسم مفعول اور نون خفیفہ کا لگ سکتا ہے۔

۱۳-﴿اَخَذْنَا﴾[الایة:۷]: بروزن فَعَلْنَا صیغہ جمع متکلم ماضی معلوم مہموز الفاء از نصر۔

۱۴-﴿لِيَسْئَلَ﴾[الایة:۸]: اصل میں تھا يَسْئَلُ بروزن يَفْعَلُ صیغہ واحد مذکر غائب مضارع معلوم از منع، قانون: یسأل کا جاری ہوسکتا ہے۔

۱۵-﴿صِدْقِ﴾[الایة:۸]: اصل میں تھا صِدْقٌ بروزن فِعْلٌ صیغہ اسم مصدر از نصر۔

۱۶-﴿اَعَدَّ﴾[الایة:۸]: اصل میں تھا اَعْدَدَ بروزن اَفْعَلَ صیغہ واحد مذکر غائب ماضی معلوم از افعال۔

۱۷-﴿جَآءَتْ﴾[الایة:۹]: اصل میں تھا جَيَاَتْ بروزن فَعَلَتْ صیغہ واحد مؤنث غائب ماضی معلوم اجوف یائی ومہموز اللام از ضرب، قانون، باع۔

۱۸-﴿لَمْ تَرَوْهَا﴾[الایة:۹]:اصل میں تھالَمْ تَرْءَ يُوْا بروزن لَمْ تَفْعَلُوْا جمع مذکر مخاطب جحد معلوم مہموز العین وناقص یائی از منع،قوانین،نون اعرابی،یسئل،قال ساکنین ۔

۱۹-﴿جَآءُ وْا﴾[الایة:۱۰]:اصل میں تھاجَيَءُوْا بروزن فَعَلُوْا صیغہ جمع مذکر غائب ماضی معلوم اجوف یائی ومہموز اللام از ضرب۔

۲۰-﴿زَاغَتْ﴾[الایة:۱۰]:اصل میں تھازَيَغَتْ بروزن فَعَلَتْ صیغہ واحد مؤنث غائب ماضی معلوم اجوف یائی از ضرب قانون،باع۔

۲۱-﴿تَظُنُّوْنَ﴾[الایة:۱۰]:اصل میں تھاتَظْنُنُوْنَ بروزن تَفْعُلُوْنَ صیغہ جمع مذکر مخاطب مضارع معلوم مضاعف ثلاثی از نصر،قوانین،مضارع،ادغام۔

۲۲-﴿الظُّنُوْنَا﴾[الایة:۱۰]:اصل میں تھاظُنُوْنًا بروزن فُعُوْلًا صیغہ اسم مصدر مضاعف ثلاثی از نصر۔ قانون:نون تنوین،تثنیہ وجمع۔

۲۳-﴿ابْتُلِيَ﴾[الایة:۱۱]:بروزن اُفْتُعِلَ صیغہ واحد مذکر غائب ماضی مجہول ناقص یائی از افتعال،قوانین،ہمزہ وصلی،ماضی مجہول۔

۲۴-﴿زُلْزِلُوْا﴾[الایة:۱۱]:بروزن فُعْلِلُوْا صیغہ جمع مذکر غائب ماضی مجہول مضاعف رباعی،رباعی مجرد از باب فعللہ، قانون:ماضی مجہول۔

۲۵-﴿زِلْزَالًا﴾[الایة:۱۱]:بروزن فِعْلَالًا اسم مصدر از فعللہ۔

۲۶-﴿وَعَدَ﴾[الایة:۱۲]:بروزن فَعَلَ صیغہ واحد مذکر غائب ماضی معلوم از ضرب۔

۲۷-﴿فَارْجِعُوْا﴾[الایة:۱۳]:اصل میں تھاارْجِعُوْا بروزن اِفْعِلُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب امر حاضر از ضرب،قوانین، ہمزہ وصلی،امر حاضر،نون اعرابی۔

۲۸-﴿لَاٰتَوْهَا﴾[الایة:۱۴]:اصل میں تھاأَءْ تَيُوْا بروزن اَفْعَلُوْا صیغہ جمع مذکر غائب ماضی معلوم مہموز الفاء وناقص یائی از افعال،قوانین،امن،باع،ساکنین۔

۲۹-﴿تَلَبَّثُوْا﴾[الایة:۱۴]:بروزن تَفَعَّلُوْا صیغہ جمع مذکر غائب ماضی معلوم از تفعل۔

۳۰-﴿لَايُوَلُّوْنَ﴾[الاية:۱۵]: اصل میں تھالَايُوَلِّيُوْنَ بروزن لَايُفَعِّلُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب فعل نفی معلوم لفیف مفروق از تفعیل، قوانین، بیع، یوسر، ساکنین۔

۳۱-﴿مَسْئُوْلًا﴾[الاية:۱۵]: بروزن مَفْعُوْلًا صیغہ واحد مذکر اسم مفعول مہموز العین، از منع

۳۲-﴿لَاتُمَتَّعُوْنَ﴾[الاية:۱۶]: بروزن لَاتُفَعَّلُوْنَ صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل نفی مجہول از تفعیل۔ قانون، مضارع مجہول۔

۳۳-﴿لَايَجِدُوْنَ﴾[الاية:۱۷]: اصل میں تھالَايَوْجِدُوْنَ فعل نفی معلوم مثال واوی از ضرب، قانون یعد۔

۳۴-﴿اَلْمُعَوِّقُوْنَ﴾[الاية:۱۸]: اصل میں تھامُعَوِّقُوْنَ بروزن مُفَعِّلُوْنَ صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل ثلاثی مزید اجوف واوی از تفعیل۔

۳۵-﴿وَالْقَائِلِيْنَ﴾[الاية:۱۸]: اصل میں تھاقَاوِلِيْنَ بروزن فَاعِلِيْنَ صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل اجوف واوی از نصر، قوانین، اسم فاعل، قائل، ہمزہ وصلی۔

۳۶-﴿لَايَاْتُوْنَ﴾[الاية:۱۸]: اصل میں تھالَايَاْتِيُوْنَ بروزن لَايَفْعِلُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب مضارع نفی معلوم مہموز الفاء وناقص یائی از ضرب۔ قوانین بیع، یوسر، ساکنین، اور راٗس کا لگ سکتا ہے

۳۷-﴿اَشِحَّةً﴾[الاية:۱۹]: اصل میں تھااَشْحِحَةٌ بروزن اَفْعِلَةٌ صیغہ جمع مذکر مکسر صفت مشبہ مضاعف ثلاثی از ضرب قانون ادغام۔

۳۸-﴿اَلْخَوْفُ﴾[الاية:۱۹]: اصل میں تھاخَوْفٌ بروزن فَعْلٌ اسم مصدر از سمع.

۳۹-﴿رَاَيْتَهُمْ﴾[الاية:۱۹]: اصل میں تھارَاَيْتَ بروزن فَعَلْتَ صیغہ واحد مذکر مخاطب ماضی معلوم مہموز العین وناقص یائی از منع۔

۴۰-﴿تَدُوْرُ﴾[الاية:۱۹]: اصل میں تھاتَدْوُرُ بروزن تَفْعُلُ صیغہ واحد مؤنث غائب مضارع معلوم اجوف واوی از نصر، قانون یقول۔

۴۱-﴿يُغْشٰى﴾[الاية:۱۹]: اصل میں تھایُغْشَيُ الخ قانون قال۔

۴۲-﴿سَلَقُوْكُمْ﴾[الاية:۱۹]: اصل میں تھاسَلَقُوْا بروزن فَعَلُوْا صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مجرد صحیح از باب علم۔

۴۳-﴿اِنْ يَّاْتِ﴾[الاية:۲۰]: اصل میں تھایَاْتِيُ بروزن يَفْعِلُ صیغہ واحد مذکر غائب مضارع معلوم مہموز الفاء وناقص

یائی ،ازضرب ،قوانین ،لم یدع ،یری ،مضارع ،یرملون اور رُس کا لگ سکتا ہے۔

۴۴-﴿یَوَدُّوْا﴾[الایۃ: ۲۰]: اصل میں تھایَوْدَدُوْنَ بروزن یَفْعَلُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب ،مضارع معلوم مثال واوی ومضاعف ثلاثی ازعلم ،قوانین ،نون اعرابی ،ادغام۔

۴۵-﴿بَادُوْنَ﴾[الایۃ: ۲۰]: اصل میں تھابَادِوُوْنَ بروزن فَاعِلُوْنَ ،صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل ناقص واوی ازنصر، قوانین ،دُعِیَ ،یبیع ،یوسر ،ساکنین ،اسم فاعل۔

۴۶-﴿یَرْجُوْ﴾[الایۃ: ۲۱]: اصل میں تھایَرْجُوُ بروزن یَفْعُلُ ،ازنصر۔قانون ،یدعو۔

۴۷-﴿قَضٰی﴾[الایۃ: ۲۳]: اصل میں تھاقَضَیَ ازضرب۔

۴۸-﴿رَدَّ﴾[الایۃ: ۲۵]: اصل میں تھارَدَدَ بروزن فَعَلَ ،ازنصر۔قانون ،ادغام۔

۴۹-﴿لَمْ یَنَالُوْا﴾[الایۃ: ۲۵]: اصل میں تھا لَمْ یَنْیَلُوْا بروزن لَمْ یَفْعَلُوْا ،صیغہ جمع مذکر غائب جحد معلوم اجوف یائی ازعلم ،قوانین :نون اعرابی ،یقال۔

۵۰-﴿الْقِتَالُ﴾[الایۃ: ۲۵]: اصل میں تھاقِتَالٌ بروزن فِعَالٌ ،صیغہ اسم مصدر از مفاعلہ۔قانون ،نون تنوین تثنیہ وجمع۔

۵۱-﴿لَمْ تَطَئُوْہُ﴾[الایۃ: ۲۷]: اصل میں تھالَمْ تَوْطَئُوْا بروزن لَمْ تَفْعَلُوْا ،صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل جحد معلوم مثال واوی ومہموز اللام ازمنع ،قوانین ،یعد ،نون اعرابی۔

۵۲-﴿کُنْتُنَّ﴾[الایۃ: ۲۸]: اصل میں تھاکَوَنْتُنَّ بروزن فَعَلْتُنَّ ،صیغہ جمع مؤنث مخاطب ماضی معلوم اجوف واوی ازنصر ،قوانین: قال ،ساکنین ،قلن ،بائے مطلق۔

۵۳-﴿تُرِدْنَ﴾[الایۃ: ۲۸]: اصل میں تھاتُرْوِدْنَ بروزن تُفْعِلْنَ ،صیغہ جمع مؤنث مخاطب مضارع معلوم اجوف واوی ازافعال ،قوانین ،یبیع ،ساکنین ،مضارع۔

۵۴-﴿فَتَعَالَیْنَ﴾[الایۃ: ۲۸]: اصل میں تھاتَعَالَوْنَ بروزن تَفَاعَلْنَ ،صیغہ جمع مؤنث مخاطب امر حاضر معلوم ناقص واوی ازتفاعل۔قوانین ،امر حاضر معلوم ،یدعٰی۔

۵۵-﴿اُمَتِّعْکُنَّ﴾[الایۃ: ۲۸]: اصل میں تھااُمَتِّعُ بروزن اُفَعِّلُ ،صیغہ واحد متکلم مضارع معلوم ازتفعیل ،امر کے جواب

میں واقع ہونے کی وجہ سے مجزوم ہے۔

۵۶-﴿اُسَرِّحْكُنَّ﴾[الایۃ:۲۸]: اصل میں تھا اُسَرِّحُ بروزن اُفَعِّلُ، صیغہ واحد متکلم مضارع معلوم از تفعیل۔

۵۷-﴿سَرَاحًا﴾[الایۃ:۲۸]: یہ فَعَالاً کے وزن پر باب تفعیل سے مصدر ہے۔

۵۸-﴿مَنْ يَّاْتِ﴾[الایۃ:۳۰]: اصل میں تھا يَاْتِيْ از ضرب الخ۔

۵۹-﴿يُضٰعَفُ﴾[الایۃ:۳۰]: اصل میں تھا يُضَاعَفُ بروزن يُفَاعَلُ صیغہ واحد مذکر غائب مضارع مجہول از مفاعلہ۔

قانون: مضارع مجہول۔

بائیسواں پارہ

۶۰-﴿مَنْ يَّقْنُتْ﴾[الایۃ:۳۱]: اصل میں تھا يَقْنُتُ، بروزن يَفْعُلُ صیغہ واحد مذکر غائب مضارع معلوم از نصر۔

۶۱-﴿تَعْمَلْ﴾[الایۃ:۳۱]: اصل میں تھا تَعْمَلُ از علم۔اس پر تعلم کا قانون جاری ہوسکتا ہے۔

۶۲-﴿نُؤْتِهَا﴾[الایۃ:۳۱]: نُؤْتِ اصل میں تھا نُؤْتِيُ بروزن نُفْعِلُ صیغہ جمع متکلم مضارع معلوم مہموز الفاء ناقص یائی از افعال، قوانین، لم یدع، ہمزہ وصلی، اور رأس کا لگ سکتا ہے۔

۶۳-﴿اَعْتَدْنَا﴾[الایۃ:۳۱]: بروزن اَفْعَلْنَا جمع متکلم ماضی معلوم از افعال۔

۶۴-﴿اِنِ اتَّقَيْتُنَّ﴾[الایۃ:۳۲]: اصل میں تھا اِوْتَقَيْتُنَّ بروزن اِفْتَعَلْتُنَّ صیغہ جمع مؤنث مخاطب ماضی معلوم لفیف مفروق از افتعال۔قوانین، اتعد، ادغام، ہمزہ وصلی۔

۶۵-﴿لَا تَخْضَعْنَ﴾[الایۃ:۳۲]: بروزن لَا تَفْعَلْنَ، صیغہ جمع مؤنث مخاطب نہی حاضر معلوم از منع۔

۶۶-﴿وَقَرْنَ﴾[الایۃ:۳۳]: اس میں واو عاطفہ ہے۔اصل میں تھا اِقْرَرْنَ بروزن اِفْعَلْنَ، صیغہ جمع مؤنث مخاطب امر حاضر مضاعف ثلاثی از علم و منع۔

تعلیل: پہلی را کی حرکت کو نقل کرکے ماقبل قاف کو دیکر را کو تخفیفاً حذف کردیا تو اِقْـرْنَ ہوگیا۔ پھر ہمزہ وصلی کو مابعد کے متحرک ہونے کی وجہ سے گرادیا تو قَرْنَ ہوگیا۔

۶۷ - ﴿تَبَرُّجَ﴾[الایۃ:۳۳]: بروزن تَفَعُّلَ صیغہ اسم مصدر از تفعل، قانون، نون تنوین تثنیہ۔

۶۸ - ﴿اَقِمْنَ﴾[الایۃ:۳۳]: اصل میں اَقْوِمْنَ بروزن اَفْعِلْنَ صیغہ جمع مؤنث مخاطب امر حاضر معلوم اجوف واوی از افعال، قوانین، یقول، میعاد، ساکنین، امر حاضر۔

۶۹ - ﴿اٰتِيْنَ﴾[الایۃ:۳۳]: اصل میں تھااَءْ تِيْنَ بروزن اَفْعِلْنَ صیغہ جمع مؤنث مخاطب امر حاضر معلوم مہموز الفاء و ناقص یائی از افعال، قوانین آمن، امر حاضر۔

۷۰ - ﴿اَطِعْنَ﴾[الایۃ:۳۳]: اصل میں تھااَطْوِعْنَ بروزن اَفْعِلْنَ، یہ بھی مذکورہ باب سے مذکورہ صیغہ ہے۔

۷۱ - ﴿لِيُذْهِبَ﴾[الایۃ:۳۳]: اصل میں تھالِيُذْهِبُ الخ از افعال۔

۷۲ - ﴿وَاذْكُرْنَ﴾[الایۃ:۳۴]: اُذْكُرْنَ بروزن اُفْعُلْنَ صیغہ جمع مؤنث مخاطب امر حاضر معلوم از نصر قوانین: ہمزہ وصلی، امر حاضر۔

۷۳ - ﴿يُتْلٰى﴾[الایۃ:۳۴]: اصل میں تھايُتْلَوُ..... از افعال، قوانین: یدعٰی تدعٰی، قال باع، اور مضارع مجہول۔

۷۴ - ﴿اَلْمُسْلِمِيْنَ﴾[الایۃ:۳۵]: اصل میں تھامُسْلِمِيْنَ بروزن مُفْعِلِيْنَ، صیغہ جمع مذکر اسم فاعل از افعال۔

۷۵ - ﴿وَالْمُتَصَدِّقِيْنَ﴾[الایۃ:۳۵]: یہ باب تفعّل سے جمع مذکر سالم اسم فاعل کا صیغہ ہے، قوانین، اسم فاعل، ہمزہ وصلی، اور خصّم کا لگ سکتا ہے۔

۷۶ - ﴿وَالصَّائِمِيْنَ﴾[الایۃ:۳۵]: اصل میں صَاوِمِيْنَ بروزن فَاعِلِيْنَ صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل اجوف واوی از نصر، قوانین: ہمزہ وصلی، حروف شمسی، اسم فاعل، قائل، بائع۔

۷۷ - ﴿مَنْ يَّعْصِ﴾[الایۃ:۳۶]: اصل میں تھا يَعْصِيُ بروزن يَفْعِلُ صیغہ واحد مذکر غائب مضارع معلوم ناقص یائی از ضرب۔ قوانین، یرملون، ادغام، لم یدع۔

۷۸ - ﴿تُخْفِيْ﴾[الایۃ:۳۷]: اصل میں تھاتُخْفِيُ بروزن تُفْعِلُ صیغہ واحد مذکر مخاطب مضارع معلوم ناقص یائی از افعال، قوانین: ہمزہ وصلی، مضارع، یرمی۔

۷۹ - ﴿مُبْدِيْهِ﴾[الایۃ:۳۷]: اصل میں تھامُبْدِوٌ بروزن مُفْعِلُ صیغہ واحد مذکر اسم فاعل ناقص واوی از افعال قوانین:

دعٰی، نون تنوین تثنیہ، یرمی، اسم فاعل۔

۸۰-﴿تَخْشٰی﴾[الایۃ:۳۷]: اصل میں تھاتَخْشَیُ، بروزن تَفْعَلُ از علم الخ۔ قانون، قال اور تعلم کا جاری ہوسکتا ہے۔

۸۱-﴿زَوَّجْنٰکَھَا﴾[الایۃ:۳۷]: اصل میں تھازَوَّجْنَا بروزن فَعَّلْنَا، صیغہ جمع متکلم ماضی معلوم اجوف واوی از تفعیل۔

۸۲-﴿قَضَوْا﴾[الایۃ:۳۷]: اصل میں تھاقَضَیُوْا بروزن فَعَلُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب ماضی معلوم ناقص یائی از ضرب، قوانین: باع، ساکنین۔

۸۳-﴿خَلَوْا﴾[الایۃ:۳۸]: اصل میں تھاخَلَوُوْا بروزن فَعَلُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب ماضی معلوم ناقص واوی از نصر، قوانین: قال، ساکنین۔

۸۴-﴿یَخْشَوْنَهٗ﴾[الایۃ:۳۸]: اصل میں تھایَخْشَیُوْنَ بروزن یَفْعَلُوْنَ، از علم۔

۸۵-﴿مُحَمَّدٌ﴾[الایۃ:۴۰]: بروزن مُفَعَّلٌ، صیغہ واحد مذکر اسم مفعول از تفعیل، قوانین، اسم مفعول، اور نون خفیفہ کا لگ سکتا ہے۔

۸۶-﴿سَبِّحُوْا﴾[الایۃ:۴۲]: بروزن فَعِّلُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب امر حاضر معلوم از تفعیل، قوانین، امر حاضر، نون اعرابی۔

۸۷-﴿یُصَلِّیْ﴾[الایۃ:۴۳]: اصل میں تھایُصَلِّیُ بروزن یُفَعِّلُ، صیغہ واحد مذکر غائب مضارع معلوم ناقص یائی از تفعیل، قانون، یرمی۔

۸۸-﴿یَلْقَوْنَهٗ﴾[الایۃ:۴۴]: اصل میں تھایَلْقَیُوْنَ بروزن یَفْعَلُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب مضارع معلوم ناقص یائی از علم، قوانین: باع، ساکنین، مضارع۔

۸۹-﴿سَلَامٌ﴾[الایۃ:۴۴]: یہ فَعَالُ کے وزن پر باب تفعیل سے مصدر ہے۔

۹۰-﴿دَاعِیًا﴾[الایۃ:۴۶]: اصل میں تھادَاعِوًا، صیغہ واحد مذکر اسم فاعل ناقص واوی از نصر، قوانین، دعٰی، اسم فاعل۔ اور نون خفیفہ کا لگ سکتا ہے۔

۹۱-﴿وَدَعْ﴾[الایۃ:۴۸]: اس میں واو عاطفہ ہے، دَعْ، اصل میں تھااِوْدَعْ بروزن اِفْعَلْ، صیغہ واحد مذکر مخاطب امر حاضر معلوم مثال واوی از منع۔

تعلیل: واو مضارع میں گر یا ہوئی تھی یہاں بھی ہم نے گرا دیا بعد تعد قانون کی رو سے تو ادَعْ بن گیا پھر ہمزہ کو مابعد کے

متحرک ہونے کی وجہ سے گرادیا تو ذ غ بن گیا۔

۹۲-﴿نَكَحْتُمُ﴾[الایۃ: ۴۹]: بروزن فَعَلْتُمْ، صیغہ جمع مذکر مخاطب ماضی معلوم از ضرب۔ قانون، ضرتم۔

۹۳-﴿طَلَّقْتُمُوْ﴾[الایۃ: ۴۹]: اصل میں تھا طَلَّقْتُمْ، بروزن فَعَلْتُمْ صیغہ جمع مذکر مخاطب ماضی معلوم از تفعیل۔

۹۴-﴿اَنْ تَمَسُّوْا﴾[الایۃ: ۴۹]: اصل میں تھا تَمْسَسُوْنَ بروزن تَفْعَلُوْنَ از علم قوانین: بائے مطلق، نون اعرابی، ادغام، مضارع۔

۹۵-﴿تَعْتَدُّوْنَ﴾[الایۃ: ۴۹]: اصل میں تھا تَعْتَدِدُوْنَ، بروزن تَفْتَعِلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر مخاطب مضارع معلوم مضاعف ثلاثی از افتعال، قوانین، ادغام، مضارع اور تعلم کا لگ سکتا ہے۔

۹۶-﴿مَتِّعُوْا﴾[الایۃ: ۴۹]: بروزن فَعِّلُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب امر حاضر معلوم از تفعیل۔

۹۷-﴿سَرِّحُوْا﴾[الایۃ: ۴۹]: بروزن فَعِّلُوْا یہ بھی مذکورہ باب سے مذکورہ صیغہ ہے۔

۹۸-﴿اَحْلَلْنَا﴾[الایۃ: ۵۰]: بروزن اَفْعَلْنَا، صیغہ جمع متکلم ماضی معلوم مضاعف ثلاثی از افعال۔

۹۹-﴿اَفَآءَ﴾[الایۃ: ۵۰]: اصل میں تھا اَفْوَءَ بروزن اَفْعَلَ، صیغہ واحد مذکر غائب ماضی معلوم اجوف واوی ومہموز اللام از افعال، قانون، یقال۔

۱۰۰-﴿هَاجَرْنَ﴾[الایۃ: ۵۰]: بروزن فَاعَلْنَ، صیغہ جمع مؤنث غائب ماضی معلوم از مفاعلہ، قوانین، ضرب ن نمبر ۱، ۲۔

۱۰۱-﴿تُرْجِیْ﴾[الایۃ: ۵۱]: اصل میں تھا تُرْجِئُ بروزن تُفْعِلُ، صیغہ واحد مذکر مخاطب مضارع معلوم مہموز الفاء ولفیف مقرون از افعال، قوانین مضارع ہمزہ وصلی، یرمی، اور رأس کا لگ سکتا ہے۔

۱۰۲-﴿مَنِ ابْتَغَیْتَ﴾[الایۃ: ۵۱]: اصل میں تھا اِبْتَغَیْتَ بروزن اِفْتَعَلْتَ، صیغہ واحد مذکر مخاطب ماضی معلوم ناقص یائی از افتعال، قانون، ہمزہ وصلی۔

۱۰۳-﴿اَدْنٰی﴾[الایۃ: ۵۱]: اصل میں تھا اَدْنَوُ صیغہ واحد مذکر اسم تفضیل ناقص واوی از نصر، قوانین یدعی، باع۔

۱۰۴-﴿اَنْ تَقَرَّ﴾[الایۃ: ۵۱]: اصل میں تھا تَقْرَرُ، از منع۔ قوانین، مضارع معلوم، بائے مطلق، ادغام۔

۱۰۵-﴿لَا یَحْزَنَّ﴾[الایۃ: ۵۱]: اصل میں تھا لَا یَحْزَنَّنَ بروزن لَا یَفْعَلْنَ صیغہ جمع مؤنث غائب نفی معلوم از علم۔

۱۰۶-﴿یـرضَینَ﴾[الایۃ: ۵۱]: اصل میں تھا یـرضَوْنَ بروزن یَفْعَلْنَ، صیغہ جمع مؤنث غائب مضارع معلوم ناقص واوی ازعلم۔قوانین، یدعی، مضارع۔

۱۰۷-﴿اَنْ تبدَّلَ﴾[الایۃ: ۵۲]: اصل میں تھا تَتَبَدَّلُ، صیغہ واحد مذکر مخاطب مضارع معلوم از تفعل، قوانین، بائے مطلق، تائے مضارعت، مضارع۔

۱۰۸-﴿دُعِیتُمْ﴾[الایۃ: ۵۳]: اصل میں تھا دُعِوْتُمْ بروزن فُعِلْتُمْ، صیغہ جمع مذکر مخاطب ماضی مجہول ناقص واوی از نصر، قوانین میعاد، ضربتم، ماضی مجہول۔

۱۰۹-﴿فَانْتَشِرُوْا﴾[الایۃ: ۵۳]: اصل میں تھا اِنْتَشِرُوْا بروزن اِفْتَعِلُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب امر حاضر معلوم از افتعال، قوانین ہمزہ وصلی، امر حاضر، نون اعرابی، بائے مطلق، اور خَصَّمَ کا لگ سکتا ہے۔

۱۱۰-﴿مُسْتَئْنِسِینَ﴾[الایۃ: ۵۳]: بروزن مُسْتَفْعِلِیْنَ، صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل مہموز الفا از استفعال، قوانین، اسم فاعل، ہمزہ وصلی۔ اور راس کا لگ سکتا ہے۔

۱۱۱-﴿یُـؤْذِیْ﴾[الایۃ: ۵۳]: اصل میں تھا یُؤْذِیُ بروزن یُـفْـعِـلُ، صیغہ واحد مذکر غائب مضارع معلوم مہموز الفاء وناقص یائی از افعال قوانین مضارع، یرمی، ساکنین اور راس کا قانون لگ سکتا ہے۔

۱۱۲-﴿فَیَسْتَحْیِیْ﴾[الایۃ: ۵۳]: اصل میں تھا یَسْتَحْیِیُ بروزن یَسْتَفْعِلُ، صیغہ واحد مذکر غائب مضارع معلوم لفیف مقرون از استفعال، قوانین، ہمزہ وصلی، مضارع، یرمی۔

۱۱۳-﴿فَسْئَلُوْا﴾[الایۃ: ۵۳]: اصل میں تھا اِسْئَلُوْا بروزن اِفْعَلُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب امر حاضر معلوم مہموز العین از منع، قوانین ہمزہ وصلی، امر حاضر، نون اعرابی، اور یسال کا جاری ہوسکتا ہے۔

۱۱۵-﴿اَنْ تُؤْذُوْا﴾[الایۃ: ۵۳]: اصل میں تھا تُؤْذِیُوْنَ، بروزن تُفْعِلُوْنَ صیغہ جمع مذکر مخاطب مضارع معلوم مہموز الفاء وناقص یائی از افعال، قوانین بائے مطلق، یبیع، یوسر، ساکنین، مضارع، اور راس کا قانون لگ سکتا ہے۔

۱۱۶-﴿وَاتَّقِیْنَ﴾[الایۃ: ۵۵]: اصل میں تھا اِوْتَقِیْنَ بروزن اِفْتَعِلْنَ، صیغہ جمع مؤنث مخاطب امر حاضر معلوم لفیف مفروق از افتعال، قوانین، اتعد، ادغام، ہمزہ وصلی، امر حاضر۔

۱۱۷-﴿یُصَلُّوْنَ﴾[الایۃ:۵۶]: اصل میں تھا یُصَلِّیُوْنَ، بروزن یُفَعِّلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب مضارع معلوم از تفعیل، قوانین، یبیع، یوسر، ساکنین، مضارع۔

۱۱۸-﴿صَلُّوْا﴾[الایۃ:۵۶]: اصل میں تھا صَلِّیُوْا بروزن فَعِّلُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب امر حاضر معلوم ناقص یائی از تفعیل، قوانین: یبیع، یوسر، ساکنین، امر حاضر، نون اعرابی۔

۱۱۹-﴿یُؤْذُوْنَ﴾[الایۃ:۵۷]: اصل میں تھا یُؤْذِیُوْنَ بروزن یُفْعِلُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم مہموز الفاء وناقص یائی از افعال، قوانین: مضارع، ہمزہ وصلی، یبیع، یوسر۔

۱۲۰-﴿اَعَدَّ﴾[الایۃ:۵۷]: اصل میں تھا اَعْدَدَ از افعال۔

۱۲۱-﴿مَا اکْتَسَبُوْا﴾[الایۃ:۵۸]: اصل میں تھا اِکْتَسَبُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب ماضی معلوم از افتعال، قوانین ہمزہ وصلی اور خصم کا قانون لگ سکتا ہے۔

۱۲۲-﴿یُدْنِیْنَ﴾[الایۃ: ۵۹]: اصل میں تھا یُدْنِوْنَ بروزن یُفْعِلْنَ صیغہ جمع مؤنث غائب مضارع معلوم ناقص واوی از افعال، قانون، معیاد، ہمزہ وصلی، مضارع۔

۱۲۳-﴿فَلَا یُؤْذَیْنَ﴾[الایۃ: ۵۹]: بروزن لَا یُفْعَلْنَ، صیغہ جمع مؤنث غائب فعل نفی مجہول مہموز الفاء وناقص یائی از علم. قانون، مضارع مجہول، اور راس والا جاری ہوسکتا ہے۔

۱۲۴-﴿لَمْ یَنْتَهِ﴾[الایۃ: ۶۰]: اصل میں تھا لَمْ یَنْتَهِیُ صیغہ واحد مذکر غائب فعل جحد معلوم ناقص یائی از افتعال، قوانین: لم یدع، بائے مطلق۔

۱۲۵-﴿اَلْمُرْجِفُوْنَ﴾[الایۃ:۶۰]: اصل میں تھا مُرْجِفُوْنَ بروزن مُفْعِلُوْنَ صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل ثلاثی مزید فیہ از افعال، قانون: اسم فاعل۔

۱۲۶-﴿لَنُغْرِیَنَّ﴾ [الایۃ: ۶۰]: بروزن لَنُفْعِلَنَّ صیغہ جمع متکلم مستقبل معلوم مؤکد بلام تاکید ونون ثقیلہ، ناقص یائی از افعال۔

۱۲۷-﴿لَا یُجَاوِرُوْنَ﴾[الایۃ: ۶۰]: بروزن لَا یُفَاعِلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب مضارع نفی معلوم اجوف یائی از مفاعلہ۔

۱۲۸-﴿مَلْعُوْنِیْنَ﴾[الایۃ: ۶۱]: بروزن مَفْعُوْلِیْنَ صیغہ جمع مذکر سالم اسم مفعول از منع۔

۱۲۹ – ﴿اُخِذُوْا﴾[الآیۃ: ۶۱]: بروزن فُعِلُوْا صیغہ جمع مذکر غائب ماضی مجہول مہموز الفاء ازنصر، قانون ماضی مجہول،

۱۳۰ – ﴿خَلَوْا﴾[الآیۃ: ۶۱]: یہ صیغہ گزر چکا ہے سورت بقرہ[الآیۃ: ۱۴]

۱۳۱ – ﴿لَنْ تَجِدَ﴾[الآیۃ: ۶۲]: اصل میں لَنْ تَوْجِدَ بروزن لَنْ تَفْعِلَ، صیغہ واحد مذکر مخاطب نفی معلوم مؤکد بلن ناصبہ مثال واوی ازضرب قوانین، بائے مطلق، یعد۔

۱۳۲ – ﴿عِلْمُهَا﴾[الآیۃ: ۶۳]: اصل میں تھا عِلْمٌ، بروزن فِعْلٌ، صیغہ اسم مصدر ازعلم، قانون، نون تنوین۔

۱۳۳ – ﴿یُدْرِیْکَ﴾[الآیۃ: ۶۳]: اصل میں تھا یُدْرِیُ اصل میں تھا یُدْرِیُ بروزن یُفْعِلُ صیغہ واحد مذکر غائب مضارع معلوم ناقص یائی ازافعال قوانین، ہمزہ وصلی، یری، مضارع۔

۱۳۴ – ﴿لَا یَجِدُوْنَ﴾[الآیۃ: ۶۵]: اصل میں تھا لَا یَوْجِدُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع نفی معلوم مثال واوی ازضرب، قانون یعد۔

۱۳۵ – ﴿اَطَعْنَا﴾[الآیۃ: ۶۶]: اصل میں تھا اَطْوَعْنَا صیغہ جمع متکلم ماضی معلوم اجوف واوی ازافعال قوانین یقال، ساکنین۔

۱۳۶ – ﴿سَادَتَنَا﴾[الآیۃ: ۶۷]: اصل میں تھا سَیِّدَۃٌ بروزن فَعَلَۃٌ صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل ثلاثی مجرد اجوف یائی ازضرب، قوانین، باع، نون تنوین تثنیہ۔

۱۳۷ – ﴿کُبَرَآءَ نَا﴾[الآیۃ: ۶۷]: اصل میں تھا کُبَرَآءُ بروزن فُعَلَاءُ صیغہ جمع مکسر صفت مشبہ ازشرف۔

۱۳۸ – ﴿فَاَضَلُّوْنَا﴾[الآیۃ: ۶۷]: اصل میں تھا اَضْلَلُوْا بروزن اَفْعَلُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب ماضی معلوم ثلاثی مزید فیہ مضاعف ثلاثی ازافعال قانون، ادغام۔

۱۳۹ – ﴿اٰتِهِمْ﴾[الآیۃ: ۶۸]: اصل میں تھا اَئْتِیْ بروزن اَفْعِلْ، صیغہ واحد مذکر مخاطب امر حاضر معلوم مہموز الفاء وناقص یائی ازافعال، قوانین آمن، لم یدع، امر حاضر۔

۱۴۰ – ﴿وَالْعَنْهُمْ﴾ [الآیۃ: ۶۸]: اصل میں تھا اِلْعَنْ بروزن اِفْعَلْ صیغہ واحد مذکر مخاطب امر حاضر معلوم ازمنع، قوانین: امر حاضر، ہمزہ وصلی۔

۱۴۱ – ﴿لَعْنًا﴾[الآیۃ ۶۸]: بروزن فَعْلاً اسم مصدر ازمنع۔

۱۴۲ – ﴿لَاتَکُوْنُوْا﴾[الآیۃ: ۶۹]: اصل میں تھالَاتَکُوْنُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم اجوف واوی ازنصر۔
قانون: یقول،نون اعرابی۔

۱۴۳ – ﴿آذَوْا﴾[الآیۃ: ۶۹]: اصل میں تھاأَذْیُوْا بروزن اَفْعَلُوْا صیغہ جمع مذکر غائب ماضی معلوم مہموز الفاء و ناقص یائی،
قوانین: آمن، باع، ساکنین۔

۱۴۴ – ﴿فَبَرَّءَ﴾[الآیۃ: ۶۹]: اصل میں تھابَرَّءَ بروزن فَعَّلَ صیغہ واحد مذکر غائب ماضی معلوم مہموز اللام از تفعیل۔

۱۴۵ – ﴿وَجِیْهًا﴾[الآیۃ: ۶۹]: بروزن فَعِیْلًا صیغہ واحد مذکر صفت مشبہ از شرف۔

۱۴۶ – ﴿یُصْلِحْ،یَغْفِرْ﴾[الآیۃ: ۷۱]: یہ دونوں فعل مضارع کے صیغے ہیں،امر کے جواب میں واقع ہونے کی وجہ سے مجزوم ہیں۔

۱۴۷ – ﴿فَازَ﴾[الآیۃ: ۷۱]: اصل میں تھافَوَزَ ازنصر،فَوْزًا بروزن فَعْلًا صیغہ اسم مصدر ازنصر۔

۱۴۸ – ﴿فَأَبَیْنَ﴾[الآیۃ: ۷۲]: اصل میں تھاأَبَیْنَ، بروزن فَعَلْنَ صیغہ جمع مؤنث غائب ماضی معلوم مہموز الفاء و ناقص
یائی ازمنع،قوانین،ضربن کا پہلا اور دوسرا۔

۱۴۹ – ﴿اَشْفَقْنَ﴾[الآیۃ: ۷۲]: بروزن اَفْعَلْنَ صیغہ جمع مؤنث غائب ماضی معلوم از افعال۔قوانین،ضربن کا پہلا اور دوسرا۔

سورۃ سبا

۱ – ﴿یَلِجُ﴾[الآیۃ: ۲]: اصل میں تھایَوْلِجُ بروزن یَفْعِلُ صیغہ واحد مذکر غائب مضارع معلوم مثال واوی ازضرب،قانون یعد۔

۲ – ﴿لَاتَأْتِیْنَا﴾[الآیۃ: ۳]: اصل میں تھالَاتَأْتِیُ بروزن لَاتَفْعِلُ ازضرب الخ۔

۳ – ﴿لَتَأْتِیَنَّ﴾[الآیۃ: ۳]: بروزن لَتَفْعِلَنَّ صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل مستقبل معلوم مؤکد بالام تاکید و نون تاکید ثقیلہ
مہموز الفاء و ناقص یائی ازضرب۔

۴ – ﴿اَصْغَرُ،اَکْبَرُ﴾[الآیۃ: ۳]: یہ دونوں باب شرف سے اسم تفضیل کے صیغے ہیں

۵ – ﴿سَعَوْا﴾[الآیۃ: ۵]: اصل میں تھاسَعَیُوْا بروزن فَعَلُوْا صیغہ جمع مذکر غائب ماضی معلوم ناقص یائی ازمنع قوانین باع،ساکنین۔

۶ – ﴿مُعَاجِزِیْنَ﴾[الآیۃ: ۵]: بروزن مُفَاعِلِیْنَ صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل از مفاعلہ۔

۷-﴿نَدُلُّكُمْ﴾[الآية:۷]: اصل میں تھانَدْلُلُ بروزن نَفْعَلُ ازنصر۔

۸-﴿مُزِّقْتُمْ﴾[الآية:۷]: بروزن فُعِّلْتُمْ، صیغہ جمع مذکر مخاطب ماضی مجہول از تفعیل، قوانین، ماضی مجہول، ضرتم۔

۹-﴿اَفْتَرٰى﴾[الآية:۸]: اصل میں تھااِفْتَرَىَ بروزن اِفْتَعَلَ صیغہ واحد مذکر غائب ماضی معلوم ناقص یائی از افتعال، قوانین، ہمزہ وصلی، باع۔

تعلیل: اَفْتَرٰی اصل میں تھااِفْتَرَیَ یاء کو الف سے بقانون قال تبدیل کردیااِفْتَرٰی بن گیا پھر جب ہمزہ استفہام کو داخل کیا تو ہمزہ وصلی گر گیا تو اَفْتَرٰی بن گیا۔

نوٹ: واضح رہے کہ اَفْتَرٰی میں ہمزہ مفتوحہ ہمزہ استفہام کا ہے۔

۱۰-﴿اِنْ نَّشَاْ﴾[الآية:۹]: اصل میں تھانَشْيَأُ بروزن نَفْعَلُ صیغہ جمع متکلم مضارع معلوم اجوف یائی ومہموز اللام ازمنع، قوانین: بیاع، ساکنین، یرملون، ادغام۔

۱۱-﴿نَخْسِفْ﴾[الآية:۹]: اصل میں تھانَخْسِفُ ازضرب الخ.

۱۲-﴿اَوِّبِيْ﴾[الآية:۱۰]: بروزن فَعِّلِيْ صیغہ واحد مؤنث مخاطب امر حاضر مہموز الفاء، واجوف واوی از تفعیل، قوانین: امر حاضر، نون اعرابی۔

۱۳-﴿اَلَنَّا﴾[الآية:۱۰]: اصل میں اَلَنْنَا تھا بروزن فَعَلْنَا صیغہ جمع متکلم ماضی معلوم مہموز الفاء ازضرب قانون ادغام۔

۱۴-﴿اَنِ اعْمَلْ﴾[الآية:۱۱]: اصل میں تھااِعْمَلْ بروزن اِفْعَلْ ازعلم۔

۱۵-﴿فِی السَّرْدِ﴾[الآية:۱۱]: اصل میں تھاسَرْدٌ بروزن فَعْلٌ، صیغہ اسم مصدر ازضرب ونصر قوانین: نون تنوین، شمسی، ہمزہ وصلی۔

۱۶-﴿غُدُوُّهَا﴾[الآية:۱۲]: غُدُوٌّ اصل میں تھاغُدُوْوٌ بروزن فُعُوْلٌ یہ باب نصر سے مصدر ہے۔

۱۷-﴿رَوَاحُهَا﴾[الآية:۱۲]: اصل میں تھارَوَاحٌ بروزن فَعَالٌ یہ بھی باب نصر سے مصدر ہے۔

۱۸-﴿مَنْ يَّزِغْ﴾[الآية:۱۲]: اصل میں تھایَزْيِغُ بروزن یَفْعِلُ صیغہ واحد مذکر غائب مضارع معلوم اجوف یائی ازضرب قوانین: یرملون، ادغام، بیع، ساکنین، مضارع،

۱۹-﴿نُذِقْهُ﴾[الآیۃ:۱۲]: اصل میں تھانُذْوِقْ بروزن نُفْعِلُ صیغہ جمع متکلم مضارع معلوم اجوف واوی از نصر، قوانین، یقول، میعاد، مضارع، ہمزہ وصلی، ساکنین۔

فائدہ: جزاء واقع ہونے کی بناء پر قاف مجزوم ہے

۲۰-﴿دَلَّ﴾[الآیۃ:۱۴]: اصل میں تھادَلَلَ الخ۔

۲۱-﴿تَبَيَّنَتِ﴾[الآیۃ:۱۴]: اصل میں تھاتَبَيَّنَتْ بروزن تَفَعَّلَتْ صیغہ واحد مؤنث غائب ماضی معلوم اجوف یائی از تفعیل۔

۲۲-﴿لَبِثُوْا﴾[الآیۃ:۱۴]: بروزن فَعِلُوْا صیغہ جمع مذکر غائب ماضی معلوم از علم، قانون، حلقی العین کا لگ سکتا ہے۔

۲۳-﴿كُلُوْا﴾[الآیۃ:۱۵]: اصل میں تھاأُكْلُوْا از نصر الخ۔

۲۴-﴿وَاشْكُرُوْا﴾[الآیۃ:۱۵]: اصل میں تھااُشْكُرُوْا بروزن اُفْعُلُوْا از نصر۔ قوانین: ہمزہ وصلی، امر حاضر، نون اعرابی۔

۲۵-﴿نُجَازِيْ﴾[الآیۃ:۱۷]: اصل میں تھانُجَازِيُ بروزن نُفَاعِلُ صیغہ جمع متکلم مضارع معلوم ناقص یائی از مفاعلہ قوانین، مضارع، یرمی۔

۲۶-﴿السَّيْرَ﴾[الآیۃ:۱۸]: سَيْرٌ بروزن فَعْلٌ صیغہ اسم مصدر از ضرب، قوانین، نون تنوین تثنیہ، شمسی، ادغام۔

۲۷-﴿سِيْرُوْا﴾[الآیۃ:۱۸]: اصل میں تھااِسْيِرُوْا بروزن اِفْعِلُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب امر حاضر معلوم اجوف یائی از ضرب، قوانین: بیع، ہمزہ وصلی، امر حاضر، نون اعرابی۔

۲۸-﴿بَاعِدْ﴾[الآیۃ:۱۹]: بروزن فَاعِلْ صیغہ واحد مذکر مخاطب امر حاضر از مفاعلہ۔

۲۹-﴿ظَنَّهُ﴾[الآیۃ:۱۹]: اصل میں تھاظَنْنًا صیغہ اسم مصدر مضاعف ثلاثی از نصر، قوانین، ادغام، نون تنوین تثنیہ وجمع۔

۳۰-﴿فَاتَّبَعُوْهُ﴾[الآیۃ:۲۰]: اصل میں تھااِتْتَبَعُوْا بروزن اِفْتَعَلُوْا صیغہ جمع مذکر غائب ماضی معلوم از افتعال، قوانین، ہمزہ وصلی، ادغام۔

۳۱-﴿فِيْ شَكٍّ﴾[الآیۃ:۲۱]: اصل میں تھاشَكْكٌ یہ باب نصر سے مصدر ہے۔

۳۲-﴿أَجْرَمْنَا﴾[الآیۃ:۲۵]: بروزن أَفْعَلْنَا صیغہ جمع متکلم ماضی معلوم از افعال۔

۳۳-﴿اَلْفَتَّاحُ﴾[الآیۃ:۲۶]:فَتَّاحٌ بروزن فَعَّالٌ صیغہ واحد مذکر مبالغہ از منع۔

۳۴-﴿اَرُوْا﴾[الآیۃ:۲۷]:اصل میں تھا اَرْءِیُوْا بروزن اَفْعِلُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب امر حاضر معلوم مہموز العین وناقص یائی از افعال قوانین،یسئل،یبیع،امر حاضر،ساکنین،نون اعرابی،

۳۵-﴿شُرَكَآءَ﴾[الآیۃ:۲۷]:بروزن فُعَلَآءَ صیغہ جمع مذکر مکسر صفت مشبہ از شرف۔

۳۶-﴿مِيْعَادُ﴾[الآیۃ:۳۰]:اصل میں تھا مِوْعَادٌ یہ باب ضرب سے مصدر ہے،میعاد کا قانون اس میں لگا ہے۔

۳۷-﴿لَا تَسْتَاْخِرُوْنَ﴾[الآیۃ:۳۰]:بروزن لَا تَسْتَفْعِلُوْنَ صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع نفی معلوم مہموز الفاء از استفعال،قوانین:مضارع معلوم نمبر۱،۲۔ہمزہ وصلی،،اور تعلم کا جاری ہوسکتا ہے۔

۳۸-﴿تَرٰى﴾[الآیۃ:۳۱]:اصل میں تھا تَرْءَیُ از منع الخ۔

۳۹-﴿مَوْقُوْفُوْنَ﴾[الآیۃ:۳۱]:بروزن مَفْعُوْلُوْنَ صیغہ جمع مذکر سالم اسم مفعول مثال واوی از ضرب۔قانون:اسم مفعول۔

۴۰-﴿اُسْتُضْعِفُوْا﴾[الآیۃ:۳۱]:بروزن اُسْتُفْعِلُوْا صیغہ جمع مذکر غائب ماضی مجہول از استفعال،قوانین،ماضی مجہول،ہمزہ وصلی۔

۴۱-﴿صَدَدْنَا﴾[الآیۃ:۳۲]:بروزن فَعَلْنَا صیغہ جمع متکلم ماضی از نصر الخ۔

۴۲-﴿تَاْمُرُوْنَنَا﴾[الآیۃ:۳۳]: تَاْمُرُوْنَ بروزن تَفْعُلُوْنَ صیغہ جمع مذکر مخاطب مضارع معلوم مہموز الفاء از نصر۔

۴۳-﴿اَسَرُّوْا﴾[الآیۃ:۳۳]:اصل میں تھا اَسْرَرُوْا بروزن اَفْعَلُوْا صیغہ جمع مذکر غائب ماضی معلوم مضاعف ثلاثی از افعال، قانون،ادغام۔

۴۴-﴿يُجْزَوْنَ﴾[الآیۃ:۳۳]:اصل میں تھا یُجْزَیُوْنَ بروزن یُفْعَلُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب مضارع مجہول ناقص یائی از ضرب،قوانین:باع،ساکنین،مضارع مجہول۔

۴۵-﴿مُتْرَفُوْهَا﴾[الآیۃ:۳۴]:اصل میں تھا مُتْرَفُوْنَ بروزن مُفْعَلُوْنَ صیغہ جمع مذکر سالم اسم مفعول ثلاثی مزید فیہ از افعال،قوانین:اسم مفعول،نون تنوین تثنیہ۔

۴۶-﴿اُرْسِلْتُمْ﴾[الآیۃ:۳۴]:بروزن اُفْعِلْتُمْ صیغہ جمع مذکر مخاطب ماضی مجہول ثلاثی مزید فیہ از افعال قوانین،ماضی مجہول،ضربتم۔

۴۷-﴿زُلْفٰی﴾[الآیۃ:۳۷]: بروزن فُعْلیٰ صیغہ اسم مصدر از نصر۔

۴۸-﴿یَسْعَوْنَ﴾[الآیۃ:۳۸]: اصل میں تھا یَسْعَیُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب مضارع معلوم ناقص یائی از منع قوانین، قال، التقائے ساکنین۔

۴۹-﴿اَنْ یَّصُدَّ﴾[الآیۃ:۴۳]: اصل میں تھا اَنْ یَصْدُدُ صیغہ واحد مذکر غائب مضارع معلوم مضاعف ثلاثی از نصر، قوانین: یرملون، ادغام، مضارع معلوم۔

۵۰-﴿مُفْتَرًی﴾[الآیۃ:۴۳]: اصل میں تھا مُفْتَرَیٌ بروزن مُفْتَعَلٌ صیغہ واحد مذکر اسم مفعول ناقص یائی از افتعال، قوانین: باع، ساکنین، اسم مفعول، اور نون خفیفہ کا قانون لگ سکتا ہے۔

۵۱-﴿اَعِظُكُمْ﴾[الآیۃ:۴۶]: اصل میں تھا اَوْعِظُ بروزن اَفْعِلُ صیغہ واحد متکلم مضارع معلوم مثال واوی از ضرب، قوانین، مضارع، یعد۔

۵۲-﴿اَنْ تَقُوْمُوْا﴾[الآیۃ:۴۶]: اصل میں تھا تَقْوُمُوْنَ بروزن تَفْعُلُوْنَ صیغہ جمع مذکر مخاطب مضارع معلوم اجوف واوی از نصر قوانین، یقول، بائے مطلق، مضارع، نون اعرابی۔

۵۳-﴿تَتَفَكَّرُوْا﴾[الآیۃ:۴۶]: اصل میں تھا تَتَفَكَّرُوْنَ الخ، اسکا عطف ہے اَنْ تَقُوْمُوْا پر۔

۵۴-﴿سَاَلْتُكُمْ﴾[الآیۃ:۴۷]: سَاَلْتُ بروزن فَعَلْتُ صیغہ واحد متکلم ماضی معلوم مہموز العین از منع۔

۵۵-﴿اِنْ اَجْرِیَ﴾[الآیۃ:۴۷]: اس میں ی ضمیر مجرور متصل ہے۔ اَجْرٌ بروزن فَعْلٌ صیغہ اسم مصدر مہموز الفاء از نصر، قانون: نون تنوین تثنیہ۔

۵۶-﴿یُبْدِئُ﴾[الآیۃ:۴۹]: بروزن یُفْعِلُ صیغہ واحد مذکر غائب مضارع معلوم مہموز اللام از افعال، قوانین: مضارع، ہمزہ وصلی، اور یُبْدِیْ پڑھنا جائز ہے بقانون سُئِلَ۔

۵۷-﴿یُعِیْدُ﴾[الآیۃ:۴۹]: اصل میں تھا یُعْوِدُ بروزن یُفْعِلُ صیغہ واحد مذکر غائب مضارع معلوم اجوف واوی از افعال، قوانین: مضارع، ہمزہ وصلی، یقول، میعاد۔

۵۸-﴿ضَلَلْتُ﴾[الآیۃ:۵۰]: بروزن فَعَلْتُ صیغہ واحد متکلم ماضی معلوم مضاعف ثلاثی از ضرب۔

۵۹-﴿اَضِلُّ﴾[الآیۃ:۵۰]: اصل میں تھا اَضْلِلُ بروزن اَفْعِلُ صیغہ واحد متکلم مضارع معلوم مضاعف ثلاثی از ضرب،

قوانین: ادغام، مضارع۔

٦٠- ﴿إِنِ اهْتَدَيْتُ﴾ [الآية: ٥٠]: اِهْتَدَيْتُ بروزن اِفْتَعَلْتُ صیغہ واحد متکلم ماضی معلوم ناقص یائی از افتعال، قوانین: ہمزہ وصلی، اور خصم کا قانون لگ سکتا ہے، یعنی اِهَدَّيْتُ پڑھ سکتے ہے۔

٦١- ﴿لَا فَوْتَ﴾ [الآية: ٥١]: فَوْتَ بروزن فَعْلَ صیغہ اسم مصدر اجوف واوی از نصر۔

٦٢- ﴿أُخِذُوْا﴾ [الآية: ٥١]: بروزن فُعِلُوْا صیغہ جمع مذکر غائب ماضی مجہول مہموز الفاء از نصر۔ قانون: ماضی مجہول۔

٦٣- ﴿اَلتَّنَاوُشُ﴾ [الآية: ٥٢]: اصل میں تھا تَنَاوُشٌ بروزن تَفَاعُل صیغہ اسم مصدر اجوف واوی از تفاعل، قوانین، حروف شمسی، نون تنوین تثنیہ۔

٦٤- ﴿حِيْلَ﴾ [الآية: ٥٤]: اصل میں تھا حُوِلَ بروزن فُعِلَ صیغہ واحد مذکر غائب ماضی مجہول اجوف واوی از نصر قوانین، قیل، میعاد، ماضی مجہول۔

٦٥- ﴿يَشْتَهُوْنَ﴾ [الآية: ٥٤]: اصل میں تھا يَشْتَهِيُوْنَ بروزن يَفْتَعِلُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب مضارع معلوم ناقص یائی از افتعال۔ قوانین، یقول، یوسر، ساکنین، مضارع، ہمزہ وصلی، اور اِشْبَہٗ کا لگ سکتا ہے۔

سورة الفاطر

١- ﴿يَزِيْدُ﴾ [الآية: ١]: اصل میں تھا يَزْيِدُ بروزن يَفْعِلُ صیغہ واحد مذکر غائب مضارع معلوم اجوف یائی از ضرب۔ قوانین: مضارع، بیع۔

٢- ﴿فِي الْخَلْقِ﴾ [الآية: ١]: خَلْقٌ بروزن فَعْلٌ صیغہ اسم مصدر از نصر، قوانین، نون تنوین، ہمزہ وصلی۔

٣- ﴿مَايَفْتَحِ﴾ [الآية: ٢]: اصل میں تھا يَفْتَحُ یہ باب منع سے واحد مذکر غائب مضارع معلوم کا صیغہ ہے، شروع میں ما اسم شرط ہے اس نے آخر کو جزم دیا ہے، اور اَلسَّاكِنُ اِذَاحُرِّكَ حُرِّكَ بِالْكَسْرِ، والے قاعدے کے تحت حا کو کسرے کی حرکت دی ہے۔

٤- ﴿لَامُمْسِكَ﴾ [الآية: ٢]: اصل میں تھا مُمْسِكٌ بروزن مُفْعِلٌ یہ باب افعال سے واحد مذکر اسم فاعل کا صیغہ ہے، شروع میں لائے نفی جنس ہے۔

٥- ﴿مَايُمْسِكْ﴾ [الآية: ٢]: اصل میں تھا يُمْسِكُ بروزن يُفْعِلُ الخ۔ ماشرطیہ نے آخر کو جزم دی ہے۔

۶۔﴿لَامُرْسِلَ﴾[الآیۃ:۲]: اصل میں تھامُرْسِلٌ بروزن مُفْعِلٌ یہ باب افعال سے واحد مذکر اسم فاعل کا صیغہ ہے، شروع میں لائے نفی جنس ہے۔

۷۔﴿وَعْدَ﴾[الآیۃ:۵]: بروزن فَعْلَ یہ باب ضرب سے مصدر ہے نون تنوین تثنیہ کا قانون لگا ہے۔

۸۔﴿لَاتَغُرَّنَّ﴾[الآیۃ:۵]: اصل میں تھالَاتَغْرُرَنَّ بروزن لَاتَفْعُلَنَّ صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم مؤکد بانون تاکید ثقیلہ مضاعف ثلاثی از نصر۔

۹۔﴿فَاتَّخِذُوْهُ﴾[الآیۃ:۶]: اصل میں تھاإِءْ تَخِذُوْا بروزن اِفْتَعِلُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب امر حاضر معلوم مہموز الفاء از افتعال، قوانین، آمن، اتعد، ادغام، ہمزہ وصلی، نون اعرابی۔

۱۰۔﴿لِيَكُوْنُوْا﴾[الآیۃ:۶]: اصل میں تھایَكُوْنُوْنَ شروع میں لام کئی ہے، جس کے بعد ان مقدر ہے۔ قانون: نون اعرابی۔

۱۱۔﴿زُيِّنَ﴾[الآیۃ:۸]: بروزن فُعِّلَ صیغہ واحد مذکر غائب ماضی مجہول از تفعیل۔ قانون: ماضی مجہول۔

۱۲۔﴿فَرَءَاهُ﴾[الآیۃ:۸]: اصل میں تھارَءَیَ بروزن فَعَلَ صیغہ واحد مذکر غائب ماضی معلوم مہموز العین، وناقص یائی ازفتح۔ قانون، باع۔

۱۳۔﴿فَتُثِيْرُ﴾[الآیۃ:۹]: اصل میں تھاتُثْيِرُ بروزن تُفْعِلُ صیغہ واحد مذکر غائب مضارع معلوم اجوف یائی از افعال۔ قوانین، مضارع، ہمزہ وصلی، یبیع۔

۱۴۔﴿فَسُقْنَاهُ﴾[الآیۃ:۹]: اصل میں تھاسَوَقْنَا بروزن فَعَلْنَا صیغہ جمع متکلم ماضی معلوم اجوف واوی از نصر، قوانین: قال، ساکنین، قلن۔

۱۵۔﴿فَأَحْيَيْنَا﴾[الآیۃ:۹]: بروزن اَفْعَلْنَا صیغہ جمع متکلم ماضی معلوم لفیف مقرون از افعال۔

۱۶۔﴿مَوْتِهَا﴾[الآیۃ:۹]: مَوْتٌ بروزن فَعْلٌ یہ باب نصر سے مصدر ہے، قانون: نون تنوین تثنیہ۔

۱۷۔﴿يَبُوْرُ﴾[الآیۃ:۱۰]: اصل میں تھایَبْوُرُ بروزن يَفْعُلُ صیغہ واحد مذکر غائب مضارع معلوم اجوف واوی از نصر، قوانین: مضارع، یقول۔

۱۸۔﴿لَاتَضَعُ﴾[الآیۃ:۱۱]: اصل میں تھالَاتَوْضَعُ صیغہ واحد مؤنث غائب فعل مضارع نفی معلوم مثال واوی

ازمنع،قوانین،مضارع،یعد۔

۱۹-﴿يُعَمَّرُ﴾[الآیۃ:۱۱]: بروزن يُفَعَّلُ صیغہ واحد مذکر غائب مضارع مجہول،از تفعیل قانون،مضارع مجہول۔

۲۰-﴿مُعَمَّرٍ﴾[الآیۃ:۱۱]: بروزن مُفَعَّلٍ صیغہ واحد مذکر اسم مفعول،از تفعیل۔قانون:اسم مفعول۔

۲۱-﴿يَسْتَوِى﴾[الآیۃ:۱۲]: اصل میں تھا يَسْتَوِيُ بروزن يَفْتَعِلُ صیغہ واحد مذکر غائب مضارع معلوم لفیف مقرون از افتعال،قوانین،یری،ساکنین،مضارع،اِتَّخَعَ کا قانون لگ سکتا ہے،يَسَّوِىْ پڑھنا جائز ہے۔

۲۲-﴿تَرَى﴾[الآیۃ:۱۲]: اصل میں تھا تَرْءَيُ بروزن تَفْعَلُ صیغہ واحد مذکر غائب مضارع معلوم مہموز العین و ناقص یائی ازمنع،قوانین، يَسَلُ،باع،ساکنین۔

۲۳-﴿لِتَبْتَغُوا﴾[الآیۃ:۱۲]: اصل میں تھا تَبْتَغِيُوْنَ بروزن تَفْتَعِلُوْنَ،صیغہ جمع مذکر مخاطب مضارع معلوم ناقص یائی از افتعال،قوانین،نون اعرابی،یبیع،یوسر،ساکنین،مضارع،

۲۴-﴿اِنْ تَدْعُوْهُمْ﴾[الآیۃ:۱۴]: اصل میں تھا تَدْعُوُوْنَ بروزن تَفْعُلُوْنَ صیغہ جمع مذکر مخاطب مضارع معلوم ناقص واوی،ازنصر،قوانین،یدعو،ساکنین،مضارع،بائے مطلق،نون اعرابی۔

۲۵-﴿لَا يَسْمَعُوا﴾[الآیۃ:۱۴]: اصل میں تھا لَا يَسْمَعُوْنَ چونکہ یہ جزاء بن رہا ہے،اسلئے نون اعرابی گرا ہے، قانون:نون اعرابی۔

۲۶-﴿مَا اسْتَجَابُوْا﴾[الآیۃ:۱۴]: اصل میں تھا اِسْتَجْوَبُوْا بروزن اِسْتَفْعَلُوْا صیغہ جمع مذکر غائب ماضی معلوم اجوف واوی از استفعال،قوانین،ہمزہ وصلی،یقال۔

۲۷-﴿اَلْفُقَرَآءُ﴾[الآیۃ:۱۵]: فُقَرَآءُ بروزن فُعَلَاءُ صیغہ جمع مذکر مکسر صفت مشبہ ازشرف۔

۲۸-﴿يُذْهِبُ﴾[الآیۃ:۱۶]: اصل میں تھا يُذْهِبُ الخ۔جزاء کی بناء پر مجزوم ہے۔

۲۹-﴿وَيَاْتِ﴾[الآیۃ:۱۶]: اصل میں تھا يَأْتِيُ ازضرب الخ،حرف علت ان شرطیہ کی وجہ سے گرا ہے۔

۳۰-﴿لَا تَزِرُ﴾[الآیۃ:۱۸]: اصل میں تھا لَا تَوْزِرُ ازضرب،قانون:یعد۔

۳۱-﴿اِنْ تَدْعُ﴾[الآیۃ:۱۸]: اصل میں تھا تَدْعُوُ صیغہ واحد مؤنث غائب مضارع معلوم ناقص واوی،ازنصر،

قوانین، یدعو، لم یدع، بائے مطلق، مضارع۔

۳۲-﴿یَخْشَوْنَ﴾[الآیۃ:۱۸]: اصل میں تھا یَخْشَیُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم ناقص یائی از علم قوانین، باع، ساکنین، مضارع۔

۳۴-﴿أَقَامُوْا﴾[الآیۃ:۱۸]: اصل میں تھا اَقْوَمُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب ماضی معلوم اجوف واوی از افعال، قانون: یقال۔

۳۵-﴿تَزَکّٰی﴾[الآیۃ:۱۸]: اصل میں تھا تَتَزَکّٰیُ بروزن تَتَفَعَّلُ صیغہ واحد مؤنث غائب مضارع معلوم ناقص یائی از تفعل، قوانین، تائے مضارعت، قال، مضارع۔

۳۶-﴿یَسْتَوِیْ﴾[الآیۃ:۱۹]: اصل میں تھا یَسْتَوِیُ از افتعال، قوانین، مضارع، یرمی، ساکنین، اورامع کا لگ سکتا ہے۔

۳۷-﴿اِنْ یُّکَذِّبُوْکَ﴾[الآیۃ:۲۵]: اصل میں تھا یُکَذِّبُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم از تفعیل۔ قوانین، یرملون، ادغام، مضارع، نون اعرابی۔

۳۸-﴿اَخَذْتُ﴾[الآیۃ:۲۶]: بروزن فَعَلْتُ، صیغہ واحد متکلم ماضی معلوم مہموز الفا از نصر۔

۳۹-﴿یَخْشَی اللّٰہ﴾[الآیۃ:۲۸]: اصل میں تھا یَخْشَیُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم ناقص یائی از علم، قوانین: مضارع، قال، ساکنین۔

۴۰-﴿اَلْعُلَمٰٓؤُا﴾[الآیۃ:۲۸]: عُلَمَآءُ بروزن فُعَلَآءُ صیغہ جمع مذکر مکسر صفت مشبہ از علم۔

۴۱-﴿یَتْلُوْنَ﴾[الآیۃ:۲۹]: اصل میں تھا یَتْلُوُوْنَ بروزن یَفْعُلُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب مضارع معلوم ناقص واوی از نَصَرَ۔ قوانین: مضارع، یدعو، ساکنین۔

۴۲-﴿یَرْجُوْنَ﴾[الآیۃ:۲۹]: اصل میں تھا یَرْجُوُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم ناقص واوی از نصر۔ قوانین: مضارع، یدعو، ساکنین۔

۴۳-﴿لَنْ تَبُوْرَ﴾[الآیۃ:۲۹]: اصل میں تھا لَنْ تَبُوْرَ از نصر الخ۔

۴۴-﴿لِیُوَفِّیَ﴾[الآیۃ:۳۰]: اصل میں تھا یُوَفِّیُ بروزن یُفَعِّلُ صیغہ واحد مذکر غائب مضارع معلوم لفیف مفروق از تفعیل۔ یہاں لام کئی کے بعد ان مقدر ہے، جس نے آخر کو نصب دیا ہے۔

۴۵-﴿اَوْحَیْنَا﴾[الآیۃ: ۳۱]: بروزن اَفْعَلْنَا صیغہ جمع متکلم ماضی معلوم لفیف مفروق از افعال۔

۴۶-﴿اَوْرَثْنَا﴾[الآیۃ: ۳۲]: بروزن اَفْعَلْنَا صیغہ جمع متکلم ماضی معلوم مثال واوی از افعال۔

۴۷-﴿اِصْطَفَیْنَا﴾[الآیۃ: ۳۲]: اصل میں تھا اِصْتَفَیْنَا بروزن اِفْتَعَلْنَا صیغہ جمع متکلم ماضی معلوم ناقص یائی از افتعال قوانین، اِطَّلَبَ، ہمزہ وصلی۔

۴۸-﴿یُحَلَّوْنَ﴾[الآیۃ: ۳۳]: اصل میں تھا یُحَلَّیُوْنَ بروزن یُفَعَّلُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب مضارع مجہول ناقص یائی از تفعیل، قوانین: مضارع مجہول، قال، ساکنین۔

۴۹-﴿اَحَلَّنَا﴾[الآیۃ: ۳۵]: اس میں نا ضمیر منصوب متصل ہے، اَحَلَّ، اصل میں تھا اَحْلَلَ بروزن اَفْعَلَ صیغہ واحد مذکر غائب ماضی معلوم مضاعف ثلاثی از افعال، قانون، ادغام،

۵۰-﴿اَلْمُقَامَۃِ﴾[الآیۃ: ۳۵]: اصل میں تھا مُقْوَمَۃٌ بروزن مُفْعَلَۃٌ یہ باب افعال سے مصدر میمی ہے، قوانین: نون تثنیہ، یقال۔

۵۱-﴿لَا یَمَسُّنَا﴾[الآیۃ: ۳۵]: لَا یَمْسَسُ یہ باب علم سے مضارع نفی معلوم کا صیغہ ہے۔

۵۲-﴿لُغُوْبٌ﴾[الآیۃ: ۳۵]: بروزن فُعُوْلٌ یہ باب نصر یا منع، یا شَرُفَ سے مصدر ہے۔

۵۳-﴿لَا یُقْضٰی﴾[الآیۃ: ۳۶]: اصل میں تھا لَا یُقْضَیُ الخ.

۵۴-﴿فَیَمُوْتُوْا﴾[الآیۃ: ۳۶]: اصل میں تھا یَمْوُتُوْنَ بروزن یَفْعُلُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب مضارع معلوم اجوف واوی از نصر، قوانین، یقول، مضارع، نون اعرابی۔

فائدہ: اس میں فا کے بعد ان مقدر ہے۔ اور یہ فا نفی کے جواب میں واقع ہے۔

۵۵-﴿یَصْطَرِخُوْنَ﴾[الآیۃ: ۳۷]: اصل میں تھا یَصْتَرِخُوْنَ بروزن یَفْتَعِلُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب مضارع معلوم از افتعال، قوانین، مضارع، اِطَّلَبَ۔

فائدہ: ﴿یَصْطَرِخُوْنَ﴾ یہ اظہار ہے اور طاء کو صاد کر کے اور صاد کو صاد میں ادغام کر کے یَصَّرِخُوْنَ پڑھنا بھی جائز ہے، لیکن اسکا الٹ جائز نہیں۔

۵۶-﴿نَعْمَلْ﴾[الآیۃ: ۳۷]: اصل میں تھا نَعْمَلُ الخ. امر کے جواب میں واقع ہونے کی بناء پر مجزوم ہے۔

۵۷-﴿فَذُوْقُوْا﴾[الآیۃ: ۳۷]: اصل میں تھا اُذْوُقُوْا الخ، یہ صیغہ کئی دفعہ پہلے گزر چکا ہے

۵۸-﴿اَرُوْنِیْ﴾[الآیۃ: ۴۰]: اس میں اِنِ نون وقایہ ہے اوری ضمیر منصوب متصل ہے۔اَرُوْا اصل میں تھا اَرْءِ یُوْا بروزن اَفْعِلُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب امر حاضر معلوم مہموز العین وناقص یائی از افعال۔قوانین :یسئال،یبیع،ساکنین،امر حاضر،نون اعرابی۔

۵۹-﴿اِنْ یَّعِدُ﴾[الآیۃ: ۴۰]:اصل میں تھا یَوْعِدُ بروزن یَفْعِلُ الخ قوانین،یرملون،ادغام،یعد،مضارع۔

۶۰-﴿اَنْ تَزُوْلَا﴾[الآیۃ: ۴۱]:اصل میں تھا تَزُوْلَانِ بروزن تَفْعُلَانِ صیغہ تثنیہ مؤنث غائب مضارع معلوم،اجوف واوی از نصر،قوانین،یائے مطلق،نون اعرابی،یقول۔

۶۱-﴿زَالَتَا﴾[الآیۃ: ۴۱]:اصل میں تھا زَوَلَتَا بروزن فَعَلَتَا صیغہ تثنیہ مؤنث غائب ماضی معلوم اجوف واوی از نصر،قانون،قال۔

۶۲-﴿اَقْسَمُوْا﴾[الآیۃ: ۴۲]:بروزن اَفْعَلُوْا صیغہ جمع مذکر غائب ماضی معلوم از افعال۔

۶۳-﴿جَھْدَ﴾[الآیۃ: ۴۲]:بروزن فَعْلَ یہ باب منع سے مصدر ہے۔

۶۴-﴿لَیَکُوْنُنَّ﴾[الآیۃ: ۴۲]:اصل میں تھا لَیَکْوُنُنَّ،صیغہ جمع مذکر غائب فعل مستقبل معلوم اجوف واوی از نصر۔قوانین:نون اعرابی،یقول،ساکنین۔

۶۵-﴿اَھْدٰی﴾[الآیۃ: ۴۲]:اصل میں تھا اَھْدَیُ یہ باب ضرب سے واحد مذکر اسم تفضیل کا صیغہ ہے۔

۶۶-﴿اِسْتِکْبَارًا﴾[الآیۃ: ۴۳]:بروزن اِسْتِفْعَالًا صیغہ اسم مصدر از استفعال،اِسْتِکْبَارَا پڑھنا جائز ہے بقانون نون خفیف۔

۶۷-﴿لَایَحِیْقُ﴾[الآیۃ: ۴۳]:اصل میں تھا لَایَحْیِقُ الخ۔

۶۸-﴿لَنْ تَجِدَ﴾[الآیۃ: ۴۳]:اصل میں تھا لَنْ تَوْجِدَ الخ۔

۶۹-﴿لَمْ یَسِیْرُوْا﴾[الآیۃ: ۴۴]:اصل میں تھا لَمْ یَسْیِرُوْا،از ضرب الخ۔

۷۰-﴿فَیَنْظُرُوْا﴾[الآیۃ: ۴۴]:اصل میں تھا یَنْظُرُوْنَ از نصر،اس میں فا عاطفہ ہے،یَنْظُرُوْا کا عطف ہے لَمْ یَسِیْرُوْا پر۔

۷۱-﴿لِیُعْجِزَہٗ﴾[الآیۃ: ۴۴]:اصل میں تھا یُعْجِزُ از افعال۔

۷۲-﴿یُؤَاخِذُ﴾[الآیۃ: ۴۵]:بروزن یُفَاعِلُ صیغہ واحد مذکر غائب مضارع معلوم مہموز الفاء از مفاعلہ قوانین،ہمزہ وصلی،مضارع،اور میزٌ کا قانون لگ سکتا ہے،یعنی یُوَاخِذُ پڑھنا جائز ہے۔

سورة يٰس

۱-﴿مُسْتَقِيم﴾[الآية:۴]:اصل میں تھامُسْتَقْوِمٌ یہ باب استفعال سے واحد مذکر اسم فاعل کا صیغہ ہے،قوانین،اسم فاعل،یقول، یعاد،اورنون خفیفہ کا لگ سکتا ہے۔

۲-﴿تَنْزِيْلَ﴾[الآية:۵]:بروزن تَفْعِيْلَ یہ باب تفعیل سے مصدر ہے،قوانین،بائے مطلق،نون تنوین تثنیہ،

۳-﴿لِتُنْذِرَ﴾[الآية:۶]:اصل میں تھالِتُنْذِرُ الخ۔قوانین:ہمزہ وصلی،بائے مطلق،مضارع۔

۴-﴿أُنْذِرَ﴾[الآية:۶]:بروزن أُفْعِلَ صیغہ واحد مذکر غائب ماضی مجہول از افعال،قوانین،ماضی مجہول،بائے مطلق۔

۵-﴿حَقَّ﴾[الآية:۷]اصل میں تھاحَقَقَ از ضرب۔

۶-﴿اَلْقَوْلُ﴾[الآية:۷]:قَوْلٌ بروزن فَعْلٌ یہ باب نصر سے مصدر ہے،قانون،نون تنوین تثنیہ.

۷-﴿مُقْمَحُوْنَ﴾[الآية:۸]:بروزن مُفْعَلُوْنَ صیغہ جمع مذکر سالم اسم مفعول از افعال،قانون،اسم مفعول.

۸-﴿فَأَغْشَيْنَاهُمْ﴾[الآية:۹]:اَغْشَيْنَا بروزن اَفْعَلْنَا صیغہ جمع متکلم ماضی معلوم ناقص یائی،از افعال۔

۹-﴿مَنِ اتَّبَعَ﴾[الآية:۱۱]:اصل میں تھااِتْتَبَعَ بروزن اِفْتَعَلَ صیغہ واحد مذکر غائب ماضی معلوم از افتعال، قوانین:ہمزہ وصلی،ادغام.

۱۰-﴿خَشِيَ﴾[الآية:۱۱]:بروزن فَعِلَ صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم ناقص یائی از علم۔

۱۱-﴿فَبَشِّرْهُ﴾[الآية:۱۱]:بَشِّرْ بروزن فَعِّلْ صیغہ واحد مذکر مخاطب امر حاضر از تفعیل،قانون:امر حاضر۔

۱۲-﴿نُحْيِ﴾[الآية:۱۲]:اصل میں تھانُحْيِيُ بروزن نُفْعِلُ صیغہ جمع متکلم مضارع معلوم لفیف مقرون از افعال قوانین:ہمزہ وصلی،یرمی۔

۱۳-﴿اَلْمَوْتٰى﴾[الآية:۱۲]:یہ مَيِّتٌ کی جمع ہے۔

۱۴-﴿اَحْصَيْنَا﴾[الآية:۱۲]:بروزن اَفْعَلْنَا صیغہ جمع متکلم ماضی معلوم ناقص یائی از افعال۔

۱۵-﴿فَعَزَّزْنَا﴾[الآية:۱۴]:عَزَّزْنَا بروزن فَعَّلْنَا صیغہ جمع متکلم ماضی معلوم مضاعف ثلاثی از تفعیل۔

۱۶-﴿تَطَيَّرْنَا﴾[الآية:۱۸]:بروزن تَفَعَّلْنَا صیغہ جمع متکلم ماضی معلوم اجوف یائی از تفعّل،قانون اس میں خصَّم کا

قانون لگ سکتا ہے، یعنی اِطَّیَّرْنَا پڑھنا جائز ہے۔

۱۷- ﴿لَمْ تَنْتَهُوْا﴾[الآیۃ:۱۸]: اصل میں تھا لَمْ تَنْتَهِيُوْا بروزن لَمْ تَفْتَعِلُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل جحد معلوم ناقص یائی از افتعال، قوانین، نون اعرابی، یبیع، یوسر، ساکنین، یائے مطلق۔

۱۸- ﴿لَنَرْجُمَنَّ﴾[الآیۃ:۱۸]: بروزن لَنَفْعُلَنَّ صیغہ جمع متکلم فعل مستقبل معلوم مؤکد باللام تاکید ونون ثقیلہ از نصر۔

۱۹- ﴿ذُكِّرْتُمْ﴾[الآیۃ:۱۹]: بروزن فُعِّلْتُمْ صیغہ جمع مذکر مخاطب ماضی مجہول از تفعیل، قوانین، ماضی مجہول، ضرختم۔

۲۰- ﴿اِتَّبِعُوْا﴾[الآیۃ:۲۱]: اصل میں تھا اِتْتَبِعُوْا بروزن اِفْتَعِلُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب امر حاضر معلوم از افتعال، قوانین: ہمزہ وصلی، امر حاضر، نون اعرابی، ادغام۔

۲۱- ﴿مُهْتَدُوْنَ﴾[الآیۃ:۲۱]: اصل میں تھا مُهْتَدِيُوْنَ بروزن مُفْتَعِلُوْنَ صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل ناقص یائی از افتعال، قوانین، یبیع، یوسر، ساکنین، اسم فاعل، اور خَصِّم کا لگ سکتا ہے۔

تئیسواں پارہ

۲۲- ﴿اَتَّخِذُ﴾[الآیۃ:۲۳]: اصل میں تھا اَءْتَخِذُ بروزن اَفْتَعِلُ صیغہ واحد متکلم مضارع معلوم مہموز الفاء از افتعال، قوانین، اتعد، ادغام، مضارع، ہمزہ وصلی۔

۲۳- ﴿اِنْ يُّرِدْنِ﴾[الآیۃ:۲۳]: اصل میں تھا يُرْوِدُ بروزن يُفْعِلُ از افعال، قوانین، یبیع، ساکنین، یرملون، ادغام۔

۲۴- ﴿لَا تُغْنِ﴾[الآیۃ:۲۳]: اصل میں تھا لَا تُغْنِيُ صیغہ واحد مؤنث غائب فعل مضارع نفی معلوم ناقص یائی از افعال، قوانین، یرمی، ہمزہ وصلی، لم یدع۔

۲۵- ﴿لَا يُنْقِذُوْنِ﴾[الآیۃ:۲۳]: اس میں اِن نون وقایہ ہے، لَا يُنْقِذُوْا اصل میں تھا لَا يُنْقِذُوْنَ اس کا عطف لَا تُغْنِ پر ہے۔

۲۶- ﴿فَاسْمَعُوْنِ﴾[الآیۃ:۲۵]: اصل میں تھا اِسْمَعُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم از علم قوانین، امر حاضر، نون اعرابی، ہمزہ وصلی۔

۲۷- ﴿قِيْلَ﴾[الآیۃ:۲۶]: اصل میں تھا قُوِلَ از نصر قوانین، قیل، میعاد، ماضی مجہول۔

فائدہ: اس میں قاف کو ضمہ کی حرکت دی ہے تاکہ واو محذوفہ کے گرنے پر دلالت کرے۔

۲۸- ﴿اُدْخُلِ﴾[الآیۃ:۲۶]: اصل میں تھا اُدْخُلْ بروزن اُفْعُلْ صیغہ واحد مذکر مخاطب امر حاضر از نصر، قوانین: امر حاضر، ہمزہ وصلی،

۲۹- ﴿مُكْرَمِيْنَ﴾[الآیۃ:۲۷]: بروزن مُفْعَلِيْنَ صیغہ جمع مذکر سالم اسم مفعول از افعال، قوانین: اسم فاعل، ہمزہ وصلی۔

۳۰- ﴿يَسْتَهْزِءُوْنَ﴾[الآیۃ:۳۰]: بروزن يَسْتَفْعِلُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب مضارع معلوم مہموز اللام از استفعال، قوانین، مضارع، ہمزہ وصلی، اور یسئل کا لگ سکتا ہے۔ يَسْتَهْزِيُوْنَ پڑھنا جائز ہے۔

۳۱- ﴿لَمْ يَرَوْا﴾[الآیۃ: ۳۱]: اصل میں تھا لَمْ يَرْءَ يُوْا بروزن لَمْ يَفْعَلُوْا صیغہ جمع مذکر غائب فعل جحد معلوم مہموز العین و ناقص یائی از منع، قوانین، یسئل، باع، ساکنین، نون اعرابی۔

۳۲- ﴿مُحْضَرُوْنَ﴾[الآیۃ: ۳۲]: بروزن مُفْعَلُوْنَ جمع مذکر سالم اسم مفعول از افعال قانون، اسم مفعول۔

۳۳- ﴿لِيَأْكُلُوْا﴾[الآیۃ: ۳۳]: اصل میں تھا يَأْكُلُوْنَ از نصر، قوانین، نون اعرابی، مضارع، اور رأس کا لگ سکتا ہے۔

۳۴- ﴿اِنْ نَشَأْ﴾[الآیۃ: ۴۳] اصل میں تھا نَشْيَءُ بروزن نَفْعَلُ از منع، قانون: ادغام، اور رأس کا لگ سکتا ہے۔

۳۵- ﴿نُغْرِقْ﴾[الآیۃ: ۴۳]: اصل میں نُغْرِقْ تھا صیغہ جمع متکلم فعل مضارع معلوم از افعال۔ قوانین: مضارع، ہمزہ وصلی۔

۳۶- ﴿اِتَّقُوْا﴾[الآیۃ: ۴۵]: اصل میں تھا اِوْتَقِيُوْا صیغہ جمع مذکر امر حاضر لفیف مفروق از افتعال، قوانین، همزہ وصلی، اتعد، ادغام، یبیع، یوسر، ساکنین، امر حاضر، نون اعرابی۔

۳۷- ﴿اَنُطْعِمُ﴾[الآیۃ: ۴۷]: اصل میں تھا نُطْعِمُ بروزن نُفْعِلُ صیغہ جمع متکلم فعل مضارع معلوم از افعال۔

۳۸- ﴿اَلْوَعْدُ﴾[الآیۃ: ۴۸]: یہ باب ضرب سے مصدر ہے۔ قانون: نون اعرابی۔

۳۹- ﴿يَخِصِّمُوْنَ﴾[الآیۃ: ۴۹]: اصل میں تھا يَخْتَصِمُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب مضارع معلوم از افتعال۔ قوانین: مضارع، همزہ وصلی، خصّم۔

۴۰- ﴿لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ﴾[الآیۃ: ۵۰]: اصل میں تھا لَا يَسْتَطْوِعُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع نفی معلوم اجوف واوی از استفعال، قوانین، یقول، میعاد، ہمزہ وصلی۔

۴۱- ﴿تَوْصِيَةً﴾[الآية: ۵۰]: بروزن تَفْعِلَةً صیغہ اسم مصدر لفیف مفروق از تفعیل ،

۴۲- ﴿نُفِخَ﴾[الآية: ۵۱]: یہ باب منع سے واحد مذکر غائب ماضی مجہول کا صیغہ ہے۔

۴۳- ﴿يَنْسِلُوْنَ﴾[الآية: ۵۱]: بروزن يَفْعِلُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب مضارع معلوم از ضرب ،قوانین ،مضارع ، بائے مطلق۔

۴۴- ﴿مِنَ الْاَجْدَاثِ﴾[الآية: ۵۱]: یہ جَدَثٌ کی جمع ہے،اور جَدَثٌ اسم جامد ہے۔

۴۵- ﴿بَعَثَنَا﴾[الآية: ۵۲]: بَعَثَ بروزن فَعَلَ صیغہ واحد مذکر غائب ماضی معلوم از منع۔

۴۶- ﴿لَا تُظْلَمُ﴾[الآية: ۵۴]: یہ باب ضرب سے نفی مجہول مضارع کا صیغہ ہے.

۴۷- ﴿لَا تُجْزَوْنَ﴾[الآية: ۵۴]: اصل میں تھا لَا تُجْزَيُوْنَ صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل نفی معلوم از افعال ،قوانین ،باع ،ساکنین .

۴۸- ﴿مُتَّكِئُوْنَ﴾[الآية: ۵۶]: اصل میں تھا مُوْتَكِئُوْنَ بروزن مُفْتَعِلُوْنَ صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل مثال واوی ومہموز اللام از افتعال ،قوانین ،اتعد ،ادغام ،اور سَل کا لگ سکتا ہے مُتَكِيُوْنَ پڑھنا جائز ہے۔

۴۹- ﴿يَدَّعُوْنَ﴾[الآية: ۵۷]: اصل میں تھا يَدْ تَعِوُوْنَ بروزن يَفْتَعِلُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب مضارع معلوم ناقص واوی از افتعال ،قوانین ،دُعِی ،یبیع ،یوسر ،ساکنین ،اذکر ،ادغام ،مضارع ،ہمزہ وصلی۔

۵۰- ﴿سَلَامٌ﴾[الآية: ۵۸]: یہ فَعَالٌ کے وزن پر باب تفعیل سے مصدر ہے۔

۵۱- ﴿وَامْتَازُوْا﴾[الآية: ۵۹]: اصل میں تھا اِمْتَيِزُوْا بروزن اِفْتَعِلُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب امر حاضر اجوف یائی از افتعال ،قوانین ،ہمزہ وصلی ،باع ،امر حاضر ،نون اعرابی۔

۵۲- ﴿اَلْمُجْرِمُوْنَ﴾[الآية: ۵۹]: مُجْرِمُوْنَ بروزن مُفْعِلُوْنَ صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل از افعال۔

۵۳- ﴿اَلَمْ اَعْهَدْ﴾[الآية: ۶۰]: بروزن لَمْ اَفْعَلْ (ہمزہ استفہام کا ہے) واحد متکلم جحد معلوم از علم۔

۵۴- ﴿اَنْ لَّا تَعْبُدُوْا﴾[الآية: ۶۰]: لَا تَعْبُدُوْا بروزن لَا تَفْعُلُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب نہی حاضر معلوم از نصر۔ قوانین: نون اعرابی ،یرملون ،ادغام۔

۵۵- ﴿اَنِ اعْبُدُوْنِیْ﴾[الآية: ۶۱]: اُعْبُدُوْا بروزن اُفْعُلُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب امر حاضر معلوم از نصر ،قوانین ہمزہ وصلی ،

امر حاضر، نون اعرابی۔

۵۶-﴿مُسْتَقِيْمٌ﴾[الآیۃ: ۶۱]: اصل میں تھا مُسْتَقْوِمٌ صیغہ واحد مذکر اسم فاعل، اجوف واوی از استفعال۔ قوانین: یقول، میعاد، اسم فاعل، نون خفیفہ کا لگ سکتا ہے۔

۵۷-﴿اَضَلَّ﴾[الآیۃ: ۶۲]: اصل میں تھا اَضْلَلَ صیغہ واحد مذکر غائب ماضی معلوم مضاعف ثلاثی از افعال، قانون، ادغام۔

۵۸-﴿اِصْلَوْهَا﴾[الآیۃ: ۶۴]: اصل میں تھا اِصْلَيُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب امر حاضر معلوم ناقص یائی از علم، قوانین، باع، ساکنین، امر حاضر، نون اعرابی۔

۵۹-﴿نَخْتِمُ﴾[الآیۃ: ۶۵]: بروزن نَفْعِلُ صیغہ جمع متکلم مضارع معلوم از ضرب۔ قانون: مضارع۔

۶۰-﴿تُكَلِّمُنَا﴾[الآیۃ: ۶۵]: اصل میں تھا تُكَلِّمُ بروزن تُفَعِّلُ صیغہ واحد مؤنث غائب مضارع معلوم از تفعیل اس میں نا ضمیر منصوب متصل ہے، قانون: مضارع۔

۶۱-﴿تَشْهَدُ﴾[الآیۃ: ۶۵]: صیغہ واحد مؤنث غائب مضارع معلوم از علم، قوانین، مضارع اور تعلم کا لگ سکتا ہے

۶۲-﴿فَاسْتَبَقُوْا﴾[الآیۃ: ۶۶]: اصل میں تھا اِسْتَبَقُوْا بروزن اِفْتَعَلُوْا صیغہ جمع مذکر غائب ماضی معلوم از افتعال قوانین: ہمزہ وصلی، اور خصم کا لگ سکتا ہے، یعنی فَاسَّبَقُوْا پڑھنا جائز ہے۔

۶۳-﴿فَمَا اسْتَطَاعُوْا﴾[الآیۃ: ۶۷]: اصل میں تھا اِسْتَطْوَعُوْا بروزن اِسْتَفْعَلُوْا صیغہ جمع مذکر غائب ماضی معلوم اجوف واوی از استفعال، قوانین، ہمزہ وصلی، یقال۔

۶۴-﴿مُضِيًّا﴾[الآیۃ: ۶۷]: اصل میں تھا مُضُوْيًا بروزن فُعُوْلًا صیغہ اسم مصدر ناقص یائی از ضرب، قوانین: مَقْوِیٌ کا دوسرا قانون۔

۶۵-﴿مَنْ نُّعَمِّرْ﴾[الآیۃ: ۶۸]: اصل میں تھا نُعَمِّرُ بروزن نُفَعِّلُ صیغہ جمع متکلم مضارع معلوم از تفعیل، قوانین، ادغام، مضارع۔

۶۶-﴿نُنَكِّسْ﴾[الآیۃ: ۶۸]: اصل میں تھا نُنَكِّسُ بروزن نُفَعِّلُ صیغہ جمع متکلم مضارع معلوم از تفعیل۔

۶۷-﴿عَلَّمْنَا﴾[الآیۃ: ۶۹]: بروزن فَعَّلْنَا صیغہ جمع متکلم ماضی معلوم از تفعیل۔

۶۸-﴿یَنۡبَغِی﴾[الآیۃ: ۶۹]: اصل میں یَنۡبَغِیُ بروزن یَنۡفَعِلُ صیغہ واحد مذکر غائب مضارع معلوم ناقص یائی از انفعال قوانین: بائے مطلق، مضارع، یرمی۔

۶۹-﴿لِیُنۡذِرَ﴾[الآیۃ: ۷۰]: اصل میں تھا یُنۡذِرُ لام کئی کے بعد ان مقدر ہوتا ہے۔

۷۰-﴿یَحِقُّ﴾[الآیۃ: ۷۰]: اصل میں تھا یَحۡقِقُ مضارع از ضرب الخ۔

۷۱-﴿مَالِکُوۡنَ﴾[الآیۃ: ۷۱]: بروزن فَاعِلُوۡنَ صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل از ضرب۔

۷۲-﴿ذَلَّلۡنَا﴾[الآیۃ: ۷۲]: بروزن فَعَّلۡنَا صیغہ جمع متکلم ماضی معلوم مضاعف ثلاثی از تفعیل۔

۷۳-﴿وَاتَّخَذُوۡا﴾[الآیۃ: ۷۴]: اصل میں تھا اِءۡتَخَذُوۡا بروزن اِفۡتَعَلُوۡا صیغہ جمع مذکر غائب ماضی معلوم مہموز الفاء از افتعال، قوانین: آمن، اِتَّعد، ادغام، ھمزہ وصلی۔

۷۴-﴿یُنۡصَرُوۡنَ﴾[الآیۃ: ۷۴]: یہ باب نصر سے جمع مذکر غائب مضارع مجہول کا صیغہ ہے قوانین، مضارع مجہول، بائے مطلق۔

۷۵-﴿لَا یَسۡتَطِیۡعُوۡنَ﴾[الآیۃ: ۷۵]: اصل میں تھا لَا یَسۡتَطۡوِعُوۡنَ فعل مضارع منفی معلوم اجوف واوی از استفعال، قوانین، یقول، میعاد۔

۷۶-﴿مُحۡضَرُوۡنَ﴾[الآیۃ: ۷۵]: بروزن مُفۡعَلُوۡنَ صیغہ جمع مذکر سالم اسم مفعول از افعال، قانون، اسم مفعول۔

۷۷-﴿لَا یَحۡزُنۡکَ﴾[الآیۃ: ۷۶]: لَا یَحۡزُنۡ بروزن لَا یَفۡعُلۡ صیغہ واحد مذکر غائب نہی حاضر معلوم از نصر۔

۷۸-﴿یُسِرُّوۡنَ﴾[الآیۃ: ۷۶]: اصل میں تھا یُسۡرِرُوۡنَ بروزن یُفۡعِلُوۡنَ صیغہ جمع مذکر غائب مضارع معلوم مضاعف ثلاثی از افعال، قوانین، مضارع، ادغام، ھمزہ وصلی۔

۷۹-﴿اَوَلَمۡ یَرَ﴾[الآیۃ: ۷۷]: اصل میں تھا لَمۡ یَرۡءَیۡ بروزن لَمۡ یَفۡعَلۡ صیغہ واحد مذکر غائب جحد معلوم مموز العین وناقص یائی از منع، قوانین، یسال، لم یدع۔

۸۰-﴿نَسِیَ﴾[الآیۃ: ۷۸]: بروزن فَعِلَ صیغہ واحد مذکر غائب از علم اس کو بقانون حلقی العین نَسۡیَ پڑھنا جائز ہے۔

۸۱-﴿خَلۡقَهٗ﴾[الآیۃ: ۷۸]: خَلۡقٌ بروزن فَعۡلٌ صیغہ اسم مصدر از نصر، قانون، نون تنوین تثنیہ۔

۸۲- ﴿یُحْیِیْ﴾[الآیۃ:۷۸]: اصل میں تھا یُحْیِیُ بروزن یُفْعِلُ صیغہ واحد مذکر غائب مضارع معلوم لفیف مقرون ازافعال، قوانین، یری، ہمزہ وصلی، ساکنین۔

۸۳- ﴿تُوْقِدُوْنَ﴾[الآیۃ:۸۰]: بروزن تُفْعِلُوْنَ صیغہ جمع مذکر مخاطب مضارع معلوم مثال واوی ازافعال، قوانین: مضارع، ہمزہ وصلی۔

۸۴- ﴿اَمْرُہٗ﴾[الآیۃ:۸۲]: اَمْرٌ بروزن فَعْلٌ صیغہ اسم مصدرٌ مموز الفاء ازنصر قوانین، نون تنوین تثنیہ۔

۸۵- ﴿اَرَادَ﴾[الآیۃ:۸۲]: اصل میں تھا اَرْوَدَ بروزن اَفْعَلَ صیغہ واحد مذکر غائب ماضی معلوم اجوف واوی ازافعال، قانون یقال۔

۸۶- ﴿کُنْ﴾[الآیۃ:۸۲]: اصل میں تھا اُکْوُنْ بروزن اُفْعُلْ صیغہ واحد مذکر مخاطب امر حاضر اجوف واوی ازنصر، قوانین: امر حاضر، یقول، ساکنین، ہمزہ وصلی۔

سورۃ الصّافات

۱- ﴿وَالصّٰٓفّٰتِ﴾[الآیۃ:۱]: اصل میں تھا صَافِفَاتٌ بروزن فَاعِلاتٌ صیغہ جمع مؤنث سالم اسم فاعل مضاعف ثلاثی ازنصر۔ قوانین: نون تنوین تثنیہ، حروف شمسی، ہمزہ وصلی، ادغام۔

۲- ﴿صَفًّا﴾[الآیۃ:۱]: اصل میں تھا صَفْفًا بروزن فَعْلاً صیغہ اسم مصدر مضاعف ثلاثی ازنصر قانون ادغام اور، نون تنوین خفیفہ کا لگ سکتا ہے۔

۳- ﴿فَالزّٰجِرٰتِ﴾[الآیۃ:۲]: زَاجِرَاتٌ بروزن فَاعِلاتٌ صیغہ جمع مؤنث سالم اسم فاعل ازنصر، قوانین: نون تنوین تثنیہ، حروف شمسی، ہمزہ وصلی، ضربن کا دوسرا۔

۴- ﴿زَجْرًا﴾[الآیۃ:۲]: یہ باب نصر سے مصدر ہے۔

۵- ﴿فَالتّٰلِیٰتِ﴾[الآیۃ:۳]: اصل میں تھا تَالِوَاتٌ بروزن فَاعِلاتٌ صیغہ جمع مؤنث سالم اسم فاعل ناقص واوی ازنصر قوانین: نون تنوین تثنیہ، ہمزہ وصلی، حروف شمسی، ضربن کا دوسرا، دُعِیَ۔

۶- ﴿ذِکْرًا﴾[الآیۃ:۳]: بروزن فِعْلاً صیغہ اسم مصدر ازنصر۔

۷-﴿زَيَّنَّا﴾[الآیة:٦]: بروزن فَعَّلْنَا صیغہ جمع متکلم ماضی معلوم اجوف یائی از تفعیل۔

۸-﴿لَا يَسَّمَّعُوْنَ﴾[الآیة:٨]: اصل میں تھا لَا یَسْتَمِعُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع نفی معلوم از افتعال، قوانین، اِسَّمَّعَ، ادغام۔

۹-﴿الْاَعْلٰى﴾[الآیة:٨]: اصل میں تھا اَعْلَوُ صیغہ واحد مذکر اسم تفضیل ناقص واوی از نصر، قوانین، یُدْعٰی، باع۔

۱۰-﴿دُحُوْرًا﴾[الآیة:٩] بروزن فُعُوْلاً یہ باب منع سے مصدر ہے۔

۱۱-﴿مَارِدٌ﴾[الآیة:٨]: یہ باب شرف سے واحد مذکر اسم فاعل کا صیغہ ہے، قوانین، اسم فاعل، اور نون خفیفہ کا لگ سکتا ہے۔

۱۲-﴿الْخَطْفَةَ﴾[الآیة:١٠]: اصل میں تھا خَطْفَةٌ بروزن فَعْلَةٌ یہ باب علم سے مصدر ہے۔

۱۳-﴿فَاسْتَفْتِ﴾[الآیة:١١]: اصل میں تھا اِسْتَفْتِيْ بروزن اِسْتَفْعِلْ، صیغہ واحد مذکر مخاطب امر حاضر ناقص یائی از استفعال۔ قوانین، ہمزہ وصلی، امر حاضر۔

۱۴-﴿اَشَدُّ﴾[الآیة:١١]: اصل میں تھا اَشْدَدُ یہ باب نصر سے واحد مذکر اسم تفضیل کا صیغہ ہے۔ قانون: ادغام۔

۱۵-﴿رَاَوْا﴾[الآیة:١٤]: اصل میں تھا رَأَيُوْا بروزن فَعَلُوْا صیغہ جمع مذکر غائب ماضی معلوم مہموز العین وناقص یائی از منع۔ قوانین، قال، ساکنین۔

۱۶-﴿يَسْتَسْخِرُوْنَ﴾[الآیة:١٤]: بروزن یَسْتَفْعِلُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب مضارع معلوم از استفعال۔

۱۷-﴿لَمَبْعُوْثُوْنَ﴾[الآیة:١٦]: صیغہ جمع مذکر سالم اسم مفعول از منع۔

۱۸-﴿زَجْرَةٌ﴾[الآیة:١٩]: بروزن فَعْلَةٌ صیغہ اسم مصدر از نصر۔

۱۹-﴿اُحْشُرُوْا﴾[الآیة:٢٢]: صیغہ جمع مذکر مخاطب امر حاضر معلوم از نصر قوانین، امر حاضر، نون اعرابی، ساکنین۔

۲۰-﴿فَاهْدُوْا﴾[الآیة:٢٣]: اصل میں تھا اِهْدِيُوْا بروزن اِفْعِلُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب امر حاضر ناقص یائی از ضرب۔ قوانین، ہمزہ وصلی، امر حاضر، نون اعرابی، یبیع، یوسر، ساکنین۔

۲۱-﴿وَقِفُوْهُمْ﴾[الآیة:٢٤]: اس میں واو عاطفہ ہے قِفُوْا اصل میں تھا اِوْقِفُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب امر حاضر

مثال واوی ازضرب،قوانین،امر حاضر،نون اعرابی،یعد۔

تعلیل نمبرا: قِفُوْا اصل میں تھااوْقِفُوْا واومضارع میں گری ہوئی تھی یہاں بھی گرادیا تواِقِفُوْا بن گیا پھر ہمزہ وصلی کو گرادیا بعد کے متحرک ہونے کی وجہ سے توقِفُوْا بن گیا۔

تعلیل نمبر۲: قِفُوْا کوتقِفُوْنَ سے بنایا ت علامت مضارع کوحذف کردیااورآخر میں وقف کردیاوقف کرنے سے نون اعرابی گرگیا۔

۲۲-﴿مَسْئُوْلُوْنَ﴾[الآیۃ:۲۴]: یہ باب منع سے جمع مذکر سالم اسم مفعول کا صیغہ ہے۔

۲۳-﴿لَاتَنَاصَرُوْنَ﴾[الآیۃ:۲۵]: اصل میں تھالَاتَتَنَاصَرُوْنَ صیغہ جمع مذکر مخاطب نفی معلوم ازتفاعل،قوانین،تائے مضارعت،مضارع۔

۲۴-﴿مُسْتَسْلِمُوْنَ﴾[الآیۃ:۲۶]: یہ باب استفعال سے جمع مذکراسم فاعل کا صیغہ ہے۔

۲۵-﴿یَتَسَآءَلُوْنَ﴾[الآیۃ:۲۷]: صیغہ جمع مذکر غائب مضارع معلوم ازتفاعل،قوانین،مضارع،اور خصَم کا قانون لگ سکتا ہے۔

۲۶-﴿تَاْتُوْنَنَا﴾[الآیۃ:۲۸]: اصل میں تھاتَاْتِیُوْنَ بروزن تَفْعِلُوْنَ صیغہ جمع مذکر مخاطب مضارع معلوم مہموزالفاء وناقص یائی ازضرب،قوانین،بیع،یوسر،ساکنین،مضارع،اورراُس کا قانون لگ سکتا ہے۔

۲۷-﴿طَاغِیْنَ﴾[الآیۃ:۳۰]: اصل میں تھاطَاغِیِیْنَ صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل،قوانین،یرمی،ساکنین،اسم فاعل۔

۲۸-﴿فَحَقَّ﴾[الآیۃ:۳۱]: اصل میں تھاحَقَقَ صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم مضاعف ثلاثی ازضرب۔

۲۹-﴿لَذَآئِقُوْنَ﴾[الآیۃ:۳۱]: اصل میں تھاذَاوِقُوْنَ بروزن فَاعِلُوْنَ صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل اجوف واوی ازنصر،قوانین،قائل،اسم فاعل۔

۳۰-﴿اَغْوَیْنَا﴾[الآیۃ:۳۲]: بروزن اَفْعَلْنَا صیغہ جمع متکلم ماضی معلوم لفیف مقرون ازافعال۔

۳۱-﴿غَاوِیْنَ﴾[الآیۃ:۳۲]: اصل میں تھاغَاوِیِیْنَ صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل لفیف مقرون ازعلم۔قوانین:یرمی،ساکنین،اسم فاعل۔

۳۲-﴿مُشْتَرِکُوْنَ﴾[الآیۃ:۳۳]: بروزن مُفْتَعِلُوْنَ صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل ازافتعال قوانین اسم فاعل اوراقبہ کا قانون لگ سکتا ہے یعنی مُشَّرِکُوْنَ پڑھنا جائز ہے۔

۳۳-﴿لَتَارِکُوْا﴾[الآیۃ:۳۶]: اصل میں تھاتَارِکُوْنَ صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل ازنصر قوانین،نون تنوین تثنیہ،اسم فاعل۔

۳۴-﴿مَجْنُوْنٍ﴾[الآیۃ:۳۶]: بروزن مَفْعُوْلٍ صیغہ واحد مذکر اسم مفعول از نصر۔ قوانین: اسم مفعول، اور نون خفیفہ کا قانون لگ سکتا ہے۔

۳۵-﴿لَذَآئِقُوْا﴾[الآیۃ:۳۸]: اصل میں تھا ذَاوِقُوْنَ بروزن فَاعِلُوْنَ صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل اجوف واوی از نصر۔ قوانین، قائل، اسم فاعل، نون تنوین تثنیہ، ساکنین۔

۳۶-﴿تُجْزَوْنَ﴾[الآیۃ:۳۹]: اصل میں تھا تُجْزَیُوْنَ صیغہ جمع مذکر مخاطب مضارع مجہول از ضرب۔ قوانین: باع، ساکنین، مضارع مجہول۔

۳۷-﴿الْمُخْلَصِیْنَ﴾[الآیۃ:۴۰]: یہ باب افعال سے جمع مذکر سالم اسم مفعول کا صیغہ ہے۔

۳۸-﴿مُتَقَابِلِیْنَ﴾[الآیۃ:۴۴]: بروزن مُتَفَاعِلِیْنَ صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل از تفاعل۔

۳۹-﴿یُطَافُ﴾[الآیۃ:۴۵]: اصل میں تھا یُطْوَفُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع مجہول اجوف واوی از نصر۔ قوانین: مضارع مجہول، یقال۔

۴۰-﴿غَوْلٌ﴾[الآیۃ:۴۷]: بروزن فَعْلٌ صیغہ اسم مصدر از نصر۔

۴۱-﴿یُنْزَفُوْنَ﴾[الآیۃ:۴۷]: صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع مجہول از ضرب، قوانین: مضارع مجہول، بائے مطلق۔

۴۲-﴿قٰصِرٰتُ﴾[الآیۃ:۴۸]: صیغہ جمع مؤنث سالم از نصر قوانین اسم فاعل ضرب کا پہلا، نون تنوین تثنیہ۔

۴۳-﴿مَکْنُوْنٌ﴾[الآیۃ:۴۹]: بروزن مَفْعُوْلٌ صیغہ واحد مذکر اسم مفعول از نصر۔ قوانین: اسم مفعول، اور نون خفیفہ کا قانون لگ سکتا ہے۔

۴۴-﴿قَائِلٌ﴾[الآیۃ:۵۱]: اصل میں تھا قَاوِلٌ صیغہ واحد مذکر اسم فاعل اجوف واوی از نصر۔ قوانین: اسم فاعل، قائل۔

۴۵-﴿مُّطَّلِعُوْنَ﴾[الآیۃ:۵۴]: اصل میں تھا مُطْتَلِعُوْنَ صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل از افتعال قوانین اطلب، ادغام، اسم فاعل۔
تعلیل: طا واقع ہوئی باب افتعال کے فاکلمہ کے مقابلہ میں تو تائے افتعال کو طا کیا اور طا کو طا میں مدغم کیا تو مُطَّلِعُوْنَ بن گیا۔

۴۶-﴿فَاطَّلَعَ﴾[الآیۃ:۵۵]: اصل میں تھا اِطْتَلَعَ بروزن اِفْتَعَلَ صیغہ واحد مذکر غائب ماضی معلوم از افتعال، قوانین:

اطلب، ادغام۔

۴۷-﴿كِدْتَّ﴾[الآیۃ:۵۶]: اصل میں تھا كِوِدْتَ بروزن فَعِلْتَ صیغہ واحد مذکر مخاطب ماضی معلوم اجوف واوی از علم۔ قوانین، قال، ساکنین، یخشیٰ، وعدت، ادغام۔

۴۸-﴿لَتُرْدِيْنِ﴾[الآیۃ:۵۶]: اصل میں تھا تُرْدِيُ بروزن تُفْعِلُ صیغہ واحد مذکر مخاطب مضارع معلوم ناقص یائی از افعال۔ قوانین، یرمی، مضارع، ہمزہ وصلی۔

۴۹-﴿مَوْتَتَنَا﴾[الآیۃ:۵۹]: مَوْتَة بروزن فَعْلَةٌ صیغہ اسم مصدر اجوف واوی از نصر۔ قانون: نون تنوین تثنیہ۔

۵۰-﴿اَلْفَوْزُ﴾[الآیۃ:۶۰]: فَوْزٌ بروزن فَعْلٌ صیغہ اسم مصدر اجوف واوی از نصر۔ قانون: نون تنوین تثنیہ۔

۵۱-﴿فَلْيَعْمَلْ﴾[الآیۃ:۶۱]: اصل میں تھا لِيَعْمَلُ صیغہ واحد مذکر غائب امر غائب معلوم از علم، قانون حلقی العین۔

۵۲-﴿لَشَوْبًا﴾[الآیۃ:۶۷]: شَوْبًا بروزن فَعْلًا صیغہ اسم مصدر اجوف واوی از نصر۔

۵۳-﴿اَلْفَوْا﴾[الآیۃ:۶۹]: اصل میں تھا اَلْفَيُوْا صیغہ جمع مذکر غائب ماضی معلوم ناقص یائی از افعال، قوانین باع، ساکنین۔

۵۴-﴿ضَالِّيْنَ﴾[الآیۃ:۶۹]: اصل میں تھا ضَالِلِيْنَ صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل از ضرب قوانین، ادغام، ساکنین۔

۵۵-﴿ضَلَّ﴾[الآیۃ:۷۱]: اصل میں تھا ضَلَلَ صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم مضاعف ثلاثی از ضرب۔

۵۶-﴿اَكْثَرُ﴾[الآیۃ:۷۱]: بروزن اَفْعَلُ صیغہ واحد مذکر اسم تفضیل از شرف۔

۵۷-﴿مُنْذِرِيْنَ﴾[الآیۃ:۷۲]: صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل از افعال۔ قوانین: اسم فاعل، بائے مطلق۔

۵۸-﴿فَانْظُرْ﴾[الآیۃ:۷۳]: اُنْظُرْ صیغہ واحد مذکر مخاطب امر حاضر از نصر قوانین، ہمزہ وصلی، بائے مطلق، امر حاضر۔

۵۹-﴿نَادٰنَا﴾[الآیۃ:۷۵]: اصل میں تھا نَادَیَ بروزن فَاعَلَ صیغہ واحد مذکر غائب ماضی معلوم ناقص یائی از مفاعلہ۔ قوانین، باع، اور آخر میں نا ضمیر منصوب متصل ہے۔

۶۰-﴿اَلْمُجِيْبُوْنَ﴾[الآیۃ:۷۵]: اصل میں تھا مُجْوِبُوْنَ صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل اجوف واوی از افعال، قوانین: یقول، میعاد، اسم فاعل، ہمزہ وصلی۔

۶۱-﴿نَجَّيْنَا﴾[الآیة:۷۶]اصل میں تھا نَجَّوْنَا صیغہ جمع متکلم ماضی معلوم ناقص واوی از تفعیل، قانون یدعیٰ۔

۶۲-﴿الْبَاقِيْنَ﴾[الآیة:۷۷]: اصل میں تھا بَاقِيِيْنَ صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل ناقص یائی از ضرب۔ قوانین: یرمی، ساکنین، اسم فاعل۔

۶۳-﴿سَلَامٌ﴾[الآیة:۷۹]: یہ فَعَالٌ کے وزن پر باب تفعیل سے مصدر ہے۔

۶۴-﴿ظَنُّكُمْ﴾[الآیة:۸۷]: اصل میں تھا ظَنْنٌ بروزن فَعْلٌ اسم مصدر مضاعف ثلاثی از نصر، قوانین، نون تنوین تثنیہ، ادغام۔

۶۵-﴿فَرَاغَ﴾[الآیة:۹۱]: اصل میں تھا رَوَغَ از نصر قانون، قال۔

۶۶-﴿يَزِفُّوْنَ﴾[الآیة:۹۴]: اصل میں تھا يَزْفِفُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب مضارع معلوم مضاعف ثلاثی از ضرب۔ قوانین: مضارع، ادغام۔

۶۷-﴿قَالُوْا ابْنُوْا﴾[الآیة:۹۷]: اصل میں تھا اِبْنِيُوْا بروزن اِفْعِلُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب امر حاضر ناقص یائی از ضرب، قوانین، یبیع، یوسر، ساکنین، ہمزہ وصلی، نون اعرابی۔

۶۸-﴿فَأَلْقُوْهُ﴾[الآیة:۹۷]: اصل میں تھا اَلْقِيُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب امر حاضر ناقص یائی از افعال، قوانین، یبیع، یوسر، ساکنین، ہمزہ وصلی، نون اعرابی۔

۶۹-﴿فَأَرَادُوْا﴾[الآیة:۹۸]: اصل میں تھا اَرْوَدُوْا صیغہ جمع مذکر غائب ماضی معلوم از افعال، قوانین، یقال۔

۷۰-﴿هَبْ﴾[الآیة:۱۰۰]: اصل میں تھا اِوْهَبْ صیغہ واحد مذکر مخاطب امر حاضر مثال واوی از منع، قوانین، یعد، ہمزہ وصلی، امر حاضر۔

۷۱-﴿السَّعْيَ﴾[الآیة:۱۰۲]: اصل میں تھا سَعْيٌ بروزن فَعْلٌ صیغہ اسم مصدر از منع، قوانین، نون تنوین تثنیہ، حروف شمسی، ہمزہ وصلی۔

۷۲-﴿أَرَى﴾[الآیة:۱۰۲]: اصل میں تھا اَرْءَيُ صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معلوم مہموز العین وناقص یائی از منع، قوانین، مضارع، سَل، باع۔

۷۳-﴿سَتَجِدُ﴾[الآیۃ:۱۰۲]: اصل میں تھاتَوْجِدُ از ضرب۔

۷۴-﴿اَسْلَمَا﴾[الآیۃ:۱۰۳]: بروزن اَفْعَلاَ صیغہ تثنیہ مذکر غائب ماضی معلوم از افعال۔

۷۵-﴿مَنَنَّا﴾[الآیۃ:۱۱۴]: اصل میں تھامَنَنْنَا بروزن فَعَلْنَا صیغہ جمع متکلم ماضی معلوم، مضاعف ثلاثی از نصر، قانون، ادغام۔

۷۶-﴿تَتَّقُوْنَ﴾[الآیۃ:۱۲۴]: اصل میں تھاتَــوْتَــقِیُــوْنَ صیغہ جمع مذکر مخاطب مضارع معلوم لفیف مفروق از افتعال، قوانین، اتعد، ادغام، مضارع اور تعلم کا لگ سکتا ہے۔

۷۷-﴿تَدْعُوْنَ﴾[الآیۃ:۱۲۵]: اصل میں تھاتَدْعُوُوْنَ از نصر یہ صیغہ پہلے کئی دفعہ گزر چکا ہے۔

۷۸-﴿اَحْسَنَ﴾[الآیۃ:۱۲۵]: یہ باب شرف سے واحد مذکر اسم تفضیل کا صیغہ ہے۔

۷۹-﴿لَتَمُرُّوْنَ﴾[الآیۃ:۱۳۷]: اصل میں تھاتَمْرُرُوْنَ صیغہ جمع مذکر مخاطب مضارع از نصر، قوانین: مضارع، ادغام۔

۸۰-﴿اَبَقَ﴾[الآیۃ:۱۴۰]: بروزن فَعَلَ صیغہ واحد مذکر غائب مہموز الفاء از ضرب۔

۸۱-﴿فَسَاهَمَ﴾[الآیۃ:۱۴۱]: اصل میں تھاسَاهَمَ صیغہ واحد مذکر غائب ماضی معلوم از مفاعلہ۔

۸۲-﴿مُلِيْمٌ﴾[الآیۃ:۱۴۲]: اصل میں تھامُلْوِمٌ صیغہ واحد مذکر اسم فاعل اجوف واوی از افعال۔ قوانین: یقول، میعاد اور نون خفیفہ کا لگ سکتا ہے۔

۸۳-﴿يَــزِيْــدُوْنَ﴾[الآیۃ:۱۴۷]: اصل میں تھايَــزْيِــدُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب مضارع معلوم اجوف یائی از ضرب۔ قانون یبیع۔

۸۴-﴿اَصْــطَفٰى﴾[الآیۃ:۱۵۳]: اصل میں تھااِصْــتَــفَى صیغہ واحد مذکر غائب ماضی معلوم ناقص یائی از افتعال قوانین: اطلب، یاع، ساکنین، ہمزہ وصلی۔

۸۵-﴿فَأْتُوْا﴾[الآیۃ:۱۵۷]: اصل میں تھااِءْ تِيُوْا بروزن اِفْعِلُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب امر حاضر معلوم مہموز الفاء و ناقص یائی از ضرب، قوانین، آمن، ہمزہ وصلی، یبیع، یوسر، ساکنین، امر حاضر نون اعرابی، اور رائس کا لگ سکتا ہے۔

۸۶-﴿يَصِــفُوْنَ﴾[الآیۃ:۱۵۹]: اصل میں تھايَــوْصِــفُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم مثال واوی

ازضرب قانون یعد۔

۸۷-﴿صَالِ﴾[الآیۃ: ۱۶۳]: اصل میں تھا صَالِیٌ صیغہ واحد مذکر اسم فاعل از علم، قوانین، نون تنوین تثنیہ، یرمی، ساکنین، اسم فاعل۔

۸۸-﴿اَلصَّآفُّوْنَ﴾[الآیۃ: ۱۶۵]: اصل میں تھا صَافِفُوْنَ صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل از نصر، قوانین، اسم فاعل، ادغام ہمزہ وصلی۔

۸۹-﴿اَلْمَنْصُوْرُوْنَ﴾[الآیۃ: ۱۷۲]: صیغہ جمع مذکر سالم اسم مفعول از نصر، قوانین، اسم مفعول، بائے مطلق۔

۹۰-﴿تَوَلَّ﴾[الآیۃ: ۱۷۴]: اصل میں تھا تَوَلَّیْ بروزن تَفَعَّلْ صیغہ واحد مذکر مخاطب امر حاضر لفیف مفروق از تفعل۔ قانون: امر حاضر، لم یدع۔

سورۃ صٓ

۱-﴿ذِی الذِّكْرِ﴾[الآیۃ: ۱]: اصل میں تھا ذِكْرٌ یہ باب نصر سے مصدر ہے قوانین، نون تنوین تثنیہ، ہمزہ وصلی۔

۲-﴿فَنَادَوْا﴾[الآیۃ: ۳]: اصل میں تھا نَادَیُوْا بروزن فَاعَلُوْا صیغہ جمع مذکر غائب ماضی معلوم ناقص یائی از مفاعلہ، قوانین: قال، ساکنین۔

۳-﴿مَنَاصٍ﴾[الآیۃ: ۳]: اصل میں تھا مَنْوَصٌ بروزن مَفْعَلٌ یہ باب نصر سے مصدر میمی ہے۔ قانون، یقال۔

۴-﴿وَانْطَلَقَ﴾[الآیۃ: ۶]: اصل میں تھا اِنْطَلَقَ بروزن اِنْفَعَلَ صیغہ واحد مذکر غائب ماضی معلوم از انفعال، قوانین: ہمزہ وصلی، بائے مطلق۔

۵-﴿اَنِ امْشُوْا﴾[الآیۃ: ۶]: اصل میں تھا اِمْشِیُوْا بروزن اِفْعِلُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب امر حاضر معلوم ناقص یائی از ضرب۔ قوانین، یقول، یوسر، ساکنین، ہمزہ وصلی، امر حاضر، نون اعرابی۔

۶-﴿وَاصْبِرُوْا﴾[الآیۃ: ۶]: اِصْبِرُوْا بروزن اِفْعِلُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب امر حاضر معلوم از ضرب، قوانین: ہمزہ وصلی، امر حاضر، نون اعرابی۔

۷-﴿یُرَادُ﴾[الآیۃ: ۶]: اصل میں تھا یُرْوَدُ صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع مجہول اجوف واوی از افعال۔ قوانین مضارع معلوم، یقال۔

۸-﴿اِخْتِلَاقٌ﴾[الآیۃ:۷]: بروزن اِفْتِعَالٌ صیغہ اسم مصدر از افتعال۔ قوانین: ہمزہ وصلی، اور نون خفیفہ کا قانون جاری ہوسکتا ہے۔

۹-﴿لَمَّا يَذُوقُوا﴾[الآیۃ:۸]: اصل میں تھا يَذُوقُوْنَ از نصر، قوانین، مضارع، یقول، نون اعرابی۔

۱۰-﴿فَلْيَرْتَقُوا﴾[الآیۃ:۱۰]: اصل میں تھا لِيَرْتَقِيُوْا بروزن لِيَفْتَعِلُوْا صیغہ جمع مذکر غائب امر غائب معلوم ناقص یائی از افتعال، قوانین، یبیع، یقول، یوسر، ساکنین، نون اعرابی۔

۱۱-﴿مَهْزُوْمٌ﴾[الآیۃ:۱۱]: بروزن مَفْعُوْلٌ صیغہ واحد مذکر اسم مفعول از ضرب۔

۱۲-﴿اَلْخِطَابُ﴾[الآیۃ:۲۰]: اصل میں تھا خِطَابٌ بروزن فِعَالٌ صیغہ اسم مصدر از مفاعلہ۔ قانون: نون تنوین۔

۱۳-﴿لَا تَخَفْ﴾[الآیۃ:۲۲]: اصل میں تھا لَا تَخْوَفْ صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم اجوف واوی از علم، قوانین: یقال، ساکنین.

۱۴-﴿بَغٰى﴾[الآیۃ:۲۲]: اصل میں تھا بَغَيَ از ضرب۔

۱۵-﴿فَاحْكُمْ﴾[الآیۃ:۲۲]: اصل میں تھا اُحْكُمْ بروزن اُفْعُلْ از نصر، قوانین: ہمزہ وصلی، امر حاضر۔

۱۶-﴿وَاهْدِنَا﴾[الآیۃ:۲۲]: اس میں نا ضمیر منصوب متصل ہے، اِهْدِیْ بروزن اِفْعِلْ صیغہ واحد مذکر مخاطب امر حاضر ناقص یائی از ضرب، قوانین، ہمزہ وصلی، امر حاضر۔

۱۷-﴿اَكْفِلْنِيْهَا﴾[الآیۃ:۲۳]: اَكْفِلْ بروزن اَفْعِلْ صیغہ واحد مذکر مخاطب امر حاضر معلوم از افعال۔ اس میں (نِ) نون وقایہ ہے اور، ی، اور ھا دونوں ضمیر منصوب متصل ہے۔

۱۸-﴿فَتَنَّا﴾[الآیۃ:۲۴]: اصل میں تھا فَتَنْنَا صیغہ جمع متکلم از ضرب قانون، ادغام۔

۱۹-﴿فَاسْتَغْفَرَ﴾[الآیۃ:۲۴]: اِسْتَغْفَرَ صیغہ واحد مذکر غائب ماضی معلوم از استفعال، قانون: ہمزہ وصلی۔

۲۰-﴿خَرَّ﴾[الآیۃ:۲۴]: اصل میں تھا خَرَرَ از ضرب۔

۲۱-﴿اَنَابَ﴾[الآیۃ:۲۴]: اصل میں تھا اَنْوَبَ بروزن اَفْعَلَ صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم اجوف واوی از افعال، قوانین، یقال، بائے مطلق۔

۲۲-﴿یَضِلُّوْنَ﴾[الآیۃ:۲۶]: اصل میں تھا یَضْلِلُوْنَ از ضرب،

۲۳-﴿نَسُوْا﴾[الآیۃ:۲۶]: اصل میں تھا نَسِیُوْا صیغہ جمع مذکر غائب ماضی معلوم ناقص یائی از علم قوانین، یقول، یوسر، ساکنین۔

۲۴-﴿اَلْحِسَابِ﴾[الآیۃ:۲۶]: یہ فِعَالٍ کے وزن پر باب مفاعلہ سے مصدر ہے۔

۲۵-﴿ظَنٌّ﴾[الآیۃ:۲۷]: اصل میں تھا ظَنْنٌ بروزن فَعْلٌ صیغہ اسم مصدر مضاعف ثلاثی از نصر قوانین، ادغام، نون تنوین تثنیہ۔

۲۶-﴿کَالْفُجَّارِ﴾[الآیۃ:۲۸]: فُجَّارٌ بروزن فُعَّالٌ صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل از نصر۔ قوانین: ہمزہ وصلی، نون تنوین۔

۲۷-﴿لِیَدَّبَّرُوْا﴾[الآیۃ:۲۹]: اصل میں تھا یَتَدَبَّرُوْنَ بروزن یَتَفَعَّلُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب مضارع معلوم از تفعل۔ قوانین: نون اعرابی۔ خصمٌ، ادغام، مضارع۔

۲۸-﴿حُبَّ﴾[الآیۃ:۳۲]: اصل میں تھا حُبْبٌ بروزن فُعْلٌ صیغہ اسم مصدر از نصر قوانین: ادغام، نون تنوین۔

۲۹-﴿تَوَارَتْ﴾[الآیۃ:۳۲]: اصل میں تھا تَوَارَیَتْ بروزن تَفَاعَلَتْ صیغہ واحد مونث غائب ماضی معلوم لفیف مفروق از تفاعل قوانین، باع، ساکنین۔

۳۰-﴿رُدُّوْهَا﴾[الآیۃ:۳۳]: اصل میں تھا اُرْدُدُوْا بروزن اُفْعُلُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب امر حاضر معلوم مضاعف ثلاثی از نصر قوانین، ادغام، همزہ وصلی، امر حاضر، نون اعرابی،

۳۱-﴿مَسْحًا﴾[الآیۃ:۳۳]: یہ باب منع سے مصدر ہے۔

۳۲-﴿اَلْقَیْنَا﴾[الآیۃ:۳۴]: بروزن اَفْعَلْنَا صیغہ جمع متکلم ماضی معلوم ناقص یائی از افعال۔

۳۳-﴿اَنَابَ﴾[الآیۃ:۳۴]: اصل میں تھا اَنْوَبَ بروزن اَفْعَلَ صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم اجوف واوی از افعال۔ قانون، یقال۔

۳۴-﴿اَصَابَ﴾[الآیۃ:۳۶]: اصل میں تھا اَصْوَبَ بروزن اَفْعَلَ قانون، یقال۔

۳۵-﴿بَنَّاءٍ﴾[الآیۃ:۳۷]: یہ باب ضرب سے مبالغہ کا صیغہ ہے غوّاص یہ باب نصر سے مبالغہ کا صیغہ ہے۔

۳۶-﴿فَامْنُنْ﴾[الآیۃ:۳۹]: اُمْنُنْ بروزن اُفْعُلْ صیغہ واحد مذکر مخاطب امر حاضر معلوم مضاعف ثلاثی از نصر۔ قوانین، امر حاضر، همزہ وصلی۔

۳۷-﴿بِنُصْبٍ﴾[الآیۃ: ۴۱]: یہ باب علم سے مصدر ہے۔

۳۸-﴿اُرْكُضْ﴾[الآیۃ: ۴۲]: بروزن اُفْعُلْ صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم از نصر۔

۳۹-﴿مُغْتَسَلٌ﴾[الآیۃ: ۴۲]: صیغہ واحد مذکر اسم مفعول از افتعال، قوانین، اسم مفعول، اور خُصِّمَ قانون لگنے کے بعد مُغَسَّل پڑھیں گے۔

۴۰-﴿بَارِدٌ﴾[الآیۃ: ۴۲]: یہ باب نصر سے اسم فاعل کا صیغہ ہے۔

۴۱-﴿خُذْ﴾[الآیۃ: ۴۴]: اصل میں تھااُءْ خُذْ بروزن اُفْعُلْ صیغہ واحد مذکر مخاطب امر حاضر معلوم مہموز الفاء از نصر۔ قوانین، امر حاضر، ہمزہ وصلی۔

تعلیل: ہمزہ ثانیہ کو بجائے حرف علت سے تبدیل کرنے کے تخفیفاً گرادیا تو اُخُذْ بن گیا پھر ہمزہ کو مابعد کے متحرک ہوجانے کی وجہ سے گرادیا تو خُذْ بن گیا۔

۴۲-﴿اَلْمُصْطَفَيْنَ﴾[الآیۃ: ۴۷]: اصل میں تھامُصْتَفَيِيْنَ بروزن مُفْتَعَلِيْنَ صیغہ جمع مذکر سالم اسم مفعول ناقص یائی از افتعال۔ قوانین، باع، ساکنین، اصبر، اسم مفعول۔

۴۳-﴿اَلْاَخْيَارِ﴾[الآیۃ: ۴۷]: یہ جمع مذکر صفت مشبہ کا صیغہ ہے باب ضرب سے۔

۴۴-﴿مُفَتَّحَةً﴾[الآیۃ: ۵۰]: بروزن مُفَعَّلَةٌ صیغہ واحد مؤنث اسم مفعول از تفعیل۔

۴۵-﴿لَرِزْقُنَا﴾[الآیۃ: ۵۴]: اصل میں تھارِزْقٌ بروزن فِعْلٌ صیغہ اسم مصدر از نصر۔

۴۶-﴿يَصْلَوْنَ﴾[الآیۃ: ۵۶]: اصل میں تھايَصْلَيُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم ناقص یائی از علم، قوانین، باع، ساکنین، مضارع۔

۴۷-﴿فَلْيَذُوْقُوْهُ﴾[الآیۃ: ۵۷]: اصل میں تھايَذُوْقُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب مضارع معلوم اجوف واوی از نصر۔ قوانین، نون اعرابی، یقول، حلقی العین۔

۴۸-﴿صَالُوا النَّارِ﴾[الآیۃ: ۵۹]: صَالُوْا اصل میں تھاصَالِيُوْنَ صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل ناقص یائی از علم۔ قوانین: یقول، یوسر، ساکنین، نون تنوین تثنیہ۔

۴۹-﴿قَدَّمْتُمُوْهُ﴾[الآیۃ: ۶۰]: قَدَّمْتُمْ بروزن فَعَّلْتُمْ صیغہ جمع مذکر مخاطب ماضی معلوم از تفعیل۔

۵۰-﴿فَزِدْهُ﴾[الآیۃ: ۶۱]: اصل میں تھا اِزْيِدْ بروزن اِفْعِلْ صیغہ واحد مذکر مخاطب امر حاضر معلوم اجوف یائی از ضرب۔
قوانین، بیبع، ساکنین ہمزہ وصلی،

۵۱-﴿لَانَرٰی﴾[الآیۃ: ۶۲]: اصل میں تھا لَانَرْءَیُ صیغہ جمع متکلم فعل مضارع نفی معلوم مہموز العین وناقص یائی از منع۔

۵۲-﴿نَعُدُّ﴾[الآیۃ: ۶۲]: اصل میں تھا نَعْدُدُ از نصر، قوانین: ادغام، مضارع۔

۵۳-﴿اَتَّخَذْنَاهُمْ﴾[الآیۃ: ۶۳]: اصل میں تھا اِءْ تَخَذْنَا بروزن اِفْتَعَلْنَا صیغہ جمع متکلم ماضی معلوم مہموز الفاء از افتعال۔
قوانین، آمن، اتعد، ادغام، ہمزہ وصلی، کیونکہ موجودہ ہمزہ استفہام کا ہے جس کے آنے سے ہمزہ وصلی گر گیا ہے۔

۵۴-﴿زَاغَتْ﴾[الآیۃ: ۶۳]: اصل میں تھا زَيَغَتْ از ضرب، قانون، باع۔

۵۵-﴿تَخَاصُمُ﴾[الآیۃ: ۶۴]: بروزن تَفَاعُلُ صیغہ اسم مصدر از تفاعل، قوانین، نون تنوین تثنیہ۔

۵۶-﴿اَلْغَفَّارُ﴾[الآیۃ: ۶۶]: یہ باب ضرب سے مبالغہ کا صیغہ ہے، قانون: نون تنوین۔

۵۷-﴿فَقَعُوْا﴾[الآیۃ: ۷۲]: اصل میں تھا اَوْقَعُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب امر حاضر مثال واوی از منع، قوانین، یعد، ہمزہ وصلی،
امر حاضر، نون اعرابی۔

۵۸-﴿اَسْتَكْبَرْتَ﴾[الآیۃ: ۷۵]: اصل میں تھا اِسْتَكْبَرْتَ بروزن اِسْتَفْعَلْتَ صیغہ واحد مذکر مخاطب ماضی معلوم از استفعال۔
قانون، ہمزہ وصلی۔

۵۹-﴿اَلْعَالِيْنَ﴾[الآیۃ: ۷۵]: اصل میں تھا عَالِوِيْنَ بروزن فَاعِلِيْنَ صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل ناقص واوی از نصر۔
قوانین، دُعِیَ، یری، ساکنین، اسم فاعل۔

۶۰-﴿فَاخْرُجْ﴾[الآیۃ: ۷۷]: اُخْرُجْ بروزن اُفْعُلْ صیغہ واحد مذکر مخاطب امر حاضر از نصر قانون، ہمزہ وصلی، امر حاضر۔

سورة الزمر

۱-﴿لِيُقَرِّبُوْنَا﴾[الآیۃ: ۳]: اصل میں تھا يُقَرِّبُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب مضارع معلوم از تفعیل، قوانین، نون اعرابی، مضارع۔ لام

کئی کے بعد ان مقدر ہے اس نے نون اعرابی کو گرایا ہے۔

۲-﴿لَاصْطَفٰی﴾[الآیۃ:۴]: اصل میں تھا اِصْتَفَیَ بروزن اِفْتَعَلَ صیغہ واحد مذکر غائب مضارع معلوم ناقص یائی از افتعال، قوانین، ہمزہ وصلی، اصبر، قال۔

۳-﴿اِنْ تَكْفُرُوْا﴾[الآیۃ:۷]: اصل میں تھا تَكْفُرُوْنَ از نصر، قوانین، نون اعرابی، بائے مطلق، مضارع۔

۴-﴿لَایَرْضٰی﴾[الآیۃ:۷]: اصل میں تھا لَایَرْضَوُ صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم ناقص واوی از علم، قوانین یدعٰی، قال۔

۵-﴿يَرْضَهُ﴾[الآیۃ:۷]: اس میں ھا ضمیر منصوب متصل ہے، یَرْضَ اصل میں تھا یَرْضَوُ از علم الخ۔

تعلیل: واو واقع ہوئی چوتھی جگہ پر ماقبل والی حرکت اسکے مخالف تھی تو اس واو کو ی سے بدل دیا تو یَرْضَیُ بن گیا پھر ان شرطیہ کی وجہ سے یا گرگئی کیونکہ یَرْضَ جزاء بن رہا ہے۔

۶-﴿تَمَتَّعْ﴾[الآیۃ:۸]: بروزن تَفَعَّلْ صیغہ واحد مذکر مخاطب امر حاضر از تفعل، قانون، امر حاضر معلوم۔

۷-﴿يُوَفّٰی﴾[الآیۃ:۱۰]: اصل میں تھا یُوَفَّيُ صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع مجہول لفیف مفروق از تفعیل، قوانین، قال، ساکنین۔

۸-﴿اُمِرْتُ﴾[الآیۃ:۱۱]: بروزن فُعِلْتُ صیغہ واحد متکلم ماضی معلوم مہموز الفاء از نصر۔

۹-﴿اَنْ اَعْبُدَ﴾[الآیۃ:۱۱]: اصل میں تھا اَعْبُدُ صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معلوم از نصر۔

۱۰-﴿اَخَافُ﴾[الآیۃ:۱۳]: اصل میں تھا اَخْوَفُ بروزن اَفْعَلُ صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معلوم اجوف واوی از علم، قانون، یقال۔

۱۱-﴿عَصَيْتُ﴾[الآیۃ:۱۳]: بروزن فَعَلْتُ از ضرب۔

۱۲-﴿شِئْتُمْ﴾[الآیۃ:۱۵]: اصل میں تھا شَيِئْتُمْ صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم اجوف یائی و مہموز اللام از منع، قوانین: باع، ساکنین، خِفْنَ۔

۱۹- ﴿يَطُوْفُوْنَ﴾[الآية: ۴۴]: اصل میں تھا يَطْوُفُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب مضارع معلوم اجوف واوی از نصر، قانون، یقول۔

۲۰- ﴿خَافَ﴾[الآية: ۴۶]: اصل میں تھا خَوِفَ از علم، قانون، قال۔

۲۱- ﴿مُتَّكِئِيْنَ﴾[الآية: ۵۴]: اصل میں تھا مُوْتَكِئِيْنَ بروزن مُفْتَعِلِيْنَ صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل مثال واوی ومہموز اللام از افتعال، قوانین اتعد، ادغام۔

۲۲- ﴿دَانٍ﴾[الآية: ۵۴]: اصل میں تھا دَانِوٌ صیغہ واحد مذکر اسم فاعل ناقص واوی از نصر، قوانین، دُعِیَ یری، ساکنین، اور بقانون نون خفیفہ دَانِیْ پڑھنا جائز ہے۔

۲۳- ﴿مُدْهَآمَّتَانِ﴾[الآية: ۶۴]: بروزن مُفْعَالَّتَانِ صیغہ تثنیہ مؤنث اسم فاعل واسم مفعول صحیح از افعیلال، اس کے علاوہ تثنیہ اسم ظرف کا صیغہ بھی بن سکتا ہے۔

۲۴- ﴿حِسَانٌ﴾[الآية: ۷۱]: بروزن فِعَالٌ صیغہ جمع مؤنث مکسر صفت مشبہ از شرف۔

۲۵-﴿مَقْصُوْرَاتٌ﴾[الآیۃ: ۷۲]: صیغہ جمع مؤنث سالم اسم مفعول از نصر۔ قوانین، اسم مفعول، ضرب بن نمبر ا
اور نون خفیفہ کا لگ سکتا ہے۔

سورۃ الرحمن میں مشکل صیغیں:

۱-﴿فَانٍ﴾[الآیۃ: ۲۶]، ۲۱-﴿مُتَّکِئِیْنَ﴾[الآیۃ: ۵۴]، ۲۲-﴿دَانٍ﴾[الآیۃ: ۵۴]، ۲۳-﴿مُدْهَامَّتَانِ﴾[الآیۃ: ۶۴]

سورۃ الواقعۃ

۱-﴿رُجَّتْ﴾[الآیۃ: ۴]: اصل میں تھا رُجِجَتْ بروزن فُعِلَتْ صیغہ واحد مؤنث غائب ماضی مجہول مضاعف ثلاثی از نصر۔
قوانین، ماضی مجہول، ادغام۔

۲-﴿رَجًّا﴾[الآیۃ: ۴]: اصل میں تھا رَجْجًا بروزن فَعْلًا صیغہ اسم مصدر مضاعف ثلاثی از نصر۔ قوانین، ادغام، نون خفیفہ۔

۳-﴿بُسَّتِ﴾[الآیۃ: ۵]: اصل میں تھا بُسِسَتْ بروزن فُعِلَتْ صیغہ واحد مؤنث غائب ماضی مجہول مضاعف ثلاثی
از نصر۔ قوانین، ماضی مجہول، ادغام۔

۴-﴿بَسًّا﴾[الآیۃ: ۵]: اصل میں تھا بَسْسًا بروزن فَعْلًا صیغہ اسم مصدر مضاعف ثلاثی از نصر۔

۵-﴿مُنْبَثًّا﴾[الآیۃ: ۶]: اصل میں تھا مُنْبَثِثًا بروزن مُنْفَعَلًا صیغہ واحد مذکر اسم مفعول مضاعف ثلاثی از انفعال۔ قوانین
بائے مطلق، ادغام، نون خفیفہ، اسم مفعول۔

۶-﴿الْمَیْمَنَةِ﴾[الآیۃ: ۸]: اس کے آخر میں تا مبالغہ کے لئے ہے یہ یَمَنٌ سے مصدر میمی ہے۔

۷-﴿الْمَشْئَمَةِ﴾[الآیۃ: ۹]: یہ بھی شُئم سے مصدر میمی ہے۔

۸-﴿مَوْضُوْنَةٍ﴾[الآیۃ: ۱۵]: بروزن مَفْعُوْلَةٌ صیغہ واحد مؤنث اسم مفعول مثال واوی از ضرب۔ قانون، اسم مفعول۔

۹-﴿مُتَقَابِلِیْنَ﴾[الآیۃ: ۱۶]: بروزن مُتَفَاعِلِیْنَ صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل از تفاعل۔

۱۰-﴿مُخَلَّدُوْنَ﴾[الآیۃ: ۱۷]: مُفَعَّلُوْنَ صیغہ جمع مذکر سالم اسم مفعول از تفعیل۔

۱۱-﴿تَأْثِیْمًا﴾[الآیۃ: ۲۵]: بروزن تَفْعِیْلًا صیغہ اسم مصدر مہموز الفاء از تفعیل۔ قانون، نون خفیفہ اور اس کا ... ہے۔

۱۲-﴿یُصِرُّوْنَ﴾[الآیۃ:۴۶]:اصل میں تھایُصْرِرُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب مضارع معلوم مضاعف ثلاثی از افعال۔
قوانین،مضارع،ہمزہ وصلی،ادغام۔

۱۳-﴿شُرْبَ﴾[الآیۃ:۵۵]:بروزن فُعْل یہ باب علم سے مصدر ہے۔

۱۴-﴿تُمْنُوْنَ﴾[الآیۃ:۵۸]:اصل میں تھاتُمْنِیُوْنَ صیغہ جمع مذکر مخاطب مضارع معلوم ناقص یائی از افعال،قوانین:
بیبع،یوسر،ساکنین،مضارع،ہمزہ وصلی۔

۱۵-﴿فَظَلْتُمْ﴾[الآیۃ:۶۵]:اصل میں تھاظَلِلْتُمْ صیغہ جمع مذکر مخاطب ماضی معلوم مضاعف ثلاثی از علم فائدہ:اس میں
ایک لام کوتخفیفاحذف کیا گیا ہے۔

۱۶-﴿تَفَکَّھُوْنَ﴾[الآیۃ:۶۵]:اصل میں تھاتَتَفَکَّھُوْنَ صیغہ جمع مذکر مخاطب مضارع معلوم از تفعّل،قوانین:
مضارع تائے مضارعت۔

۱۷-﴿لَمُغْرَمُوْنَ﴾[الآیۃ:۶۶]:صیغہ جمع مذکر سالم اسم مفعول از ضرب۔

۱۸-﴿تُوْرُوْنَ﴾[الآیۃ:۷۱]:اصل میں تھاتُوْرِیُوْنَ صیغہ جمع مذکر مخاطب مضارع معلوم لفیف مفروق از افعال۔
قوانین:بیبع،یوسر،ساکنین،مضارع،ہمزہ وصلی۔

۱۹-﴿مُقْوِیْنَ﴾[الآیۃ:۷۳]:اصل میں تھامُقْوِیِیْنَ صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل لفیف مقرون از افعال۔
قوانین:بیبع،ساکنین،اسم فاعل۔

۲۰-﴿تَذْکِرَۃً﴾[الآیۃ:]:یہ تَفْعِلَۃٌ کے وزن پر باب تفعیل سے مصدر ہے۔

۲۱-﴿مَدِیْنِیْنَ﴾[الآیۃ:۸۶]:اصل میں تھامَدْیُوْنِیْنَ بروزن مَفْعُوْلِیْنَ صیغہ جمع مذکر سالم اسم مفعول اجوف یائی از ضرب۔
تعلیل:یاء پرضمہ ثقیل تھانقل کر کے ماقبل دال کو دیا تومَدُیْوْنِیْنَ ہوگیا پھر التقائے ساکنین آیا ی اور واو کے درمیان یا کو گرادیا تو
مَدُوْنِیْنَ ہوگیا پھر دال کے ضمہ کو کسرہ سے بدل دیا تومَدِوْنِیْنَ ہوگیا پھر واو کو بقانون میعادی سے بدل دیا تو مَدِیْنِیْنَ ہوگیا۔

۲۲-﴿تَصْلِیَۃُ﴾[الآیۃ:۹۴]:یہ تَفْعِلَۃٌ کے وزن پر باب تفعیل سے مصدر ہے قانون،نون تنوین تثنیہ۔

سورۃ الواقعہ میں مشکل صیغیں:

۵-﴿مُنۡبَثًّا﴾[الآية:٦]، ۱۴-﴿تُمۡنُوۡنَ﴾[الآية:۵۸]، ۱۵-﴿فَظَلۡتُمۡ﴾[الآية:٦۵]،

۱٦-﴿تَفَكَّهُوۡنَ﴾[الآية:٦۵]، ۱۸-﴿تُوۡرُوۡنَ﴾[الآية:۷۱]، ۲۰-﴿تَذۡكِرَةً﴾[الآية:]،

۲۱-﴿مَدِيۡنِيۡنَ﴾[الآية:۸٦]، ۲۲-﴿تَصۡلِيَةُ﴾[الآية:۹۴].

سورة الحديد

۱-﴿يَلِجُ﴾[الآية:۴]:اصل میں تھا يَوۡلِجُ صیغہ واحد مذکر غائب مضارع معلوم مثال واوی از ضرب قانون،یعد۔

۲-﴿اٰمِنُوۡا﴾[الآية:۷]:اصل میں تھا اَءۡمِنُوۡا از افعال الخ۔

۳-﴿مُسۡتَخۡلَفِيۡنَ﴾[الآية:۷]:صیغہ جمع مذکر سالم اسم مفعول از استفعال۔

۴-﴿لِتُؤۡمِنُوۡا﴾[الآية:۸]:اصل میں تھا تُؤۡمِنُوۡنَ از افعال الخ،

۵-﴿يَسۡعٰى﴾[الآية:۱۲]:اصل میں تھا يَسۡعَيُ واحد مذکر مضارع از منع۔

٦-﴿نَقۡتَبِسۡ﴾[الآية:۱۳]:اصل میں تھا نَقۡتَبِسُ صیغہ جمع متکلم مضارع معلوم از افتعال الخ۔

۷-﴿فَالۡتَمِسُوۡا﴾[الآية:۱۳]:اصل میں تھا اِلۡتَمِسُوۡا صیغہ جمع مذکر مخاطب امر حاضر معلوم از افتعال،قوانین،ہمزہ وصلی، نون اعرابی،امر حاضر۔

۸-﴿تَرَبَّصۡتُمۡ﴾[الآية:۱۴]:بروزن تَفَعَّلۡتُمۡ صیغہ جمع مذکر مخاطب ماضی معلوم از تفعل۔قانون:ضرب تم۔

۹-﴿وَارۡتَبۡتُمۡ﴾[الآية:۱۴]:اصل میں تھا اِرۡتَيَبۡتُمۡ بروزن اِفۡتَعَلۡتُمۡ صیغہ جمع مذکر مخاطب ماضی معلوم اجوف یائی از افتعال،قوانین ہمزہ وصلی،باع،ساکنین،ضرب تم۔

۱۰-﴿غَرَّتۡ﴾[الآية:۱۴]:اصل میں تھا غَرَرَتۡ از نصر،قانون:ادغام۔

۱۱-﴿لَمۡ يَاۡنِ﴾[الآية:۱٦]:اصل میں تھا لَمۡ يَأۡنِيُ صیغہ واحد مذکر غائب فعل جحد معلوم مہموز الفاو ناقص یائی از ضرب، قوانین:لَم یدع،اور راس کا لگ سکتا ہے۔

۱۲-﴿قَسَتۡ﴾[الآية:۱٦]:اصل میں تھا قَسَوَتۡ از ضرب،قوانین،باع،ساکنین۔

۱۳-﴿مُصَّدِّقِيْنَ﴾[الآية:۱۸]:اصل میں تھامُتَصَدِّقِيْنَ بروزن مُتَفَعِّلِيْنَ صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل از تفعل ،قوانین:خصم، ادغام،اسم فاعل۔

۱۴-﴿وَالْمُصَّدِّقَاتِ﴾[الآية:۱۸]:اصل میں تھامُتَصَدِّقَاتِ صیغہ جمع مؤنث سالم اسم فاعل از تفعل ،قوانین،نون تنوین تثنیہ،ہمزہ وصلی،ضرب نمبرا،خصم۔

۱۵-﴿تَفَاخُرٌ﴾[الآية:۲۰]:تکاثُرٌ یہ دونوں باب تفاعل سے مصدر ہے۔

۱۶-﴿يَهِيْجُ﴾[الآية:۲۰]:اصل میں تھایَهْيِجُ صیغہ واحد مذکر غائب مضارع معلوم اجوف یائی از ضرب ،قوانین،مضارع ہیج۔

۱۷-﴿فَتَرَاهُ﴾[الآية:۲۰]:اصل میں تھا تَرْءَىُ الخ۔

۱۸-﴿مُصْفَرًّا﴾[الآية:۲۰]:بروزن مُفْعَلًّا صیغہ واحد مذکر اسم مفعول از افعلال۔

۱۹-﴿رِضْوَانٌ﴾[الآية:۲۰]:یہ فِعْلَانٌ کے وزن پر باب علم سے مصدر ہے۔

۲۰-﴿أُعِدَّتْ﴾[الآية:۲۱]:اصل میں تھا أُعْدِدَتْ از افعال الخ۔ أَصَابَ اصل میں تھا أَصْوَبَ از افعال الخ۔

۲۱-﴿لَا تَأْسَوْا﴾[الآية:۲۳]:اصل میں تھا لَا تَأْسَيُوْا از علم الخ۔

۲۲-﴿فَاتَ﴾[الآية:۲۳]:اصل میں تھا فَوَتَ از نصر۔

۲۳-﴿مُهْتَدٍ﴾[الآية:۲۶]:اصل میں تھامُهْتَدِيٌ صیغہ واحد مذکر اسم فاعل ناقص یائی از افتعال ،قوانین،یرمی،ساکنین،خصم اور خفیفہ کے قوانین جاری ہو سکتے ہیں۔

۲۴-﴿قَفَّيْنَا﴾[الآية:۲۷]:بروزن فَعَّلْنَا جمع متکلم ماضی معلوم ناقص یائی از تفعیل۔

۲۵-﴿رَعَوْهَا﴾[الآية:۲۷]:اصل میں تھارَعَيُوْا صیغہ جمع مذکر غائب ماضی معلوم ناقص یائی از ضرب ،قوانین:باع،ساکنین۔

سورۃ حدید میں مشکل صیغیں:

۹-﴿وَارْتَبْتُمْ﴾[الآية:۱۴]،۱۱-﴿لَمْ يَأْنِ﴾[الآية:۱۶]،۱۳-﴿مُصَّدِّقِيْنَ﴾[الآية:۱۸]،
۱۴-﴿وَالْمُصَّدِّقَاتِ﴾[الآية:۱۸]،۲۳-﴿مُهْتَدٍ﴾[الآية:۲۶]۔

سورۃ المجادلۃ (اٹھائیسواں پارہ)

۱- ﴿تُجَادِلُ﴾[الآیۃ: ۱]: صیغہ واحد مؤنث غائب مضارع معلوم از مفاعلہ۔

۲- ﴿تَشْتَكِيْ﴾[الآیۃ: ۱]: اصل میں تھا تَشْتَكِيُ صیغہ واحد مؤنث غائب مضارع معلوم ناقص یائی از افتعال، قوانین: مضارع، یرمی، تعلم اور اقبہ یہ دونوں قوانین لگ سکتے ہے، یعنی تِشْكِيُ پڑھنا جائز ہے۔

۳- ﴿تَحَاوُرَكُمَا﴾[الآیۃ: ۱]: تَحَاوُرُ بروزن تَفَاعُلُ صیغہ اسم مصدر اجوف واوی از تفاعل، قانون، نون تنوین تثنیہ۔

۴- ﴿وَلَدْنَ﴾[الآیۃ: ۲]: بروزن فَعَلْنَ صیغہ جمع مؤنث غائب ماضی معلوم مثال واوی از ضرب، قوانین، ضرب نمبر: ۱۔

۵- ﴿يَعُوْدُوْنَ﴾[الآیۃ: ۳]: اصل میں تھا يَعْوُدُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب مضارع معلوم اجوف واوی از نصر، قوانین، یقول مضارع۔

۶- ﴿أَنْ يَّتَمَاسَّا﴾[الآیۃ: ۳]: اصل میں تھا يَتَمَاسَسَانِ بروزن يَتَفَاعَلَانِ صیغہ تثنیہ مذکر غائب مضارع معلوم مضاعف ثلاثی از تفاعل، قوانین، نون اعرابی، یرملون، ادغام، مضارع۔

۷- ﴿لَمْ يَجِدْ﴾[الآیۃ: ۳]: اصل میں تھا لَمْ يَوْجِدْ از ضرب الخ۔

۸- ﴿فَصِيَامُ﴾[الآیۃ: ۳]: اصل میں تھا صِوَامُ یہ باب نصر سے مصدر ہے۔ قِیَالٌ کا قانون اس میں لگا ہے۔

۹- ﴿يُحَادُّوْنَ﴾[الآیۃ: ۵]: اصل میں تھا يُحَادِدُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب مضارع معلوم مضاعف ثلاثی از مفاعلہ، قوانین: مضارع، ادغام۔

۱۰- ﴿أَحْصٰى﴾[الآیۃ: ۶]: اصل میں تھا أَحْصَيَ ماضی معلوم از افعال۔

۱۱- ﴿نَسُوْهُ﴾[الآیۃ: ۶]: اصل میں تھا نَسِيُوْا صیغہ جمع مذکر غائب ماضی معلوم ناقص یائی از علم، قوانین، یبیع، یوسر، ساکنین۔

۱۲- ﴿أَدْنٰى﴾[الآیۃ: ۷]: اصل میں تھا أَدْنَوُ واحد مذکر اسم تفضیل از نصر، قوانین، یدعٰی، باع۔

۱۳- ﴿يَتَنَاجَوْنَ﴾[الآیۃ: ۸]: اصل میں تھا يَتَنَاجَوُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب مضارع معلوم ناقص واوی از تفاعل، قوانین: قال، ساکنین، مضارع۔

۱۴- ﴿حَيَّوْكَ﴾[الآیۃ: ۸]: اصل میں تھا حَيَّيُوْا صیغہ جمع مذکر غائب ماضی معلوم لفیف مقرون از تفعل قوانین، باع، التقائے ساکنین۔

۱۵ –﴿لَمْ يُحَيِّ﴾[الآية:۸]:اصل میں تھالَمْ يُحَيِّيْ صیغہ واحد مذکر غائب فعل جحد معلوم لفیف مقرون از تفعیل،قانون:لم یدع۔

۱۶ –﴿مَعْصِيَتِ﴾[الآية:۹]:یہ باب ضرب سے مصدر ہے۔

۱۷ –﴿تَنَاجَيْتُمْ﴾[الآية:۹]:اصل میں تھاتَنَاجَوْتُمْ صیغہ جمع مذکر مخاطب ماضی معلوم ناقص واوی از تفاعل،قوانین یُدْعٰی بضربتم۔

۱۸ –﴿لَاتَتَنَاجَوْا﴾[الآية:۹]:اصل میں تھالَاتَتَنَاجَوُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب نہی حاضر معلوم ناقص واوی از تفاعل، قوانین یُدْعٰی ،باع،ساکنین،نون اعرابی۔

۱۹ –﴿بِضَآرِّ﴾[الآية:۱۰]:اصل میں تھاضَارِرٌ بروزن فَاعِلٌ صیغہ واحد مذکر اسم فاعل مضاعف ثلاثی از ضرب، قوانین:نون تنوین تثنیہ،اسم فاعل،ادغام۔

۲۰ –﴿نَاجَيْتُمْ﴾[الآية:۱۲]:اصل میں تھانَاجَوْتُمْ صیغہ جمع مذکر مخاطب ماضی معلوم ناقص واوی از مفاعلہ،قوانین یُدْعٰی بضربتم۔

۲۱ –﴿اَعَدَّ﴾[الآية:۱۵]:اصل میں تھااَعْدَدَ ماضی از افعال الخ۔

۲۲ –﴿صَدُّوْا﴾[الآية:۱۶]:اصل میں تھاصَدَدُوْا ازنصرالخ۔

۲۳ –﴿فِی الْاَذَلِّيْنَ﴾[الآية:۲۰]:اصل میں تھااَذْلَلِيْنَ بروزن اَفْعَلِيْنَ صیغہ جمع مذکر سالم اسم تفضیل مضاعف ثلاثی از ضرب،قوانین ادغام۔

۲۴ –﴿لَاتَجِدُ﴾[الآية:۲۲]:اصل میں تھالَا تَوْجِدُ ازضرب الخ۔

۲۵ –﴿يُوَآدُّوْنَ﴾[الآية:۲۲]:اصل میں تھايُوَادِدُوْنَ،صیغہ جمع مذکر غائب مضارع معلوم مثال واوی ومضاعف ثلاثی ازمفاعلہ،قوانین،مضارع،ادغام۔

۲۶ –﴿حَآدَّ﴾[الآية:۲۲]:اصل میں تھاحَادَدَ ماضی معلوم ازمفاعلہ،قانون،ادغام۔

۲۷ –﴿رَضِيَ﴾[الآية:۲۲]:اصل میں تھارَضِوَ ماضی معلوم ازعلم،قانون،دُعِیَ۔

۲۸ –﴿رَضُوْا﴾[الآية:۲۲]:اصل میں تھارَضِوُوْا صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم ناقص واوی ازعلم۔قوانین دُعِیَ، یقول،ساکنین۔

سورۃ المجادلۃ میں مشکل صیغیں:

۳-﴿تَحَاوُرَكُمَا﴾[الآية:۱]، ۱۱-﴿نَسُوْهُ﴾[الآية:٦]، ۱۸-﴿لَاتَتَنَاجَوْا﴾[الآية:۹]،

۱۹-﴿بِضَآرِّ﴾[الآية:۱۰]، ۲۳-﴿فِي الاَذَلِّيْنَ﴾[الآية:۲۰].

سورة الحشر

۱-﴿شَآقُّوا اللّٰهَ﴾[الآية:۴]: اصل میں تھاشَاقَقُوْا صیغہ جمع مذکر غائب ماضی معلوم مضاعف ثلاثی از مفاعلہ، قانون: ادغام۔

۲-﴿قَآئِمَةٌ﴾[الآية:۵]: اصل میں تھاقَاوِمَۃ صیغہ واحد مؤنث اسم فاعل اجوف واوی از نصر، قوانین: قائل، اسم فاعل۔

۳-﴿اَفَآءَ﴾[الآية:٦]: اصل میں تھااَفْوَءَ صیغہ واحد مذکر غائب ماضی معلوم اجوف واوی ومہموز اللام از افعال، قانون: یقال۔

۴-﴿فَخُذُوْهُ﴾[الآية:۷]: اصل میں تھااُءْ خُذُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب امر حاضر معلوم مہموز الفا از نصر، قوانین، امر حاضر، نون اعرابی۔

۵-﴿نَهٰى﴾[الآية:۷]: اصل میں تھا نَهَيَ از منع.

۶-﴿فَانْتَهُوْا﴾[الآية:۷]: اصل میں تھااِنْتَهِيُوْا بروزن اِفْتَعِلُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب امر حاضر معلوم ناقص یائی از افتعال، قوانین: یبیع، یوسر، ساکنین، امر حاضر، نون اعرابی، ہمزہ وصلی، یائے مطلق۔

۷-﴿تَبَوَّؤُ الدَّارَ﴾[الآية:۹]: تَبَوَّءُوْا بروزن تَفَعَّلُوْا صیغہ جمع مذکر غائب ماضی معلوم اجوف واوی ومہموز اللام از تفعیل، قانون: ادغام۔

۸-﴿لَايَجِدُوْنَ﴾[الآية:۸]: اصل میں تھالَايَوْجِدُوْنَ از ضرب الخ۔

۹-﴿يُوْقَ﴾[الآية:۹]: اصل میں تھا یُوْقَیُ صیغہ واحد مذکر غائب مضارع مجہول لفیف مفروق از ضرب، قوانین، یری، لم یدع۔

۱۰-﴿قُوْتِلْتُمْ﴾[الآية:۱۱]: بروزن فُوْعِلْتُمْ صیغہ جمع مذکر مخاطب ماضی مجہول صحیح از مفاعلہ، قوانین: ماضی مجہول، ضربتم، اسم الہ۔

۱۱-﴿اُخْرِجُوْا﴾[الآية:۱۲]: بروزن اُفْعِلُوْا صیغہ جمع مذکر غائب ماضی مجہول از افعال، قانون، ماضی مجہول۔

۱۲-﴿لَيُوَلُّنَّ﴾[الآية:۱۲]: صیغہ جمع مذکر غائب فعل مستقبل معلوم مؤکد باللام تاکید ونون ثقیلہ از تفعیل۔ اسکو بنایا لَيُوَلُّوْنَ سے اور یہ اصل میں تھا يُوَلِّيُوْنَ۔

تعلیل: ی پر ضمہ ثقیل تھا نقل کرکے ماقبل لام کو دیا تو لَيُوَلُّيُوْنَ ہوگیا پھر ی ساکن منظر تھی ماقبل اسکا مضموم تھا توی کو بقانون

یسر واو سے بدل دیا تو لَیُوَلُّوُوْنَ ہوگیا پھر پہلے واو کو بقانون ساکنین گرادیا تو لَیُوَلُّوْنَ ہوگیا پھر ابتدا میں لام تاکید لے کر آیا اور آخر میں نون ثقیلہ، نون ثقیلہ لگنے کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا، تو لَیُوَلُّوْنَ ہوگیا، اب التقائے ساکنین آیا واو اور نون مدغم کے درمیان تو واو کو گرا دیا تو لَیُوَلُّنَّ ہوگیا، قوانین، قال، ساکنین، نون اعرابی۔

۱۳ -﴿اَشَدُّ﴾[الآیۃ:۱۳]: اصل میں تھا اَشْدَدُ اسم تفضیل ازنصر الخ۔

۱۴ -﴿رَهْبَةً﴾[الآیۃ:۱۳]: صیغہ اسم مصدر ازمنع۔

۱۵ -﴿مُحَصَّنَةٍ﴾[الآیۃ:۱۴]: بروزن مُفَعَّلَةٌ صیغہ واحد مؤنث اسم مفعول از تفعیل۔

۱۶ -﴿ذَاقُوْا﴾[الآیۃ:۱۵]: اصل میں تھا ذَوَقُوْا ازنصر قانون، قال۔

۱۷ -﴿وَلْتَنْظُرْ﴾[الآیۃ:۱۸]: اصل میں تھا لِتَنْظُرْ صیغہ واحد مذکر غائب امر غائب ازنصر قوانین، حلقی العین، بائے مطلق۔

۱۸ -﴿نَسُوا اللّٰهَ﴾[الآیۃ:۱۹]: اصل میں تھا نَسِيُوْا صیغہ جمع مذکر غائب ماضی معلوم ناقص یائی ازعلم قوانین، بیبع، یوسر، ساکنین۔

۱۹ -﴿فَاَنْسٰى﴾[الآیۃ:۱۹]: اصل میں تھا اَنْسَيَ ازافعال الخ، قوانین، بائے مطلق، باع۔

۲۰ -﴿اَلْفَائِزُوْنَ﴾[الآیۃ:۲۰]: اصل میں تھا فَاوِزُوْنَ صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل اجوف واوی ازنصر قوانین، اسم فاعل، قائل۔

۲۱ -﴿مُتَصَدِّعًا﴾[الآیۃ:۲۱]: بروزن مُتَفَعِّلًا صیغہ واحد مذکر اسم فاعل از تفعل، قوانین، اسم فاعل، خصم قانون لگنے کے بعد مُصَّدِّعًا پڑھ سکتے ہو۔

۲۲ -﴿اَلْمُهَيْمِنُ﴾[الآیۃ:۲۳]: اصل میں تھا مُهَيْمِنٌ بروزن مُفَعْلِلٌ صیغہ واحد مذکر اسم فاعل رباعی مجرد از فعللۃ۔

سورۃ الحشر میں مشکل صیغیں:

۱۲ -﴿لَيُوَلُّنَّ﴾[الآیۃ:۱۲]، ۱۷ -﴿وَلْتَنْظُرْ﴾[الآیۃ:۱۸]، ۱۸ -﴿نَسُوا اللّٰهَ﴾[الآیۃ:۱۹].

سورة الممتحنة

۱ -﴿لَاتَتَّخِذُوْا﴾[الآیۃ:۱]: اصل میں تھا لَاتَأْتَخِذُوْا ازافتعال۔

۲ -﴿اَنْ تُؤْمِنُوْا﴾[الآیۃ:۱]: اصل میں تھا تُؤَمِنُوْنَ ازافعال الخ۔

۳-﴿جِهَادًا﴾[الآية: ۱]: بروزن فِعَالًا صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ از مفاعلہ۔

۴-﴿وَابْتِغَآءَ﴾[الآية: ۱]: اصل میں تھا اِبْتِغَایٌ بروزن افتعال صیغہ اسم مصدر ناقص یائی از افتعال۔ قوانین: ہمزہ وصلی، دُعاء۔

۵-﴿تُسِرُّوْنَ﴾[الآية: ۱]: اصل میں تھا تُسْرِرُوْنَ صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم از افعال۔

۶-﴿إِنْ يَّثْقَفُوْكُمْ﴾[الآية: ۲]: اصل میں تھا يَثْقَفُوْنَ الخ۔

۷-﴿يَكُوْنُوْا﴾[الآية: ۲]: اصل میں تھا يَكُوْنُوْنَ الخ۔

۸-﴿اَعْدَآءً﴾[الآية: ۲]: اصل میں تھا اَعْدَاوٌ جمع مذکر مکسر اسم فاعل ناقص واوی از نصر قوانین، دعاء اور نون خفیفہ کا لگ سکتا ہے۔

۹-﴿وَيَبْسُطُوْا﴾[الآية: ۲]: اصل میں تھا يَبْسُطُوْنَ الخ۔

۱۰-﴿وَدُّوْا﴾[الآية: ۲]: اصل میں تھا وَدِدُوْا از علم۔

۱۱-﴿لَاَسْتَغْفِرَنَّ﴾[الآية: ۴]: صیغہ واحد متکلم فعل مستقبل معلوم مؤکد بالام تاکید و نون ثقیلہ از استفعال۔

۱۲-﴿تَوَكَّلْنَا﴾[الآية: ۴]: صیغہ جمع متکلم ماضی معلوم مثال واوی از تفعل۔

۱۳-﴿اَنَبْنَا﴾[الآية: ۴]: اصل میں تھا اَنْوَبْنَا صیغہ جمع متکلم ماضی معلوم اجوف واوی از افعال، قوانین، یقال، ساکنین۔

۱۴-﴿عَادَيْتُمْ﴾[الآية: ۷]: اصل میں تھا عَادَوْتُمْ صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم ناقص واوی از علم قوانین ییدعیٰ بضربتم۔

۱۵-﴿لَا يَنْهٰى﴾[الآية: ۸]: اصل میں تھا لَا يَنْهَيُ از علم الخ۔

۱۶-﴿اَنْ تَبَرُّوْا﴾[الآية: ۸]: اصل میں تھا تَبْرَرُوْنَ الخ۔

۱۷-﴿اَنْ تَوَلَّوْهُمْ﴾[الآية: ۹]: اصل میں تھا تَتَوَلَّيُوْنَ صیغہ جمع مذکر مخاطب مضارع معلوم لفیف مفروق از تفعل، قوانین: تائے مضارعت، یاءع، ساکنین، بائے مطلق۔

۱۸-﴿فَامْتَحِنُوْا﴾[الآية: ۱۰]: اصل میں تھا اِمْتَحِنُوْا بروزن اِفْتَعِلُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب امر حاضر معلوم از افتعال، قوانین، ہمزہ وصلی، امر حاضر، نون اعرابی۔

۱۹-﴿یَحِلُّوْنَ﴾[الآیۃ:۱۰]:اصل میں تھایَحْلِلُوْنَ ازضرب الخ۔

۲۰-﴿اٰتُوْھُمْ﴾[الآیۃ:۱۰]:اصل میں تھاأَءْتِیُوْ بروزن اَفْعِلُوْ اصیغہ جمع مذکر مخاطب امر حاضر معلوم مہموز الفاو ناقص یائی ازافعال۔قوانین،آمَن،یبیع،یوسر،ساکنین،امر حاضر،نون اعرابی۔

۲۱-﴿اَلْکَوَافِرِ﴾[الآیۃ:۱۰]:اصل میں تھا کَوَافِرُ بروزن فَوَاعِلُ صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم فاعل ازنصر۔

۲۲-﴿وَسْئَلُوْا﴾[الآیۃ:۱۰]:اصل میں تھااِسْئَلُوْا بروزن اِفْعَلُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب امر حاضر معلوم مہموز العین ازمنع، قوانین،یسال،ہمزہ وصلی،امر حاضر،نون اعرابی۔

۲۳-﴿وَلْیَسْئَلُوْا﴾[الآیۃ:۱۰]:اصل میں تھالِیَسْئَلُوْا صیغہ جمع مذکر غائب امر غائب معلوم مہموز العین ازمنع،قوانین: حلقی العین،نون اعرابی۔

۲۴-﴿لَا یَزْنِیْنَ﴾[الآیۃ:۱۲]:بروزن لَایَفْعِلْنَ صیغہ جمع مؤنث غائب فعل نفی معلوم اجوف یائی ازضرب۔

۲۵-﴿لَایَاْتِیْنَ﴾[الآیۃ:۱۲]:بروزن لَایَفْعِلْنَ صیغہ جمع مؤنث غائب فعل نفی معلوم مہموز الفاو ناقص یائی ازضرب۔

۲۶-﴿یَفْتَرِیْنَهٗ﴾[الآیۃ:۱۲]:اصل میں تھایَفْتَرِیْنَ بروزن یَفْتَعِلْنَ صیغہ جمع مؤنث غائب مضارع معلوم ناقص یائی ازافتعال۔

۲۷-﴿یَئِسُوْا﴾[الآیۃ:۱۳]:بروزن فَعِلُوْا صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم مثال یائی ومہموز اللام ازعلم۔

سورۃ الممتحنہ میں مشکل صیغیں:

۱۳-﴿اَبْنَا﴾[الآیۃ:۴]،۱۴-﴿عَادَیْتُمْ﴾[الآیۃ:۷]،۱۷-﴿اَنْ تَوَلَّوْھُمْ﴾[الآیۃ:۹]، ۲۳-﴿وَلْیَسْئَلُوْا﴾[الآیۃ:۱۰]،۲۶-﴿یَفْتَرِیْنَهٗ﴾[الآیۃ:۱۲].

سورۃ الصّف

۱-﴿کَبُرَ﴾[الآیۃ:۳]:صیغہ واحد مذکر غائب ماضی معلوم ازشرف۔اس کوبقانون حلقی العین کَبْرَ پڑھنا جائز ہے۔

۲-﴿صَفًّا﴾[الآیۃ:۴]:اصل میں تھاصَفْفًا صیغہ اسم مصدر مضاعف ثلاثی ازنصر۔

۳-﴿مَرْصُوْصٌ﴾[الآیۃ ۴]:بروزن مَفْعُوْلٌ صیغہ واحد مذکر اسم مفعول مضاعف ثلاثی ازنصر۔

۴-﴿تُؤْذُوْنَنِی﴾[الآیۃ:۵]:اس کے آخر میں نون خفیفہ ہے تُؤْذُوْنَ اصل میں تھاتُؤْذِیُوْنَ بروزن تُفْعِلُوْنَ صیغہ جمع مذکر مخاطب مضارع معلوم مہموز الفاوناقص یائی از افعال،قوانین،یبیع ،یوسر،ساکنین ،ہمزہ وصلی،اور راُس کا لگ سکتا ہے۔

۵-﴿زَاغُوْا﴾[الآیۃ:۵]:اصل میں تھازَیَغُوْا ازضرب الخ۔ اَزَاغَ اصل میں تھااَزْیَغَ بروزن اَفْعَلَ از افعال،قانون،یقال۔

۶-﴿یُدْعٰی﴾[الآیۃ:۷]:اصل میں تھایُدْعَوُ واحد مذکر غائب مضارع مجہول ناقص واوی از نصر،قوانین،یدعیٰ،قال۔

۷-﴿یُرِیْدُوْنَ﴾[الآیۃ:۸]:اصل میں تھایُرْیِدُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب مضارع معلوم اجوف یائی از افعال،قوانین،یبیع، ہمزہ وصلی،مضارع۔

۸-﴿لِیُطْفِئُوْا﴾[الآیۃ:۸]:اصل میں تھایُطْفِئُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب مضارع معلوم مہموز اللام از افعال،قوانین: نون اعرابی،ہمزہ وصلی۔

۹-﴿مُتِمُّ﴾[الآیۃ:۸]:اصل میں تھامُتْمِمٌ بروزن مُفْعِلٌ صیغہ واحد مذکر اسم فاعل مضاعف ثلاثی از افعال،قوانین: ہمزہ وصلی،ادغام،نون تنوین تثنیہ۔

۱۰-﴿کَرِہَ﴾[الآیۃ:۸]:بروزن فَعِلَ ازعلم،اس کو کَرُہَ پڑھنا جائز ہے۔

۱۱-﴿اَدُلُّکُمْ﴾[الآیۃ:۱۰]:اصل میں تھااَدْلُلُ بروزن اَفْعُلُ صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معلوم مضاعف ثلاثی از نصر، قوانین:مضارع،ادغام۔

۱۲-﴿تُنْجِیْ﴾[الآیۃ:۱۰]:اصل میں تھاتُنْجِیُ صیغہ واحد مؤنث غائب فعل مضارع معلوم ناقص یائی از افعال۔

۱۳-﴿تُحِبُّوْنَھَا﴾[الآیۃ:۱۳]:اصل میں تھاتُحْبِبُوْنَ از افعال الخ

۱۴-﴿نَصْرٌ﴾[الآیۃ:۱۳]:اسم مصدر ہے از نصر۔ فَتْحٌ اسم مصدر ہے از منع۔

۱۵-﴿کُوْنُوْا﴾[الآیۃ:۱۴]:اصل میں تھااُکْوُنُوْا صیغہ امر از نصر الخ۔

۱۶-﴿اَنْصَارَ﴾[الآیۃ:۱۴]:صیغہ جمع مذکر مکسر از نصر الخ۔

۱۷-﴿اَیَّدْنَا﴾[الآیۃ:۱۴]:بروزن فَعَّلْنَا صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم مہموز الفاء واجوف یائی از تفعیل۔

سورۃ الصف میں مشکل صیغیں: ۸-﴿لِيُطْفِئُوْا﴾[الآیۃ:۸]،۹-﴿مُتِمُّ﴾[الآیۃ:۸].

سورة الجُمُعَة

۱-﴿لَمَّا يَلْحَقُوْا﴾[الآیۃ:۳]:اصل میں تھا یَلْحَقُوْنَ، از باب علم۔ جاری شدہ قوانین نون اعرابی اور مضارع۔

۲-﴿حُمِّلُوْا﴾[الآیۃ:۵]: بروزن فُعِّلُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی مجہول از باب تفعیل۔

۳-﴿فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ﴾[الآیۃ:۶]:اصل میں تھا تَمَنَّيُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ناقص یائی از باب تفعّل۔

تعلیل: یاء کو الف سے بدل دیا قال قانون کے تحت، تو تَمَنَّاْوْا بن گیا، پھر التقائے ساکنین والے قانون کے تحت الف کو گرادیا تو تَمَنَّوْا ہوگیا، پھر التقائے ساکنین آیا واو اور لام کے درمیان، پھر انکا پہلا ساکن غیر مدہ واو جمع کی تھی تو اسکو ضمہ کی حرکت دی اِشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ/اُدْعُوْن والے قانون کے تحت، تو تَمَنَّوُ ہوگیا۔ جاری شدہ قوانین قال، ساکنین، اشدعون، امر حاضر اور نون اعرابی۔

فائدہ: مذکورہ صیغہ کے علاوہ یہ جمع مذکر غائب ماضی معلوم کا صیغہ بھی بن سکتا ہے۔

۴-﴿مُلٰقِيْكُمْ﴾[الآیۃ:۸]:اصل میں تھا مُلَاقِيٌ، صیغہ واحد مذکر اسم فاعل ناقص یائی از باب مفاعلہ۔ جاری شدہ قوانین: نون تثنیہ، یرمی اور اسم فاعل۔

۵-﴿تُرَدُّوْنَ﴾[الآیۃ:۸]:اصل میں تھا تُرْدَدُوْنَ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم مضاعف ثلاثی از باب نصر۔ جاری شدہ قوانین ادغام اور مضارع مجہول۔

۶-﴿نُوْدِيَ﴾[الآیۃ:۹]: بروزن فُوْعِلَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مجہول ناقص یائی از باب مفاعلہ۔ جاری شدہ قوانین اسم الہ اور ماضی مجہول۔

۷-﴿فَاسْعَوْا﴾[الآیۃ:۹]:اصل میں تھا اِسْعَيُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ناقص یائی از باب منع۔ جاری شدہ قوانین ہمزہ وصلی، امر حاضر معلوم، نون اعرابی، باع اور ساکنین۔

۸-﴿فَانْتَشِرُوْا﴾[الآیۃ:۱۰]:اصل میں تھا اِنْتَشِرُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم از باب افتعال۔ جاری شدہ قوانین ہمزہ وصلی، امر حاضر اور نون اعرابی۔ اور خَصَّمَ کا قانون لگ سکتا ہے۔

۹-﴿وَابْتَغُوْا﴾[الآیۃ:۱۰]:اصل میں تھا اِبْتَغِيُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ناقص یائی از باب افتعال۔

جاری شدہ قوانین ینیع، یوسر، ساکنین، امر حاضر، نون اعرابی اور ہمزہ وصلی۔

۱۰-﴿اِنْفَضُّوْا﴾[الآیۃ: ۱۱]: اصل میں تھا اِنْفَضَضُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم مضاعف ثلاثی از باب انفعال۔
جاری شدہ قوانین ہمزہ وصلی اور ادغام۔

سورة المُنافِقون

۱-﴿نَشْهَدُ﴾[الآیۃ: ۱]: صیغہ جمع متکلم فعل مضارع معلوم از باب علم۔
اس کو بقانون تعلم نِشْهَدُ پڑھنا جائز ہے۔

۲-﴿مُسَنَّدَةٌ﴾[الآیۃ: ۴]: بروزن مُفَعَّلَةٌ، صیغہ واحد مؤنث اسم مفعول از باب تفعیل۔

۳-﴿تَعَالَوْا﴾[الآیۃ: ۵]: اصل میں تھا تَعَالَوُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ناقص واوی از باب تفاعل۔ جاری شدہ قوانین: یدعی، قال، ساکنین، امر حاضر اور نون اعرابی۔ اسکے علاوہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم کا صیغہ بھی بنتا ہے۔

۴-﴿لَوَّوْا﴾[الآیۃ: ۵]: اصل میں تھا لَوَّيُوْا، صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم لفیف مقرون از باب تفعیل۔ قوانین قال اور ساکنین۔

۵-﴿اَسْتَغْفَرْتَ﴾[الآیۃ: ۶]: اصل میں تھا اِسْتَغْفَرْتَ، صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل ماضی حاضر معلوم از باب استفعال۔ جب ہمزہ استفہام اس پر داخل ہوا تو ہمزہ وصلی گر گیا تو اَسْتَغْفَرْتَ ہوگیا۔

۶-﴿حَتّٰى يَنْفَضُّوْا﴾[الآیۃ: ۷]: اصل میں تھا يَنْفَضِضُوْنَ، صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم مضاعف ثلاثی از باب انفعال۔ جاری شدہ قوانین نون اعرابی، ادغام اور بائے مطلق۔

۷-﴿الاَعَزُّ: الاَذَلُّ﴾[الآیۃ: ۸]: صیغہ واحد مذکر اسم تفضیل مضاعف ثلاثی از باب ضرب۔

۸-﴿لاتُلْهِكُمْ﴾[الآیۃ: ۹]: اصل میں تھا لاتُلْهِيُ، صیغہ واحد مؤنث غائب فعل نہی حاضر معلوم ناقص یائی از باب افعال۔
جاری شدہ قانون: لم یدع۔

۹-﴿فَاَصَّدَّقَ﴾[الآیۃ: ۱۰]: اصل میں تھا اَتَصَدَّقُ، صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معلوم از باب تفعل۔

جاری شدہ قوانین: خصم اور مضارع۔

سورة التغابن

۱-﴿وَاسْتَغْنَى﴾[الآیۃ: ٦]: اصل میں تھا اِسْتَغْنَيَ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم ناقص یائی از باب استفعال۔
جاری شدہ قوانین ہمزہ وصلی، قال، اور ساکنین۔

۲-﴿التَّغَابُن﴾[الآیۃ: ۹]: اصل میں تھا تَغَابُنٌ بروزن تَفَاعُلٌ، صیغہ اسم مصدر از باب تفاعل۔ جاری شدہ قوانین: نون تنوین وتثنیہ اور حروف شمسی۔

۳-﴿اِنْ تَعْفُوْا﴾[الآیۃ: ۱۴]: اصل میں تھا تَعْفُوُوْنَ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم ناقص واوی از باب نصر۔
جاری شدہ قوانین نون اعرابی، یدعو، ساکنین اور بائے مطلق۔

سورة الطلاق

۱-﴿طَلِّقُوْا﴾[الآیۃ: ۱]: بروزن فَعِّلُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم از باب تفعیل۔

۲-﴿اَحْصُوْا﴾[الآیۃ: ۱]: اصل میں تھا اَحْصِيُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ناقص یائی از باب افعال۔
جاری شدہ قوانین یبیع، یوسر، ساکنین، امر حاضر اور نون اعرابی۔

۳-﴿مَنْ يَّتَعَدَّ﴾[الآیۃ: ۱]: اصل میں تھا يَتَعَدَّوُ صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم ناقص واوی از باب تفعّل۔
جاری شدہ قوانین: یدعٰی، قال اور لم یدع۔

۴-﴿مَخْرَجًا﴾[الآیۃ: ۲]: یہ باب نصر سے مصدر میمی ہے۔

۵-﴿بَالِغُ﴾[الآیۃ: ۳]: یہ باب نصر سے واحد مذکر اسم فاعل کا صیغہ ہے۔ اس پر نون تنوین تثنیہ کا قانون جاری ہوا ہے۔

۶-﴿يَئِسْنَ﴾[الآیۃ: ۴]: بروزن فَعِلْنَ، صیغہ جمع مؤنث غائب فعل ماضی معلوم مثال یائی ومہموز العین از باب علم۔
جاری شدہ قوانین: ضربن کا پہلا اور دوسرا۔

۷-﴿اِنِ ارْتَبْتُمْ﴾[الآیۃ: ۴]: اصل میں تھا ارْتَيَبْتُمْ، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم اجوف یائی از باب افتعال۔
جاری شدہ قوانین ہمزہ وصلی، قال، ساکنین اور ضربتم۔

۸-﴿لَمْ يَحِضْنَ﴾[الآیۃ:۴]:اصل میں تھالَمْ يَحِيضْنَ،صیغہ جمع مذکر غائب فعل جحد معلوم اجوف یائی از باب ضرب۔ جاری شدہ قوانین بیع اور ساکنین۔

۹-﴿يَضَعْنَ﴾[الآیۃ:۴]:اصل میں تھايَوْضَعْنَ،صیغہ جمع مؤنث غائب فعل مضارع معلوم مثال واوی از باب منع۔

۱۰-﴿مَنْ يَّتَّقِ﴾[الآیۃ:۴]:اصل میں تھايَوْتَقِيُ،صیغہ واحد مذکر فعل مضارع معلوم لفیف مفروق از باب افتعال۔ جاری شدہ قوانین اتعد،ادغام،یری،لم یدع اور حروف یرملون۔

۱۱-﴿لَاتُضَآرُّوْهُنَّ﴾[الآیۃ:۶]:اصل میں تھالَاتُضَارِرُوْا،صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم مضاعف ثلاثی از باب مفاعلہ۔جاری شدہ قوانین:نون اعرابی اور ادغام۔

۱۲-﴿وَأْتَمِرُوْا﴾[الآیۃ:۶]:اصل میں تھاإِءْتَمِرُوْا،صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم مہموز الفاء از باب افتعال۔ تعلیل:دوسرے ہمزہ ساکنہ کو بقانون آمن ی سے بدل دیا تو إِيْتَمِرُوْا بن گیا،پھر جب واو داخل ہوا تو ہمزہ وصلی گر گیا اور ہمزہ ساکنہ دوبارہ لوٹ آیا تو وَأْتَمِرُوْا بن گیا۔جاری شدہ قوانین آمن،ہمزہ وصلی،امر حاضر اور نون اعرابی۔اور راس کا قانون جاری ہو سکتا ہے۔

۱۳-﴿فَلْيُنْفِقْ﴾[الآیۃ:۷]:اصل میں تھالِيُنْفِقُ،صیغہ واحد مذکر غائب معلوم از باب افعال۔اس پر حلقی العین کا قانون جاری ہوا ہے۔

۱۴-﴿عَنْ اَمْرِ﴾[الآیۃ:۸]:بروزن فَعْلٍ،صیغہ اسم مصدر مہموز الفاء از باب نصر۔

۱۵-﴿حَاسَبْنَا﴾[الآیۃ:۸]:بروزن فَاعَلْنَا،صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم از باب مفاعلہ۔

۱۶-﴿حِسَاباً﴾[الآیۃ:۸]:صیغہ اسم مصدر از باب مفاعلہ۔

۱۷-﴿خُسْرًا﴾[الآیۃ:۹]:یہ باب علم سے مصدر ہے۔

۱۸-﴿مُبَيِّنَاتٍ﴾[الآیۃ:۱۰]:صیغہ جمع مؤنث سالم اسم فاعل از باب تفعیل۔

سورة التحريم

۱-﴿تَبْتَغِيْ﴾[الآیۃ:۱]:اصل میں تھاتَبْتَغِيُ،صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم ناقص یائی از باب افتعال۔

جاری شدہ قوانین: مضارع، یرمی اور تعلم۔

۲-﴿تَحِلَّةَ﴾[الآیۃ: ۲]: اصل میں تھاتَحْلِلَةَ، صیغہ اسم مصدر مضاعف ثلاثی از باب تفعیل۔

۳-﴿تَتُوْبَا﴾[الآیۃ: ۴]: اصل میں تھاتَتُوْبَانِ، صیغہ تثنیہ مؤنث مخاطب فعل مضارع معلوم اجوف واوی از باب نصر۔

جاری شدہ قوانین: بائے مطلق، نون اعرابی اور یقول۔

۴-﴿اِنْ تَظَاهَرَا﴾[الآیۃ: ۴]: اصل میں تھاتَتَظَاهَرَانِ، صیغہ تثنیہ مؤنث مخاطب فعل مضارع معلوم از باب تفاعل۔

جاری شدہ قوانین: تائے مضارعت، بائے مطلق اور نون اعرابی۔

۵-﴿تَـائِبَاتٍ﴾[الآیۃ: ۵]: اصل میں تھاتَاوِبَاتٍ، صیغہ جمع مؤنث سالم اسم فاعل اجوف واوی از باب نصر۔ جاری شدہ قوانین قائل، اسم فاعل، اور ضربن کا پہلا قانون۔ اور نون خفیفہ کا لگ سکتا ہے۔

۶-﴿قُوْا﴾[الآیۃ: ۶]: اصل میں تھااِوْقِيُوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم لفیف مفروق از باب ضرب۔

تعلیل: قُوْا اصل میں تھااِوْقِيُوْا وا مضارع میں گری ہوئی تھی یہاں بھی ہم نے گرا دیا تواِقِيُوْا بن گیا ہمزہ کو مابعد کے متحرک ہونے کی وجہ سے گرا دیا توقِيُوْا بن گیا، پھر یا، کو الف سے تبدیل کر دیا بقانون قال، پھر التقاء ساکنین کی وجہ سے الف کو گرا دیا تو

قُوْا

بن گیا۔ جاری شدہ قوانین یعد، یبیع، یوسر، ساکنین، امر حاضر اور نون اعرابی۔

۷-﴿تُـوْبُوْا﴾[الآیۃ: ۸]: اصل میں تھااُتْـوُبُـوْا، صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم اجوف واوی از باب نصر۔ جاری شدہ قوانین یقول، ساکنین، ہمزہ وصلی، نون اعرابی اور امر حاضر۔

۸-﴿تَوْبَةً﴾[الآیۃ: ۸]: بروزن فَعْلَةً، صیغہ اسم مصدر اجوف واوی از باب نصر۔

۹-﴿لَایُخْزِیْ﴾[الآیۃ: ۸]: اصل میں تھالَایُخْزِیُ، صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع نفی معلوم ناقص یائی از باب افعال۔

جاری شدہ قوانین ہمزہ وصلی، یرمی اور ساکنین۔

۱۰-﴿جَاهِدِ﴾[الآیۃ: ۹]: اصل میں تھاجَاهِدْ، صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم از باب مفاعلہ۔

۱۱-﴿وَاغْلُظْ﴾[الآیۃ: ۹]: اصل میں تھاتَغْلُظُ، صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم از باب نصر۔ قوانین: ہمزہ وصلی اور امر حاضر۔

۱۲-﴿فَخَانَتَا﴾[الآیۃ: ۱۰]: اصل میں تھا خَیَنَتَا، صیغہ تثنیہ مؤنث مخاطب فعل امر حاضر معلوم ناقص یائی از باب ضرب۔
جاری شدہ قوانین: ہمزہ وصلی اور امر حاضر۔

۱۳-﴿نَجِّنِیْ﴾[الآیۃ: ۱۱]: نَجِّ اصل میں تھا نَجِّوْ، صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ناقص واوی از باب تفعیل۔
جاری شدہ قوانین میعاد اور امر حاضر۔

(انتیسواں پارہ) سورۃ المُلک

۱- ﴿تَبَارَکَ﴾[الآیۃ: ۱]: صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم از باب تفاعل۔

۲-﴿طِبَاقًا﴾[الآیۃ: ۳]: یہ فِعَالاً کے وزن پر باب مفاعلہ سے مصدر ہے۔

۳-﴿مِنْ تَفٰوُتٍ﴾[الآیۃ: ۳]: تَفَاوُتٍ بروزن تَفَاعُلٍ، صیغہ اسم مصدر از باب تفاعل۔ جاری شدہ قانون بائے مطلق، اور نون خفیفہ کا قانون لگ سکتا ہے۔

۴- ﴿خَسِیْرٌ﴾[الآیۃ: ۴]: بروزن فَعِیْلٍ، صیغہ واحد مذکر صفت مشبہ از باب ضرب۔

۵- ﴿فَسُحْقًا﴾[الآیۃ: ۱۱]: سُحْقًا یہ باب علم سے مصدر ہے۔

۶ - ﴿یَخْشَوْنَ﴾[الآیۃ: ۱۲]: اصل میں تھا یَخْشَیُوْنَ از علم۔ قوانین قال، ساکنین۔

۷- ﴿اَسِرُّوْا﴾[الآیۃ: ۱۳]: اصل میں تھا اَسْرِرُوْا بروزن اَفْعِلُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم مضاعف ثلاثی از افعال۔

۸- ﴿اَوِ اجْهَرُوْا﴾[الآیۃ: ۱۳]: اِجْهَرُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم از منع۔ قوانین: ہمزہ وصلی، امر حاضر، نون اعرابی۔

۹ -﴿فَامْشُوْا﴾[الآیۃ: ۱۵]: اصل میں تھا اِمْشِیُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ناقص یائی از ضرب۔ قوانین: ہمزہ وصلی بیع، یوسر، ساکنین، امر حاضر، نون اعرابی۔

۱۰ - ﴿ءَاَمِنْتُمْ﴾[الآیۃ: ۱۶]: بروزن فَعِلْتُمْ صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل ماضی معلوم مہموز الفاء از علم، قوانین، بائے مطلق، ضرتم۔

۱۱ - ﴿تَمُوْرُ﴾[الآیۃ: ۱۶]: اصل میں تھا تَمْوُرُ بروزن تَفْعُلُ صیغہ واحد مؤنث غائب مضارع معلوم اجوف واوی از باب نصر۔

۱۲ - ﴿بَلْ لَّجُّوْا﴾[الآیۃ: ۲۱]: اصل میں تھا لَجَجُوْا بروزن فَعَلُوْا صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم مضاعف

ثلاثی از نصر، قانون ادغام۔

۱۲ - ﴿مُكِبًّا﴾[الآية: ۲۲]: اصل میں تھامُكْبِبًا بروزن مُفْعِلًا صیغہ واحد مذکر اسم فاعل مضاعف ثلاثی از افعال۔

قوانین: اسم فاعل، ادغام۔

۱۳ - ﴿رَأَوْهُ﴾[الآية: ۲۷]: اصل میں تھارَأَيُوا صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم مہموز العین وناقص یائی از باب منع،

قوانین: قال، ادغام

۱۴ - ﴿سِيْئَتْ﴾[الآية: ۲۷]: اصل میں تھاسُوِئَتْ بروزن فُعِلَتْ صیغہ واحد مؤنث غائب فعل ماضی مجہول اجوف واوی ومہموز اللام از نصر، قوانین، یقول، میعاد، ماضی مجہول۔

۱۵ -﴿زُلْفَةً﴾[الآية: ۲۷]: بروزن فُعْلَةً یہ باب افعال سے مصدر ہے (اعراب القرآن)۔

۱۶ -﴿يُجِيْرُ﴾[الآية: ۲۸]: اصل میں تھایُجْيِرُ بروزن يُفْعِلُ صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم اجوف یائی از افعال۔

۱۷ - ﴿غَوْرًا﴾[الآية: ۳۰]: بروزن فَعْلًا اسم مصدر از نصر۔

سورۃ الملک میں مشکل صیغے:

۲ -﴿طِبَاقًا﴾[الآية: ۳]، ۳ -﴿مِنْ تَفَاوُت﴾[الآية: ۳]، ۹ -﴿فَامْشُوْا﴾[الآية: ۱۵]، ۹ -﴿فَامْشُوْا﴾[الآية: ۱۵].

سورة القلم

۱ -﴿بِمَجْنُوْنٍ﴾[الآية: ۲]: یہ باب نصر سے واحد مذکر اسم مفعول کا صیغہ ہے۔

۲ -﴿لَاَجْرًا﴾[الآية: ۳]: اصل میں تھا اَجْرًا بروزن فَعْلًا یہ باب نصر سے اسم مصدر ہے۔

۳ -﴿مَمْنُوْنٍ﴾[الآية: ۳]: یہ بھی نصر سے واحد مذکر اسم مفعول کا صیغہ ہے۔

۴ -﴿ضَلَّ﴾[الآية: ۷]: اصل میں تھاضَلَلَ صیغہ واحد مذکر غائب ماضی معلوم مضاعف ثلاثی از ضرب۔

۵ -﴿بِالْمُهْتَدِيْنَ﴾[الآية: ۷]: اصل میں تھامُهْتَدِيِيْنَ بروزن مُفْتَعِلِيْنَ صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل از افتعال۔

۶ -﴿لَا تُطِعِ﴾[الآية: ۸]: اصل میں تھالَاتُطْوِعْ صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم اجوف واوی از افعال۔

۷-﴿وَدُّوا﴾[الآیۃ: ۹]: اصل میں تھاوَدِدُوْا صیغہ جمع مذکر غائب ماضی معلوم از علم۔ قانون: ادغام۔

۸-﴿حَلَّافٍ﴾[الآیۃ: ۱۰]: بروزن فَعَّالٍ صیغہ واحد مذکر اسم مبالغہ۔

۹-﴿هَمَّازٍ﴾[الآیۃ: ۱۱]: بروزن فَعَّالٍ صیغہ واحد مذکر اسم مبالغہ از ضرب۔

۱۰-﴿نَمِيمٍ﴾[الآیۃ: ۱۱]: بروزن فَعِيلٍ عند البعض یہ نَمِيْمَةٌ کی طرح مصدر ہے اور عند البعض یہ نَمِيْمَةٌ کی جمع ہے۔ اور اسکا باب نصر یا ضرب ہے۔

۱۱-﴿مَنَّاعٍ﴾[الآیۃ: ۱۲]: صیغہ واحد مذکر اسم مبالغہ از ضرب۔

۱۲-﴿مُعْتَدٍ﴾[الآیۃ: ۱۲]: اصل میں تھامُعْتَدِوٌ بروزن مُفْتَعِلٍ صیغہ واحد مذکر اسم فاعل ناقص واوی از باب افتعال۔ قوانین: دَعِیَ، یرمی، ساکنین۔

۱۳-﴿أَثِيمٍ﴾[الآیۃ: ۱۲]: بروزن فَعِيلٍ صیغہ واحد مذکر صفت مشبہ از باب علم۔

۱۳-﴿تُتْلَى﴾[الآیۃ: ۱۵]: اصل میں تھاتُتْلَوُ صیغہ واحد مؤنث غائب فعل مضارع معلوم ناقص واوی از باب نصر۔

۱۴-﴿سَنَسِمُهُ﴾[الآیۃ: ۱۶]: اصل میں تھانَوْسِمُ بروزن نَفْعِلُ صیغہ جمع متکلم فعل مضارع معلوم مثال واوی از ضرب، قوانین: یعد مضارع۔

۱۵-﴿بَلَوْنَا﴾[الآیۃ: ۱۷]: بروزن فَعَلْنَا صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معلوم ناقص واوی از نصر۔

۱۶-﴿لَيَصْرِمُنَّ﴾[الآیۃ: ۱۷]: بروزن لَيَفْعِلُنَّ صیغہ جمع مذکر غائب فعل مستقبل معلوم مؤکد باللام تاکید ونون ثقیلہ از ضرب۔ قوانین: نون اعرابی، ساکنین۔

تعلیل: اسکو یَصْرِمُوْنَ سے بنایا شروع میں لام تاکید لیکر آئے اور آخر میں نون ثقیلہ لا کر جس نے آخر سے نون اعرابی گرایا تو لَیَصْرِمُوْنَّ ہو گیا پھر التقائے ساکنین آیا واو اور نون مدغم کے درمیان تو واو کو گرا دیا تو لَیَصْرِمُنَّ ہو گیا۔

۱۷-﴿لَا يَسْتَثْنُونَ﴾[الآیۃ: ۱۸]: اصل میں تھالَایَسْتَثْنِیُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع نفی معلوم ناقص یائی از استفعال۔ قوانین: یتبع، یوسر، ساکنین۔

۱۸ - ﴿طَائِفٌ﴾[الآیۃ: ۱۹]: اصل میں تھا طَاوِفٌ از نصر قوانین، قائل، اسم فاعل، اور نون خفیفہ کا لگ سکتا ہے۔

۱۹ - ﴿نَآئِمُوْنَ﴾[الآیۃ: ۱۹]: اصل میں تھا نَاوِمُوْنَ از نصر۔ قانون، قائل۔

۲۰ - ﴿فَتَنَادَوْا﴾[الآیۃ: ۲۱]: اصل میں تھا تَنَادَیُوْا صیغہ جمع مذکر غائب ماضی معلوم ناقص یائی از تفاعل، قوانین: باع، ساکنین۔

۲۱ - ﴿اَنِ اغْدُوْا﴾[الآیۃ: ۲۲]: اصل میں تھا اُغْدُوُوْا بروزن اُفْعُلُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب امر حاضر ناقص واوی از نصر۔ قوانین: یدعو، ساکنین، ھمزہ وصلی، امر حاضر، نون اعرابی۔

۲۲ - ﴿فَانْطَلَقُوْا﴾[الآیۃ: ۲۳]: اصل میں تھا اِنْطَلَقُوْا بروزن اِنْفَعَلُوْا صیغہ جمع مذکر غائب ماضی معلوم از انفعال، قوانین، ھمزہ وصلی، بابِ مطلق۔

۲۳ - ﴿غَدَوْا﴾[الآیۃ: ۲۵]: اصل میں تھا غَدَوُوْا صیغہ جمع مذکر غائب ماضی معلوم ناقص واوی از نصر۔ قوانین: قال، ساکنین۔

۲۴ - ﴿لَضَآلُّوْنَ﴾[الآیۃ: ۲۶]: اصل میں تھا ضَالِلُوْنَ از ضرب۔

۲۵ - ﴿یَتَلَاوَمُوْنَ﴾[الآیۃ: ۳۰]: بروزن یَتَفَاعَلُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم اجوف واوی از تفاعل۔

۲۶ - ﴿تَخَیَّرُوْنَ﴾[الآیۃ: ۳۸]: اصل میں تھا تَتَخَیَّرُوْنَ صیغہ جمع مذکر مخاطب مضارع معلوم اجوف یائی از تفعّل۔ قوانین: تائے مضارعت، مضارع۔

۲۷ - ﴿سَلْ﴾[الآیۃ: ۴۰]: اصل میں تھا اِسْئَلْ بروزن اِفْعَلْ صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم مہموز العین از مَنَعَ، قوانین: یسأل، ہمزہ وصلی، امر حاضر۔

۲۸ - ﴿فَلْیَاْتُوْا﴾[الآیۃ: ۴۱]: اصل میں تھا لِیَاْتِیُوْا بروزن لِیَفْعِلُوْا صیغہ جمع مذکر غائب فعل امر غائب معلوم مہموز الفاء و ناقص یائی از ضرب، قوانین: حلقی العین، یبیع، یوسر ساکنین، مضارع۔

۲۹ - ﴿یُدْعَوْنَ﴾[الآیۃ: ۴۲]: اصل میں تھا یُدْعَوُوْنَ از نصر قوانین: قال، ساکنین، مضارع مجہول۔

۳۰ - ﴿اُمْلِیْ﴾[الآیۃ: ۴۵]: اصل میں تھا اُمْلِیُ بروزن اُفْعِلُ صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معلوم ناقص یائی از افعال، قوانین: یرمی، مضارع۔

۳۱-﴿نَادٰی﴾[الآیۃ:۴۸]اصل میں تھانَاَدَیَ صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم ناقص یائی از مُفاعَلَۃ قانون: باع۔

۳۲-﴿مَذۡمُوۡمٌ﴾[الآیۃ:۴۹]:صیغہ واحد مذکر اسم مفعول مضاعف ثلاثی از نصر۔

۳۳-﴿فَاجۡتَبٰی﴾[الآیۃ:۵۰]:اصل میں تھااِجۡتَبَیَ بروزن اِفۡتَعَلَ صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم ناقص یائی از افتعال۔قوانین:ہمزہ وصلی،باع۔

سورۃ القلم میں مشکل صیغیں:

۱۷-﴿لَایَسۡتَثۡنُوۡنَ﴾[الآیۃ:۱۸]،۲۱-﴿اَنِ اغۡدُوۡا﴾[الآیۃ:۲۲]،۲۶-﴿تَخَیَّرُوۡنَ﴾[الآیۃ:۳۸]،

۲۷-﴿سَلۡ﴾[الآیۃ:۴۰]،۲۸-﴿فَلۡیَاۡتُوۡا﴾[الآیۃ:۴۱]،۳۳-﴿فَاجۡتَبٰی﴾[الآیۃ:۵۰]۔

سورۃ الحاقۃ

۱-﴿اَلۡحَآقَّۃُ﴾[الآیۃ:۱]:اصل میں تھااَلۡحَاقِقَۃُ صیغہ واحد مؤنث اسم فاعل مضاعف ثلاثی از ضرب۔قوانین:اسم فاعل،ادغام۔

۲-﴿عَالِیَۃٍ﴾[الآیۃ:۶]:اصل میں تھاعَالِوَۃٌ صیغہ واحد مؤنث اسم فاعل ناقص واوی از نصر،قوانین،دعی،اسم فاعل۔

۳-﴿وَالۡمُؤۡتَفِکٰتُ﴾[الآیۃ:۹]:اصل میں تھامُؤۡتَفِکَاتٌ بروزن مُفۡتَعِلَاتٌ صیغہ جمع مؤنث سالم اسم فاعل مہموز الفاء از افتعال قوانین،ہمزہ وصلی،اسم فاعل،ضرب بن نمبر ۱۱ور راس کا لگ سکتا ہے۔

۴- ﴿عَصَوۡا﴾[الآیۃ:۱۰]:اصل میں تھاعَصَیُوۡا بروزن فَعَلُوۡا صیغہ جمع مذکر غائب ماضی معلوم ناقص یائی از ضرب،قوانین،باع،ساکنین۔

۵-﴿تَعِیَہَا﴾[الآیۃ:۱۲]:اصل میں تھاتَوۡعِیُ بروزن تَفۡعِلُ صیغہ واحد مؤنث غائب مضارع معلوم مثال واوی لفیف مفروق از ضرب،قوانین:یعد،مضارع۔

۶- ﴿وَّاعِیَۃٌ﴾[الآیۃ:۱۲]:صیغہ واحد مؤنث اسم فاعل لفیف مفروق از ضرب۔

۷-﴿دُکَّتَا﴾[الآیۃ:۱۰]:اصل میں تھادُکِکَتَا بروزن فُعِلَتَا صیغہ تثنیہ مؤنث غائب ماضی مجہول مضاعف ثلاثی از ضرب۔ قوانین:ماضی مجہول،ادغام۔

۸- ﴿وَانْشَقَّتْ﴾[الآیۃ:۱۶]:اصل میں تھاإِنْشَقَقَتْ بروزن إِنْفَعَلَتْ صیغہ واحد مؤنث غائب ماضی معلوم مضاعف ثلاثی از انفعال قوانین:ہمزہ وصلی،بائے مطلق،ادغام۔

۹- ﴿أُوتِيَ﴾[الآیۃ:۱۹]:اصل میں تھاأُؤْتِيَ بروزن أُفْعِلَ صیغہ واحد مذکر غائب ماضی مجہول مھموز الفاء وناقص یائی از افعال۔ قوانین،آمن،ماضی مجہول۔

۱۰-﴿مُلَاقٍ﴾[الآیۃ:۲۰]:اصل میں تھامُلَاقِيٌ صیغہ واحد مذکر اسم فاعل ناقص یائی از مفاعلہ قوانین،یرمی،ساکنین،اسم فاعل۔

۱۱- ﴿رَاضِيَةٍ﴾[الآیۃ:۲۱]:اصل میں تھارَاضِوَةٌ صیغہ واحد مؤنث اسم فاعل ناقص واوی از علم،قوانین،دُعِیَ،اسم فاعل۔

۱۲-﴿عَالِيَةٍ﴾[الآیۃ:۲۲]:اصل میں تھاعَالِوَةٌ صیغہ واحد مؤنث اسم فاعل ناقص واوی از نصر قوانین،دُعِیَ،اسم فاعل۔

۱۳- ﴿دَانِيَةٌ﴾[الآیۃ:۲۳]:اصل میں تھادَانِوَةٌ از نصر الخ۔

۱۴- ﴿الْخَالِيَةِ﴾[الآیۃ:۲۴]:اصل میں تھاخَالِوَةٌ از نصر الخ۔

۱۵-﴿لَمْ أُوتَ﴾[الآیۃ:۲۵]:اصل میں تھالَمْ أُؤْتَيْ صیغہ واحد متکلم فعل جحد مجہول مھموز الفاء وناقص یائی از افعال۔ قوانین،لم یدع،آمن۔

۱۶- ﴿لَمْ أَدْرِ﴾[الآیۃ:۲۶]:اصل میں تھالَمْ أَدْرِيْ بروزن لَمْ أَفْعِلْ از ضرب الخ۔

۱۷- ﴿أَغْنَى﴾[الآیۃ:۲۸]:اصل میں تھاأَغْنَيَ از افعال الخ۔

۱۸- ﴿خُذُوهُ﴾[الآیۃ:۳۰]:اصل میں تھاأُؤْخُذُوْا از نصر الخ۔

۱۹-﴿فَغُلُّوهُ﴾[الآیۃ:۳۰]:اصل میں تھاأُغْلُلُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب امر حاضر معلوم مضاعف ثلاثی از نصر قوانین:ہمزہ وصلی،ادغام،امر حاضر،نون اعرابی۔

۲۰-﴿صَلُّوهُ﴾[الآیۃ:۳۱]:اصل میں تھاصَلِّيُوْا بروزن فَعِّلُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب امر حاضر معلوم ناقص یائی از تفعیل، قوانین:یبیع،یوسر،ساکنین،امر حاضر،نون اعرابی۔

۲۱- ﴿فَاسْلُكُوهُ﴾[الآیۃ:۳۲]:اصل میں تھاأُسْلُكُوْا بروزن أُفْعُلُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب امر حاضر معلوم از نصر،

قوانین: ہمزہ وصلی، امر حاضر، نون اعرابی۔

۲۲- ﴿لَايَحُضُّ﴾[الآية:۳۳]: اصل میں تھالَايَحْضُضُ الخ.

۲۳- ﴿تَذَكَّرُوْنَ﴾[الآية:۴۲]: اصل میں تھاتَتَذَكَّرُوْنَ الخ.

سورۃ الحاقہ میں مشکل صیغیں:

۱-﴿اَلْحَآقَّةُ﴾[الآية:۱]،۲-﴿عَاتِيَةٍ﴾[الآية:٦]،۳-﴿وَالْمُؤْتَفِكَاتِ﴾[الآية:۹]، ۵-﴿تَعِيَهَا﴾ [الآية:۱۲]،۷-﴿دُكَّتَا﴾[الآية:۱٦]،۱۲-﴿عَالِيَةٍ﴾[الآية:۲۲]،۱۵-﴿لَمْ اُوْتَ﴾[الآية:۲۵]، ۱۹-﴿فَغُلُّوْهُ﴾[الآية:۳۰]،۲۰-﴿صَلُّوْهُ﴾[الآية:۳۱].

سورة المعارج

۱- ﴿يَرَوْنَهُ﴾[الآية:٦]: اصل میں تھایَرْءَ يُوْنَ ازمنع الخ۔

۲- ﴿وَنَرَاهُ﴾[الآية:۸]: اصل میں تھانَرْءَ یُ الخ۔

۳- ﴿يَوَدُّ﴾[الآية:۱۱]: اصل میں تھایَوْدَدُ ازعلم الخ۔

۴- ﴿يَفْتَدِیْ﴾[الآية:۱۱]: اصل میں تھایَفْتَدِیُ بروزن یَفْتَعِلُ ازافتعال الخ۔

۵-﴿تُـؤْوِيْـهِ﴾[الآية:۱۳]: اصل میں تھاتُـؤْوِیُ صیغہ واحد مؤنث غائب فعل مضارع معلوم مہموز الفاء ولفیف مقرون ازافعال۔قوانین: یرمی، مضارع، ہمزہ وصلی۔

٦- ﴿يُنْجِيْ﴾[الآية:۱۴]: اصل میں تھایُنْجِیُ ازافعال۔

۷- ﴿مَسَّ﴾[الآية:۲۰]: اصل میں تھامَسِسَ ازعلم۔

۸- ﴿دَائِمُوْنَ﴾[الآية:۲۳]: اصل میں تھادَاوِمُوْنَ ازنصر الخ۔

۹- ﴿هَلُوْعًا﴾[الآية:۱۹]: صیغہ واحد مذکر صفت مشبہ ازعلم۔

۱۰- ﴿جَزُوْعًا﴾[الآية:۲۰]: صیغہ واحد مذکر صفت مشبہ ازعلم۔

۱۱ - ﴿مَنُوْعًا﴾[الآیۃ: ۲۱]: صیغہ واحد مذکر اسم مبالغہ از منع۔

۱۲ - ﴿اَلْمُصَلِّیْنَ﴾[الآیۃ: ۲۲]: اصل میں تھا مُصَلِّوِیْنَ از تفعیل الخ۔

۱۳ - ﴿مَاْمُوْنٍ﴾[الآیۃ: ۲۸]: صیغہ واحد مذکر اسم مفعول مہموز الفاء از علم۔ قانون: اسم فاعل، رأس اور نون خفیفہ والے قوانین لگ سکتے ہیں۔

۱۴ - ﴿مَلُوْمِیْنَ﴾[الآیۃ: ۳۰]: اصل میں تھا مَلْوُوْمِیْنَ بروزن مَفْعُوْلِیْنَ صیغہ جمع مذکر سالم اسم مفعول اجوف واوی از نصر قوانین: یقول، ساکنین، اسم مفعول۔

۱۵ - ﴿اَلْعٰدُوْنَ﴾[الآیۃ: ۳۱]: اصل میں تھا عَادِوُوْنَ صیغہ جمع مذکر سالم ناقص واوی از نصر۔ قوانین دعٰی، یقول، یوسر، ساکنین، اسم فاعل۔

۱۶ - ﴿رٰعُوْنَ﴾[الآیۃ: ۳۲]: اصل میں تھا رَاعِیُوْنَ الخ۔ قوانین: یبیع، یوسر، ساکنین، اسم فاعل۔

۱۷ - ﴿قَآئِمُوْنَ﴾[الآیۃ: ۳۳]: اصل میں تھا قَاوِمُوْنَ از نصر الخ۔

۱۸ - ﴿یَخُوْضُوْا﴾[الآیۃ: ۴۲]: اصل میں تھا یَخُوْضُوْنَ از نصر الخ۔

۱۹ - ﴿یَلْعَبُوْا﴾[الآیۃ: ۴۲]: اصل میں تھا یَلْعَبُوْنَ از علم الخ۔ ان دونوں صیغوں سے نون اعرابی گرا ہے امر کے جواب میں واقع ہونے کی وجہ سے۔

۲۰ - ﴿یُلٰقُوْا﴾[الآیۃ: ۴۲]: اصل میں تھا یُلَاقِیُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب مضارع معلوم ناقص یائی از مفاعلہ، قوانین یبیع، یوسر، ساکنین، مضارع۔

سورۃ المعارج میں مشکل صیغیں:

۵ - ﴿تُؤْوِیْهِ﴾[الآیۃ: ۱۳]، ۱۵ - ﴿اَلْعٰدُوْنَ﴾[الآیۃ: ۳۱]، ۲۰ - ﴿یُلٰقُوْا﴾[الآیۃ: ۴۲]۔

سورۃ نوح

۱ - ﴿اَنْذِرْ﴾[الآیۃ: ۱]: بروزن اَفْعِلْ صیغہ واحد مذکر مخاطب امر حاضر معلوم از افعال، قوانین، بائے مطلق، امر حاضر معلوم۔

۲ - ﴿اَنِ اعْبُدُوْا﴾[الآیۃ: ۳]: اُعْبُدُوْا بروزن اُفْعُلُوْا صیغہ جمع مذکر مخاطب امر حاضر معلوم، از نصر قوانین امر حاضر، نون اعرابی، ہمزہ وصلی۔

۳- ﴿وَاتَّقُوْهُ﴾[الآیۃ:۳]: اصل میں تھا اِوْتَقِیُوْا از افتعال الخ۔

۴- ﴿اَطِیْعُوْنِ﴾[الآیۃ:۳]: اَطِیْعُوْا اصل میں تھا اَطْوِعُوْا از افعال الخ۔

۵- ﴿وَاسْتَغْشَوْا﴾[الآیۃ:۷]: اصل میں تھا اِسْتَغْشَیُوْا صیغہ جمع مذکر غائب ماضی معلوم ناقص یائی از استفعال، قوانین: ہمزہ وصلی، باع، ساکنین۔

۶- ﴿اَصَرُّوْا﴾[الآیۃ:۷]: اصل میں تھا اَصْرَرُوْا از افعال الخ۔

۷- ﴿جِهَارًا﴾[الآیۃ:۸]: یہ باب منع یا باب مفاعلہ سے مصدر ہے۔

۸- ﴿لَا تَرْجُوْنَ﴾[الآیۃ:۱۳]: اصل میں تھا لَا تَرْجُوُوْنَ از نصر۔

۹- ﴿لِتَسْلُكُوْا﴾[الآیۃ:۲۰]: اصل میں تھا تَسْلُكُوْنَ از نصر الخ۔

۱۰- ﴿لَا تَذَرُنَّ﴾[الآیۃ:۲۳]: اصل میں تھا لَا تَوْذَرُنَّ از منع الخ۔

۱۱- ﴿يُضِلُّوْا﴾[الآیۃ:۲۷]: اصل میں تھا يُضْلِلُوْنَ الخ۔

۱۲- ﴿لَا يَلِدُوْا﴾[الآیۃ:۲۷]: اصل میں تھا لَا يَوْلِدُوْا از ضرب الخ۔

۱۳- ﴿لَا تَزِدْ﴾[الآیۃ:۲۸]: اصل میں تھا لَا تَزْيِدْ از ضرب الخ۔

سورة الجن

۱- ﴿تَعٰلٰى﴾[الآیۃ:۳]: اصل میں تَعَالَوَ بروزن تَفَاعَلَ صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مجرد ناقص واوی از باب تفاعل۔ قوانین: یدعی، قال۔

۲- ﴿مَا اتَّخَذَ﴾[الآیۃ:۳]: اصل میں تھا اِءْ تَخَذَ بروزن اِفْتَعَلَ صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مزید فیہ مہموز الفاء از باب افتعال۔

۳- ﴿يَعُوْذُوْنَ﴾[الآیۃ:۶]: اصل میں تھا يَعْوُذُوْنَ بروزن يَفْعُلُوْنَ صیغہ جمع مذکر غائب فعل مضارع معلوم اجوف واوی از باب نصر۔

۴- ﴿فَزَادُوْا﴾[الآیۃ:۶]: اصل میں تھا زَيَدُوْا بروزن فَعَلُوْا صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم ثلاثی مجرد اجوف یائی از باب ضرب۔

۵-﴿یَجِدُ﴾[الآیۃ:۹]:اصل میں تھایَوْجِدُ بروزن یَفْعِلُ صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم ثلاثی مجرد مثال واوی از باب ضرب۔

۶-﴿رَصَدًا﴾[الآیۃ:۹]:بروزن فَعَلًا یہ باب نصر سے مصدر ہے۔

۷-﴿هَرَبًا﴾[الآیۃ:۱۲]:یہ بھی باب نصر سے مصدر ہے۔

۸- ﴿لَا يَخَافُ﴾[الآیۃ:۱۳]:اصل میں تھالَا یَخْوَفُ بروزن لَا یَفْعَلُ صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم ثلاثی مجرد اجوف واوی از باب علم۔

۹- ﴿رَهَقًا﴾[الآیۃ:۱۳]:بروزن فَعَلًا یہ باب علم سے مصدر ہے۔

۱۰-﴿تَحَرَّوْا﴾[الآیۃ:۱۴]:اصل میں تھاتَحَرَّیُوْا بروزن تَفَعَّلُوْا صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معلوم ناقص یائی از باب تفعل،قوانین:باع،ساکنین۔

۱۱- ﴿اَدْعُوْا﴾[الآیۃ:۲۰]:اصل میں تھااَدْعُوُ بروزن اَفْعُلُ صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معلوم ثلاثی مجرد ناقص واوی از باب نصر۔

۱۲- ﴿لَنْ اَجِدَ﴾[الآیۃ:۲۲]:اصل میں تھالَنْ اَوْجِدَ صیغہ واحد متکلم فعل مستقبل مؤکد بلن ناصبہ معلوم ثلاثی مجرد مثال واوی از باب ضرب۔

۱۳- ﴿مَنْ یَّعْصِ﴾[الآیۃ:۲۳]:اصل میں تھایَعْصِیُ بروزن یَفْعِلُ صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم ناقص یائی از باب ضرب۔

۱۴- ﴿اَضْعَفُ﴾[الآیۃ:۲۴]:صیغہ واحد مذکر اسم تفضیل از باب شرف۔

۱۵- ﴿اَقَلُّ﴾[الآیۃ:۲۴]:اصل میں تھااَقْلَلُ بروزن اَفْعَلُ صیغہ واحد مذکر اسم تفضیل مضاعف ثلاثی از ضرب۔

۱۶- ﴿اَدْرِیْ﴾[الآیۃ:۲۵]:اصل میں تھااَدْرِیُ بروزن اَفْعِلُ صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معلوم ناقص یائی از باب ضرب۔

۱۷- ﴿مَنِ ارْتَضٰی﴾[الآیۃ:۲۷]:اصل میں تھاارْتَضَوَ بروزن اِفْتَعَلَ صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم ناقص واوی از افتعال،قوانین ہمزہ وصلی،یدۡعُ،باع۔

سورة المزمل

۱- ﴿اَلْمُزَّمِّلُ﴾[الآیۃ:۱]:اصل میں تھامُتَزَمِّلُ صیغہ واحد مذکر اسم فاعل از تفعل،قوانین:نون تنوین تثنیہ،خضم،ادغام۔

۲- ﴿قُمِ﴾[الآیۃ:۲]: اصل میں تھا اُقْوُمْ بروزن اُفْعُلْ صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم اجوف واوی از نصر۔
قوانین: یقول، ساکنین ہمزہ وصلی۔

۳- ﴿اَوِ انْقُصْ﴾[الآیۃ:۳]: اصل میں تھا اُنْقُصْ بروزن اُفْعُلْ صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم از نصر۔
قوانین: ہمزہ وصلی، امر حاضر، بنائے مطلق۔

۴- ﴿زِدْ﴾[الآیۃ:۴]: اصل میں تھا اِزْیِدْ صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم اجوف یائی از باب ضرب۔

۵- ﴿رَتِّلِ﴾[الآیۃ:۴]: اصل میں تھا رَتِّلْ بروزن فَعِّلْ صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم از باب تفعیل۔

۶- ﴿سَنُلْقِیْ﴾[الآیۃ:۵]: اصل میں تھا نُلْقِیُ بروزن نُفْعِلُ صیغہ جمع متکلم فعل مضارع معلوم ناقص یائی از افعال۔
قوانین: ہمزہ وصلی، یرمی، مضارع۔

۷- ﴿نَاشِئَۃَ﴾[الآیۃ:۶]: صیغہ واحد مؤنث اسم فاعل مہموز اللام از منع۔

۸- ﴿وَطْئًا﴾[الآیۃ:۶]: بروزن فَعْلًا صیغہ اسم مصدر از علم۔

۹- ﴿تَبَتَّلْ﴾[الآیۃ:۸]: بروزن تَفَعَّلْ صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم از باب تَفَعُّل۔

۱۰- ﴿مَهِیْلًا﴾[الآیۃ:۱۴]: اصل میں تھا مَهْیُوْلًا صیغہ واحد مذکر اسم مفعول ثلاثی مجرد اجوف یائی از ضرب۔
تعلیل: یاء پر ضمہ ثقیل تھا نقل کر کے ماقبل حاء کو دیا تو مَهُیْــــوْلًا ہو گیا پھر یاء ساکن مظہر تھی ماقبل اسکا مضموم تھا، تو یاء کو واؤ سے تبدیل کر کے مَهُوْوْلًا ہو گیا پھر التقاء ساکنین آیا دو واؤں کے درمیان تو ایک واؤ کو حذف کیا تو بن گیا مَهُوْلًا پھر حاء کے ضمہ کو کسرہ سے تبدیل کر دیا تا کہ یاء کے گرنے پر دلالت کرے، تو بن گیا مَهِوْلًا پھر واو ساکن مظہر تھی ماقبل اسکا مکسور تھا میعاد والے قانون سے اسکو یاء سے تبدیل کیا تو مَهِیْلًا ہو گیا۔

۱۱- ﴿وَبِیْلًا﴾[الآیۃ:۱۶]: یہ باب ضرب سے صفت مشبہ کا صیغہ ہے۔

۱۲- ﴿تَتَّقُوْنَ﴾[الآیۃ:۱۷]: اصل میں تھا تَوْتَقِیُوْنَ از افتعال۔

۱۳- ﴿مُنْفَطِرٌ﴾[الآیۃ:۱۸]: بروزن مُنْفَعِلٌ صیغہ واحد مذکر اسم فاعل از انفعال۔ قوانین: بنائے مطلق، اسم فاعل۔

۱۴- ﴿تَذْكِرَةٌ﴾[الآية:۱۷]: بروزن تَفْعِلَةٌ صیغہ اسم مصدر از تفعیل۔

۱۵- ﴿اَدْنٰى﴾[الآية:۲۰]: اصل میں تھا اَدْنَوُ صیغہ واحد مذکر اسم تفضیل ناقص واوی از باب نصر قوانین: یَدْعٰی، باع۔

۱۶- ﴿تَجِدُوْهُ﴾[الآية:۲۰]: اصل میں تھا تَوْجِدُوْنَ بروزن تَفْعِلُوْنَ صیغہ جمع مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم از باب ضرب۔

سورۃ المدثر

۱- ﴿اَلْمُدَّثِّرُ﴾[الآية:۱]: اصل میں تھا مُتَدَثِّرٌ بروزن مُتَفَعِّلٌ صیغہ واحد مذکر اسم فاعل ثلاثی مزید فیہ از تفعل، قوانین: نون تنوین تثنیہ، خَصَّم، ادغام۔

۲- ﴿قُمْ﴾[الآية:۲]: اصل میں تھا اُقْوُمْ بروزن اُفْعُلْ صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم از باب نصر۔

۳- ﴿فَاهْجُرْ﴾[الآية:۵]: اصل میں تھا اُهْجُرْ صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم از باب نصر۔ قوانین: امر حاضر، ہمزہ وصلی۔

۴- ﴿لَا تَمْنُنْ﴾[الآية:۶]: بروزن لَا تَفْعُلْ صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل نہی حاضر معلوم مضاعف ثلاثی از نصر۔

۵- ﴿تَسْتَكْثِرُ﴾[الآية:۶]: بروزن تَسْتَفْعِلُ صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل مضارع معلوم از استفعال۔

۶- ﴿عَسِيْرٌ﴾[الآية:۹]: بروزن فَعِيْلٌ صیغہ واحد مذکر صفت مشبہ از علم وشرف۔

۷- ﴿ذَرْ﴾[الآية:۱۱]: اصل میں تھا اِوْذَرْ بروزن اِفْعَلْ صیغہ واحد مذکر مخاطب فعل امر حاضر معلوم ضرب۔

۸- ﴿وَحِيْدًا﴾[الآية:۱۱]: یہ باب ضرب سے صفت مشبہ کا صیغہ ہے۔

۹- ﴿مَهَّدْتُّ﴾[الآية:۱۴]: اصل میں تھا مَهَّدْتُ بروزن فَعَّلْتُ صیغہ واحد متکلم ماضی معلوم از تفعیل، قوانین: وعدت، ادغام۔

۱۰- ﴿اَزِيْدَ﴾[الآية:۱۵]: اصل میں تھا اَزْيِدُ بروزن اَفْعِلُ صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معلوم از باب ضرب۔

۱۱- ﴿سَاُرْهِقُهٗ﴾[الآية:۱۷]: اصل میں تھا اُرْهِقُ بروزن اُفْعِلُ صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معلوم از افعال۔

۱۲- ﴿لِيَسْتَيْقِنَ﴾[الآية:۳۱]: اصل میں تھا يَسْتَيْقِنُ بروزن يَسْتَفْعِلُ صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم

مثال یائی از استفعال۔

۱۳ - ﴿وَيَزْدَادَ﴾[الآية: ۳۱]: اصل میں تھا یَزْتَيِدُ بروزن یَفْتَعِلُ صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم اجوف یائی از افتعال، قوانین: ادکر، باع، مضارع۔

۱۴-﴿لا يَرْتَابَ﴾[الآية: ۳۱]: اصل میں تھا لَا يَرْتَيِبُ بروزن لَا يَفْتَعِلُ صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم اجوف یائی از باب افتعال، قانون: باع۔

۱۵-﴿الْكُبَرِ﴾[الآية:۳۵]: اصل میں تھا كُبَرٌ بروزن فُعَلٌ صیغہ جمع مؤنث مکسر صفت مشبہ از شرف قوانین: نون تنوین، ہمزہ وصلی۔

۱۶ -﴿نَخُوضُ﴾[الآية: ۴۵]: اصل میں تھا نَخْوُضُ صیغہ جمع متکلم مضارع معلوم از باب نصر۔

۱۷-﴿خَائِضِيْنَ﴾[الآية: ۴۵]: اصل میں تھا خَاوِضِيْنَ صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل اجوف واوی از باب نصر۔

۱۸ -﴿اَتـٰنَا﴾[الآية: ۴۷]: اس کے آخر میں نا ضمیر منصوب متصل ہے۔ اَتٰی اصل میں تھا اَتَيَ صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معلوم مہموز الفاء و ناقص یائی از باب ضرب۔

۱۹ - ﴿مُسْتَنْفِرَةٌ﴾[الآية: ۵۰]: بروزن مُسْتَفْعِلَةٌ صیغہ واحد مؤنث اسم فاعل از استفعال۔

۲۰ - ﴿فَرَّتْ﴾[الآية: ۵۱]: اصل میں تھا فَرَرَتْ بروزن فَعَلَتْ صیغہ واحد مؤنث غائب فعل ماضی معلوم مضاعف ثلاثی از باب ضرب۔

سورة القيامة

